ام لهم شركاء شرعوا لهم من الدين ما لم يأذن به الله (القرآن)
حقیقۃ الفقہ
مولانا محمد یوسف جے پوری
نعمانی پبلیکیشنز

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فہرست

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حرفِ آغاز

شاید کہ اتر جائے تیرے دل میں......

عصر حاضر میں حالات نے جس تیزی کے ساتھ پلٹا کھایا ہے اور جس صورتحال سے امت مسلمہ دوچار ہے کہ جہاں ایک طرف مسلمانان عالم کفار کے ہاتھوں میدان کارزار میں ''جرم ضعیفی'' کی سزا بھگت رہے ہیں تو دوسری جانب ثقافتی یلغار (جو کہ مسلمانوں کے جسموں سے اسلامی روح کھینچنے اور رگِ حمیت کاٹنے کے لئے جاری ہے) سے دوچار ہیں ۔ برادران اسلام ......! ان روح فرسا حالات میں جبکہ تمام اسلام دشمن قوتیں ''الکفر ملة واحدة'' کی عملی تصویر بنے اپنی تمام تر حشر سامانیوں کے ساتھ، اسلام اور اہل اسلام کو نیست و نابود کرنے کے لئے متحد و متفق ہو چکی ہیں چاہئے تو یہ تھا کہ ہم تمام تر باہمی و مسلکی اختلافات سے کنارہ کشی اختیار کرتے ہوئے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی روش اور اسوۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے مطابق خالص کتاب و سنت کے موافق اپنی زندگیوں کو ڈھالتے اور اپنی صفوں میں اتفاق و اتحاد اور یکجہتی کی فضا پیدا کرتے کفار اور ائمۃ الکفر کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر ان کا مقابلہ کرتے ۔

لیکن ......افسوس !......صد افسوس !! کہ ان نازک حالات میں بھی بعض شر پسند عناصر اور فتنہ پرور لوگ دنیاوی شہرت اور اپنی دکان داری چمکانے کے لیے آئے روز کوئی نہ کوئی ''شوشہ'' چھوڑتے ہی رہتے ہیں۔ جس کا مقصد اپنی مسلکی و علمی دھاک لوگوں کے دلوں میں بٹھانا اور فریق مخالف کو زیر کرنے کے علاوہ کچھ نہیں ہوتا۔ جو کہ ملک و ملت اور اسلام کے مفاد میں بھی چنداں سود مند نہیں بلکہ اتفاق و اتحاد کی تمام کوششیں بیکار اور رائیگاں جاتی ہیں۔

وطن عزیز میں نفاذِ شریعت میں جہاں اور بہت سی رکاوٹیں حائل ہیں وہاں ایک بڑی رکاوٹ امت کا تشتت و افتراق اور فرقہ واریت ہے۔ جب بھی نفاذ اسلام کی امید کی کوئی کرن نظر آتی ہے ایک طرف فقہ حنفی کے نفاذ کا مطالبہ شروع ہو جاتا ہے تو دوسری

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جانب سے فقہ جعفریہ کے نفاذ پر زور دیا جاتا ہے۔ کیا مملکت خداداد اسی لئے معرض وجود میں آئی تھی کہ اس میں کسی امام کی فقہ کا نفاذ ہو؟

علمائے اہل حدیث ہمیشہ سے مثبت انداز میں کتاب وسنت پر مبنی دعوت کو لوگوں کے سامنے پیش کرنے میں مشغول ہیں۔ لیکن برادران احناف نہ جانے کیوں اس دعوت سے خفا اور الرجک (Allergic) ہیں۔ اور بجائے متبع کتاب وسنت بن کر اصلاحِ امت کے لئے اپنی صلاحیتوں کو صرف کرنے کے، تمام تر قوت و انرجی (Energy) حاملین کتاب وسنت پر طعن وتشنیع اور الزام تراشیوں میں خرچ کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔ اس پر مستزاد یہ کہ جب حقائق سے پردہ اٹھاتے ہوئے انہیں ''آئینہ'' دکھایا جاتا ہے، تو ناک چڑھاتے ہوئے ہمیں کو فتنہ باز قرار دیا جاتا ہے۔

یہ کتاب بھی ایسے ہی حالات میں لکھی گئی ہے۔ جسے عوام کی عدالت میں پیش کیا جا رہا ہے کہ وہ ان حقائق سے واقفیت حاصل کریں جن کو عام طور پر اس خوف سے عوام کی آنکھوں سے اوجھل رکھا گیا کہ کہیں ہماری دوکان بند نہ ہو جائے اور قارئین تقلید کے خوفناک نتائج سے مطلع ہوتے ہوئے فیصلہ کر سکیں کہ مروجہ فقہ...... دین ہے یا جسد اسلام پر بدنما داغ...... جو شخص غیر جانبداری، مسلکی تعصب سے آزاد اور تقلیدی ذہنیت سے بالاتر ہو کر قلب سلیم کے ساتھ اس کتاب کا مطالعہ کرے گا تو یقیناً اس کا دل گواہی دے گا کہ فقہ حنفی کتاب وسنت کا نچوڑ تو کجا عقل سلیم اور امور فطرت سے بھی مطابقت نہیں رکھتی۔

کتاب کے آخر میں مصادر و مراجع کی فہرست دے دی ہے۔ تا کہ حوالہ ڈھونڈنے میں آسانی رہے۔ حوالہ جات نوٹ کرنے میں پوری احتیاط سے کام لیا ہے۔ لیکن بتقضائے بشریت خطا ممکن ہے۔ لہٰذا علمائے کرام سے گزارش ہے کہ اگر کسی غلطی پر مطلع ہوں تو اطلاع دے کر عند اللہ ماجور ہوں تا کہ آئندہ ایڈیشن میں تصحیح کی جا سکے۔

ابو ثوبان

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتَابَ وَ لَمْ يَجْعَلْ لَّهُ عِوَجًا ○ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ مِّنْ اُمُوْرِالدِّيْنِ الَّذِىْ لَمْ يَجْعَلْ فِيْهِ حَرَجًا ○ وَّالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَى الرَّسُوْلِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِىْ بَيَّنَ لِلنَّاسِ سُبُلَ الْهُدٰى○ فَمَنْ اَطَاعَهُ رَشَدَ وَاهْتَدٰى○ وَ مَنْ يَّعْصِهٖ فَقَدْ ضَلَّ وَ غَوٰى ○ اَلَّذِىْ صَارَاِتِّبَاعُهُ دَلِيْلًا عَلٰى مُحَبَّةِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ فَقَالَ تَعَالٰى ﴿اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِىْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَ يَغْفِرْلَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ﴾ [۳/ آل عمران:۳۱] فَطُوْبٰى لِمَنْ اَحَبَّهُ اَكْثَرَمِنَ الْاَ نْفُسِ وَالْاَهْلِيْنَ مُقْتَدِيًا بِقَوْلِهٖ لَا يُؤْمِنُ اَحَدُكُمْ حَتّٰى اَكُوْنَ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْ وَّالِدِهٖ وَوَلَدِهٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ○ وَتَبًّا لِّمَنْ اَبٰى وَ عَصَاهُ ○ فَصَارَمِنْ اَصْحَابِ ﴿اِتَّخَذُوْآ اَحْبَارَهُمْ وَ رُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ﴾ [۹/ التوبۃ:۳۱] صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ○ وَعَلٰى مَنِ اتَّبَعَهُمْ بِاِحْسَانٍ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ.

سببِ تالیف

آج یہ خاکسار ہیچ مداں، کج مج زبان جس موضوع پر خامہ فرسائی کرنا چاہتا ہے۔اُس میں علمائے کرام نے بھرپور حصہ لیا ہے۔جن میں خاص کر قابلِ ذکر مولوی محی الدین صاحب مرحوم لاہوری مؤلف ''ظفر المبین'' ہیں۔مولانا موصوف نے اپنی کتاب میں فقہ کی عربی کتابوں سے عبارات نقل کر کے ان کا ترجمہ سلیس اردو میں کردیا ہے۔تاہم ہمارے حنفی بھائی جو عربی سے ناواقف اور تحقیق سے نا آشنا ہیں۔ان

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے ترجمہ کی صحت اور عدم صحت کے متعلق طرح طرح کے شکوک پیش کیا کرتے ہیں۔ یا اصل حقیقت خوب جانتے سمجھتے ہیں مگر ضد اور تعصب سے بطریق تجاہلِ عارفانہ حجت لاتے ہیں۔ اس لئے یہ ناچیز ان شاء اللہ پہلے چند ضروری مضامین بصورت ''مقدمہ'' تحریر و نقل کر کے بعد میں اُن کتب فقہ سے کہ جن کا ترجمہ اردو میں ہو گیا ہے اور جن کے مؤلف یا مترجم علمائے احناف ہی ہیں۔ اور اُن کے خواص و عوام میں مقبول و معمول بہا ہیں۔ مسائل اخذ کر کے دو حصوں میں تقسیم کرے گا۔

حصہ اول میں وہ باتیں مذکور ہوں گی جو قرآن و حدیث یا اجماع صحابہ رضی اللہ عنہم کے خلاف ہیں۔ یا جن کی تہذیب اجازت نہیں دیتی۔ اور اس پر طرہ یہ کہ اُن کو کلام الٰہی اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا مغز و نچوڑ بتلایا جاتا ہے۔

حصہ دوم میں وہ امورِ صحیحہ مسلّمہ علمائے احناف درج کئے جائیں گے کہ جن کے اکثر پر بالخصوص اہلحدیث کا عمل ہے اور جن کی وجہ سے حضراتِ حنفیہ انواع و اقسام کے دل آزار کلمات اہل حدیث کے حق میں استعمال کرتے ہیں۔ اور ہر وقت ان کو بدنام کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ بلکہ خادمانِ سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ کی مسجدوں میں عبادت کرنے سے مانع و مزاحم ہو کر خود ظالم و گنہگار بنتے ہیں۔ **نَعُوْذُ بِاللّٰہ**.

پس! اس تالیف سے غرض صرف رفع اشتباہِ عام و اصلاحِ خیالاتِ خام ہے، اس لئے ناظرین احباب سے التماس ہے کہ تحقیق اور اخلاص کی نظر سے بغور و تامل ملاحظہ فرمائیں اور بغض و تعصب سے باز رہیں۔ اور خداوند تعالیٰ شانہ سے دعا ہے کہ اس سعی حقیر کو ماجور و مشکور فرما کر راقم سطور کے لئے باعثِ فلاح دارین کرے۔ اور جمیع عامۂ مسلمین کو اس سے نفع پہنچائے۔ اور اتباع حق کی توفیق بخشے۔ آمین ثم آمین!

وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَاِلَیْہِ اُنِیْبُ. رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مُقدّمہ

تمہید مشتمل بر حالات جاہلیت و بعثت

جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا عہدِ مبارک ختم ہو گیا اور اُن کے مخلص حواریوں کا زمانہ بھی گزر گیا تو شیطان عدو انسان نے پھر میدان خالی پایا۔ اور اپنی تلبیسات کا جال پھیلایا۔ چنانچہ حضرت روح اللہ کے پیروکار اپنی جہالت یا ہوائے نفسانی اور القائے شیطانی سے انجیل آسمانی و احکام ربانی میں ذاتی تصرف و تحریف سے کام لینے لگے۔ اور رفتہ رفتہ قریباً چھ صدیوں میں یہ لوگ اپنے نبی کی اصل ہدایات و ارشادات سے بے خبر ہو کر اپنی یا دوسروں کی عقل و رائے کے پابند اور سخت ضلالت و گمراہی یا فسق و فجور میں مبتلا ہو گئے۔ یہاں تک کہ خود حضرت مسیح ابن مریم علیہ السلام کو خدا یا خدا کا بیٹا اور ان کی والدہ صدیقہ کو خدا کی بیوی قرار دے لیا اور باوجود اس کے کہ وہ اتباع شریعت عیسوی کے مدعی تھے۔

اس وقت دیگر اہل مذاہب و اقوامِ دنیا کا حال ان سے بھی بدتر تھا۔ کیونکہ بعض کے پیشوایانِ مقدس کو سینکڑوں نہیں بلکہ ہزاروں برس گزر چکے تھے۔ جیسے یہود، ان کے علمائے سوء نے توریت اور صحیفوں کو عوام سے پوشیدہ رکھا اور احکامِ دین میں بہت کچھ تغیر و تبدل یعنی حرام کو حلال اور حلال کو حرام کر دیا۔ امیروں کے لئے آسان اور غریبوں کے لئے سخت قوانین بنا دیئے اور پھر جب چاہتے، اس کو بدل ڈالتے اور جس طرح چاہتے، فتویٰ دیتے۔ اس پر خوب رشوتیں کھاتے' اور ریاست کرتے۔ اور اسی وجہ سے جو نبی یا ہادی مخلوق کو راہِ راست پر لاتا تو اس کو ستاتے، مارتے اور قتل کرتے۔ الغرض یہود و نصاریٰ نے اپنے علماء اور درویشوں کو گویا خدا بنا رکھا تھا۔ جیسا کہ آیت کلام اللہ:

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

﴿اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ﴾ [۹/التوبۃ:۳۱]

اس کی شاہد وناطق ہے۔ اور اس پر دعویٰ ان دونوں کا یہی تھا کہ ہمارا عمل آسمانی کتابوں پر ہے۔ اور بعض کی ابتداء و بنیاد ہی سرے سے غلط تھی۔ جس کی وجہ سے ابلیس ملعون کی حکومت اُن پر پورے طور پر مسلط ہو چکی تھی جیسے ایران کے آتش پرست اور ہند کے بت پرست وغیرہ۔ تاہم وہ لوگ بزعمِ خود برسرِ حق تھے۔

بالخصوص ملک عرب کفر وشرک' بدعات' شراب خوری' زنا کاری' قمار بازی' چوری' غارت گری اور ظلم وزیادتی وغیرہ وغیرہ ان تمام منہیات ومنکرات خلافِ عقل و نقل کا مرکز بنا ہوا تھا کہ جن کا وجود امم سابقہ میں فرداً فرداً پایا جاتا تھا۔ اور اہلِ عرب نہ صرف اپنے دین سے خارج بلکہ دائرۂ انسانیت سے گزر کر درجۂ حیوانیت پر پہنچ چکے تھے۔ اور ان کے قبیلہ قبیلہ بلکہ گھر گھر میں اور خاص خانۂ کعبہ میں جہاں تین سو ساٹھ بت رکھے ہوئے تھے، خدائے واحد کے سوا ملائکہ، انبیاء اور صالحین سابقین وغیرہ کی تصویروں اور بتوں کی عام پرستش ہوتی تھی' اور ہمیشہ لوگ ان کی نذر ونیاز مانتے رہتے تھے۔ اللہ تعالیٰ سے زیادہ ان سے ڈرتے تھے اور شجر وحجر وغیرہ مخلوق پرستی کی بھی کوئی حد نہ تھی۔ ہر وقت ہر جگہ گویا ان کا نیا معبود ہوتا تھا اور علاوہ اسکے ان کے آباواجداد نے دین میں نئے نئے اور فحش رسم وآئین اپنی طرف سے مقرر کر لیے تھے جس کے یہ سخت پابند تھے لیکن اس کے باوجود مشرکینِ عرب خود کو ﴿مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا وَّمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ﴾ [۲/البقرۃ:۱۳۵] پر قائم سمجھ رہے تھے۔ اور اپنے خود تراشیدہ مذہبی اصول وفروع کو بالکل حق خیال کئے بیٹھے تھے۔

آخر جب اس عالمگیر ظلمت وتاریکی میں وہ شاہراہ رسالت کہ جو بندوں کو بخطِ مستقیم اپنے خالق ومعبود حقیقی سے ملانے والی اور دارالسلام نامی مہمان خانۂ خداوندی میں پہنچانے والی تھی، بے نام ونشان اور نسیاً منسیاً ہوگئی۔ اور تمام خلق اللہ نے شیطان اور آباواجداد کی تقلید میں جہنم کا راستہ اختیار کر لیا۔ تب حالات اور واقعات ناگفتہ بہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اُس زمانہ کے کہ جس کا لقب ''جاہلیت'' ایک صحیح اور واقعی اسم بامسمیٰ ہے۔ متقاضی اس امر کے ہوئے کہ خلاف انبیاء علیہم السلام سابقین جو صرف اپنی اپنی قوم کی اصلاح کے لئے مبعوث ہوئے تھے۔ کسی ایسے ہادیٔ برحق اور رہبرِ کامل کا وجود ظہور میں آئے جو اصلاحِ عالم کا بانی ہو۔

آخر غیرت وحمیت ربانی نے اشتعال پایا۔ اور رحمتِ یزدانی کا دریا جوش میں آیا۔ تو خالقِ ارض وسما نے حضرت احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ اکمل صفات کو دنیا میں سرزمین عرب پر جلوہ افروز اور نبی آخر الزمان ورحمتِ عالم کے تمغہ ونشان سے بہرہ ور کیا۔

آپ نے بتوفیق ایزدی وتائید صمدی اپنا فرضِ رسالت وحق نبوت ادا کرنا شروع کیا۔ اور باوجود بے انتہا مصائب وبے حد مشکلات کے اس کام کو بااحسن وجوہ اس طرح انجام دیا کہ انوارِ ہدایت سے اطراف جہاں پُرنور اور ظلماتِ کفر وشرک کافور ہونے لگیں۔ شیاطین نے راہِ گریز اختیار کی۔ اور بندگان گم گشتۂ راہ نے راہ پائی۔ پس جو لوگ ازلی اشقیا (بدبخت) اور محروم القسمت تھے وہ بدستور اپنے باپ دادا کے غلط طریق اور باطل رسم ورواج پر اڑے رہے اور کلام الٰہی کے مقابلہ میں یہی کہتے رہے کہ ہم تو آبائی طریق پر ہی چلیں گے اور جب کوئی برا کام کرتے تو یہی کہتے ہم نے اپنے بڑوں کو ایسا ہی کرتے پایا ہے۔ اور اللہ نے ہم کو اس کام کا حکم کیا ہے۔ جیسا کہ ذیل کی تین آیتوں سے صاف معلوم ہوتا ہے:

① ﴿وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اتَّبِعُوا مَآ أَنزَلَ اللّٰهُ قَالُوا بَلْ نَتَّبِعُ مَآ أَلْفَيْنَا عَلَيْهِ آبَآءَنَا ۗ أَوَلَوْ كَانَ آبَآؤُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ شَيْئًا وَّلَا يَهْتَدُونَ﴾ [۲/البقرۃ:۱۷۰]

''اور جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ اللہ نے جو (حکم) اتارا ہے اُس پر چلو۔ تو کہتے ہیں: نہیں! ہم تو اُسی طریق پر چلیں گے، جس پر ہم نے اپنے بزرگوں کو چلتے ہوئے پایا۔ بھلا اگر اُن کے بزرگ (باپ دادا)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بے عقل اور گمراہ ہوں تو بھی۔''

② ﴿وَ اِذَا قِیْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰی مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَ اِلَی الرَّسُوْلِ قَالُوْا حَسْبُنَا مَا وَجَدْنَا عَلَیْهِ آبَاءَ نَا ؕ اَوَلَوْ كَانَ اٰبَاءُ هُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ شَیْئًا وَّ لَا یَهْتَدُوْنَ۝﴾ [۵/المائدۃ:۱۰۴]

''اور جب اُن (کافروں) سے کہا جاتا کہ اللہ تعالیٰ نے جو احکام نازل فرمائے ہیں۔ان کی طرف اور رسول کی طرف رجوع کرو۔ تو کہتے ہیں ہم کو تو وہی طریق کافی ہے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا۔ اگرچہ ان کے باپ دادے نرے (بالکل) بے علم اور گمراہ ہوں تب بھی کیا انہیں کی پیروی کریں گے۔''

③ ﴿وَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً قَالُوْا وَجَدْنَا عَلَیْهَآ اٰبَآءَ نَا وَ اللّٰهُ اَمَرَنَا بِهَا ؕ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ ؕ اَتَقُوْلُوْنَ عَلَی اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ۝﴾ [۷/الاعراف:۲۸]

''لوگ (یعنی مشرک) کوئی برا کام کرتے ہیں تو کہتے ہیں ہم نے اپنے بڑوں کو ایسا ہی کرتے پایا۔ اور اللہ نے ہم کو اس کام کا حکم کیا (اے پیغمبر ﷺ!) کہہ دیجیے اللہ تعالیٰ بُرے کام کا حکم نہیں دیتا۔ کیا جو بات تم کو معلوم نہیں اس کو اللہ تعالیٰ پر لگاتے ہو۔''

جب رسول کریم ﷺ نے تمام بری باتوں کی علانیہ تردید کی۔ تو اُن جاہل اور گمراہ آبائی مقلدوں نے آپ سے سخت عداوت کی اور ہر طرح تکلیف پہنچانے لگے حتیٰ کہ خانۂ خدا مسجد الحرام میں عبادت کرنے سے آپ کو منع کرنے لگے۔ جس پر یہ آیت نازل ہوئی:

﴿وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰهِ اَنْ یُّذْكَرَ فِیْهَا اسْمُهٗ وَ سَعٰی فِیْ خَرَابِهَا ؕ اُولٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ اَنْ یَّدْخُلُوْهَآ اِلَّا خَآئِفِیْنَ ؕ لَهُمْ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فِی الدُّنْیَا خِزْیٌ وَّلَهُمْ فِی الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِیْمٌ﴾ [۲/البقرۃ:۱۱۴]

''اور اُس سے بڑھ کر ظالم کون ہے جو خدا کی مسجدوں میں اُس کا نام لینے سے روکے۔ اور ان کو اُجاڑنا چاہے۔ ان لوگوں کو روا نہیں تھا کہ داخل ہوں ان میں، مگر ڈرتے ہوئے۔ ان کے لئے دنیا میں رسوائی ہے اور آخرت میں بھی بڑے بڑے عذاب ہیں۔''

آخر جب کچھ لوگ مسلمان ہو گئے تو ان کی آتش غضب بھڑکی اور غریب مسلمانوں کو ستانے لگے اور حضرت ﷺ کی جان و آبرو کے دشمن بن گئے۔ یہاں تک کہ اکثر مسلمان اپنے عزیز و اقارب اور وطن کو چھوڑ کر حبشہ و مدینہ منورہ کی طرف چلے گئے۔ پھر مدینہ کے کچھ لوگ مسلمان ہو گئے تو بحکم الٰہی پیغمبر خدا ﷺ بھی مع متعلقین و رفقا کے مدینہ تشریف لے گئے۔ اور مہاجرین حبشہ رضی اللہ عنہم بھی آپ کے پاس آ گئے۔ چنانچہ یہاں اسلام کی ترقی ہوئی اور جہاد شروع ہوا۔ اور باپ دادا کے پیروکار مشرک مقابلہ میں آ آ کر واصل جہنم ہوئے۔ یا ذلت و رسوائی کی زندگی بسر کر کے داخل فی النار (جہنم رسید) ہو گئے۔ یا بظاہر کلمہ گو بن کر جان و مال کی سلامتی کو غنیمت سمجھا۔ مگر عقائد و اعمال میں ہمیشہ حیلے بہانے سے کام لیتے رہے۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ بزبانِ الٰہی منافق کہلا کر دنیا میں ذلیل و خوار اور آخرت میں عذاب کے مستحق قرار پائے اور جن کی قسمت میں ایمان کا حصہ میسر اور اس چشمۂ رحمت سے سیراب ہونا مقدر تھا۔ وہ لوگ سرسری یا پوری مخالفت کے بعد نشانات الٰہی دیکھ کر یا بحث و تحقیق کے ذریعے اپنے شکوک رفع کر کے یا اپنی خداداد دانائی اور فراست سے حق سمجھ کر جوق در جوق دربارِ نبوت میں حاضر ہو کر مشرف بہ اسلام اور جان و مال سے فدائے رسولِ انام ﷺ ہوئے۔ حتیٰ کہ حضور ﷺ فداہ روحی کی فیض صحبت سے ایسی تہذیب اور صلاحیت حاصل کر لی کہ پھر نہ صرف انسان بن گئے بلکہ فرشتہ صفت ہو کر اپنے نیک افعال اور حسن اعمال کی بدولت بارگاہِ احدی و صمدی سے بجائے کافر و مشرک نام کے ﴿رَضِیَ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللّٰہُ عَنۡھُمۡ وَرَضُوۡا عَنۡہُ﴾[۹۸/البینۃ:۸] کے معزز لقب سے ممتاز اور ﴿کُنۡتُمۡ خَیۡرَ اُمَّۃٍ﴾ کے خطاب اعلیٰ سے سرفراز ہو کر مرجع انام ہوئے۔ وَلِلّٰہِ الۡحَمۡدُ.

رسول اللہ ﷺ کے زمانے کا طرزِ عمل

یہ بات سب کی مسلّم اور متفق علیہ ہے کہ اس وقت عرب میں عام طور پر نوشت و خواند کا رواج نہ تھا۔ نہ اس کے لئے کوئی با قاعدہ درس گاہیں مقرر تھیں۔ اور جنہوں نے معمولی لکھنا پڑھنا کہیں سے سیکھ بھی لیا تھا وہ بھی شاذ و نادر اور عزیز الوجود تھے اور کلام پاک بھی ایک ہی دفعہ بصورتِ کتاب نازل نہیں ہوا۔ بلکہ حسبِ ضرورت رفتہ رفتہ بذریعہ وحی نازل ہو کر تیس سال کے عرصہ میں پورا ہوا تھا۔ اور اسی طرح ارشاداتِ نبوی ﷺ بھی ایک ہی وقت یا ایک ہی مجلس میں تمام نہیں ہوئے تھے۔ اس لئے احکامِ شریعت ابتدائے نبوت سے آخر تک مجموعی حیثیت سے با قاعدہ تدوین و کتابت میں نہ آئے تھے۔ اور طریقہ تعلیم حضرت رسول اللہ ﷺ فداہ ابی وامی کا اکثر و بیشتر زبانی و عملی تھا۔ قبول اسلام کے بعد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے جو دربارِ نبوت میں حاضر ہوتے وہ نبی ﷺ کی زبانِ فیض ترجمان سے جو کچھ سنتے یا کوئی عمل آپ کا دیکھتے اس کو خوب یاد رکھتے اور عمل کرتے۔ اور جو لوگ اُس مجلس میں موجود نہ ہوتے 'اُن کو جا کر سناتے بتاتے' اور عمل کراتے۔ اسی طرح جو لوگ فاصلہ پر سکونت پذیر ہوتے وہ باہمی یہ انتظام اور التزام کر لیتے کہ اُن میں سے باری باری ایک شخص ایک دن اور رات آنحضرت ﷺ کی خدمت میں برابر حاضر رہتا۔ اور جو کچھ آپ سے سنتا یا دیکھتا اپنے لوگوں کو آ کر سناتا بتاتا۔ اور جو لوگ دور دراز مسافت پر ہوتے اُن کی تعلیم کے لئے بروقتِ ضرورت حضرت ﷺ خود یا ان کی درخواست پر اصحابِ حاضرین میں سے کسی کو بھجوا دیتے یا کبھی کبھی وہ خود آ کر مستفید و مستفیض ہوتے اور جو کوئی نیا واقعہ پیش آتا۔ تو دور و نزدیک والے خود حاضر ہو کر یا کسی کو بھیج

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کر رسول اللہ ﷺ سے دریافت کر لیتے اور بلا چون و چرا اور کم و کاست عمل کرتے اور جنت کے مستحق ہوتے۔ چنانچہ ایک اعرابی رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ مجھے ایسا عمل بتائیے کہ میں اُس کو کروں تو جنت میں داخل ہوں۔ تو آپ نے ارکانِ خمسہ کی تعلیم دی۔ سننے پر اس نے کہا: ''قسم! اُس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! میں نہ اس سے زیادہ کروں گا نہ اس سے کم۔'' جب وہ پھر کر چلا تو نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس شخص کی یہ خوشی ہو کہ جنت والوں میں سے کسی آدمی کو دیکھے تو اس کو دیکھ لے۔'' [1]

اس سے معلوم ہوا کہ احکامِ دینی کو بجنسہ بلا کم و کاست قائم رکھ کر عمل کرنا بڑی سعادت اور وسیلہ نجات ہے۔ اور اُن میں ذاتی تصرف یا تحریف کرنا بڑی شقاوت اور ذریعہ عذاب ابدی ہے۔ اسی وجہ سے صحابہ رضی اللہ عنہم کو اتباعِ نبوی ﷺ کا پورا خیال اور کامل اہتمام تھا۔ چنانچہ فرائض و واجبات وغیرہ امور عظیمہ کا تو ذکر ہی کیا ہے۔ خفیف خفیف باتوں بلکہ امور اتفاقیہ میں بھی مخالفت روا نہ رکھتے تھے۔ جیسا کہ واقعات ذیل سے اس کی تصدیق ہوتی ہے:۔

① آپ نے ایک خاص ضرورت سے انگوٹھی بنوائی اور پہنی۔ تو سب نے انگوٹھیاں بنوالیں اور پہن لیں۔ جب آپ ﷺ نے اُس کو اتار کر پھینک دیا۔ تو سب نے اتار کر پھینک دیا۔ [2]

② بعض کا ذکر ہے کہ جہاں کہیں آپ سفروں میں اترے۔ یا قضائے حاجت کی۔ تو وہ بلا ضرورت وہاں اُترے۔ یا قضائے حاجت کی۔ [ابوداوٗد]

---

[1] مسلم: کتاب الایمان، باب بیان الایمان الذی یدخل بہ الجنۃ رقم: ۱۰۷۔ بخاری: کتاب الایمان، باب الزکاۃ من الایمان، رقم: ۴۶

[2] بخاری: کتاب الاعتصام، باب الاقتداء بافعال النبی ﷺ رقم: ۷۲۹۸۔ مسلم: کتاب اللباس، باب تحریم خاتم الذھب علی الرجال، رقم: ۵۴۷۳۔ مسند احمد: عن ابن عمرؓ ۲/ ۶۸ رقم: ۵۳۴۳۔ ابوداوٗد، کتاب الخاتم، باب ماجاء فی ترک الخاتم، رقم: ۴۲۲۱

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

③ ایک مرتبہ نعلین (جوتے) پہنے ہوئے نماز پڑھ رہے تھے۔ تو آپ ﷺ نے اثنائے نماز میں کسی ضرورت سے نعلین اتار دیں۔ تو انہوں نے بھی آپ کو اتارتے دیکھ کر اتار دیں۔ [1]

④ ایک صحابی نے رسول اللہ ﷺ کو اس حالت میں دیکھا کہ آپ کے کرتہ کا بٹن کھلا ہوا تھا۔ تو انہوں نے عمر بھر بٹن کھلا رکھا۔ [2]

⑤ ایک دفعہ حضرت علی رضی اللہ عنہ گھوڑے پر سوار ہو کر ہنسے۔ وجہ دریافت کرنے پر آپ نے جواب دیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو اس جگہ گھوڑے پر سوار ہو کر اسی طرح ہنستے ہوئے دیکھا۔ [3]

⑥ ایک مرتبہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے بعد وضو کھڑے ہو کر پانی پیا۔ اور کہا کہ: ''رسول اللہ ﷺ نے ایسا ہی کیا تھا جیسا میں نے کیا۔'' [4]

⑦ ایک سفر میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ایک مقام پر راہ سے ہٹ کر چلنے لگے۔ ان سے دریافت کیا تو کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ایسا کرتے دیکھا ہے۔

⑧ اسی طرح عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ہمیشہ مابین مکہ و مدینہ ایک درخت کے نیچے جا کر قیلولہ کرتے۔ اور خبر دیتے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو اسی طرح کرتے دیکھا ہے۔ [5]

⑨ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ نے دوران خطبہ کہا: بیٹھ جاؤ! عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے مسجد کے دروازے پر یہ آواز سنی اور اسی جگہ بیٹھ گئے۔ [6]

ان واقعات کے علاوہ اور بہت سے امور اسی قسم کے کتب احادیث وسیر

---

[1] ابوداؤد: کتاب الصلاۃ، باب الصلاۃ فی النعل رقم: ۶۵۰۔ مسند احمد: عن ابی سعید ۳/۲۰ رقم: ۱۰۷۶۹۔

[2] ابوداؤد۔

[3] بخاری۔

[4] نسائی، کتاب الطہارۃ، باب صفۃ الوضوء، رقم: ۹۵۔

[5] مصباح الزجاجہ۔

[6] ابوداؤد: کتاب الصلاۃ، باب الامام یکلم الرجل فی خطبتہ، رقم: ۱۰۹۱۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں ملتے ہیں مگر بوجہ طوالت ان کی گنجائش نہیں ہے۔ اَلْعَاقِلُ تَکْفِیْهِ الْاِشَارَةُ.

پس خلاصہ:۔ اس تمام تقریر کا یہ ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اپنے طرز عمل سے اس بات کو اچھی طرح ثابت کر دیا کہ اتباع سنت میں کسی کو علت وسبب کے دریافت کرنے کی ضرورت نہیں۔

صحابہ رضی اللہ عنہم وتابعین رحمۃ اللہ علیہم کے زمانے کا طرزِ عمل

اصحاب نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنے بعد کے اور خصوصاً آج کل کے علماء کی طرح کتابی علوم وفنون کے ماہر نہ تھے۔ کیونکہ اس قسم کے ذخیروں اور مجموعوں کا وجود ہی اس وقت نہ تھا۔ تاہم ان میں وہ نفوس بھی تھے کہ جو کسی زمانہ میں اپنے قدیم آسمانی علم وفضل کی وجہ سے یہود ونصاریٰ کے مایہ ناز تھے اور ایسے بھی تھے کہ جن کی عقل دوراندیشی اور درست رائے وحی الٰہی کے موافق پڑتی تھی اور نبوت کی صلاحیت وقابلیت رکھتے تھے۔ علاوہ اس کے زبان دانی تو بالعموم سب کی خانہ زاد تھی۔ برجستہ مسجع ومقفہ تقریر کرنا، اُن کا روزمرہ یا بے ساختہ وبے تامل نظم واشعار میں واقعات کو بیان کرنا، اُن کی ایک معمولی بات تھی۔ اگر بعد وفات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ لوگ اپنی اپنی عقل ورائے پر اعتماد کر بیٹھتے۔ تو اُسی وقت دین میں بہت کچھ تغیر وتبدل واقع ہو جاتا اور بالفرض وہ اپنی قیاس ورائے پر بھی چلتے تو احق بالا ولیٰ تھے۔ مگر ان حضرات بابرکات نے معجزات وکمالات ظاہری وباطنی میں کامل پا کر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو نبی برحق تسلیم کیا تھا اور دوراندیشی سے کام لے کر اپنے دل ودماغ وغیرہ سب کو فرمانِ نبوت ہی کے ماتحت کر دیا تھا۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم دنیا سے تشریف لے جاتے وقت دو چیزیں یعنی ایک کلام اللہ دوسری اپنی سنت، اُن میں چھوڑ کر فرما گئے تھے کہ جب تک تم ان دونوں کو مضبوط پکڑے رہو گے، گمراہ نہ ہو گے۔ [1]

چنانچہ باقتضاء بشریت وطبائع متضاد کے ان میں بھی اختلافاتِ باہمی کا وقوع ضروری تھا کہ جن میں اکثر انسانی قدموں کو لغزش ہو جایا کرتی ہے۔ مگر سخت سے

[1] مشکوۃ: کتاب الایمان، باب الاعتصام، الفصل الثالث، رقم: ۱۸۶

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سخت اختلاف میں بھی انہوں نے کتاب وسنت کو ہاتھ سے نہیں چھوڑا۔ اور امت محمدیہ ﷺ کے شیرازہ کو بکھرنے نہیں دیا۔ نیز ہر کام (جو عبادات و معاملات سے متعلق تھا) میں کتاب وسنت کو مضبوطی سے پکڑے رکھا۔ اور برابر لوگوں کو طریقہ محمدیہ ﷺ سے واقف کراتے رہے۔ جَزَاهُمُ اللّٰهُ خَيْرَ الْجَزَاءِ ۔ نبی اکرم ﷺ کی وفات کے بعد سب سے پہلا اور بڑا اختلاف خلافت کے متعلق واقع ہوا۔ اُدھر مہاجرین کہتے تھے کہ خلیفہ ہم میں سے ہو۔ ادھر انصار اپنا حق ظاہر کرتے تھے۔ باہم کش مکش ہوئی۔ قریب تھا کہ تلواریں میان سے باہر آ جائیں۔ تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے آنحضرت ﷺ کو یہ فرماتے سنا ہے: "اَلْاَئِمَّةُ مِنْ قُرَيْشٍ" یعنی "امامت قریش کا حق ہے"۔ یہ سنتے ہی انصار رضی اللہ عنہم کے سارے جوش پر پانی پڑ گیا۔ [1]

دوسرا واقعہ رسول اللہ ﷺ کی تدفین کا تھا۔ صحابہ رضی اللہ عنہم میں اختلاف ہوا کہ آپ ﷺ کس مقام پر دفن ہوں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا ہے کہ: "نبی جہاں کہیں انتقال کریں وہیں دفن کئے جائیں۔" آخر اسی پر فیصلہ ہوا۔ [2]

زمانہ خلافت ابوبکر رضی اللہ عنہ میں آنحضرت ﷺ کے ترکہ (وراثت) کے متعلق سوال کیا گیا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے صحابہ رضی اللہ عنہم کی موجودگی میں قسم دے کر سوال کیا کہ بھلا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے :

((نَحْنُ مَعْشَرُ الْاَنْبِيَآءِ لَا نُوْرَثُ مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ)) [3]

"یعنی ہم انبیا کی جماعت ہیں ہمارا ترکہ نہیں تقسیم ہوتا، جو ہم چھوڑتے ہیں وہ صدقہ ہوتا ہے"۔ سب نے بالاتفاق کہا: ہاں!

---

[1] فتح الباری۔ [2] ترمذی: ابواب الجنائز، باب این تدفن الانبیاء، رقم: ۱۰۱۸۔ ابن ماجۃ: ابواب الجنائز، باب ذکر وفاتہ ودفنہ ﷺ رقم: ۱۶۲۸۔

[3] بخاری: کتاب الفرائض، باب قول النبی ﷺ لانورث ماترکنا صدقۃ، رقم: ۶۷۲۷۔ مسلم: کتاب الجہاد، باب قول النبی ﷺ لانورث ماترکنا صدقۃ، رقم: ۴۵۷۹۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے زمانہ خلافت میں یہ دستور رہا کہ جب کوئی واقعہ پیش آتا تو اوّل قرآن میں غور کرتے۔ اگر صریح مسئلہ مل گیا تو خیر، ورنہ حدیث سے تلاش کرتے اور لوگوں سے دریافت کرتے۔ مل جانے پر شکر الٰہی بجالاتے۔ اگر تلاش سے بھی نہ ملتا تو لوگوں کو جمع کر کے ان کی رائے اور اجتہاد پر نظر کرتے۔ جب سب متفق الرائے ہو جاتے تو اسی پر فیصلہ کرتے۔ انتھی ملخصاً [1]

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو شام کے سفر کے دوران معلوم ہوا کہ وہاں طاعون ہے۔ تو مشورہ کیا گیا۔ ایک گروہ نے کہا: واپس لوٹنا مناسب ہے۔ دوسرے نے کہا: چلنا چاہیے۔ گفتگو ختم نہ ہونے پائی تھی کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ جو جلسہ میں موجود نہ تھے، آ گئے اور طرفین کی تقریر سن کر فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ: ''جس جگہ تم ہو اور وہاں طاعون آ جائے تو وہاں سے بھاگو نہیں اور جہاں طاعون ہو وہاں جاؤ نہیں۔'' پس فرمان رسالت سنتے ہی سب نے سر تسلیم خم کر لیا۔ [2]

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ پر مسجدِ نبوی کی توسیع اور اس کو توڑ کر مضبوط بنانے کی بابت اعتراض کیا گیا۔ آپ نے جواب میں کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ فرماتے تھے:

((مَنْ بَنٰی لِلّٰهِ مَسْجِدًا بَنَی اللّٰهُ لَهٗ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ.)) [3]

''یعنی جس نے اللہ کے لئے مسجد بنائی۔ اللہ اس کے لئے جنت میں گھر بنا دے گا۔''

---

[1] دارمی: مقدمہ، باب الفتیا وما فیہ من الشدۃ، ج ا ص ۰ ۷۔

[2] بخاری: کتاب الطب، باب مایذکر فی الطاعون، رقم: ۵۷۲۹۔ مسلم: کتاب السلام، باب الطاعون، رقم: ۵۷۸۴۔

[3] مسلم: کتاب المساجد، باب فضل بناء المساجد، رقم: ۱۱۸۹، ۱۱۹۰۔ بخاری: کتاب الصلوۃ، باب من بنی مسجدا، رقم: ۴۵۰۔ ترمذی: کتاب الصلوۃ، باب فی فضل بنیان المسجد، رقم: ۳۱۸۔ نسائی: کتاب المساجد، باب الفضل فی بناء المسجد، رقم: ۶۸۹۔ ابن ماجۃ: ابواب المساجد، باب من بنی للہ مسجدا، رقم: ۷۳۵۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت عثمان وحضرت علی رضی اللہ عنہما عام صحابہ رضی اللہ عنہم کو مخاطب کر کے فرماتے: کہ کیا میں تم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وضو نہ دکھاؤں؟ یہ کہہ کر بلا ضرورت تعلیماً وضو کر کے بتلاتے۔

حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ عام صحابہ رضی اللہ عنہم کو مخاطب کر کے فرماتے: کہ کیا میں تم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز نہ دکھاؤں؟ پھر پڑھ کر دکھاتے۔

غرض یہی دستور بالعموم صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا تھا۔ اور تابعین رحمۃ اللہ علیہم بھی اسی کے پابند رہے۔ بلکہ ہر شخص اپنے شوق اور توفیق کے موافق احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم معلوم کرتا۔ اور جہاں سے اور جس سے ملتیں، حصہ لیتا اور عمل کرتا۔ چنانچہ شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

وَ قَدْ تَوَاتَرَ عَنِ الصَّحَابَةِ وَالتَّابِعِيْنَ اَنَّهُمْ كَانُوْآ اِذَا بَلَغَهُمُ الْحَدِيْثُ يَعْمَلُوْنَ بِهٖ مِنْ غَيْرِ اَنْ يُّلَاحِظُوْا شَرْطًا. [1]

''صحابہ رضی اللہ عنہم اور تابعین رحمۃ اللہ علیہم سے تواتر سے ثابت ہے کہ جب ان کو کوئی حدیث پہنچتی تو بغیر کسی شرط کے وہ اس پر عمل کر لیتے۔''

غرض صحابہ رضی اللہ عنہم اور زمانہ صدرِ اول کے مسلمان متبع سنتِ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور حقیقی طور پر ﴿ وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّ لَا تَفَرَّقُوْا ﴾ [۳/آل عمران: ۱۰۳] کے مصداق تھے۔

اسلام میں فرقہ بندی

آہ! یہ وہ نقشہ ہے کہ جس سے اسلام نے انتہائی بیزاری ظاہر کی ہے۔ اور قرآن وحدیث میں اس کی تردید ہے۔ چنانچہ اللہ پاک نے فرمایا:

﴿ اِنَّ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَ كَانُوْا شِيَعًا لَّسْتَ مِنْهُمْ فِيْ شَيْءٍ ۭ اِنَّمَا اَمْرُهُمْ اِلَى اللّٰهِ ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ. ﴾

[۶/الانعام:۱۵۹]

---

[1] الانصاف، فی بیان اسباب الاختلاف: باب حکایۃ حال الناس قبل المائۃ الرابعۃ ص ۵۹۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''بے شک جن لوگوں نے اپنے دین کو جدا جدا کر دیا اور گروہ گروہ بن گئے، آپ کا ان سے کوئی تعلق نہیں۔ بس ان کا معاملہ اللہ تعالیٰ کے حوالے ہے۔ پھر ان کو ان کا کیا ہوا جتلا دیں گے۔''

اس آیت کی تفسیر خود رسول اللہ ﷺ نے فرمائی ہے۔ چنانچہ مجمع الزوائد، کتاب التفسیر، ج ۷، ص ۲۲ میں ہے کہ:

عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ لِعَائِشَةَ، يَا عَائِشَةُ: ﴿اِنَّ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَ كَانُوْا شِيَعًا﴾ [۶/الانعام ۱۵۹] هُمْ اَصْحَابُ الْبِدَعِ وَ اَصْحَابُ الْاَهْوَآءِ لَيْسَ لَهُمْ تَوْبَةٌ اَنَا مِنْهُمْ بَرِئٌ وَّهُمْ مِنِّيْ بَرَآءٌ. [رَوَاهُ الطَّبْرَانِيُّ]

''عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: اے عائشہ رضی اللہ عنہا! بے شک جن لوگوں نے پھوٹ ڈالی اپنے دین میں اور وہ گروہ گروہ ہو گئے تو وہ اہل بدعت اور خواہش کی تابعداری کرنے والے ہیں۔ نہیں ہے ان کے لئے توبہ۔ میں اُن سے بیزار ہوں اور وہ مجھ سے بیزار ہیں۔''

نیز غنیۃ الطالبین میں حضرت پیران پیر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَتَسْلُكُنَّ سُنَنَ مَنْ قَبْلَكُمْ حَذْوًا لنَّعْلِ بِالنَّعْلِ وَ لَتَاْخُذَنَّ مِثْلَ اَخْذِهِمْ اِنْ شِبْرًا فَشِبْرًا وَ اِنْ ذِرَاعًا فَذِرَاعًا وَ اِنْ بَاعًا فَبَاعًا حَتّٰى لَوْ دَخَلُوْا حَجُرَضَبٍّ لَّدَخَلْتُمْ فِيْهِ مَعَهُمْ اِلَّا اَنَّ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ اِفْتَرَقَتْ عَلٰى مُوْسٰى بِاِحْدٰى وَ سَبْعِيْنَ فِرْقَةً كُلُّهَا ضَالَّةٌ اِلَّا فِرْقَةٌ وَاحِدَةٌ اَلْاِسْلَامُ وَ جَمَاعَتُهُمْ ثُمَّ اِنَّهَا اِفْتَرَقَتْ عَلٰى عِيْسَى بْنِ مَرْيَمَ بِاِثْنَيْنِ وَ سَبْعِيْنَ فِرْقَةً كُلُّهَا ضَالَّةٌ اِلَّا وَاحِدَةٌ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَلْاِسْلَامُ وَ جَمَاعَتُهُمْ ثُمَّ اِنَّكُمْ تَكُونُونَ عَلٰى ثَلَاثَةٍ وَّسَبْعِينَ فِرْقَةً كُلُّهَا ضَالَّةٌ اِلَّا فِرْقَةٌ وَّاحِدَةٌ اَلْاِسْلَامُ وَ جَمَاعَتُهُمْ. ☆ 1

''کثیر بن عبداللہ سے روایت ہے کہ تم پہلی قوموں کی راہوں پر قدم بہ قدم چلوں گے اور جس راستہ سے کجی انہوں نے اختیار کی تھی اسی قدر تم اختیار کرو گے۔ اگر وہ ایک بالشت ہٹے تھے تم بھی ایک بالشت ہٹ جاؤ گے۔ اگر وہ ایک ہاتھ ہٹے تھے تم بھی ایک ہاتھ ہٹ جاؤ گے۔ حتیٰ کہ اگر وہ گوہ کے سوراخ میں داخل ہوئے تم بھی ان کی اتباع میں اس میں گھس جاؤ گے۔ کان کھول کر سن لو! بنی اسرائیل حضرت موسیٰ علیہ السلام سے علیحدہ ہو کر ۷۱ فرقوں میں بٹ گئے۔ وہ تمام فرقے گمراہ ہیں۔ بس ایک فرقہ اسلام پر قائم تھا۔ اور عیسائی حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے جدا ہو کر ۷۲ فرقوں میں بٹ گئے۔ جو سب گمراہ ہیں مگر ایک فرقہ جو اسلام پر قائم تھا اور تم ۷۳ فرقوں میں بٹ جاؤ گے۔ تمام گمراہ ہوں گے مگر ایک صحیح راہ پر ہوگا۔''

تفصیل تہتر (۷۳) فرقوں کی

حضرت پیران پیر شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب غنیۃ الطالبین میں مفصل تشریح فرمائی ہے۔ آپ نے کل اسلامی فرقوں کو دس گروہ پر تقسیم کیا ہے۔ عبارت یہ ہے:۔

فَاَصْلُ ثَلٰثٍ وَّ سَبْعِيْنَ فِرْقَةً عَشْرَةٌ اَهْلُ السُّنَّةِ وَالْخَوَارِجُ وَالشِّيْعَةُ وَالْمُعْتَزِلَةُ وَالْمُرْجِيَةُ وَالْمُشَبِّهَةُ وَالْجَهْمِيَّةُ

☆ اس طرح کی مختلف الفاظ کے ساتھ صحاح میں احادیث موجود ہیں۔ لیکن چونکہ حضرت پیر صاحب برادران احناف کے بھی مایہ ناز ہیں۔ اس لئے ان کی کتاب غنیۃ الطالبین سے حدیث درج کی جاتی ہے۔

1 غنیۃ الطالبین: باب الثامن فی معرفۃ الالۃ فرق الضالۃ: حصہ ا ص ۱۹۷۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَالضِّرَارِيَّةُ وَالنَّجَارِيَّةُ وَالْكُلَابِيَّةُ. ❶

''جڑ تہتر فرقوں کی یہ دس گروہ ہیں ① اہل سنت ② خارجی ③ شیعہ ④ معتزلہ ⑤ مرجیہ ⑥ مشبہ ⑦ جہمیّہ ⑧ ضراریہ ⑨ نجاریۃ ⑩ کلابیہ''۔

منجملہ ان کے ناجی گروہ اہل سنت والجماعت ہے۔ اور اہل سنت والجماعت کا صرف ایک ہی فرقہ ہے اور وہ فرقہ محض اہلحدیث کا ہی ہے۔ چنانچہ حضرت پیران پیر رحمۃ اللہ علیہ غنیۃ الطالبین میں فرماتے ہیں:

① وَ اَمَّا الْفِرْقَةُ النَّاجِيَةُ فَهِيَ اَهْلُ السُّنَّةِ وَالْجَمَاعَةِ. ❷

''یعنی فرقہ ناجیہ اہلسنت والجماعت ہے۔''

② فَاَهْلُ السُّنَّةِ طَآئِفَةٌ وَّاحِدَةٌ. ❸

''یعنی اہلسنت کا گروہ ایک ہی ہے۔''

③ اَهْلُ السُّنَّةِ وَ لَآ اِسْمَ لَهُمْ اِلَّآ اِسْمٌ وَّاحِدٌ وَّ هُوَ اَصْحَابُ الْحَدِيْثِ.

''یعنی اہلسنت کا ایک ہی نام ہے اور وہ اہلحدیث ہے۔'' [ص ۲۰۱]

باقی رہے ۹ نو گروہ وہ دراصل بنیاد ہیں بہتر گروہوں کی۔ وہ سب کے سب انہیں میں سے پھوٹ کر نکلے ہیں۔ اسی طرح علامہ عبدالکریم شہرستانی مصنف کتاب الملل والنحل نے بھی تہتر فرقوں کی تفصیل درج کی ہے۔ چنانچہ منجملہ تہتر فرقوں کے ایک فرقہ حقہ اہلسنت کا حال معلوم ہو چکا ہے کہ وہ اہلحدیث ہی ہے۔ باقی بہتر گمراہ فرقوں کا حال یہاں مفصل بیان کرنا ضروری اور مناسب معلوم ہوتا ہے۔ لہٰذا ہر گروہ اور اُس کے پیشوا کا نام مع ان کے عقائد ہر دو کتاب غنیۃ الطالبین اور کتاب الملل والنحل سے بصورت نقشہ ذیل ہدیہ ناظرین ہے۔ بغور ملاحظہ فرمائیں:۔

---

❶ غنیۃ الطالبین: باب الثامن فرق الضالۃ حصہ ۱ ص ۲۰۰۔ ❷، ❸ غنیۃ الطالبین: باب الثامن فرق الضلۃ حصہ ۱ ص ۲۰۰۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نقشہ تہتر فرقوں کا

پہلا گروہ خوارج کا جس کے پندرہ فرقے ہیں۔ ا تا ۱۵۔

نمبر شمار	فرقہ کا نام	پیشوا کا نام	عقائد
۱	اَلنَّجدَاتُ	نَجدَةُ بنُ عَامِرِ الحَنَفِيّ	تقیہ کرنا قول اور عمل میں جائز ہے۔ لوگوں کے لئے امام ضروری نہیں۔ ذمی کا خون کرنا اور اس کا مال لینا دار التقیہ میں حلال ہے۔ ❶
۲	اَلاَزَارِقَةُ	اَبُو رَاشِدُ نَافِعُ بنُ اَزرَق	حضرت علی و عثمان و عائشہ رضی اللہ عنہم کافر تھے (معاذ اللہ) جس نے کبیرہ گناہ کیا وہ اسلام سے خارج ہو گیا۔ لڑائی سے بیٹھ رہنا کفر ہے۔ مخالفین کی عورتوں اور بچوں کا قتل کرنا جائز ہے۔ ❷
۳	اَلفُدكِيَّةُ	اِبنِ فُدَیک	عام عقیدہ خوارج کا ہے۔ ❸
۴	اَلعَطوِيَّةُ	عَطِيَّةُ بنُ اَسوَدِ الحَنَفِيّ	خدا کو کسی چیز کا علم نہ تھا۔ جب تک کہ اُس نے اپنے لئے علم کو مہیا نہ کیا۔ ❹
۵	اَلعَجَارِدَةُ	عَبدُالرَّحمٰنِ بنُ عَجرَدِ اَو عَبدُالكَرِيمِ بنُ عَجرَدِ	فرقہ نجدات کا ہم عقیدہ ہے۔ نیز یہ کہ ہجرت فرض نہیں۔ صاحب کبیرہ کافر ہے۔ سورۂ یوسف قرآن نہیں۔ بچہ ایمان سے خالی ہے اس کو بلوغت کے بعد دعوتِ اسلام دی

❶ الملل والنحل: ج ا ص ۱۸۷۔ غنیۃ الطالبین: باب الثامن فصل فی بیان فرق الضالۃ، حصہ ا ص ۲۰۲۔

❷ الملل والنحل: ج ا ص ۱۷۹۔ غنیۃ الطالبین: باب ۸ فصل فی بیان الفرق الضالۃ، حصہ ا ص ۲۰۲۔

❸ غنیۃ الطالبین: باب ۸ فصل الثانی فی بیان الفرق: حصہ ا ص ۲۰۳۔

❹ غنیۃ الطالبین: باب ۸، فصل فی بیان الفرق حصہ ا ص ۲۰۳۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

			جائے گی۔ مشرکین کے بچے جہنمی ہیں۔ [1]
۶	اَلْمَیْمُوْنِیَّۃُ	مَیْمُوْنُ بْنُ خَالِد	عجاردہ کا ہم عقیدہ ہے۔ مگر اطفال کفار جنتی ہیں۔ تقدیر بھی بھلی بری بندہ کی طرف سے ہے۔ بندہ اپنے افعال کا خالق ہے۔ پوتیوں، نواسیوں، بھتیجیوں، بھانجیوں سے نکاح درست ہے۔ [2]
۷	اَلْحَازِمِیَّۃُ	حَازِمُ بْنُ عَلِي	دوستی اور دشمنی اللہ تعالیٰ کی دو صفات ہیں۔ اور نہیں اس کے قبضہ میں مگر جو وہ چاہے۔ اللہ تعالیٰ بندوں کے اعمال کا خالق نہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے معاملہ میں توقف کرتے ہیں برأت میں صراحت نہیں کرتے۔ [3]
۸	اَلصَّلْتِیَّۃُ	عُثْمَانُ بْنُ اَبِی الصَّلْت	اطفال نومسلمین سے سکوت لازم ہے حتیٰ کہ بالغ ہو کر اسلام قبول نہ کریں۔ آقا کو اپنے غلام، سے اسی طرح غلام کو آقا سے زکوٰۃ لینا جائز ہے۔ [4]
۹	اَلْمَعْلُوْمِیَّۃُ	مَجْھُوْلٌ لَمْ یُعْلَمِ اسْمُہٗ	افعال بندوں کے مخلوق خدا نہیں وغیرہ۔ [5]

[1] الملل والنحل: مذاہب اھل العالم فرقۃ العجاردۃ، ج۱، ص۲۰۱۔

[2] الملل والنحل: مذاہب اھل العالم المیمونیۃ، ج۱ص۲۰۴۔

[3] الملل والنحل: مذاھب اھل العالم فرقۃ الحازمیۃ، ج ۱ص۲۰۶۔ غنیۃ الطالبین: باب الثامن، الفصل الثانی فرق الضالۃ حصہ۱ص۲۰۳۔ [4] الملل والنحل: مذاھب اھل العالم فرقۃ الصلتیۃ، ج۱ص۲۰۲۔ غنیۃ الطالبین: باب الثامن فی معرفۃ الالہ، فصل الثانی فرق الضالۃ، حصہ۱، ص۲۰۳۔ [5] الملل والنحل، مذاہب اہل العالم فرقۃ المعلومیۃ ج۱ص۱۱۱۔ غنیۃ الطالبین: باب الثامن فی معرفۃ الالہ فصل ۲ فرق الضالہ، حصہ۱ص۲۰۳۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

١٠	اَلْاَخْنَسِیَّۃُ	اَخْنَس	عام عقیدہ خوارج کا۔ اور ہم عقیدہ صلتیہ کا ہے۔ [1]
١١	اَلظَّفَرِیَّۃُ اَلْحَفْصِیَّۃُ	حَفْصُ بْنُ اَبِی الْمِقْدَامِ	فرق درمیان شرک اور ایمان کے وحدانیت ہے جس نے خدا کو واحد جان کر رسول کا یا بہشت اور دوزخ کا انکار کیا۔ یا قتل نفس وغیرہ سب گناہ کیئے۔ زنا کاری کو حلال جانا تو وہ شرک سے بری ہے۔ [2]
١٢	اَلْاَبَاضِیَّۃُ	عَبْدُاللّٰہِ بْنُ اَبَاض	اطفالِ مشرکین پر توقف ہے۔ مگر جائز ہے کہ بطریق انتقام عذاب ہو۔ مخالفین خواہ اہل قبلہ ہوں کافر ہیں۔ مگر ان سے نکاح جائز ہے۔ [3]
١٣	اَلنَّبْهَسِیَّۃُ اَوْ اَلْبَیْهَسِیَّۃُ	اَبُوْ نَبْهَس اَوْ اَبُوْ بَیْهَس اَلْهَیْصَمُ بْنُ جَابِرٍ	جب تک انسان اپنے متعلق تمام حلال اور حرام معلوم نہ کر لے مسلمان نہیں۔ ایمان اقرار اور علم اور عمل کا نام ہے۔ مومن کی اولاد مومن اور کافر کی اولاد کافر ہے۔ تقدیر کوئی شے نہیں۔ بندوں کے کاموں میں خدا کی مشیت کو دخل نہیں۔ امام جب کافر ہو جائے تو رعیت بھی خواہ حاضر ہو یا غائب' کافر ہو جاتی ہے۔ [4]

[1] غنیۃ الطالبین: باب ٨ فصل الثانی فی بیان الفرق حصہ ا ص ٢٠٣۔

[2] الملل والنحل: مذاھب اھل العالم فرقۃ الحفصیۃ ج ا ص ٢١٤۔ غنیۃ الطالبین: باب الثامن فصل فی الفرق، حصہ ا ص ٢٠٣۔٢٠٤

[3] الملل والنحل: مذاھب اہل العالم، فرقۃ الاباضیۃ ج ا ص ٢١٢۔ غنیۃ الطالبین: باب الثامن فصل ٢ فی بیان الفرق حصہ ا ص ٢٠٤۔

[4] الملل والنحل: مذاھب اہل العالم، فرقۃ البیہسیۃ ج ا ص ١٩٦۔ غنیۃ الطالبین: باب الثامن فی معرفۃ الالٰہ فصل الثانی فرق الضالۃ ج ا ص ٢٠٤۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۱۴	الشَّمْرَاخِيَّةُ	عَبْدُاللّٰهِ بْنُ الشَّمْرَاخ	قتل والدین حلال ہے۔ وغیرہ۔ 1
۱۵	اَلْبِدْعِيَّةُ	مَجْهُوْلٌ لَمْ يُعْلَمِ اِسْمُهُ	ہم عقیدہ ازارقہ کا ہے۔ نیز یہ کہ نماز صرف دو رکعت ہیں صبح کو اور دو رکعت شام کو۔ 2

علاوہ ان کے علامہ شہرستانی نے بعض دیگر فرقوں کے نام اور ان کے پیشوا نیز عقائد بیان فرمائے ہیں۔ جو خوارج کے ہم عقیدہ یا ان کی شاخ ہیں اور اصولاً سب متفق ہیں۔

دوسرا گروہ شیعہ کا جس کی تین قسمیں ہیں۔ پہلی قسم: غالیہ، جس کے بارہ فرقے ہیں۔ عموماً اس گروہ کا عقیدہ ہے کہ امام برحق حد خلقت سے نکل کر حد الٰہیت میں آ جاتے ہیں۔ مسئلہ تشبیہ، بدا، رجعت، تناسخ کے قائل ہیں۔ دراصل حضرت علی رضی اللہ عنہ ہی نبی برحق بلکہ خدا ہیں۔ مگر جبرائیل نے غلطی سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر نزول کیا۔ تقیہ برحق ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ تمام انبیا علیہم السلام سے افضل ہیں۔ وہ آسمان پر بادلوں میں ہیں۔ ان کو موت نہیں۔ آخر زمانہ میں تشریف لائیں گے بلکہ تمام امام موت سے بری ہیں۔ قیامت کا حساب اور حشر نہیں ہے۔ 3

۱۶	اَلْبَيَانِيَّةُ	بَيَانُ بْنُ سَمْعَانَ النَّهْدِي	اللہ تعالیٰ شکل وصورت میں مانند انسان کے ہے۔ 4

---

1 غنیۃ الطالبین: باب الثامن فی معرفۃ الالہ فصل الثانی فرق الضالۃ حصہ ۱ ص ۲۰۴۔

2 غنیۃ الطالبین: باب ۸ فصل الثانی فی بیان الفرق الضالہ حصہ ۱ ص ۲۰۴۔

3 غنیۃ الطالبین: باب الثامن فی معرفۃ الالہ فصل فی الرافضۃ حصہ ۱ ص ۲۰۷۔

4 الملل والنحل: مذاہب العالم، البیانیۃ ج ۱ ص ۲۴۶۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۱۷	اَلطَّیَّارِیَّۃُ	عَبْدُاللّٰہِ بْنُ مُعَاوِیَّۃِ بْنِ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ جَعْفَرِ الطَّیَّارِ	حضرت آدم علیہ السلام کی روح درحقیقت خدا کی روح ہے۔ جس نے تناسخ کیا۔ [1]
۱۸	اَلْمَنْصُوْرِیَّۃُ	اَبُوْمَنْصُوْرِ الْعَجْلِیِّ	حضرت علی رضی اللہ عنہ ایک ٹکڑا ہے جو آسمان سے نازل ہوا۔ اور وہ خدا ہے۔ امام ابو منصور نے آسمان پر جا کر خدا سے کلام کیا۔ خدا نے اس کو بیٹا کہا اور سر پر ہاتھ پھیرا۔ وہ بھی آسمان سے نازل ہوا ہے۔ جنت و دوزخ نہیں ہے۔ [2]
۱۹	اَلْمُغِیْرِیَّۃُ	مُغِیْرَۃُ بْنُ سَمَدِ الْعَجْلِیِّ	خدا نور ہے اور مع جمیع اعضاء کے مانند صورت انسان کے ہے۔ جس کے سر پر نورانی تاج ہے۔ امام برحق محمد بن عبداللہ بن حسن ہے جس نے مدینہ میں خروج کیا۔ وہ زندہ ہے اس کے لوٹ کر آنے کا انتظار ہے۔ اُس سے جبرئیل اور میکائیل بیعت کریں گے۔ [3]

[1] غنیۃ الطالبین: باب الثامن فی معرفۃ الالہ فصل فی الرافضۃ حصہ ۱، ص ۲۰۸۔

[2] الملل والنحل: مذاھب اہل العالم، المنصوریۃ، ج ۱ ص ۲۹۷۔ غنیۃ الطالبین: باب الثامن فی معرفۃ الالہ، فصل فی الرافضۃ، حصہ ۱، ص ۲۰۸۔

[3] غنیۃ الطالبین: باب الثامن فی معرفۃ الالہ فصل فی الرافضۃ۔ ج ۱ ص ۲۰۸۔

☆ مغیرہ بن سمد عجلی جس نے بعد خلافت محمد بن عبداللہ بن حسن کے اپنی خلافت کا دعویٰ کیا۔ اس کے بعد اپنی نبوت کا دعویٰ کیا۔ اور حضرت علیؓ کے بارے بہت غلو کیا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۲۰	اَلْخَطَّابِيَّةُ	اَبُوْ الْخَطَّابِ مُحَمَّدُ بْنُ اَبِیْ زَيْنَبَ الْاَسَدِیْ الْاَجْدَعِ	امام برحق ''خلیفہ وقت'' بھی پیغمبر ہے۔ اور ہر وقت ایک پیغمبر ناطق ہوتا ہے۔ اور ایک خاموش بلکہ بعض تو امام کی الوہیت کے قائل ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ دنیا کو فنا نہیں۔ یہی جنت اور دوزخ ہے۔ ❶
۲۱ و ۲۲	اَلْمَعْمَرِيَّةُ وَالْعَجْلِيَّةُ	مَعْمَرُ بْنُ عَبَّادِ السُّلَمِی الْعَجْلِی	''شاخ ہے خطابیہ کی جو مذکور ہوا'' نیز ترکِ نماز کے قائل ہیں۔ شراب اور زنا اور تمام محرمات حلال ہیں۔'' ❷
۲۳	اَلْبُزَيْعِيَّةُ	بُزَيْعٌ	امام جعفر صادق دراصل خدا تھے۔ جو اُن کی صورت میں مخلوقات پر ظاہر ہوا۔ ہر مومن کی طرف وحی نازل ہوتی ہے۔ وہ مرتا نہیں بلکہ ملکوت کی طرف اٹھایا جاتا ہے۔ اور ہر صبح و شام موت کے معائنہ کے مدعی ہیں۔ ❸
۲۴	اَلْمُفَضَّلِيَّةُ	مُفَضَّلُ الصَّيْرَفِی	امام جعفر کی و دیگر ائمہ کی ربوبیت کے قائل ہیں مثل نصاریٰ کے نیز اپنی موت کے قائل ہیں۔ وغیرہ ❹
۲۵	اَلشُّرَيْعِيَّةُ	شُرَيْعٌ	الوہیت پانچ شخصوں میں ہے۔ نبی ﷺ اور آپ کی آل یعنی عباس و علی و جعفر و عقیل رضی اللہ عنہم وغیرہ۔ ❺

❶ الملل والنحل: مذاھب اھل العالم، الخطابیۃ ج ا ص ۳۰۰۔ غنیۃ الطالبین: باب الثامن فی معرفۃ الالہ، فصل فی الرافضۃ، ج ا ص ۲۰۹۔ ❷ غنیۃ الطالبین: باب الثامن، فصل فی الرافضۃ حصہ ا ص ۲۰۹۔

❸ غنیۃ الطالبین: باب الثامن فی معرفۃ الالہ، فصل فی الرافضۃ، حصہ ا ص ۲۰۹۔

❹ ❺ غنیۃ الطالبین: باب الثامن فی معرفۃ الالہ، فصل فی الرافضۃ، حصہ ا ص ۲۰۹۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۲۶	اَلسَّبَائِیَّۃُ	عَبْدُاللّٰہِ بْنُ سَبَاء☆	حضرت علی رضی اللہ عنہ جزو خدا ہیں۔ وہ زندہ ہیں۔ شہید نہیں ہوئے۔ مقام ان کا بادل ہے، کڑک اور گرج ان کی آواز ہے۔ بجلی ان کا کوڑا ہے۔ پھر زمین پر نزول کریں گے۔ حضرت علی کا جزو الوہیت ان کے بعد اماموں میں تناسخ کرتا ہے۔ [1]
۲۷	اَلْمُفَوَّضِیَّۃُ	مَجْھُوْلٌ	اللہ تعالیٰ نے تدبیر خلقت کے تمام اختیارات حضرت علی رضی اللہ عنہ و دیگر ائمہ کو دے دیئے۔ اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو قدرت کامل عطا فرمادی۔ لہٰذا دنیا میں خدا تعالیٰ نے کچھ بھی پیدا نہیں کیا۔ [2]

شیعہ کی دوسری قسم (زیدیہ) جس کے چھ فرقے ہیں۔ عموماً اس گروہ کا عقیدہ معتزلہ سے ملتا جلتا ہے۔ مگر واصل بن عطا عزال کی صحبت کی وجہ سے مختلف ہوگئے۔ کہتے ہیں کہ امام برحق اولادِ فاطمہ رضی اللہ عنہا سے ہوں گے۔ اور محمد و ابراہیم دونوں بیٹے عبداللہ بن حسن بن حسین کے امام برحق تھے۔

---

[1] غنیۃ الطالبین: باب ۸ فصل فی الرافضۃ، حصہ ا ص ۲۰۹۔

[2] غنیۃ الطالبین: باب الثامن فی معرفۃ الالٰہ، فصل فی الرافضۃ، حصہ ا ص ۲۰۹۔

☆ عبداللہ بن سبا یہودی تھا، درپردہ یہودیت پر قائم رہا اور مثل یہودیت کے اسلام کی تخریب کے درپے رہا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس کو عقائد باطلہ اور خیالات فاسدہ کے سبب اسے مدائن کی طرف بدر کر دیا تھا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نمبر شمار	فرقہ کا نام	پیشوا کا نام	عقائد
۲۸	اَلزَّیْدِیَّۃُ	زَیْدُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ حُسَیْنٍ	امامت مفضول کی بعہد فاضل مصلحتاً جائز ہے۔ پس خلافت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کی بعہد علی رضی اللہ عنہ مصلحتاً جائز ہے۔ 1
۲۹	اَلْجَارُوْدِیَّۃُ	اَبُوالْجَارُوْد	خلیفہ برحق حضرت علی رضی اللہ عنہ ہی ہیں۔ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے گو نام نہیں لیا۔ مگر تصریح ان کی ہی فرمائی ہے۔ ان کے بعد امام حسن رضی اللہ عنہ پھر امام حسین رضی اللہ عنہ پھر امام زین العابدین پھر ان کا فرزند زید بن علی تا آنکہ محمد بن عبداللہ بن حسن بن حسین۔ جن کی امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے منصور عباسی کے خلاف بیعت کی۔ 2
۳۰	اَلسُّلَیْمَانِیَّۃُ	سُلَیْمَانُ بْنُ کَثِیْرٍ اَوْ جَرِیْرٍ	حضرت علی رضی اللہ عنہ کی موجودگی میں امت کا ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کو خلیفہ منتخب کرنا خطاء اجتہادی ہے لہٰذا شیخین خلیفۂ برحق ہیں اور حضرت عثمان و عائشہ و طلحہ و زبیر رضی اللہ عنہم کافر تھے۔ معاذ اللہ 3

1 الملل والنحل: مذاهب اہل العالم، الزیدیۃ، ج۱ص ۲۴۹۔ غنیۃ الطالبین: باب الثامن فی معرفۃ الالہ، فصل فی الرافضۃ حصہ۱ص۲۱۰۔

2 الملل والنحل: مذاهب اہل العالم، الجارودیۃ ج۱ص ۲۵۵۔ غنیۃ الطالبین: باب الثامن فی معرفۃ الالہ، فصل الرافضۃ حصہ۱ص۲۱۰۔

3 الملل والنحل: مذاهب اہل العالم، السلیمانیۃ، ج۱ص ۲۵۹۔ غنیۃ الطالبین: باب الثامن فی معرفۃ الالہ، فصل الرافضۃ حصہ۱ص۲۱۰۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۳۱	اَلْاَبْتَرِیَّۃُ	کَثِیْرُ النَّوٰی الْاَبْتَر	سلیمانیہ کے ہم عقیدہ ہیں مگر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے بارے میں توقف کرتے ہیں اور اکثر ان میں سے مقلد ہیں۔ جو اصول میں معتزلہ کی اور فروع میں امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی تقلید کرتے ہیں۔ 1
۳۲	اَلنُّعَیْمِیَّۃُ	نُعَیْمُ بْنُ الْیَمَانُ	ابتر کے ہم عقیدہ ہیں ۔ مگر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے کفر کے قائل ہیں۔ 2
۳۳	اَلْیَعْقُوْبِیَّۃُ	یَعْقُوْبُ	ان میں سے بعض خلافت شیخین کے قائل ہیں۔ اور مسئلہ رجعت (دنیا میں دوبارہ آنا) کے منکر۔ مگر بعض مسئلہ رجعت کے قائل ہیں۔ اور خلافت شیخین سے منکر۔ 3

شیعہ کی تیسری قسم (رافضہ) جس کے چودہ فرقے ہیں۔ عموماً اس گروہ کا عقیدہ ہے کہ خلافت حضرت علی رضی اللہ عنہ اور ان کی اولاد ہی کا حق ہے۔ جو اُن سے خارج نہیں ہوتا مگر غیروں کے ظلم سے یا ان کے تقیہ سے۔ امام سہو اور خطا سے معصوم ہیں۔ شیخین پر تبرّیٰ کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کو کسی چیز کے پیدا ہونے سے پہلے اس کا علم نہیں تھا۔ مردے یوم الحساب سے پہلے دنیا کی طرف لوٹیں گے۔ امام کو دینی اور دنیاوی تمام باتوں اور چیزوں کا علم ہوتا ہے۔ ان سے مثل انبیا علیہم السلام کے معجزات صادر ہوتے ہیں۔

---

1 غنیۃ الطالبین: باب الثامن، فی معرفۃ الالٰہ، فصل الرافضۃ، حصہ ا ص ۲۱۰۔

2 غنیۃ الطالبین: باب الثامن، فصل فی الرافضۃ، حصہ ا، ص ۲۱۰۔

3 غنیۃ الطالبین: باب الثامن، فصل فی الرافضۃ، حصہ ا ص ۲۱۰۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۳۴	اَلْقَطْعِيَّةُ	مُحَمَّدُ بْنُ الْحَنَفِيَّةُ	موسیٰ بن جعفر امام برحق ہے۔ اس کے بعد خلافت حقہ محمد بن حنیفہ کی ہے۔ جو کہ ان کے نزدیک امام منتظر ہیں اور برخلاف عقیدہ بعض شیعہ کے یہ لوگ موسیٰ کی موت کے قائل ہیں۔ 1
۳۵	اَلْكَيْسَانِيَّةُ	كَيْسَانُ مَوْلٰی اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيّ رضی اللہ عنہ	امام برحق محمد بن حنیفہ ہے۔ اس کی شان میں بہت مبالغہ کرتے ہیں۔ کہ انہوں نے تمام علوم ظاہری و باطنی وعلوم آفاق اور تمام اسرار پر احاطہ کیا۔ اعتقادات اور ارکان شرعیہ میں تاویل کرتے ہیں، بعض تناسخ، حلول، رجعت کے قائل ہیں۔ 2
۳۶	الْكُرَيْبِيَّةُ	اِبْنُ كُرَيْبِ الضَّرِيْرِ	عام عقیدہ روافض کا ہے۔ 3
۳۷	اَلْمُغِيْرِيَّةُ	مُغِيْرَة	مغیرۃ کو امام مہدی کے خروج تک امام مانتے ہیں۔ 4
۳۸	اَلْمُحَمَّدِيَّةُ	مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللهِ بْنِ حَسَنٍ ☆	امام قائم رہنے والا محمد بن عبداللہ بن حسن ہے جس نے سوائے بنی ہاشم کے ابی منصور کی طرف امامت کی وصیت کی۔ 5

1 غنیۃ الطالبین: باب الثامن فی معرفۃ الالہ فصل فی اقسام الرافضۃ حصہ اص ۲۱۱۔ 2 الملل والنحل: مذاہب اہل العالم، فرقۃ الکیسانیۃ، ج اص ۲۳۵۔ غنیۃ الطالبین: باب الثامن، فصل فی اقسام الرافضۃ، حصہ اص ۲۱۱۔ 3 غنیۃ الطالبین: باب الثامن، فصل فی اقسام الرافضۃ، حصہ اص ۲۱۱۔ 4 غنیۃ الطالبین: باب الثامن، فصل فی اقسام الرافضۃ، حصہ اص ۲۱۱۔ ☆ محمد بن عبداللہ بن حسن نے خلیفۃ المسلمین منصور عباسی کی خلافت میں بغاوت کا اعلان کیا اور خود خلافت کا دعویدار ہو کر اپنی بیعت لینے لگا۔ چنانچہ امام ابوحنیفہؒ اور دیگر علماء نے بھی اس کی بیعت کا فتویٰ دیا اور بیعت کرلی۔ بالآخر میدان جنگ میں اپنے بھائی ابراہیم سمیت قتل کر دیئے گئے۔ [تاریخ الخلفاء] 5 [غنیۃ ایضا]

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۳۹	اَلْحُسَیْنِیَّۃُ	حُسَیْنُ بْنُ اَبِیْ مَنْصُوْرِ	حسین بن ابی منصور کی امامت کے قائل ہیں۔ بموجب وصیت ابی منصور کے۔ [1]
۴۰	النَّاوِسِیَّۃُ	ناوسُ الْبَصْرِی	امام جعفر صادق اب تک زندہ ہیں اور وہ دوبارہ ظہور کرنے تک نہ مریں گے۔ بلکہ وہی امام مہدی ہیں۔ [2]
۴۱	اَلْاِسْمٰعِیْلِیَّۃُ	اِسْمٰعِیْلُ بْنُ جَعْفَرٍ	امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ فوت ہو گئے۔ ان کے بعد اسمٰعیل امام منتظر اور برحق ہیں۔ بعض نے ان کی موت میں اختلاف کیا ہے۔ اور یہ سبب خلفائے عباسیہ کے تقیہ پر محمول کیا ہے۔ [3]
۴۲	اَلْقَرَامِطِیَّۃُ	جَعْفَر	خلیفۂ برحق جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ تک ہوئے۔ جعفر نے محمد بن اسمٰعیل کی درایت کی تصریح کی ہے اور محمد فوت نہیں ہوا۔ اب تک زندہ ہے اور وہی امام مہدی ہے۔ [4]
۴۳	اَلْمُبَارَکِیَّۃُ	اَلْمُبَارَک	امامت محمد بن اسمٰعیل کی صحیح ہے اور وہ فوت ہو چکا ہے۔ اس کے بعد خلافت اس کی اولاد میں باقی ہے۔ [5]

[1] غنیۃ الطالبین: باب الثامن فی معرفۃ الالٰہ، فصل فی اقسام الرافضۃ، حصہ اص ۲۱۱۔

[2] الملل والنحل: مذاہب اہل العالم، الناوسیۃ، ج اص ۲۷۳۔ غنیۃ الطالبین: باب الثامن فی معرفۃ الالٰہ، فصل فی اقسام الرافضۃ، حصہ اص ۱۱۔

[3] الملل والنحل: مذاہب اہل العالم، الاسماعیلیۃ ج ا ص ۲۷۸۔ غنیۃ الطالبین: باب الثامن فی معرفۃ الالٰہ، فصل فی اقسام الرافضۃ حصہ اص ۲۱۱۔

[4] غنیۃ الطالبین: باب الثامن، فی معرفۃ الالٰہ، فصل فی الرافضۃ، حصہ اص ۲۱۱۔

[5] غنیۃ الطالبین: باب الثامن، فی معرفۃ الالٰہ، فصل فی الرافضۃ، حصہ اص ۲۱۱-۲۱۲۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۴۴	اَلشُّمَیْطِیَّۃُ	یَحْیٰے بْنُ اَبِی شُمَیْطٍ	امام برحق جعفر ہے پھر محمد بن جعفر۔ اس کے بعد خلافت اس کی اولاد میں باقی ہے۔ 1
۴۵	اَلْعَمَارِیَّۃُ اَوِ الْمُعَمَّرِیَّۃُ یُقَالُ لَھُمْ الْاَفْطَحِیَّۃُ	عَبْدُاللّٰہِ بْنُ جَعْفَرِ الْاَفْطَحِ ☆	امام جعفر صادق کے بعد امامت ان کے فرزند عبداللہ کی طرف منتقل ہوئی کیونکہ یہ ان کا فرزند اکبر ہے اور اسمٰعیل اصغر۔ 2
۴۶	اَلْمَمْطُوْرِیَّۃُ مِنْھُمْ الْمُوْسَوِیَّۃُ اَوِ الْوَاقِفَۃُ	مُوْسَی بْنُ جَعْفَرْ مَمْطُوْرَۃُ ☆☆ (فرقہ ممطوریہ کی شاخ)	امام جعفر کے بعد ان کے فرزند موسیٰ علیہ السلام کی خلافت کے قائل ہیں اور اس کی موت پر توقف کرتے ہیں۔ کہ ہم نہیں جانتے کہ آیا وہ فوت ہوا یا نہیں۔ موسیٰ بن جعفر پر توقف کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ وہ اب تک زندہ ہے فوت نہیں ہوگا۔ اور وہی امام مہدی ہے۔ 3

1 الملل والنحل: مذاھب اہل العالم، الشمیطیۃ ج۱ص۲۷۔ غنیۃ الطالبین: باب الثامن فی معرفۃ الالٰہ، فصل فی اقسام الرافضۃ، حصہ۱ص۲۱۲۔

2 الملل والنحل: مذاھب اہل العالم، الافطحیۃ، ج۱ص۲۷۔ غنیۃ الطالبین: باب الثامن فی معرفۃ الالٰہ، فصل فی اقسام الرافضۃ، حصہ۱ص۲۱۲۔

3 غنیۃ الطالبین: باب الثامن، فی معرفۃ الالٰہ، فصل فی اقسام الرافضۃ، حصہ۱ص۲۱۲۔

☆ افطح کہتے ہیں: چوڑے اور موٹے پاؤں والے کو۔ چونکہ عبداللہ کے پاؤں اسی طرح کے تھے۔ اس لئے اس کے ماننے والوں کو افطحیۃ کہتے ہیں۔ [غنیۃ ص۲۱۲]

☆☆ انہیں ممطورہ اس لئے کہا جاتا ہے کہ انہوں نے یونس بن عبدالرحمٰن سے مناظرہ کیا تو ان سے یونُس نے کہا تم تو بھیگے ہوئے کتوں سے بھی زیادہ حقیر ہو۔ (ممطورہ یعنی بھیگا ہوا) پھر ان کا یہی لقب پڑ گیا۔ [غنیۃ ص۲۱۲]

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۴۷	اَلْاِمَامِیَّۃُ	مُحمَّدُ بنُ حُسَیْنٍ	محمد بن حسین امام برحق ومنتظر ہے اور قائم ہے بعد میں ظہور کرے گا۔ اور زمین کو عدل سے پُر کردے گا۔ ❶

تیسرا گروہ ''معتزلہ☆'' کا ہے جس کے چھ فرقے ہیں۔

عموماً یہ گروہ قائل ہے کہ خدا کی کوئی صفت قدیم نہیں۔ اس کا علم قدرت' سمع' بصر' کلام ارادہ وغیرہ تمام اوصاف حادث ہیں۔ خدا کے عرش پر قرار پکڑنے کا انکار کرتے ہیں۔ نیز پچھلی رات کو آسمان دنیا پر اترنے کا بھی۔ وہ اپنی معلومات کے خلاف بھی ارادہ کرلیتا ہے اور جو کچھ وہ ارادہ کرتا ہے۔ کبھی ہوتا ہے کبھی نہیں ہوتا۔ اپنے غیر کے مقدورات پر اُس کو قدرت نہیں۔ بندے اپنے افعال کے خود خالق ہیں۔ خدا خالق نہیں۔ انسان بدون اجل کے بھی مرجاتا ہے۔ مرتکب کبیرہ گناہ ایمان سے خارج ہے۔ اس لئے ہمیشہ ہمیشہ جہنم میں رہے گا۔ اس کے لئے شفاعت بھی نہیں۔ اکثر عذاب قبر اور میزان کے بھی قائل نہیں۔ مردہ کو زندوں کی دعا اور صدقہ کا ثواب اور فائدہ نہیں پہنچتا۔ اہل جنت کو خدا کا دیدار نہیں ہوگا۔ وغیرہ ❷

نمبر شمار	فرقہ کا نام	پیشوا کا نام	عقائد
۴۸	اَلْھُذَیْلِیَّۃ	ھَمْدَانُ بنُ اَبُوْ الْھُذَیْلِ الْعَلَّافِ	صفات خداوندی اس کی عین ذات ہیں۔ کلام الٰہی بعض مخلوق ہے اور بعض غیر مخلوق۔ قدرت الٰہی متناہی ہے وغیرہ۔ ❸

❶ الملل والنحل: مذاہب اہل العالم، فرقۃ الامامیۃ، ج۱ص ۲۶۵۔ غنیۃ الطالبین: باب الثامن، حصہ اص ۲۱۲۔

❷ غنیۃ الطالبین: باب الثامن، فی معرفۃ الالٰہ، فصل فی ذکر المعتزلۃ، حصہ اص ۲۱۷۔ ۲۱۸۔

❸ الملل والنحل: مذاہب اہل العالم، فرقۃ الھذیلیۃ، ج۱ص ۶۶۔ غنیۃ الطالبین: باب الثامن حصہ اص ۲۱۷۔ ۲۱۸۔ ☆ ان کو معتزلہ اس لیے کہتے ہیں کہ یہ حق سے ہٹے ہوئے ہیں یا مسلمانوں کے خیالات سے کنارہ کش ہیں۔ [غنیۃ ص ۲۱۶]

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

۴۹	اَلنّظَامِیَّۃُ	اِبْرَاھِیْمُ بْنُ سَیَّارِ بْنِ ھَانِی النّظَام	انسان حقیقت میں روح کا نام ہے۔ جسم اس کا ظرف ہے اس لئے کہ کسی نے نبی ﷺ کو نہیں دیکھا۔ بلکہ ان کے ظرف کو دیکھا ہے۔ خدا میں قدرت نہیں کہ اہل بہشت کی نعمتوں اور اہل دوزخ کے عذاب میں کمی بیشی کر سکے۔ ایمان مانند کفر کے ہے۔ اور طاعت مثل معصیت کے۔ اسی طرح فعل نبی ﷺ کا مثل فعل ابلیس لعین کے ہے۔ (معاذ اللہ) [1]
۵۰	اَلْمُعْمَرِیَّۃُ	مُعْمَر	خدا صرف جسم کا خالق ہے اور عوارضات جسمانی جسم کے اختراعی ہیں۔ خدا اُن کا خالق نہیں۔ قرآن فعل جسمانی ہے فعل الٰہی نہیں۔ خداوند تعالیٰ کی ذات قدیم نہیں۔ [2]
۵۱	اَلْجُبَائِیَّۃُ	اَبُوعَلِی مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِالوَھَّابِ الْجُبَائِی	بندہ اپنے افعال کا خود ہی خالق ہے۔ خدا، اپنے بندوں کے ارادے پورے کرنے میں ان کا تابعدار ہے۔ ان شاء اللہ کہنا بیکار ہے۔ پانچ درہم سے ایک درہم بھی کم چوری کرنے والا فاسق نہیں۔ کرامات اولیا، صحابہ رضی اللہ عنہم وغیرہم کے منکر ہیں۔ [3]

[1] الملل والنحل: مذاہب اہل العالم، النظامیہ ج۱ص۶۷۔ غنیۃ الطالبین: باب الثامن فی معرفۃ الالٰہ، فصل فی ذکر المعتزلۃ، حصہ۱ص۲۱۹۔ [2] الملل والنحل: مذاہب اہل العالم، المعمریۃ، ج۱ص۸۹۔ غنیۃ الطالبین: باب الثامن فی معرفۃ الالٰہ فصل فی ذکر المعتزلۃ حصہ۱ص۲۰۔۲۱۹۔ [3] الملل والنحل: مذاہب اہل العالم، الجبائیۃ، ج۱ص۱۰۳۔ غنیۃ الطالبین: باب الثامن، فی معرفۃ الالٰہ، فصل فی ذکر المعتزلۃ، حصہ۱ص۲۲۰۔

۵۲	اَلْبَهْشَمِيَّةُ	اَبُوْهَاشِمِ عَبْدُالسَّلَامِ بْنِ الْجَبَائِي	ہم عقیدہ جبائیہ کا ہے بعض عقائد میں مثلاً: دیدار الٰہی سے انکار۔ بندہ اپنے افعال کا خالق ہے۔ وغیرہ ذالک اور منفرد ہیں ان سے بعض عقائد میں ۔ مثلاً: صفات الٰہی موجود بالذات نہیں۔ وغیرہ ذالک ❶
۵۳	اَلْكَعْبِيَّةُ	اَبُوْالقَاسِمِ الْكَعْبِي اَلْبَغْدَادِي	خدا سمیع و بصیر نہیں۔ نہ اس میں صفت ارادہ حقیقتاً پائی جاتی ہے۔ ❷

چوتھا گروہ (مرجیہ) کا۔ جس کے بارہ فرقے ہیں۔

عموماً یہ گروہ قائل ہے کہ جب کسی نے ایک بار کلمہ پڑھ لیا پھر اگرچہ سارے ہی گناہ کرلے ہرگز دوزخ میں نہ جائے گا۔ ایمان صرف قول کا نام ہے عمل ایمان سے خارج ہے۔ وہ صرف احکام شریعت ہیں۔ لوگوں کا ایمان کم زیادہ نہیں ہوتا ہے۔ (عام لوگ نیک ہوں یا بدفاسق، ہوں یا فاجر) ان کا ایمان اور نبیوں اور فرشتوں کا ایمان ایک ہی ہے کم زیادہ نہیں اگرچہ عمل نہ کریں۔ ❸

۵۴	اَلْجَهْمِيَّةُ اَلْمُرْجِيَةُ	جَهْمُ بْنُ صَفْوَانَ ☆	یہ فرقہ دو جماعت میں منقسم ہے۔ بعض تو مرجیہ کے ہم عقیدہ ہیں۔ عموماً اور بعض جبریہ عقیدہ کے ساتھ متفق ہیں۔ نیز عموماً انکار صفات باری میں معتزلہ کے بھی موافق ہیں۔ ❹

❶ الملل والنحل: مذاہب اہل العالم، البہشمیۃ، ج۱ص۱۰۳۔ غنیۃ الطالبین: باب الثامن فی معرفۃ الالٰہ، فصل فی ذکر المعتزلۃ، حصہ۱ص۲۲۰۔ ❷ غنیۃ الطالبین، باب فی معرفۃ الالٰہ، فصل ذکر المعتزلۃ، حصہ۱ص۲۲۰۔

❸ غنیۃ الطالبین: باب الثامن، فی معرفۃ الالٰہ، فصل فی ذکر المرجیۃ، حصہ۱ص۲۱۳۔

❹ الملل والنحل: مذاہب اہل العالم، فرقۃ الجہمیۃ، ج۱ص۱۱۳۔ غنیۃ الطالبین، باب الثامن، فی معرفۃ الالٰہ، فصل فی الجہمیۃ، حصہ۱ص۲۱۴۔

☆ جہم بن صفوان جبریہ اور مرجیہ کے عقائد کا حامل تھا۔ خلافت بنی امیہ میں سلم بن احوز المازنی نے مرو میں اسے قتل کردیا۔ [الملل ج۱ص۱۱۳]

۵۵	الصَّالِحِيَّةُ	اَبُوْ الْحُسَيْنِ صَالِحُ بْنُ عَمْرِو الصَّالِحِي	ایمان صرف معرفت الٰہی کا نام ہے اور عدم معرفت کا نام کفر، تثلیث کا اقرار کرنا کفر نہیں ہے۔ اگرچہ یہ کافروں کا قول ہے۔ انکار رسالت سے معرفت باطل نہیں ہوتی۔ نماز عبادت نہیں ۔نہ ایمان میں کمی بیشی ہوتی ہے نہ کفر میں ۔ 1
۵٦	اَلشَّمْرِيَّةُ	اَبُوْشَمْرٍ	ہم عقیدہ ہے صالحیہ کا۔ نیز یہ کہ توحید کا اقرار کرنا جب تک کہ اس پر انبیا علیہم السلام کی حجت قائم نہ ہو۔ جب ان کی حجت قائم ہو جائے تو ان کا اقرار اور تصدیق بھی ایمان ہی ہے لیکن اقرار اور معرفت اُس چیز کی جو خدا کے پاس سے وہ لائے ہیں۔ ایمان میں داخل ہیں۔ 2
۵۷	اَلْيُوْنُسِيَّةُ	يُوْنُسُ السَّمرِى اَوِ الْبَرِّى	ایمان صرف معرفت الٰہی اور خضوع اور محبت کا نام ہے۔ دخول جنت کے لئے اخلاص و محبت ہی کافی ہے۔ اعمال و طاعات ضروری نہیں۔ نہ معصیت سے مومن کو کوئی ضرر ہے نہ طاعت داخل معرفت ۔ 3

1 غنیۃ الطالبین: باب الثامن فی معرفۃ الالٰہ، فصل فی الجہمیۃ، حصہ اص ۲۱۴۔ الملل والنحل: مذاہب اہل العالم، فرقۃ الصالحیۃ، ج اص ۲۳۰۔

2 غنیۃ الطالبین: باب الثامن، فی معرفۃ الالٰہ فصل فی الجہمیۃ، حصہ اص ۲۱۵۔

3 غنیۃ الطالبین: باب الثامن، فی معرفۃ الالٰہ فصل فی الجہمیۃ، حصہ اص ۲۱۴۔۲۱۵۔

۵۸	اَلْیُوْنَانِیَّۃُ اَوِ الثَّوْبَانِیَّۃُ	یُوْنَان اَوْ اَبُوْثَوْبَان	ایمان صرف خدا کی معرفت اور رسول کے اقرار کا نام ہے اور جو بات عقل میں جائز نہیں۔ اُس کا کرنا اور جو عقل میں جائز ہے اس کا نہ کرنا ایمان سے متعلق نہیں ہے۔ غرض کہ کل اعمال ایمان سے خارج ہیں۔ ❶
۵۹	اَلنَّجارِیَّۃُ الْمُرْجِیَۃُ	حُسَیْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِاللّٰہِ النَّجارِ	صفات باری میں معتزلہ کے ہم عقیدہ ہے۔ نیز یہ کہ دیدار الٰہی محال ہے۔ ہاں ممکن ہے کہ معرفتِ قلبی دل سے منتقل ہو کر آنکھوں میں سما جائے۔ اور بجائے دل کے آنکھیں معرفتِ الٰہی حاصل کر لیں تو یہی دیدار الٰہی ہے۔ کلام الٰہی مخلوق ہے۔ جو شخص قرآن کو مخلوق کہے وہ کافر ہے (تعجب ہے!) خدا کی ذات ہر جگہ اور ہر مکان میں موجود ہے۔ ❷
۶۰	اَلْغَیْلَانِیَّۃُ	غَیْلَانُ ابْنُ مَرْوَانَ اَوِ ابْنُ حَارِثٍ	ہم عقیدہ ہے شمریہ کا نیز ان کے نزدیک اقرار باللسان ہی تصدیق ہے۔ ❸

❶ الملل والنحل: مذاہب اہل العالم فرقۃ الثوبانیۃ، ج۱ص ۲۲۶۔ غنیۃ الطالبین: باب الثامن، فی معرفۃ الالٰہ، فصل فی الجہمیۃ، حصہ ۱ص ۲۱۵۔

❷ الملل والنحل: مذاہب اہل العالم، النجاریۃ، ج۱ص ۱۱۶۔ غنیۃ الطالبین: باب الثامن، فی معرفۃ الالٰہ، فصل فی الجہمیۃ، حصہ ۱ص ۲۱۵۔

❸ غنیۃ الطالبین: باب الثامن فی معرفۃ الالٰہ، فصل فی الجہمیۃ حصہ ۱ص ۲۱۵۔

۶۱	اَلْحَنَفِيَّةُ	اَبُوْ حَنِيْفَةَ نُعْمَانُ بْنُ ثَابِتٍ ☆	ایمان صرف معرفت الٰہی اور اقرار کرنا ہے اللہ اور رسول کا اور جو کچھ وہ اللہ کے پاس سے لائے ہیں۔ اجمالی طور پر اسی طرح برہوتی نے کتاب الشجرہ میں لکھا ہے۔ ❶
۶۲	اَلشَّبِيْبِيَّةُ	مُحَمَّدُ بْنُ شَبِيْبٍ	ایمان صرف وحدانیت کا اقرار کرنا اور تشبیہ کا اس سے انکار کرنا ہے۔ ❷
۶۳	اَلْمُعَاذِيَّةُ	مُعَاذُ الْمُوصِي	جس نے اللہ کی نافرمانی کی اس کی نسبت کہیں گے کہ اُس نے فسق کا کام کیا۔ لیکن اس کو فاسق نہیں کہیں گے۔ اور فاسق آدمی نہ خدا کا دشمن ہے نہ دوست۔ ❸
۶۴	اَلْمُرَيْسِيَّةُ	بِشْرُ بْنُ غِيَاثٍ الْمُرَيْسِي	ایمان صرف تصدیق کا نام ہے جو دل اور زبان سے ہو۔ اور کفر انکار کا نام ہے (عملیات کو اس میں دخل نہیں) چنانچہ چاند، سورج، بت، کو سجدہ کرنا کفر نہیں ہے۔ صرف کفر کی علامت ہے۔ ❹

❶ غنیۃ الطالبین: باب الثامن، فی معرفۃ الالٰہ، فصل فی الجہمیۃ حصہ ا ص ۲۱۵۔

❷ غنیۃ الطالبین: باب الثامن، فی معرفۃ الالٰہ، فصل فی الجہمیۃ، حصہ ا ص ۲۱۵۔

❸ غنیۃ الطالبین: باب الثامن، فی معرفۃ الالٰہ، فصل فی الجہمیۃ، حصہ ا ص ۲۱۶۔

❹ غنیۃ الطالبین: باب الثامن، فی معرفۃ الالٰہ، فصل فی الجہمیۃ، حصہ ا ص ۲۱۶۔

☆ ابو حنیفہ نعمان بن ثابت رحمۃ اللہ علیہ کو فی حنفی مذہب کے مقتدا ہیں۔ اکثر اہل علم نے ان کو فرقہ مرجۂ میں شمار کیا ہے۔ چونکہ ان کے بعض عقائد اس فرقہ ضالہ سے ملتے ہیں۔ خود پیر عبد القادر جیلانی نے بھی ان کو مرجۂ میں شمار کیا ہے۔

٦٥	اَلْکَرَامِیَۃُ	اَبُوْ عَبْدِاللّٰہِ مُحَمَّدُ بْنُ کَرَامٍ	ایمان صرف اقرار باللسان کا نام ہے نہ کہ تصدیق بالقلب کا ۔ منافقین بھی مومن حقیقی ہیں ۔ (اور ان میں بہت سے مختلف فرقے شامل ہیں ۔) ❶

پانچواں گروہ (مشبہہ) کا جس کے تین فرقے حسب ذیل ہیں۔
عموماً یہ گروہ روافض اور کرامیہ کے عقائد پر مشتمل ہے جو حلول اور تشبیہ کے قائل ہیں۔ کہتے ہیں جائز ہے کہ خداوند تعالیٰ کسی شخص کی صورت میں ظہور کرے مثل جبرئیل علیہ السلام کے اور کہتے ہیں کہ اس کو چھو سکتے ہیں اور مصافحہ کر سکتے ہیں اور اس کے مخلص بندے اس کو دنیا اور آخرت میں دیکھتے ہیں ۔ وغیرہ ذٰلک، ❷

٦٦	اَلْھِشَامِیَۃُ	ھِشَامُ بْنُ الْحَکَمِ	خدا کا جسم ایک نور ہے ۔ جو چوڑا لمبا اور موٹا چمکدار ہے ۔ مثل ٹکڑے چاندی کے جو حرکت کرتا ہے اور ٹھہر جاتا ہے ۔ کھڑا ہو جاتا ہے اور بیٹھ جاتا ہے اور کہتے ہیں کہ سب سے بہتر قد سات بالشت ہے، ❸
٦٧	اَلْمُقَاتِلِیَّۃُ	مُقَاتِلُ بْنُ سُلَیْمَانَ	خدا کا جسم اور صورت مثل انسان کے ہے جس کے گوشت خون' جوڑ' اعضا' سر' زبان' گردن وغیرہ ہیں ۔ باوجود اس کے وہ غیر مشابہہ ہیں ۔ ❹
٦٨	اَلْوَاسِمِیَّۃُ	مَجْھُوْلٌ	فرقہ غیر معروف ہے جو مشبہہ کے عام عقائد پر ہے ۔ ❺

❶ غنیۃ الطالبین: باب الثامن، فی معرفۃ الالٰہ، فصل فی الکرامیۃ، حصہ ا ص ۲۱٦۔
❷ غنیۃ الطالبین: باب الثامن فی معرفۃ الالٰہ، فصل فی المشبہۃ، حصہ ا ص ۲۲۱۔
❸ الملل والنحل: مذاہب اہل العالم، فرقۃ الھشامیۃ، ج ا ص ۳۰۷۔ غنیۃ الطالبین: باب الثامن، فی معرفۃ الالٰہ، فصل فی المشبہۃ، حصہ ا ص ۲۲۱۔ ❹ غنیۃ الطالبین: باب الثامن، فی معرفۃ الالٰہ، فصل المشبہۃ، حصہ ا ص ۲۲۱۔
❺ غنیۃ الطالبین: باب الثامن فی معرفۃ الالٰہ فصل فی المشبہۃ حصہ ا ص ۲۲۱۔

چھٹا گروہ (جہمیہ، جبریہ) کا جس کا ایک ہی فرقہ ہے۔

٦	اَلْجَهْمِيَّةُ اَلْجَبْرِيَّةُ	جَهْمُ بْنُ صَفْوَانَ	مرجیہ فرقہ سے الگ ہو کر معتزلہ اور جبریہ کے عقائد پر مشتمل ہے۔ اور کہتے ہیں کہ خداوند تعالیٰ کسی چیز کو اُس کے پیدا کرنے سے پہلے نہیں جانتا۔ انسان اپنے کاموں پر مختار نہیں نہ وہ خود ارادہ کرسکتا ہے۔ بلکہ قدرت الٰہی کی طرف سے مجبور ہے اور اس کا مکلف ہونا اور ثواب و عذاب کا دیا جانا سب کچھ خدا کی طرف سے ہے۔ [1]

ساتواں گروہ (ضراریہ) کا جس کا ایک ہی فرقہ ہے۔

٧٠	اَلضِّرَارِيَّةُ	ضِرَارُ بْنُ عَمْرٍو	خدا اس معنی سے عالم اور قادر ہے کہ وہ جاہل اور عاجز نہیں۔ اور خدا کی بھی ماہیت ثابت ہے۔ مگر اس کا علم اسی کو ہے یعنی وہ اپنے نفس کا شاہد ہے مگر اس کی دلیل اس کو معلوم نہیں۔ [2]

آٹھواں گروہ (نجاریہ صفاتیہ) کا جس کا ایک ہی فرقہ ہے۔

---

[1] الملل والنحل: مذاہب اہل العالم، الجہمیۃ، ج۱ص۱۱۳۔ غنیۃ الطالبین: باب الثامن، فی معرفۃ الالٰہ، فصل فی الجہمیۃ، حصہ۱ص۲۲۱۔

[2] الملل والنحل: مذاہب اہل العالم، الضراریۃ، ج۱ص۱۲۰۔ غنیۃ الطالبین: باب الثامن، فی معرفۃ الالٰہ، فصل فی الجہمیۃ، حصہ۱ص۲۲۲۔

۷۱	اَلنَّجارِیَّةُ الصِّفَاتیہ	حُسَیْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِاللّٰہِ النَّجارِ	اول یہ فرقہ معتزلہ کے عقائد پر مشتمل رہا۔ بعد میں ایک جماعت مختلف ہو کر برخلاف روش سلف کے صفات باری تعالیٰ میں تاویل کرنے لگے اور مثل فرقہ شیعہ کے تشبیہ تک نوبت پہنچانے لگے اور کئی جماعتوں میں منقسم ہو گئے۔ [1]

نواں گروہ (کلابیہ) کا جس کا ایک ہی فرقہ ہے۔

۷۲	اَلْکُلَابِیَّةُ	اَبُوْ عَبْدِاللّٰہِ بْنُ کُلاَبِ	صفات الٰہی نہ قدیم ہیں نہ حادث نہ یہ کہتے ہیں کہ اس کی صفتیں عین ہیں یا غیر اور استواء علی العرش کے قائل نہیں۔ کہتے ہیں کہ اللہ کا کوئی مکان نہیں۔ قرآن حروف نہیں ہیں، وغیرہ ذلک۔ [2]

یہ نئے نئے مذاہب جو پیدا ہوئے۔ صحابہ رضی اللہ عنہم ان سے محفوظ رہے۔ مگر بعض بدعات ان کے سامنے شروع ہو گئی تھیں۔ جن کے رد میں انہوں نے کوئی دقیقہ اٹھا نہیں رکھا۔ اس کی ایک مثال درج ذیل واقعہ ہے:

اَخْرَجَ اَبُوْنَعِیْمِ الْبَصْرِیُّ فِی الْبَحْرِ وَ غَیْرُہٗ فِیْ غَیْرِہٖ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّہٗ سَمِعَ قَوْمًا اِجْتَمَعُوْا فِیْ مَسْجِدٍ یُھَلِّلُوْنَ وَ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم جَھْرًا فَقَامَ اِلَیْھِمْ فَقَالَ مَا عَھِدْنَا ذٰلِکَ فِیْ عَھْدِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَ مَآ اَرَاکُمْ اِلَّا مُبْتَدِعِیْنَ وَ مَازَالَ یَذْکُرُ ذٰلِکَ حَتّٰی اَخْرَجُوْہُ مِنَ الْمَسْجِدِ.

[1] الملل والنحل: مذاہب اہل العالم، ج۱/ص ۱۱۶۔ غنیۃ الطالبین: باب الثامن، فی معرفۃ الالٰہ، فصل فی الجہمیہ، حصہ۱ص۲۲۲۔

[2] غنیۃ الطالبین: باب الثامن، فی معرفۃ الالٰہ، فصل فی الجہمیہ، حصہ۱ص۲۲۲۔

''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے سنا کہ لوگ مسجد میں جمع ہو کر لا الہ الا اللہ اور درود شریف پڑھتے ہیں۔ یہ خبر پا کر آپ گئے۔ فرمایا: کہ اے لوگو! میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں کسی کو کلمہ و درود پڑھتے اس طرح نہیں دیکھا۔ میں تم کو بدعتی جانتا ہوں۔ پس یہی کہتے رہے یہاں تک کہ اُن کو مسجد سے نکلوا دیا''۔ قریب قریب یہی دارمی میں مضمون ہے۔ [1]

(درود شریف کے جلسے کرنے والے اور تیجے کے چنے پڑھنے والے اس پر غور کریں۔)

اسی طرح تابعین و تبع تابعین وائمہ محدثین و مجتہدین بھی جو قدم بقدم صحابہ رضی اللہ عنہم کے اس اصلی سیدھے راستے پر چلے آ رہے تھے۔ ان نئی باتوں اور نئے نئے فرقوں کا رد کرتے رہے۔ وہ ان نئے فرقوں کے مقابلے میں اہلسنت کہلائے۔ چنانچہ حضرت پیران پیر شیخ عبدالقادر جیلانی فرماتے ہیں کہ:۔

فَعَلَی الْمُؤْمِنِ اِتِّبَاعُ السُّنَّةِ وَالْجَمَاعَةِ فَالسُّنَّةُ مَاسَنَّهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَالْجَمَاعَةُ مَا اتَّفَقَ عَلَيْهِ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ [2]

''مومن پر اتباع، سنت اور جماعت کی لازم ہے۔ پس سنت سے مراد سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہے اور جماعت سے مراد یہ ہے کہ جس پر صحابہ کا اتفاق ہو۔''

اور توضیح تلویح مطبوعہ نولکشور ص ۳۵۴ میں ہے۔

اَهْلُ السُّنَّةِ وَالْجَمَاعَةِ وَ هُمُ الَّذِيْنَ طَرِيْقَتُهُمْ طَرِيْقَةُ الرَّسُوْلِ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ اَصْحَابِهٖ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ دُوْنَ اَهْلِ الْبِدَعِ

''اہلسنت والجماعت وہ ہیں کہ جن کا طریقہ ہے، طریقہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ رضی اللہ عنہم کا، سوائے اہل بدعت کے۔''

---

[1] دارمی: مقدمۃ، باب فی کراھیۃ، اُخذ الرأی صلی اللہ علیہ وسلم

[2] غنیۃ الطالبین: باب الثامن، فصل فی فضیلۃ امۃ محمدیہ، حصہ اص ۱۸۸۔

تقلید کی تمہید:

یہ مضمون میرے موضوع سے متعلق ہے۔اس لئے اس کو ذرا وضاحت سے پیش کرتا ہوں ۔ابتدائے اسلام سے تین سو سال تک تو تقلید کا نام ونشان بھی نہ تھا۔نہ مذاہب اربعہ کی بنیاد پڑی تھی۔ البتہ زمانۂ خیر القرون ختم ہوتے ہی لوگ آرائے رجال کی طرف رجوع کرنے لگے۔سلف کا طریقہ جو احادیث کے ساتھ تمسک کا تھا رخصت ہونے لگا۔اس کی (تقلید کی) ظاہری صورت پر فریفتہ ہو کر ''قال اللہ وقال الرسول'' کو خیر باد کہہ بیٹھے۔اب اگر کسی طرف سے صدا آ بھی جاتی ہے تو اس کو اقوال رجال سے دفع کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ کیا یہ صاحب اقوال ، ائمہ علما میں سے نہ تھے۔آہ! یہ سارے کرشمے تقلید کے ہیں۔

تقلید کے معنی

① باعتبار لغت:

(تقلید گردن بند در گردن انداختن و کار بعہدہ کسے ساختن۔ و بر گردنِ خود کار بگرفتن۔ ومجازاً بمعنی پیروی کسے بے دریافت حقیقت آن)

''گردن بند گلے میں ڈالنا اور کسی کی ذمہ داری پر کام کرنا۔ اور اپنی گردن پر کوئی کام لے لینا اور معنی مجازی یہ ہیں کہ کسی کی تابعداری بغیر حقیقت معلوم کیے کرنا۔'' [1]

ایضاً کتاب بہار عجم جلد دوم مطبوعہ نولکشور ص ۲۷۱۔ قلادہ بالکسر، گردن بند (گلے کا پٹا) قلائد جمع۔ [2]

② باصطلاح شرع:

تقلید یہ ہے جس کی بابت ملا علی قاری حنفی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب شرح قصیدہ مالی مطبوعہ یوسفی دہلی ص ۳۴ میں لکھتے ہیں:۔

وَالتَّقْلِيْدُ قُبُوْلُ قَوْلِ الْغَيْرِ بِلَادَلِيْلٍ فَكَاَنَّهٗ لِقَبُوْلِهٖ جَعَلَهٗ قِلَادَةً فِيْ عُنُقِهٖ.

''تقلید قول غیر کا بغیر ثبوت کے قبول کرنا ہے پس گویا کہ اُس مقلد نے بوجہ قبول کر لینے اپنے امام کے قول کو اپنے گلے کا ہار بنا لیا۔''

اَلتَّقْلِيْدُ اَلْعَمَلُ بِقَوْلِ الْغَيْرِ مِنْ غَيْرِ حُجَّةٍ. [3]

''تقلید قول غیر پر بلا دلیل عمل کرنا ہے۔''

عقد الفرید میں ملا حسن شرنبلالی حنفی فرماتے ہیں کہ:۔

---

[1] غیاث اللغات مطبوعہ نولکشور، ص ۱۶۱۔

[2] مولانا وحید الزماں قاسمی ''القاموس الوحید''، ص ۱۳۴۶ میں فرماتے ہیں۔ التقلید: بے سوچے سمجھے یا بے دلیل پیروی'' قَلَّدَ فلانًا'' تقلید کرنا، بلا دلیل پیروی کرنا، آنکھ بند کر کے کسی کے پیچھے چلنا، کسی کی نقل اتارنا جیسے قَلَّدَ القِردُ الانسانَ.

[3] مسلم الثبوت بحر العلوم مطبوعہ نولکشور ص ۶۲۴۔

حَقِيقَةُ التَّقْلِيدِ الْعَمَلُ بِقَوْلِ مَنْ لَّيسَ قَوْلُهُ اِحْدَى الْحُجَجِ الْاَرْبَعَةِ الشَّرْعِيَّةِ بِلَا حُجَّةٍ مِّنْهَا فَلَيْسَ الرُّجُوْعُ اِلَى النَّبِيِّ ﷺ وَالْاِجْمَاعِ مِنَ التَّقْلِيدِ لِاَنَّ كُلًّا مِّنْهُمَا حُجَّةٌ شَرْعِيَّةٌ مِّنَ الْحُجَجِ الشَّرْعِيَّةِ۔ [1]

''تقلید کی تعریف یہ ہے کہ ایسے شخص کے قول پر عمل کرنا۔ جس کا قول دلائل شرعیہ میں سے نہ ہو اور نہ اُس کے قول پر عمل کرنے کی کوئی حجت شرعی ہو۔ سو آنحضرت اور اجماع کی طرف رجوع کرنا تقلید نہیں ہے۔ اس لئے کہ یہ دونوں دلائل شرعیہ میں سے ہیں۔''

مغتنم الحصول میں فاضل قندہاری حنفی فرماتے ہیں کہ:۔

'اَلتَّقْلِيدُ الْعَمَلُ بِقَوْلِ مَنْ لَّيسَ قَوْلُهُ مِنَ الْحُجَجِ الشَّرْعِيَّةِ بِلَا حُجَّةٍ فَالرُّجُوْعُ اِلَى النَّبِيِّ ﷺ وَ اِلَى الْاِجْمَاعِ لَيْسَ مِنْهُ [2]'

''اس شخص کے قول پر بلا دلیل عمل کرنا جس کا قول شرعی حجتوں میں سے نہ ہو۔ آنحضرت ﷺ اور اجماع کی طرف رجوع کرنا تقلید نہ ٹھہری۔''

علامہ سبکی لکھتے ہیں:۔

اَلتَّقْلِيدُ اَخْذُ الْقَوْلِ مِنْ غَيْرِ مَعْرِفَةِ دَلِيْلِهٖ۔ [3]

''کسی کے قول کو اس کی دلیل جاننے کے بغیر قبول کرنا تقلید ہے۔''

اعلام الموقعین میں ہے:

قَالَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خُوَازْمَنْدَادَ الْبَصرِيُّ الْمَالِكِيُّ: اَلتَّقْلِيدُ

---

[1] معیار الحق: باب دوم تقلید ائمۃ اربعہ، معنی تقلید ص ۶۶۔
[2] معیار الحق: باب دوم تقلید ائمۃ اربعہ، معنی تقلید ص ۶۶۔۶۷
[3] شرح جمع الجوامع، جلد ۲ ص ۲۵۱۔

مَعْنَاهُ فِی الشَّرْعِ الرُّجُوْعُ اِلٰی قَوْلٍ لَا حُجَّةَ لِقَائِلِهٖ وَذٰلِکَ مَمْنُوْعٌ مِّنْهُ فِی الشَّرِیْعَةِ وَالْاِتِّبَاعُ مَاثَبَتَ عَلَیْهِ حُجَّةٌ. 1

''ابو عبداللہ بن خواز منداد بصری مالکی فرماتے ہیں کہ تقلید کے شرعی معنی یہ ہیں کہ ایسے شخص کی طرف رجوع کرنا جس کا قول حجت نہیں ہے۔ شریعت نے ایسی تقلید سے منع کیا ہے۔ اور اتباع وہ ہے کہ جس پر دلیل ہو۔''

غرض مطلب صاف ہے بغیر دلیل قرآن و حدیث کے کسی امام یا فقیہ کی بات مان لینے کو تقلید کہتے ہیں۔

تقلید کب سے شروع ہوئی:

① شاہ ولی اللہ صاحب حجۃ اللہ البالغہ میں فرماتے ہیں کہ:۔

اِعْلَمْ اَنَّ النَّاسَ کَانُوْا قَبْلَ الْمِائَةِ الرَّابِعَةِ غَیْرُ مُجْمِعِیْنَ عَلَی التَّقْلِیْدِ الْخَالِصِ لِمَذْھَبٍ وَّاحِدٍ. 2

''یعنی معلوم کرنا چاہئے کہ چوتھی صدی سے پہلے لوگ کسی خالص ایک مذہب پر متفق نہ تھے۔''

② روض الریاحین ترجمہ بستان المحدثین مطبوعہ قاسمی ص ۱۷ میں شاہ عبدالعزیز صاحب فرماتے ہیں کہ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے زمانے تک لوگوں میں ایک مذہب کی تقلید راسخ نہ ہوئی تھی۔

③ اعلام الموقعین میں ہے:۔

اِنَّمَا حَدَثَتْ ھٰذِهِ الْبِدْعَةُ فِی الْقَرْنِ الرَّابِعِ الْمَذْمُوْمَةُ عَلٰی لِسَانِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم 3

---

1 اعلام الموقعین: ذکر تفصیل القول فی التقلید، ج ۲ ص ۱۷۴۔

2 حجۃ اللہ البالغۃ: باب حکایۃ حال الناس قبل المائۃ الرابعۃ، ج ۱ ص ۱۵۲۔

3 اعلام الموقعین: فصل فی عقد مجلس مناظرہ بین مقلد و بین صاحب حجۃ، ج ۲ ص ۱۸۵

''یہ تقلید کی بدعت چوتھی صدی میں جاری ہوئی۔ یہ وہ زمانہ ہے کہ جس کی مذمت رسول اللہ ﷺ سے ثابت ہو چکی ہے۔''

④ علامہ سند بن عنان مالکی تحریر فرماتے ہیں کہ:۔

وَهُوَ اَیْضًا فِیْ نَفْسِهٖ بِدْعَةٌ مُحْدَثَةٌ لِاَنَّا نَعْلَمُ بِالْقَطْعِ اَنَّ الصَّحَابَةَ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَیْهِمْ لَمْ یَکُنْ فِیْ زَمَانِهِمْ وَ عَصْرِهِمْ مَذْهَبٌ لِرَجُلٍ مُعَیَّنٍ یُدْرَسُ وَ یُقَلَّدُ وَاِنَّمَا کَانُوْا یَرْجِعُوْنَ فِی النَّوَازِلِ اِلَی الْکِتَابِ والسُّنَّةِ اَوْ اِلٰی مَا یَتَمَحَّضُ بَیْنَهُمْ مِنَ النَّظَرِ عِنْدَ فَقْدِ الدَّلِیْلِ وَ کَذٰلِکَ تَابِعُوْهُمْ اَیْضًا یَرْجِعُوْنَ اِلَی الْکِتَابِ وَالسُّنَّةِ فَاِنْ لَّمْ یَجِدُوْا نَظَرُوْا اِلٰی مَآ اَجْمَعَ عَلَیْهِ الصَّحَابَةُ فَاِنْ لَّمْ یَجِدُوْا اِجْتَهَدُوْا وَاخْتَارَ بَعْضُهُمْ قَوْلَ صَحَابِیٍّ فَرَاٰهُ الْاَقْوٰی فِیْ دِیْنِ اللّٰهِ تَعَالٰی ثُمَّ کَانَ الْقَرْنُ الثَّالِثُ وَفِیْهِ کَانَ اَبُوْحَنِیْفَةَ وَ مَالِکٌ وَّالشَّافِعِیُّ وَابْنُ حَنْبَلٍ فَاِنَّ مَالِکًا تُوُفِّیَ سَنَةَ تِسْعٍ وَّ سَبْعِیْنَ وَ مِائَةٍ وَّتُوُفِّیَ اَبُوْ حَنِیْفَةَ سَنَةَ خَمْسِیْنَ وَ مِائَةٍ وَ فِیْ هٰذِهِ السَّنَةِ وُلِدَ الْاِمَامُ الشَّافِعِیُّ وَوُلِدَ ابْنُ حَنْبَلٍ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّ سِتِّیْنَ وَ مِائَةٍ وَ کَانُوا عَلٰی مِنْهَاجِ مَنْ مَّضٰی لَمْ یَکُنْ فِیْ عَصْرِهِمْ مَذْهَبُ رَجُلٍ مُعَیَّنٍ یَتَدَا رَسُوْنَهٗ وَعَلٰی قَرِیْبٍ مِّنْهُمْ کَانَ اَتْبَاعُهُمْ فَکَمْ مِّنْ قَوْلِهٖ لِمَالِکٍ وَّنُظَرَآئِهٖ خَالَفَهٗ فِیْهَا اَصْحَابُهٗ وَ لَوْ نَقَصْنَا ذٰلِکَ لَخَرَجْنَا عَنْ مَقْصُوْدِ هٰذَا الْکِتَابِ وَمَا ذَاکَ اِلَّا لِجَمْعِهِمُ الْاٰلَاتِ الْاِجْتِهَادِ وَقُدْرَتِهِمْ عَلٰی ضُرُوْبِ الْاِسْتِنْبَاطَاتِ وَ لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ نَبِیَّهٗ ﷺ فِیْ قَوْلِهٖ خَیْرُ النَّاسِ قَرْنِیْ ثُمَّ الَّذِیْنَ یَلُوْنَهُمْ ثُمَّ الَّذِیْنَ

يَلُوْنَهُمْ ذَكَرَ بَعْدَ قَرْنَيْنِ وَالْحَدِيْثُ فِيْ صَحِيْحِ الْبُخَارِيِّ فَالْعَجَبُ لِاَهْلِ التَّقْلِيْدِ كَيْفَ يَقُوْلُوْنَ هٰذَا هُوَالْاَمْرُ الْقَدِيْمُ وَ عَلَيْهِ اَدْرَكْنَا الشُّيُوْخَ وَهُوَ اِنَّمَا حَدَثَ بَعْدَ مِأَتَيْ سَنَةٍ مِّنَ الْهِجْرَةِ وَ بَعْدَفَنَاءِ الْقُرُوْنِ الَّذِيْ اَثْنٰى عَلَيْهِمُ الرَّسُوْلُ. [1]

''اور یہ تقلید ایک بدعت ہے جو بعد کے زمانہ میں پیدا ہوئی۔ اس لئے کہ ہم یقیناً جانتے ہیں کہ صحابہ رضی اللہ عنہم کے زمانہ میں کسی خاص شخص کے نام کا مذہب نہ تھا۔ جس کو پڑھایا پڑھایا جاتا ہو اور اس کی تقلید کی جاتی ہو بلکہ وہ لوگ واقعات میں قرآن وحدیث کی طرف رجوع کرتے تھے اور قرآن وحدیث سے نہ ملنے کی صورت میں جس طرف اُن کی بصیرت پہنچتی۔ اسی طرح تابعین رحمۃ اللہ علیہم کرتے رہے یعنی قرآن وحدیث کی طرف رجوع کرتے تھے۔ اگر قرآن وحدیث سے نہ ملتا تو اجماع صحابہ رضی اللہ عنہم کی طرف نظر کرتے اگر اجماع بھی نہ ملتا تو خود اجتہاد کرتے۔ اور بعض کسی صحابی رضی اللہ عنہ کے قول کو قوی سمجھ کر اختیار کر لیتے۔ پھر قرن ثالث (تبع تابعین کا زمانہ) آیا۔ اسی قرن میں (امام) ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور (امام) مالک رحمۃ اللہ علیہ اور (امام) شافعی رحمۃ اللہ علیہ اور (امام) احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ ہوئے۔ کیونکہ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے ۱۷۹ھ میں وفات پائی اور امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے ۱۵۰ھ میں وفات پائی اور اسی سال میں امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ پیدا ہوئے۔ اور امام احمد ۱۶۴ھ میں پیدا ہوئے۔ یہ چاروں بھی پہلوں کے طریقے پر تھے۔ اُن کے زمانہ میں بھی کسی خاص شخص کا مذہب مقرر نہ تھا جس کو آپس میں درس دیتے ہوں اور انہیں کے طرزِ عمل کے قریب قریب ان کے اتباع کا بھی طرز عمل تھا۔ بہت سے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے ہم پلہ اماموں کے قول ہیں جن

[1] الارشاد الی سبیل الرشاد، ص ۳۸۔ تعریف تقلید، ص ۱۷۔

میں انہیں کے شاگردوں نے اختلاف کیا اگر ہم ان کو نقل کریں تو اس کتاب کا جو مقصود ہے وہ رہ جائے گا۔ ان شاگردوں نے آزادی کے ساتھ اختلاف اسی واسطے کیا کہ وہ اُن کے (مقلد نہ تھے) بلکہ آلات اجتہاد کے جامع تھے اور استنباط مسائل کے طریقوں پر قادر تھے (بہرحال قرون ثلثہ میں مذہب تقلید پیدا نہ ہوا تھا) اور اللہ نے اپنے نبی ﷺ کو ان کے اس قول میں سچا کر دیا کہ بہتر سب زمانوں میں اہل زمانہ میرے ہیں، پھر وہ جو اُن کے بعد والے ہیں، پھر جو ان کے بعد والے ہیں۔ اپنے زمانے کے بعد دو زمانوں کا ذکر کیا۔ یہ حدیث صحیح بخاری میں ہے پس اہل تقلید سے تعجب ہے کہ وہ کیسے کہتے ہیں کہ یہ (تقلید والا مذہب) قدیم ہے۔ اور یہی ہم بزرگوں سے دیکھتے چلے آئے ہیں۔ حالانکہ وہ ہجرت سے دو سو برس بعد پیدا ہوا۔ بعد گزرنے ان قرون کے جن کی رسول نے تعریف کی۔"

⑤ علامہ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:۔

وَاتَّفَقُوْ اَنَّ اٰخِرَمَنْ کَانَ مِنْ اَتْبَاعِ التَّابِعِیْنَ مِمَّنْ یُّقْبَلُ قَوْلُهٗ مَنْ عَاشَ اِلٰی حُدُوْدِ الْعِشْرِیْنَ وَمِائَتَیْنِ وَ فِیْ هٰذَاالْوَقْتِ ظَهَرَتِ الْبِدَعُ ظُهُوْرًا فَاشِیًا اِلٰی قَوْلِهٖ وَتَغَیَّرَتِ الْاَحْوَالُ تَغَیُّرًا شَدِیْدًا. [1]

"تبع تابعین رحمہم اللہ دو سو بیس برس تک زندہ رہے پس اُسی وقت سے بدعتیں پھیلنے لگیں اور (دین میں) بہت کچھ تغیر (تقلید سے) واقع ہو گیا۔"

⑥ تذکرۃ الحفاظ مطبوعہ دائرۃ المعارف نظامیہ ص ۲۰۲ میں ہے کہ:۔

وَکَذٰلِکَ کَانَ فِیْ هٰذَا الْوَقْتِ خَلْقٌ مِّنْ اَئِمَّةِ اَهْلِ الرَّاْیِ

---

[1] الارشاد الی سبیل الرشاد: حدوث تقلید بعد خیر القرون، ص ۸۵۔

وَالْفُرُوْعِ وَعَدَدٌ مِّنْ اَسَاطِيْنِ الْمُعْتَزِلَةِ وَالشِّيْعَةِ وَاَصْحَابِ الْكَلَامِ الَّذِيْنَ مَشَوْا آرَاءَ الْمَعْقُوْلَ وَاَعْرَضُوْعَمَّا عَلَيْهِ السَّلَفُ مِنَ التَّمَسُّكِ بِالْاٰثَارِ النَّبَوِيَّةِ ﷺ وَ ظَهَرَ فِیْ الْفُقَهَآءِ التَّقْلِيْدُ وَ تَنَاقُضُ الْاِجْتِهَادِ.

''اسی طرح اُس وقت میں اہل الرائے وفروع (فقہا) کی ایک جماعت اور کتنے سردار معتزلہ اور شیعہ اور اصحابِ کلام موجود تھے۔ جو آرائے معقول پر چلے۔ اور سلف کا جو طریقہ احادیث کے ساتھ تمسک کا تھا، اس کو چھوڑ دیا اور (اس وقت سے) فقہا میں تقلید ظاہر ہوئی اور طریقہ اجتہاد گھٹنے لگا۔''

زمانہ رسول کریم ﷺ سے لے کر تینوں زمانوں خیر القرون تک تقلید کا وجود ہی نہ تھا۔ بعد زمانہ خیر القرون کے وجود پایا جاتا ہے۔

تقلید کے اسباب:

① شاہ ولی اللہ صاحب فرماتے ہیں:۔

وَ كَانَ سَبَبُ ذٰلِکَ تَزَاحُمُ الْفُقَهَآءِ وَ تَجَادُلُهُمْ فِیْ مَابَيْنَهُمْ فَاِنَّهُمْ لَمَّا وَقَعَتْ فِيْهِمُ الْمُزَاحَمَةُ فِی الْفَتْوٰی كَانَ كُلُّ مَنْ اَفْتٰی بِشَیْئٍ نُوْقِضَ فِیْ فَتْوَاهُ وَرُدَّ عَلَيْهِ فَلَمْ يَنْقَطِعِ الْكَلَامُ اِلَّا بِمَسِيْرٍ اِلٰی تَصْرِيْحِ رَجُلٍ مِّنَ الْمتقَدِّمِيْنَ فِی الْمَسْئَلَةِ وَاَيْضاً جوْرًا لِّقُضَاةِ فَاِنَّ الْقُضَاةَ لَمَّا جَارَاَكْثَرُهُمْ وَلَمْ يَكُوْنُوْ آ اُمَنَاءَ لَمْ يُقْبَلْ مِنْهُمْ اِلَّا مَالَايُرِيْبُ الْعَامَّةُ فِيْهِ وَيَكُوْنُ شَيْئًا قَدْقِيْلَ مِنْ قَبْلُ وَ اَيْضًا جَهْلُ رُؤُسِ النَّاسِ وَاِسْتِفْتَاءِ النَّاسِ مَنْ لَّاعِلْمَ لَهٗ بِالْحَدِيْثِ وَ لَا بِطَرِيْقِ التَّخْرِيْجِ

كَمَا تَرَىٰ ذٰلِكَ ظَاهِرًا فِيْٓ اَكْثَرِ الْمُتَاَخِّرِيْنَ وَ قَدْنَبَّهَ عَلَيْهِ اِبْنُ الْهُمَامِ وَغَيْرُهٗ وَ فِيْ ذٰلِكَ الْوَقْتِ سُمِّيَ غَيْرُالْمُجْتَهِدِ فَقِيْهًا وَّ فِيْ ذٰلِكَ الْوَقْتِ ثَبَتُوْا عَلَى التَّعَصُّبِ. [1]

''اور وجہ تقلید کی فقہا کا آپس کا دھکا پیل کرنا۔ اور باہم جھگڑا کرنا ہوا۔ کیونکہ جب ان میں فتویٰ دینے میں مقابلہ آ پڑا۔ تو جو کوئی کسی چیز کا حکم دیتا اُس کے فتویٰ میں اعتراض کیا جاتا اور مانا نہ جاتا اور بدون رجوع کرنے کے متقدمین میں سے کسی کی تصریح پر مسئلہ میں بحث موقوف نہ ہوتی۔ اور ایک وجہ تقلید کی قاضیوں کا حکم کرنا ہے کیونکہ جب اکثر قاضیوں نے ظلم کیا اور امین نہ ہوئے تو ان کے وہ حکم مقبول ہوتے۔ جن میں عوام کو شک نہ ہو اور جن کو پہلے کسی نے کہا ہو۔ اور ایک وجہ یہ ہوئی کہ رؤسا جاہل ہوئے اور لوگوں نے ایسوں سے مسائل پوچھے جن کو حدیث اور طریق تخریج کا علم نہ تھا۔ جیسے اکثر متاخرین کا حال بظاہر یہی دیکھتے ہو اور ابن ہمام رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ نے اس بات پر تنبیہ کی ہے۔ اور اس وقت میں غیر مجتہد کو فقیہ کہنے لگے اور اسی وقت میں یہ لوگ تعصب پر جم گئے۔''

② تذکرۃ الحفاظ جلد ۲ ص ۱۱۱ میں ہے کہ:۔

فَلَقَدْ تَقَالُّوْا اَصْحَابُ الْحَدِيْثِ وَ تَلَاشَوْا وَ تَبَدَّلَ النَّاسُ بِطَلَبِهٖ بِهُمْءٍ بِهِمْ اَعْدَآءُ الْحَدِيْثِ وَالسُّنَّةِ وَ يَسْخَرُوْنَ مِنْهُمْ وَ صَارَعُلَمَآءُ الْعَصْرِ فِي الْغَالِبِ عَاكِفِيْنَ عَلَى التَّقْلِيْدِ فِي الْفُرُوْعِ مِنْ غَيْرِ تَحْرِيْرٍ لَّهَا وَ مُكِبِّيْنَ عَلٰى عَقْلِيَاتٍ مِّنْ

---

[1] حجۃ اللہ البالغۃ: باب حکایۃ حال الناس قبل المائۃ الرابعۃ، ج ا ص ۱۵۳۔ الانصاف، طبع مجتبائی دہلی و علماء اکیڈمی لاہور، ص ۸۸۔

حِكْمَةِ الْاَوَآئِلِ وَآرَآءِ الْمُتَكَلِّمِيْنَ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَّتَعَقَّلُوْا اَكْثَرَهَا فَعَمَّ الْبَلَآءُ وَاسْتَحْكَمَتِ الْاَهْوَآءُ وَلَاحَتْ مَبَادِئُ رَفْعِ الْعِلْمِ وَ قَبْضِهٖ مِنَ النَّاسِ فَرَحِمَ اللّٰهُ امْرَءً اَقْبَلَ عَلٰى شَانِهٖ وَ قَصَرَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَاَقْبَلَ عَلٰى تِلَاوَةِ قُرْاٰنِهٖ وَ بَكٰى عَلٰى زَمَانِهٖ وَاَمْعَنَ النَّظَرَ فِي الصَّحِيْحِ وَعَبَدَاللّٰهَ قَبْلَ اَنْ يَّبْغَتَهُ الْاَجَلُ اَللّٰهُمَّ وَ فِّقْ وَارْحَمْ (وَاجْعَلْنَا مِنْهُمْ) [1]

''اصحاب حدیث یکے بعد دیگرے مرتے گئے اور (جو زندہ رہے) حقیر سمجھے جاتے تھے۔ لوگوں نے علم حدیث کی نگہداشت چھوڑ دی۔ اور کتاب وسنت کے دشمن ہو گئے۔ محدثین کو استہزاء کرنے لگے اور اُس زمانے کے اکثر علما فروع (عملیات) میں بغیر تحقیق کے تقلید پر جم گئے اور عقلیات یعنی علوم حکمت اور آراء متکلمین پر جھک پڑے، بغیر سمجھے۔ پس کیسی بلاء پھیل گئی اور بدعات (تقلید) قوی ہو گئیں اور علم کے اُٹھ جانے کے آثار ظاہر ہو گئے۔ سو اللہ بھلا کرے اس شخص کا جو اپنے حال پر توجہ کرے۔ اور اپنی زبان کو روکے اور قرآن مجید کی تلاوت کیا کرے اور اپنے زمانے کی حالت پر روئے۔ اور بغور صحیحین (بخاری ومسلم) کو دیکھے۔ اور موت کے آنے سے پہلے اللہ کی (سنت کے مطابق) عبادت کرلے۔ اے اللہ! تو توفیق دے اور ہمارے حال پر رحم کر (اور ہم کو انہیں لوگوں میں داخل کر جن کے یہ نصیب ہیں)۔''

تقلید کی ترقی

① شاہ ولی اللہ صاحب فرماتے ہیں کہ:۔

فَاَیُّ مَذْهَبٍ كَانَ اَصْحَابُهٗ مَشْهُوْرِيْنَ وُسِّدَ اِلَيْهِمُ الْقَضَاءُ وَالْاِفْتَآءُ وَاشْتَهَرَ تَصَانِيْفُهُمْ فِى النَّاسِ وَدَرَسُوْا دَرْسًا

[1] الارشاد الی سبیل الرشاد: ص ۲۷۵

ظَاهِرًا اِنْتَشَرَ فِی اَقْطَارِ الْاَرْضِ وَ لَمْ یَزَلْ یَنْتَشِرُ کُلَّ حِیْنٍ وَّاَیُّ مَذْهَبٍ کَانَ اَصْحَابُهٗ خَامِلِیْنَ وَلَمْ یُوَلُّوا الْقَضَآءَ وَالْاِفْتَآءَ وَ لَمْ یَرْغَبْ فِیْهِمُ النَّاسُ اِنْدَرَسَ بَعْدَ حِیْنٍ. [1]

''جس مذہب کے اصحاب مشہور ہوئے اور خدمت قضاء اور افتاء ان کے سپرد ہوئی اور ان کی تصانیف لوگوں میں مشہور ہوئیں اور لوگوں نے ان کو پڑھا پڑھایا تو وہ اطراف عالم میں پھیل گیا اور ہمیشہ روز بروز بڑھتا گیا اور جس مذہب کے اصحاب غیر مشہور ہوئے اور قاضی و مفتی نہ بنائے گئے اور لوگ ان کی طرف متوجہ نہ ہوئے وہ مذہب کچھ دنوں کے بعد مٹ گیا۔''

② خاص کر حنفی مذہب کو امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ کی وجہ سے زیادہ ترقی ہوئی۔ چنانچہ شاہ ولی اللہ صاحب فرماتے ہیں کہ:۔

وَ کَانَ اَشْهَرُ اَصْحَابِهٖ (اَبِیْ حَنِیْفَةَ) ذِکْرًا اَبُوْ یُوْسُفَ فَوَلِیَ قَضَاءَ الْقُضَاةِ اَیَّامَ هَارُوْنَ الرَّشِیْدِ فَکَانَ سَبَبًا لِظُهُوْرِ مَذْهَبِهٖ وَالْقَضَاءِ بِهٖ فِیْ اَقْطَارِ الْعِرَاقِ وَخُرَاسَانَ وَ مَا وَرَآءِ النَّهْرِ. [2]

''امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے شاگردوں میں سب سے زیادہ شہرت امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کی ہوئی۔ ہارون رشید کے عہد میں قاضی القضاۃ کا منصب اُن کو حاصل ہوا۔ اس کی وجہ سے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب پھیل گیا اور تمام اطراف عراق، خراسان، ماوراء النہر تک اُس کا قبضہ ہو گیا۔''

حنفی مذہب کی ترقی کے متعلق ایک مغالطہ اور اس کا ازالہ

ہمارے برادران احناف فرمایا کرتے ہیں کہ حنفی مذہب کی اس قدر ترویج و شہرت اس کی حقیقت کی دلیل ہے۔ چنانچہ اکثر سلاطین بھی اسی مذہب کے

---

[1] حجۃ اللہ البالغۃ: مبحث السابع، باب الفرق بین اہل الحدیث و اصحاب الرأی، ج ۱، ص ۱۵۲۔

[2] حجۃ اللہ البالغۃ: مبحث السابع، باب اسباب اختلاف مذاہب الفقہاء، ج ۱، ص ۱۴۶۔

پابندرہے ہیں۔

جواب یہ ہے کہ کسی مذہب کا رواج پا جانا اور سلاطین کا اُسی مذہب کو اختیار کرنا۔ اُس مذہب کی حقیقت کی دلیل نہیں ہوسکتی۔ بادشاہ اور عام لوگ تو اُسی مذہب کو ضرور پسند کریں گے جو ان کی طبیعت اور خواہش کے موافق ہو اور جس میں وسعت اور آزادی زیادہ ہو۔ چونکہ حنفی مذہب اسی کا مصداق تھا اور ہے۔ اس لئے اس کی ترقی ہونا قرین قیاس ہے۔

اب میں یہ دکھانا چاہتا ہوں کہ سلاطین کا میلان اس طرف کیسے ہوا۔ اپنی طرف سے نہیں بلکہ کتب تواریخ سے۔ چنانچہ ابن خلکان مطبوعہ ایران جلد۲ص۴۶۳ میں لکھتے ہیں کہ سبب عروج امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ اور ہارون رشید کے یہاں ان کی رسائی کا ذریعہ یہ ہوا کہ ہارون رشید نے اپنے گھر میں کسی کو زنا کرتے، خود دیکھا اور سخت کوفت ہوئی کہ کیا کریں۔ خادم سے کہا کہ کسی فقیہ کو لے آ۔ امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کا اس خادم سے پہلے رابطہ تھا وہ انہیں لے گیا۔ ہارون رشید نے اُن سے پوچھا کہ اگر امام وقت خود کسی کو زنا کرتے دیکھے تو کیا کرے۔ اور اس وقت ہارون رشید کے چہرے پر رنج کے آثار نمایاں تھے۔ امام یوسف رحمۃ اللہ علیہ سمجھ گئے کہ یہ ہارون رشید کے گھر کا واقعہ ہے انہوں نے فتویٰ دیا کہ اس صورت میں حد نہیں ہے۔ ہارون رشید بہت خوش ہوا اور امام یوسف رحمۃ اللہ علیہ کو انعام عطا فرمایا۔ اس قصہ کے ذکر کرنے کے بعد ابن خلکان جلد۲ص۴۶۳ میں لکھتے ہیں کہ:۔

فَصَارَ ذٰلِکَ اَصْلًا لِلنِّعْمَۃِ

''یعنی امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کی ہارون رشید کے دربار میں رسوخ کی ابتداء یہاں سے ہوئی''۔

پھر رفتہ رفتہ قاضی ہوئے۔ ہارون رشید کی ساری سلطنت میں قاضی انہیں کی تجویز سے مقرر ہوئے تھے اور انہیں سے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے مذہب کی ترویج اور

شہرت ہوئی۔ چنانچہ اس موقع پر ابن خلکان جلد۲ ص ۴۶۳ میں لکھے ہیں کہ:۔

مَا کَانَ فِیْٓ اَصْحَابِ اَبِیْ حَنِیْفَۃَ مِثْلُ اَبِیْ یُوْسُفَ لَوْ لَآ اَبُوْ یُوْسُفَ مَا ذُکِرَ اَبُوْ حَنِیْفَۃَ.

''امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے شاگردوں میں ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کا مثل نہیں تھا۔ اگر ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ نہ ہوتے تو امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا ذکر بھی نہ ہوتا۔''

جلال الدین سیوطی لکھتے ہیں کہ سلفی نے طیوریات میں بسند ابن مبارک نقل کیا ہے کہ جب ہارون رشید خلیفہ ہوا تو اپنے باپ کی ایک لونڈی پر اس کی طبیعت آئی۔ اور اپنی خواہش اس پر ظاہر کی۔ اس لونڈی نے کہا کہ میں تمہارے لئے حلال نہیں ہوسکتی۔ کیونکہ تمہارے باپ نے میرے ساتھ خلوت کی تھی۔ پھر ہارون رشید کا عشق بڑھا تو اُس نے قاضی ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کو بلا کر کہا کہ اس لونڈی کے حلال ہونے کی کوئی صورت تمہارے پاس ہے۔ قاضی صاحب نے کہا کہ کیا لونڈی جو دعویٰ کرے گی وہ مان لیا جائے گا۔ آپ اسکی بات نہ مانئے کیونکہ وہ جھوٹ سے محفوظ نہیں۔ ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ میں کس سے تعجب کروں! اس بادشاہ سے جس نے مسلمانوں کے خون و مال پر ہاتھ ڈالا اور اپنے باپ کی حرمت کا لحاظ نہ کیا۔ یا اُس لونڈی سے کہ بادشاہ نے اُس سے خواہش کی اور اُس نے پرہیز کیا۔ یا اُس قاضی (ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ) فقیہ زمانہ سے کہ اجازت دے دی: [1]

اِھْتِکْ حُرْمَۃَ اَبِیْکَ وَ اقْضِ شَھْوَتَکَ وَصَیِّرْہُ فِیْ رَقَبَتِیْ.

''یعنی (اے ہارون رشید) اپنے باپ کی ہتک حرمت کر اور اپنی خواہش پوری کر۔ اور اس (گناہ) کو میری گردن میں ڈال''۔ (اللہ رے جرأت)

تاریخ خلفاء ذکر ابو جعفر ہارون الرشید ص ۲۸۷ میں ہے کہ سلفی نے عبداللہ ابن یوسف سے روایت کی ہے کہ ہارون رشید نے قاضی ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ سے کہا کہ میں نے ایک لونڈی خریدی ہے اور میں چاہتا ہوں کہ بغیر عدت پوری ہوئے اس وقت میں

---

[1] تاریخ خلفاء: ذکر ابوجعفر ہارون الرشید ص ۲۸۶۔

اس سے صحبت کروں ۔ اُس کے حلال ہونے کا تمہارے پاس کوئی حیلہ ہے قاضی صاحب نے کہا: ہاں! آپ وہ لونڈی اپنے کسی لڑکے کو ہبہ کر دیجئے بعد اس کے اس سے نکاح کر لیجئے۔ اس فتویٰ پر ہارون رشید نے ایک لاکھ درہم انعام کا حکم دیا۔ قاضی صاحب نے کہا یہ روپیہ اسی وقت رات ہی کو مجھے مل جائے۔ اس پر کسی نے کہا کہ خزانچی اپنے گھر ہے اور دروازے تمام بند ہو چکے ہیں۔ (بھلا اب صبر کی تاب کہاں تھی) قاضی صاحب فرماتے ہیں:۔

فَقَدْ كَانَتِ الْاَبْوَابُ مُغْلَقَةً حِيْنَ دَعَانِيْ فَفُتِحَتْ .

"یعنی جب ہم بلائے گئے تھے تب بھی تو دروازے بند تھے آخر کھولے گئے۔"

ان کے سوا اور بھی قصے ہیں جو بخوف طوالت نظر انداز کئے جاتے ہیں۔ [1]

ناظرین! اب تو سمجھ گئے کہ حنفی مذہب کے ترقی کے اسباب کیا تھے۔

قطع نظر ان قصوں کے مسائل حنفیہ پر غور کرنے سے پتہ لگ جاتا ہے کہ اس مذہب کو امراء وسلاطین کے اختیار کرنے کی وجہ کیا تھی۔ ذرا حقیقۃ الفقہ حصہ اول کے مسائل ملاحظہ فرما کر مسئلہ نمبر ۴۵۲ ملاحظہ فرمائیں: مرد نے جھوٹے گواہ پیش کر کے دعویٰ کیا کہ میرا فلاں عورت سے نکاح ہو گیا اور قاضی نے تسلیم کر کے ڈگری دے دی۔ تو مرد کی اس عورت سے وطی کرنی جائز ہے۔ [ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ] [2]

اسی قسم کے مسائل کی وجہ سے اُس زمانہ کے محدثین کے وہ اشعار ہیں جو ابن قتیبہ رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کئے ہیں۔ جن میں آخر کا شعر یہ ہے:۔

---

[1] تذکرۃ الحفاظ ج ۱ ص ۲۱۴ میں ہے۔ قال یحیی بن یحیی سمعت ابا یوسف عند وفاته کل ما افتیت به فقد رجعت عنه الا ما وافق الکتاب والسنة. "یحییٰ بن یحییٰ تمیمی کہتے ہیں کہ میں نے امام ابو یوسف کی وفات کے وقت انہیں کہتے ہوئے سنا کہ میں نے جو فتوے دیئے ہیں ان میں جو قرآن وسنت کے مطابق نہ ہوں، میں ان سب سے توبہ اور رجوع کرتا ہوں۔

[2] ترجمہ درمختار: کتاب النکاح، فصل فی المحرمات، ج ۲ ص ۲۶

وَ كَـمْ مِّـنْ فَرْجٍ مُحْصَنَةٍ عَفِيفٍ اُحِلَّ حَـرَامُـهٗ بِـاَبِیْ حَنِيفَةَ [1]

کتنی ایک پاک دامن عورتوں کی شرم گاہیں جو حرام تھیں ابوحنیفہؒ کی بدولت حلال کردی گئیں

امراء کو تیمم میں منہ پر خاک ملنا ان کی نفاست طبع کے خلاف ہے یا کہ صاف چکنے پتھر (سنگ مرمر' یاقوت' ہیرہ' یشب' عقیق' زمرد) پر تیمم جائز ہے۔ اگرچہ دھلا ہوا ہو۔ صبح کو اٹھنا امراء سے نہیں ہوسکتا۔ حنفی مذہب میں صبح کی نماز آخر وقت پڑھنی چاہئے۔ لہذا انہوں نے اسی کو اختیار کیا۔ نماز میں دیر تک ٹھہرنا امیروں پر گراں ہے۔ حنفی مذہب میں صرف بقدر ایک آیت قیام کرنا اور رکوع سجود میں دیر نہ لگانا کافی ہے۔ امراء کو بھی آسان معلوم ہوا۔ رمضان میں سوا فرج کے، ناف یاران یا چوپایہ کی فرج یا مردہ عورت سے وطی کرے یا جلق لگائے تو روزہ فاسد نہیں ہوتا۔ یہ مسئلہ خواہش پرستوں کے مناسب حال ہے۔ غرض کہ اسی طرح کے صدہا مسائل ہیں جن میں امراء کے لئے بڑی آسانیاں ہیں تو پھر امراء کیوں نہ ایسے مذہب کو بطیب خاطر قبول کریں گے اور عوام '' اَلنَّاسُ عَلٰی دِيْنِ مُلُوْكِهِم'' کیوں نہ ان کے قدم بقدم چلیں گے۔ لیجئے حضرت حنفی مذہب کی ترویج وشہرت کی یہ اصلیت ہے۔

تقلید کی تردید قرآن وتفاسیر سے:

(۱) اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:۔

﴿اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَ رُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ﴾ [۹/التوبہ:۳۱]

''ٹھہراتے ہیں اپنے عالم اور درویشوں کو رب۔ اللہ کو چھوڑ کر۔''

اس آیت کے تحت امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:۔

اَلْاَكْثَرُوْنَ مِنَ الْمُفَسِّرِيْنَ قَالُوْا لَيْسَ الْمُرَادُ مِنَ الْاَرْبَابِ اَنَّهُمْ اعْتَقَدُوْا فِيْهِمْ اَنَّهُمْ اٰلِهَةُ الْعَالَمِ بَلِ الْمُرَادُ اَنَّهُمْ اَطَاعُوْهُمْ فِیْ اَوَامِرِ هِمْ وَنَوَاهِيهِمْ نُقِلَ اَنَّ عَدِیَّ ابْنَ حَاتِمٍ كَانَ نَصْرَانِيًّا

[1] المعارف ابن قتیبہ، ص ۲۱۷

فَانتَهٰى اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَ هُوَ يَقْرَأُ سُوْرَةَ بَرَآءَةٌ فَوَصَلَ اِلٰى هٰذِهِ الْاٰيَةِ قَالَ فَقُلْتُ لَسْنَا نَعْبُدُهُمْ فَقَالَ اَلَيْسَ يُحَرِّمُوْنَ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ فَتُحَرِّمُوْنَهٗ وَ يُحِلُّوْنَ مَآ حَرَّمَ اللّٰهُ فَتَسْتَحِلُّوْنَهٗ فَقُلْتُ بَلٰى قَالَ فَتِلْكَ عِبَادَتُهُمْ. 1

''اکثر مفسرین کہتے ہیں ارباب سے یہ مراد نہیں ہے کہ یہود و نصاریٰ نے اپنے مولویوں اور درویشوں کے خدا ہونے کا اعتقاد کر لیا تھا۔ بلکہ مراد یہ ہے کہ انہوں نے اطاعت کی تھی۔ اپنے مولویوں اور درویشوں کی اوامر اور نواہی میں۔ نقل کیا گیا ہے کہ عدی رضی اللہ عنہ بن حاتم نصرانی تھے پس رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے۔ آپ سورۃ برأت کی تلاوت فرما رہے تھے۔ جب اس آیت پر پہنچے تو (عدی رضی اللہ عنہ نے) کہا: کہ ہم ان کی پرستش نہیں کرتے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا نہیں حرام کرتے تھے وہ اُس چیز کو کہ حلال کیا ہے اُس کو اللہ نے؟ پس حرام قرار دیتے تھے تم بھی اُس کو اور حلال کرتے تھے وہ اس چیز کو کہ حرام کیا ہے اُس کو اللہ نے۔ پس حلال سمجھتے تھے تم بھی اس کو۔ حضرت عدی رضی اللہ عنہ نے کہا: ہاں! پس فرمایا رسول اللہ ﷺ نے یہ ہی ان کی پرستش تھی۔''

(۲) اور اسی کے قریب قریب مضمون تفسیر فتح البیان فی مقاصد القرآن مطبوعہ مصر جلد ۴ ص ۹۷ میں ہے۔ 2

(۳) اسی طرح تفسیر ابن کثیر ج ۲، ص ۵۴۸ میں ہے۔

1 التفسیر الکبیر، جلد ۱۶، ص ۳۷۔

2 اور یہی مفہوم درج ذیل تفاسیر میں ہے: ''معالم التنزیل ج ۲، ص ۲۸۵۔ الدُّر المنثور، ج ۴، ص ۱۷۴۔ تفسیر المنار۔ تفسیر المراغی، ج ۱۰، ص ۱۰۳۔ صفوۃ التفاسیر، ج ۱، ص ۵۳۱۔ تفسیر مظہری ج ۲، ص ۱۷۵۔ تفسیر ماجدی، ص ۴۰۲۔ معارف القرآن کاندھلوی، ج ۳، ص ۲۱۴۔ تدبر القرآن، ج ۳، ص ۵۶۴۔ تفسیر عثمانی ج ۱، ص ۵۵۰۔ تفسیر الحسنات، ج ۲، ص ۷۰۰۔ احسن التفاسیر، ج ۲، ص ۴۳۰۔ تفسیر ضیاء القرآن۔ تفسیر التحریر والتنویر لابن عاشور۔ تفسیر فیوض الرحمٰن۔ انوار البیان۔ تفہیم القرآن''۔ [عاصم]

(۴) ایضاً تفسیر تبصیر الرحمٰن مطبوعہ مصر جلد اص ۲۹۸ میں ہے۔ (۵) ایضاً تفسیر جامع البیان فی تفسیر القرآن ج اص ۲۷۰ میں ہے۔
(۶) ایضاً تفسیر بیضاوی جلد ا، ص ۴۱۳ میں ہے۔
(۷) شاہ عبدالعزیز صاحب اپنی تفسیر فتح العزیز مطبوعہ مجتبائی ص ۱۲۸ میں تحریر فرماتے ہیں:

﴿فَلَا تَجۡعَلُوۡا لِلّٰهِ اَنۡدَادًا وَّ اَنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ۝﴾ [۲/البقرۃ:۲۲]
''نہ ٹھہراؤ اللہ کے برابر کسی کو اور تم جانتے ہو''۔

اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ: ''درینجا باید دانست کہ چنانچہ عبادت غیر خدا مطلقاً شرک و کفر است اطاعت غیر او تعالیٰ نیز بالاستقلال کفر است۔ و معنی اطاعت غیر باستقلال آنست کہ اورا مبلغ احکام آوندانستہ ربقۂ اطاعت اورا در گردن اندازد۔ و تقلید اور الازم شمارد۔ باوجود ظہور مخالفت حکمِ او با حکم او تعالیٰ دست از اتباع او برندارد۔ و ایں ہم نوعیت از اتخاذ انداد کہ در آیت کریمہ'':۔

﴿اِتَّخَذُوۡۤا اَحۡبَارَهُمۡ وَ رُهۡبَانَهُمۡ اَرۡبَابًا مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ وَالۡمَسِيۡحَ ابۡنَ مَرۡيَمَ.﴾ [۹/التوبہ:۳۱]
''ٹھہراتے ہیں اپنے عالم اور درویشوں کو رب، اللہ کو چھوڑ کر''

''یہ معلوم کرنا چاہئے کہ عبادت اللہ کے سوا کسی اور کی قطعی کفر اور شرک ہے۔ اور اطاعت کسی اور کی بالاستقلال سوا باری تعالیٰ کے کفر ہے۔ اور معنی اطاعت غیر استقلال کے یہ ہیں کہ کسی کے احکام کی حقیقت معلوم کئے بغیر اس کی تقلید کا حلقہ اپنی گردن میں ڈالے۔ اور اُس کی تقلید لازم جانے۔ اور باوجود اس کے کہ اللہ تعالیٰ کا حکم اس کے حکم کے خلاف ظاہر ہو۔ اُس کی اتباع کو نہ چھوڑے اور یہ ہی ایک قسم کا شرک قبول کرنا ہے کہ جس کی آیت کریمہ اِتَّخَذُوۡۤا اَحۡبَارَهُمۡ میں برائی ظاہر فرمائی گئی ہے''۔

(۸) تفسیر عزیزی مطبوعہ مجتبائی ص۶۰۲ تحت آیت ﴿مَآ اَلْفَیْنَا عَلَیْهِ اٰبَآءَ نَا﴾ [۲/البقرۃ:۱۷۰] (ہم چلیں گے اس پر جس پر پایا اپنے باپ دادا کو)

دریں آیۃ اشارہ است بابطال تقلید وطریق اول آنکہ از مقلد باید پرسید کہ ہر کہ راتقلید میکنی نزدتو محقق است یانے اگر محقق بودن او رانمی شناسی پس باوجود احتمال مبطل بودن او چرا اور اتقلید میکنی واگر محقق بودن اورامی شناسی پس بکدام دلیل می شناسی اگر بتقلید دیگری می شناسی سخن دراں خواہد رفت وتسلسل لازم خواہد آمد واگر بعقل می شناسی پس آں راچرا در معرفت حق صرف نمی کنی وعارِ تقلید بر خود گوارا می داری۔ طریق دوم آنکہ کسے را کہ تقلید می کنی۔ اگر ایں مسئلہ را او ہم بتقلید دانستہ است پس تو واو برابر شد او را چہ ترجیح ماند کہ تقلید اومی کنی واگر بدلیل دانستہ است۔ پس تقلید وقتے تمام می شود کہ تو ہمان مسئلہ را بہماں دلیل بدانی والا مخالف او باشی نہ مقلد او چوں تو ہم آن مسئلہ را بدلیل دانستی تقلید ضائع شد۔

''اس آیت میں اشارہ ہے ابطال تقلید کا۔ دو طرح پر۔ اول یہ کہ مقلد سے پوچھنا چاہئے کہ تو جس کی تقلید کرتا ہے تیرے نزدیک وہ محقق ہے یا نہیں؟ اگر تو اس کا محقق ہونا نہیں جانتا تو باوجود احتمال ابطال کے اس کی تقلید کیوں کرتا ہے۔ اور اگر تو اس کو محقق جانتا ہے تو کس دلیل سے تو اس کو محقق سمجھتا ہے۔ اگر دوسرے کی تقلید سے اس کو محقق جانتا ہے تو (بھی) بحث اُس (دوسرے) میں چلے گی اور تسلسل لازم آئے گا۔ اور اگر اپنی عقل سے محقق جانتا ہے تو عقل کو تحقیق میں کیوں صرف نہیں کرتا اور تقلید کی بدنامی اپنے لئے گوارا کرتا ہے۔ دوم یہ کہ جس کی تو تقلید کرتا ہے اگر اُس نے بھی اس مسئلہ کو تقلید سے معلوم کیا ہے تو تقلید میں دونوں برابر ہوئے۔ اس کی وجہ فضیلت کیا ہے کہ تو اس کی تقلید کرتا

ہے اور اگر تو نے دلیل کے ساتھ معلوم کیا تو تقلید اسی وقت ختم ہو جاتی ہے کہ تو نے بھی اس مسئلہ کو اس دلیل سے معلوم کر لیا۔ ورنہ تو اس کا مخالف ہو گا نہ کہ اس کا مقلد کیونکہ جب تم نے بھی اس مسئلہ کو دلیل سے معلوم کیا ہے تو تقلید جاتی رہی۔''

(۹) تفسیر عزیزی ج ۲، ص ۸۶۲ میں تحت آیت:

﴿وَ لَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَ هُمْ مِّنْ بَعْدِ مَا جَآءَ کَ مِنَ الْعِلْمِ اِنَّکَ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِیْنَ﴾ [۲/البقرۃ:۱۴۵]

''اگر تابعداری کی اُن کی خواہشوں، کی علم پہنچنے کے بعد۔ تو آپ کا شمار بھی ظالموں میں ہو گا۔''

ازیں آیت معلوم شد کہ بعد از وضوح دلائل وسطوح براہین تقلید باطل است۔ زیرا کہ اتباع ہوی بعد مجی العلم است۔

اس آیت سے معلوم ہو گیا کہ دلائل کے ظاہر ہونے اور ثبوت کے کھل جانے کے بعد تقلید باطل ہے۔ اس واسطے کہ یہ خواہش کا اتباع علم حاصل ہو جانے کے بعد ہے۔

(۱۰) تفسیر عزیزی مطبوعہ کلکتہ ص ۳۰۱ تحت آیت ﴿اِنْ هُمْ اِلَّا یَظُنُّوْنَ﴾ [۲/البقرۃ:۷۸]

رقم می نمودند کہ بر ہر عالم فرض است کہ موافق علم خود عمل نماید واز دروغ گفتن وتحریف کتاب کردن احتراز کند و بر عامی فرض است کہ بر تقلید وظن اکتفا نکند بلکہ تحصیل یقین را قصد نماید۔

''ہر عالم پر فرض ہے کہ اپنے علم کے موافق عمل کرے اور غلط بیانی اور تحریف کتاب اللہ سے باز رہے اور عامی پر فرض ہے کہ صرف تقلید اور خیال ہی پر اکتفا نہ کرے۔ بلکہ یقین حاصل ہونے تک کوشش کرے۔''

(۱۱) تفسیر مظہری میں تحت آیت ﴿وَ لَا یَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ

اللّٰہِ﴾ [۳/آل عمران:۶۴] قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتی فرماتے ہیں کہ:۔

وَ مِنْ هاهُنا يَظْهَرُ اَنَّهٗ اِذَا صَحَّ عِنْدَ اَحَدٍ حَدِيْثٌ مَرْفُوْعٌ مِنَ النَّبِيِّ ﷺ سَالِمًا عَنِ الْمُعَارَضَةِ وَلَمْ يَظْهَرْلَهٗ نَاسِخٌ وَّكَانَ فَتْوٰى اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ مَثَلاً خِلَافُهٗ وَقَدْ ذَهَبَ عَلٰى وَفْقِ الْحَدِيْثِ اَحَدٌ مِّنَ الْاَئِمَّةِ الْاَرْبَعَةِ يَجِبُ عَلَيْهِ اِتِّبَاعُ الْحَدِيْثِ الثَّابِتِ وَ لَا يَمْنَعُهُ الْجُمُوْدُ عَلٰى مَذْهَبِهٖ مِنْ ذٰلِكَ كَيْلَا يَلْزَمَ اِتِّخَاذُ بَعْضِنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ.

''اس سے ثابت ہوا کہ جس وقت کسی کے نزدیک حدیث مرفوع آنحضرت ﷺ کی صحیح ہو جائے اور معارضہ سے سالم ہو اور نہ ظاہر ہو واسطے اس کے نسخ۔ مثلاً امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا فتویٰ اس کے خلاف ہو تو موافق اس حدیث کے ائمہ اربعہ میں سے کوئی امام گیا ہو۔ تو واجب ہے کہ اس حدیث کی پیروی کرے اور امام صاحب کے فتویٰ پر جمانہ رہے ورنہ تو غیر اللہ کو پروردگار بنانا لازم آ جائے گا۔''

تقلید کی تردید احادیث سے:

(۱۲) حدیث پاک میں ہے کہ:۔

وَ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ حِيْنَ اَتَاهُ عُمَرُ فَقَالَ اِنَّا لَنَسْمَعُ اَحَادِيْثَ مِنْ يَهُوْدَ تُعْجِبُنَا اَفَتَرٰى اَنْ نَكْتُبَ بَعْضَهَا فَقَالَ اَمُتَهَوِّكُوْنَ اَنْتُمْ كَمَا تَهَوَّكَتِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصَارٰى لَقَدْ جِئْتُكُمْ بِهَا بَيْضَآءَ نَقِيَّةً وَ لَوْ كَانَ مُوْسٰى حَيًّا مَا وَسِعَهٗ اِلَّا اتِّبَاعِيْ. [1]

---

[1] مشکوۃ: کتاب الایمان، باب الاعتصام بالکتاب والسنۃ، فصل الثانی، رقم ۱۷۷

''حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کرتے ہیں کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس عمر رضی اللہ عنہ آئے پس کہا تحقیق ہم یہودیوں کی باتیں سنتے ہیں تو وہ ہم کو اچھی لگتی ہیں۔ کیا پھر ہم ان میں سے کچھ لکھ لیا کریں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا نے کہ کیا حیران ہو تم جیسے کہ حیران ہوئے یہود و نصاریٰ۔ میں تحقیق لایا ہوں تمہارے پاس شریعت روشن صاف۔ اگر موسیٰ علیہ السلام زندہ ہوتے نہیں لائق تھی ان کو مگر پیروی میری۔''

(۱۳) وَعَنْ جَابِرٍؓ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِؓ اَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ بِنُسْخَةٍ مِّنَ التَّوْرَاتِ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ هٰذِهٖ نُسْخَةٌ مِّنَ التَّوْرَاتِ فَسَكَتَ فَجَعَلَ يَقْرَءُ وَوَجْهُ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ يَتَغَيَّرُ فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ ثَكِلَتْكَ الثَّوَاكِلُ مَا تَرٰى مَا بِوَجْهِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَنَظَرَ عُمَرُ اِلٰى وَجْهِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ غَضَبِ اللّٰهِ وَ غَضَبِ رَسُوْلِهٖ رَضِيْنَا بِاللّٰهِ رَبًّا وَّ بِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّ بِمُحَمَّدٍ نَّبِيًّا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ لَوْبَدَالَكُمْ مُوْسٰى فَاتَّبَعْتُمُوْهُ وَ تَرَكْتُمُوْنِيْ لَضَلَلْتُمْ عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ وَ لَوْ كَانَ مُوْسٰى حَيًّا وَّ اَدْرَكَ نُبُوَّتِيْ لَا تَّبَعَنِيْ. [1]

''جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تورات کا نسخہ لائے۔ پس کہا اے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم یہ ہے نسخہ توراۃ کا۔ پس چپ رہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ پس پڑھنا شروع کیا۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ متغیر ہونے لگا۔ پس کہا ابوبکر رضی اللہ عنہ نے۔ گم کریں تم کو گم کرنے والیاں۔ کیا نہیں دیکھتا تو اس چیز کو جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

[1] مشکوۃ: کتاب الایمان، باب الاعتصام بالکتاب والسنۃ، فصل الثالث۔ رقم ۱۹۴۔

کے چہرہ میں ہے؟ پس دیکھا عمر رضی اللہ عنہ نے طرف چہرہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے۔کہا (عمر رضی اللہ عنہ نے) پس پناہ پکڑتا ہوں میں ساتھ اللہ کے، اللہ کے غضب سے اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے غضب سے۔ راضی ہوئے ہم اللہ کے رب ہونے پر اور اسلام کے دین ہونے پر اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نبی ہونے پر۔ پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم ہے! اُس ذات کی کہ محمد کی جان جس کے ہاتھ میں ہے اگر ظاہر ہوتے واسطے تمہارے موسیٰ علیہ السلام پس پیروی کرتے تم اُس کی اور چھوڑ دیتے تم مجھ کو البتہ گمراہ ہوتے تم سیدھی راہ سے اور اگر ہوتے موسیٰ زندہ اور پاتے نبوت میری تو میری ہی پیروی کرتے۔"

ان احادیث کو پیشِ نظر رکھ کر نہایت ہی غور طلب ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام جیسے اولوالعزم رسول صاحب شریعت اور صاحب کتاب کی تابعداری کرنے سے تو گمراہ ہو جائے اور آراء رجال کے سامنے سرِ تسلیم ختم کرنے سے ہدایت پائے۔

تقلید کی تردید اقوال صحابہ رضی اللہ عنہم و تابعین رحمۃ اللہ علیہم و تبع تابعین رحمۃ اللہ علیہم سے:

(۱۴) ممانعت تقلید پر صحابہ رضی اللہ عنہم، تابعین اور تبع تابعین کا اجماع ہو چکا ہے۔ چنانچہ شاہ ولی اللہ صاحب اپنی کتاب عقد الجید میں فرماتے ہیں:۔

وَقَدْ صَحَّ اِجْمَاعُ الصَّحَابَةِ كُلِّهِمْ اَوَّلِهِمْ عَنْ اٰخِرِهِمْ وَاِجْمَاعُ التَّابِعِيْنَ اَوَّلِهِمْ عَنْ آخِرِهِمْ وَ اِجْمَاعُ تَبْعِ التَّابِعِيْنَ اَوَّ لِهِمْ عَنْ آخِرِهِمْ عَلَى الْاِ مْتِنَاعِ وَ الْمَنْعِ مِنْ اَنْ يَّقْصِدَ اَحَدٌ اِلٰى قَوْلِ اِنْسَانٍ مِّنْهُمْ اَوْ مِمَّنْ قَبْلَهُمْ فَيَأْخُذَهٗ كُلَّهٗ. [1]

"بیشک تمام صحابہ رضی اللہ عنہم کا اجماع اول سے آخر تک اور تابعین رحمۃ اللہ علیہم کا اجماع اول سے آخر تک تبع و تابعین رحمۃ اللہ علیہم کا اجماع اول سے آخر

[1] عقد الجید: باب ۳، ابن حزم کا مسلک ص، ۶۰۔

تک۔ اس بات سے روکنے اور منع کرنے پر ثابت ہو چکا ہے کہ کوئی شخص اپنے میں سے یا اپنے سابقین میں سے کسی انسان کے قول کی طرف رجوع کرلے پھر اُس کے تمام قول لے لے۔"

(۱۵) القول المفید میں امام شوکانی فرماتے ہیں کہ:۔

قَدْعَلِمَ کُلُّ عَالِمٍ اَنَّهُمْ (اَهْلُ الْقُرُونِ الثَّلاثَةِ) لَمْ یَکُوْنُوْا مُقَلِّدِیْنَ وَ لَا مُنْتَسِبِیْنَ اِلٰی فَرْدٍ مِّنْ اَفْرَادِ الْعُلَمَاءِ بَلْ کَانَ الْجَاهِلُ یَسْئَلُ الْعَالِمَ عَنِ الْحُکْمِ الشَّرْعِیِّ الثَّابِتِ فِی کِتَابِ اللّٰهِ وَ سُنَّةِ رَسُوْلِهٖ فَیُفْتِیْهِ بِهٖ وَ یَرْوِیْهِ لَهٗ اَلْفَاظًا اَوْمَعْنیً فَیَعْمَلُ بِذَالِکَ مِنْ بَابِ الْعَمَلِ بِالرِّوَایَةِ لَابِالرَّأیِ.

"ہر عالم جانتا ہے کہ صحابہ رضی اللہ عنہم اور تابعین رحمۃ اللہ علیہم اور تبع تابعین رحمۃ اللہ علیہم کسی کے مقلد نہ تھے اور نہ کسی عالم کے نام کے مذہب کی طرف منسوب تھے۔ بلکہ ناواقف لوگ عالم سے ، حکم شرعی جو کہ کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ سے ثابت ہو، دریافت کیا کرتے تھے اور علما حکم شرعی کو لفظاً یا معنًا روایت کر کے فتویٰ دیتے تھے۔ لہٰذا اُن کا عمل روایت پر ہوتا نہ کہ کسی کی رائے پر۔"

(۱۶) اعلام الموقعین میں ہے کہ:۔

وَ کَذٰلِکَ اَئِمَّةُ التَّابِعِیْنَ وَ تَابِعُوهُمْ یُصَرِّحُونَ بِذَمِّ الْقِیَاسِ وَإِبْطَالِهِ وَالنَّهْيِ عَنْهُ. [1]

"اسی طرح تابعین رحمۃ اللہ علیہم اور تبع تابعین رحمۃ اللہ علیہم کے امام قیاس کی مذمت و ابطال کھلم کھلا بیان کرتے تھے اور اس سے منع کرتے تھے۔"

---

[1] اعلام الموقعین: فصل التابعون یذمون القیاس، ج۱ص۲۴۳۔

(۱۷) میزان الشعرانی میں ہے:۔

وَ كَانَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ ؓ يَقُوْلُ وَالَّذِیْ نَفْسُ عُمَرَ بِيَدِهٖ مَاقَبَضَ اللّٰهُ تَعَالٰى رُوْحَ نَبِيِّهٖ ﷺ وَ لَا رَفَعَ الْوَحْيَ عَنْهُ حَتّٰى اَغْنٰى اُمَّتَهٗ كُلَّهُمْ عَنِ الرَّأْيِ. [1]

''حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ قسم ہے اُس ذات کی! جس کے قبضہ میں عمر رضی اللہ عنہ کی جان ہے۔نہیں قبض کی اللہ نے اپنے نبی کی روح اور نہ اٹھایا اُن سے وحی کو یہاں تک کہ بے پرواہ کردیا اُن کی امت کو رائے سے۔''

(۱۸) میزان الشعرانی میں ہے کہ:۔

وَ كَانَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ اِذَا اَفْتَى النَّاسَ يَقُوْلُ هٰذَا رَأْیُ عُمَرَ فَاِنْ كَانَ صَوَابًا فَمِنَ اللّٰهِ وَ اِنْ كَانَ خَطَأً فَمِنْ عُمَرَ ؓ [2]

''حضرت عمر رضی اللہ عنہ جب کوئی فتویٰ دیتے تو کہتے کہ یہ عمر رضی اللہ عنہ کی رائے ہے اگر ٹھیک ہے تو اللہ کی طرف سے سمجھو اور اگر خطا ہو تو عمر رضی اللہ عنہ کی طرف سے۔''

(۱۹) حجۃ اللہ البالغۃ میں ہے کہ:۔

وَ عَنْ شُرَيْحٍ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ ؓ كَتَبَ اِلَيْهِ اِنْ جَآئَكَ شَیْءٌ فِیْ كِتَابِ اللّٰهِ فَاقْضِ بِهٖ وَ لَا يَلْفِتُكَ عَنْهُ الرِّجَالُ فَاِنْ جَآئَكَ مَا لَيْسَ فِیْ كِتَابِ اللّٰهِ فَانْظُرْ سُنَّةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَاقْضِ بِهَا فَاِنْ جَآئَكَ مَا لَيْسَ فِیْ كِتَابِ اللّٰهِ وَ لَمْ يَكُنْ فِيْهِ سُنَّةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَانْظُرْ مَااجْتَمَعَ عَلَيْهِ النَّاسُ فَخُذْبِهٖ فَاِنْ جَآءَكَ مَا لَيْسَ فِیْ كِتَابِ اللّٰهِ وَ لَمْ يَكُنْ فِيهِ سُنَّةُ رَسُوْلِ

[1] میزان الشعرانی: فصل فی بیان ماورد فی ذم الرأی عن الشارع واصحابہ، ج ۱،ص ۷۰۔

[2] میزان الشعرانی: فصل فی بیان ماورد فی ذم الرأی عن الشارع واصحابہ ج ۱ص ۶۹۔

اللّٰہِ ﷺ وَ لَمْ یَتکَلَّمْ فِیہِ اَحَدٌ قَبلَکَ فَاختَرْاَیَّ الاَمْرَینَ شِئتَ اِنْ شِئتَ اَنْ تَجتَھِدَبرَأیکَ ثُمَّ تقَدَّمْ فتَقَدَّمْ وَ اِنْ شِئتَ اَنْ تتاَخَّرَ فتاَخَّرْ وَ لَااَرَی التَّأَخُّرَ اِلَّا خَیرًا لَّکَ. [1]

''شریح رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مجھے خط لکھا۔اس میں یہ تھا کہ اگر کوئی مسئلہ درپیش ہواور قرآن میں ہوتو اس سے فیصلہ کرنا۔اس سے لوگ تجھے نہ پھیریں۔اگر آئے ایسی چیز جوقرآن میں نہیں ہے تواس کا فیصلہ سنت رسول اللہ ﷺ کے مطابق کرنا۔اگر کوئی مسئلہ ایسا درپیش ہوکہ جونہ قرآن میں نہ حدیث رسول اللہ ﷺ میں ہوتواگر لوگ کسی بات پرمتفق ہوگئے ہوں تو اُس پر عمل کرنا۔اگر ایسا معاملہ آئے جونہ قرآن میں ہے نہ حدیث میں ہے۔نہ تجھ سے پہلے اس میں کوئی بولا ہے تو تجھے اختیار ہے کہ ان دو باتوں میں سے ایک پسند کرے۔ایک یہ کہ اجتہاد کر کے اپنی رائے سے فیصلہ کرے۔دوسری یہ کہ سکوت کرے اور کوئی فیصلہ نہ کرے۔میری رائے میں تیرے واسطے سکوت بہتر ہے۔''

(۲۰) شاہ صاحب فرماتے ہیں کہ:۔

عَنِ ابنِ عَبَّاسٍؓ اَمَاتَخافُونَ اَنْ تُعَذَّبُوآ اَوْیُخْسَفَ بِکُمْ اَنْ تَقُولُوا قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ ﷺ وَ قَالَ فُلَانٌ. [2]

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ فرمایا کرتے: کیاتم کو خوف نہیں کہ خدا تم کو عذاب کرے یا زمین میں دھنسا دے۔تم کہتے ہوکہ رسول اللہ ﷺ نے ایسا فرمایا تھا اور فلاں شخص نے ایسا کہا۔''

(۲۱) شاہ صاحب فرماتے ہیں:۔

---

[1] حجۃ اللہ البالغۃ: مبحث السابع، باب الفرق بین اہل الحدیث واصحاب الرأی ج ا ص ۱۴۹۔

[2] حجۃ اللہ البالغۃ: مبحث السابع، باب الفرق بین اہل الحدیث واصحاب الرأی، ج ا ص ۱۵۰۔

وَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ وَّ عَطَآءٍ وَّ مُجَاهِدٍ وَّ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا يَقُوْلُوْنَ مَامِنْ اَحَدٍ اِلَّا وَ هُوَ مَاخُوْذٌ مِّنْ كَلَامِهٖ وَ مَرْدُوْدٌ عَلَيْهِ اِلَّا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ. [1]

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ اور عطا رحمۃ اللہ علیہ اور مجاہد رحمۃ اللہ علیہ اور مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے ان سب کا قول یہی ہے کہ کوئی شخص ایسا نہیں ہے جس کے قول کو اختیار اور رد نہ کر سکیں ماسوا قول رسول اللہ ﷺ کے۔''

(۲۲) فرماتے ہیں کہ:۔

وَ قَالَ ابْنُ عُمَرَ لِجَابِرِبْنِ زَيْدٍ اِنَّكَ مِنْ فُقَهَآءِ الْبَصْرَةِ فَلَاتُفْتِ اِلَّا بِقُرْاٰنٍ نَاطِقٍ اَوْسُنَّةٍ مَاضِيَةٍ فَاِنَّكَ اِنْ فَعَلْتَ غَيْرَ ذٰلِكَ هَلَكْتَ وَ اَهْلَكْتَ. [2]

''حضرت جابر بن زید رضی اللہ عنہ سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ تم بصرہ کے فقہاء میں سے ہو۔ اس لئے ہمیشہ فتویٰ قرآن وحدیث کے موافق ہی دینا۔ اگر ایسا نہ کرو گے تو خود بھی ہلاک ہو گے اور دوسروں کو بھی ہلاک کرو گے۔''

(۲۳) عَنْ اَبِیْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ اتَّبِعُوْا وَ لَا تَبْتَدِعُوْا فَقَدْ كُفِيْتُمْ. [3]

''ابو عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے تھے: کہ قرآن وحدیث کی تابعداری کرو اور نئی بات مت نکالو۔ تم کو وہی کافی ہے۔''

(۲۴) عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍؓ اَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ لَا يُقَلِّدَنَّ رَجُلٌ رَجُلًا فِیْ دِيْنِهٖ فَاِنْ اٰمَنَ آمَنَ وَ اِنْ كَفَرَ كَفَرَ يَعْنِیْ فِیْ

[1] حجۃ اللہ البالغۃ: مبحث السابع، باب الفرق بین اہل الحدیث واصحاب الرأی، ج۱ص۱۵۰۔

[2] حجۃ اللہ البالغۃ: مبحث السابع، باب الفرق بین اہل الحدیث واصحاب الرأی، ج۱ص۱۴۸۔

[3] سنن الدارمی: باب فی کراھیۃ اخذ الرأی ج۱ص۸۰رقم:۲۰۵۔

نَفْسِ الْاَمْرِ وَانْظُرُوْا فِیْ دِیْنِکُمْ. ❶

''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے تھے نہ تقلید کرے کوئی مرد کسی مرد کی اپنے دین میں۔ (اس طرح) کہ اگر ایمان لائے تو وہ یہ ایمان لائے اور اگر کفر کرے تو وہ یہ کفر کرے، نفس الامر میں۔ تم اپنے دین میں نظر کرو''

(۲۵) قَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ لَا یُقَلِّدَنَّ اَحَدُکُمْ دِیْنَهٗ رَجُلًا اِنْ اٰمَنَ اٰمَنَ وَ اِنْ کَفَرَ کَفَرَ فَاِنَّهٗ لَا اُسْوَۃَ فِی الشَّرِّ. ❷

''حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کوئی شخص دین کے بارے میں کسی کی تقلید نہ کرے۔ کیونکہ اگر وہ (متبوع) مومن رہا تو اس کا مقلد بھی مومن رہے گا۔ اور اگر وہ کافر ہوا تو اس کا مقلد بھی کافر رہے گا۔ پس برائی میں کسی کی پیروی نہیں۔''

(۲۶) قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُعْتَمِرِ لَا فَرْقَ بَیْنَ بَهِیْمَۃٍ تُنْقَادُ وَ اِنْسَانٍ یُّقَلِّدُ. ❸

''عبداللہ بن معتمری رحمۃ اللہ علیہ کہتے تھے کہ مقلد انسان اور حیوان میں کوئی فرق نہیں۔''

(۲۷) وَ کَانَ الْاِمَامُ جَعْفَرُ الصَّادِقُ یَقُوْلُ مِنْ اَعْظَمِ فِتْنَۃٍ تَکُوْنُ عَلَی الْاُمَّۃِ قَوْمٌ یَقِیْسُوْنَ فِی الْاُمُوْرِ بِرَاْیِهِمْ فَیُحَرِّمُوْنَ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ وَ یُحِلُّوْنَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ. ❹

''امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ امت پر اس سے بڑھ کر کون سا فتنہ ہوگا کہ قیاس کریں امور دین میں اپنی رائے سے، تو حرام کریں اس چیز کو

❶ میزان الشعرانی: فصل فی بیان ذم الرأی عن الشارع واصحابہ، ج ۱ ص ۶۹۔

❷ اعلام الموقعین: تفصیل القول فی التقلید، ج ۲ ص ۱۷۲۔

❸ اعلام الموقعین: تفصیل القول فی التقلید، ج ۲، ص ۱۷۳۔

❹ میزان الشعرانی: فصل فی بیان ماورد فی ذم الرأی عن الشارع، ص ۶۹۔۷۰۔

کہ حلال کیا اللہ نے اور حلال کریں اُس چیز کو کہ حرام کیا اللہ نے۔"

(۲۸) عَنْ مَسْرُوْقٍ اَنَّهُ قَالَ اِنِّیْ اَخَافُ اَوْ اَخْشٰی اَنْ اَقِیْسَ فَتَزِلَّ قَدَمِیْ. [1]

"مسروق رحمۃ اللہ علیہ نے کہا میں خوف کرتا ہوں یا (کہا) میں ڈرتا ہوں کہ قیاس کروں اور میرا پاؤں پھسل جائے۔"

(۲۹) عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنْ مَسْرُوْقٍ قَالَ لَا اَقِیْسُ شَیْئًا بِشَیْءٍ قَالَ لِمَ قَالَ اَخْشٰی اَنْ تَزِلَّ رِجْلِیْ وَسُئِلَ عَنْ مَسْئَلَةٍ فَقَالَ لَا اَدْرِیْ فَقِیْلَ لَهُ قِسْ لَنَا بِرَأْیِکَ فَقَالَ اَخَافُ اَنْ تَزِلَّ قَدَمِیْ وَ کَانَ یَقُوْلُ اِیَّاکُمْ وَالْقِیَاسَ وَالرَّأْیَ فَاِنَّ الرَّأْیَ قَدْ یَزِلُّ. [2]

"شعبی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں کہ مسروق رحمۃ اللہ علیہ نے کہا میں قیاس نہیں کرتا۔ میں نے سوال کیا: کیوں؟ کہا ڈرتا ہوں کہ کہیں میرا پاؤں نہ پھسل جائے۔ ایک مسئلہ ان سے دریافت کیا گیا جواب دیا مجھے معلوم نہیں۔ ان سے کہا گیا کہ قیاس کر کے اپنی رائے سے بتاؤ۔ کہا مجھے خوف ہے کہ کہیں میرا قدم نہ پھسلے اور کہا کرتے تھے کہ تم قیاس اور رائے سے بچو۔ رائے میں غلطی ہو سکتی ہے۔"

(۳۰) قَالَ ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِیْ مُسْلِمُ بْنُ عَلِیٍّ اَنَّ شُرَیْحًا الْکِنْدِیَّ هُوَ الْقَاضِیْ قَالَ اِنَّ السُّنَّةَ سَبَقَتْ قِیَاسَکُمْ. [3]

"ابن وہب رحمۃ اللہ علیہ نے مسلم رحمۃ اللہ علیہ بن علی سے روایت کی۔ وہ قاضی شریح کندی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں۔ بولے سنت تمہارے قیاس کے لئے تلوار ہے۔"

---

[1] سنن الدارمی: باب تغیر الزمان وما یحدث فیہ، ج ۱ ص ۷۶ رقم: ۱۹۱۔

[2] اعلام الموقعین: فصل ائمۃ التابعین یذمون القیاس، ج ۱ ص ۲۴۵۔

[3] اعلام الموقعین: فصل ائمۃ التابعین یذمون القیاس، ج ۱ ص ۲۴۳۔

(۳۱) حَدَّثَنَا مَالِکٌ هُوَ ابْنُ مِغْوَلٍ قَالَ قَالَ لِیَ الشَّعْبِیُّ قَالَ مَا حَدَّثُوْکَ هٰؤُلَآءِ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَخُذْ بِهٖ وَ مَا قَالُوْهُ بِرَأْیِهِمْ فَاَلْقِهٖ فِی الْحُشِّ. ❶

''ابن مغول رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ مجھ سے شعبی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ لوگ جو بات تم کو نبی ﷺ سے نقل کر کے سنائیں۔ اس کو اختیار کرو اور جو بات اپنی رائے سے کہیں۔ اس کو پاخانہ میں ڈالو۔''

(۳۲) عَنْ اِسْمٰعِیْلَ عَنِ الشَّعْبِیِّ قَالَ وَاللّٰهِ لَئِنْ اَخَذْتُمْ بِالْمَقَایِیْسِ لَتُحَرِّمُنَّ الْحَلَالَ وَ لَتُحِلُّنَّ الْحَرَامَ. ❷

''اسمٰعیل رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ شعبی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا: قسم ہے اللہ کی! اگر قیاس اختیار کرو گے تو حلال کو حرام کرو گے اور حرام کو حلال۔''

(۳۳) وَ کَانَ الشَّعْبِیُّ یَقُوْلُ سَیَجِیْءُ قَوْمٌ یَقِیْسُوْنَ الْاُمُوْرَ بِرَأْیِهِمْ فَیَنْهَدِمُ الْاِسْلَامُ بِذٰلِکَ وَ یَنْثَلِمُ. ❸

''شعبی رحمۃ اللہ علیہ کہتے تھے کہ عنقریب ایسے لوگ ہونے والے ہیں جو ہر ایک بات اپنی رائے اور تک سے کہیں گے۔ تو اسلام منہدم ہو جائے گا اور ٹوٹ جائے گا۔''

(۳۴) ثَنَا عِیْسَی الْخَیَّاطُ عَنِ الشَّعْبِیِّ قَالَ لَاَنْ اَتَغَنّٰی بِغَنِیَّةٍ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ اَنْ اَقُوْلَ فِیْ مَسْئَلَةٍ بِرَاْیٍ. ❹

''(وکیع کہتے ہیں) ہم سے عیسی رحمۃ اللہ علیہ خیاط نے بیان کیا وہ شعبی رحمۃ اللہ علیہ

---

❶ سنن الدارمی: باب فی کراھیۃ اخذ الرأی، ج ا ص ۷۸ رقم: ۲۰۰۔
❷ سنن الدارمی: باب تغیر الزمان و ما یحدث فیہ، ج ا ص ۷۶ رقم: ۱۹۲۔
❸ میزان الشعرانی: فصل فی بیان ما ورد عن ذم الرأی من الشارع، ج ا ص ۴۸۔
❹ اعلام الموقعین: فصل ائمۃ التابعین یذمون القیاس، ج ا ص ۲۴۵۔

سے روایت کرتے ہیں کہ میں کوئی شعر گاؤں بہتر ہے اس سے کہ کسی مسئلہ میں اپنے رائے سے گفتگو کروں۔"

(۳۵) وَ كَانَ الشَّعْبِيُّ يَقُوْلُ لَاتُجَالِسْ اَصْحَابَ الْقِيَاسِ فَتُحِلَّ حَرَامًا اَوْتُحَرِّمَ حَلَالًا . [1]

"شعبی رحمۃ اللہ علیہ کہتے تھے کہ قیاس والوں کے پاس نہ بیٹھنا ورنہ تو حلال کو حرام اور حرام کو حلال کر دے گا۔"

(۳۶) عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ لَقَدْ بَغَّضَ اِلَيَّ هٰؤُلَاءِ الْقَومُ هٰذَا الْمَسْجِدَ حَتّٰى لَهُوَ اَبْغَضُ اِلَيَّ مِنْ كُنَاسَةِ دَارِيْ قُلْتُ مَنْ هُمْ يَا اَبَاعَمْرٍو قَالَ هٰؤُلَاءِ الْاَرَ آئِيُّوْنَ. [2]

"شعبی رحمۃ اللہ علیہ کہتے تھے کہ لوگوں نے میرے دل میں اس مسجد کا بغض پیدا کر دیا۔ یہاں تک کہ یہ مجمع برا معلوم ہوتا ہے۔ اپنے گھر کے گھورے (گوبر اور کوڑے کا ڈھیر) کی جگہ سے۔ میں نے دریافت کیا: اے ابا عمر! وہ کون لوگ ہیں؟ جواب دیا کہ یہ اصحاب رائے۔"

(۳۷) ثَنَا صَالِحُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ قَالَ لِيْ عَامِرُ الشَّعْبِيُّ يَوْمًا وَ هُوَ اٰخِذٌ بِيَدِيْ اِنَّمَا هَلَكْتُمْ حِيْنَ تَرَكْتُمُ الْاٰ ثَارَ وَاَخَذْتُمْ بِالْمَقَايِيْسِ . [3]

"صالح رحمۃ اللہ علیہ بن مسلم کہتے ہیں کہ عامر شعبی رحمۃ اللہ علیہ نے میرا ہاتھ پکڑ کر ایک دن کہا تم اس لئے ہلاک ہوئے کہ حدیثوں کو تم نے چھوڑ دیا اور قیاس پر عمل کیا۔"

(۳۸) شاہ صاحب فرماتے ہیں کہ:۔

---

[1] اعلام الموقعین: فصل ائمۃ التابعین یذمون القیاس ج ا ص ۲۴۵۔

[2] اعلام الموقعین: فصل ائمۃ التابعین یذمون القیاس، ج ا ص ۲۴۶۔

[3] اعلام الموقعین: ائمۃ التابعین یذمون القیاس، ج ا، ص ۲۴۳۔

عَنْ قَتَادَةَ قَالَ حَدَّثَ ابْنُ سِيْرِيْنَ رَجُلًا بِحَدِيْثٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ الرَّجُلُ قَالَ فُلَانٌ كَذَا وَكَذَا فَقَالَ ابْنُ سِيْرِيْنَ أُحَدِّثُكَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ وَتَقُوْلُ قَالَ فُلَانٌ كَذَا وَكَذَا. ①

''حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے ایک شخص کے سامنے ایک حدیث بیان کی۔ تو اُس شخص نے کہا کہ فلاں فلاں شخص ایسا ایسا کہتے ہیں۔ تب ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ میں تم سے رسول اللہ ﷺ کی حدیث بیان کروں اور تم اس پر کہتے ہو کہ فلاں نے ایسا کہا ہے۔''

(۳۹) سَمِعْتُ دَاوٗدَ بْنَ أَبِيْ هِنْدٍ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ قَالَ أَوَّلُ مَنْ قَاسَ إِبْلِيْسُ وَمَا عُبِدَتِ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ إِلَّا بِالْمَقَايِيْسِ. ②

''داوٗد بن ابی ہند رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ ابن سیرین نے کہا کہ پہلے جس نے قیاس کیا وہ شیطان ہے۔ سورج اور چاند کی قیاس ہی سے عبادت کی گئی ہے۔''

(۴۰) حَدَّثَنِيْ دَاوٗدُ بْنُ أَبِيْ هِنْدٍ قَالَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ سِيْرِيْنَ يَقُوْلُ الْقِيَاسُ شُوْمٌ وَأَوَّلُ مَنْ قَاسَ إِبْلِيْسُ فَهَلَكَ. ③

''داوٗد بن ابی ہند کہتے ہیں کہ ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ قیاس نحوست ہے سب سے پہلے جس نے قیاس کیا وہ ابلیس تھا۔ تو وہ ہلاک ہوا۔''

(۴۱) وَكَانَ مُجَاهِدٌ يَقُوْلُ لِأَصْحَابِهِ لَا تَكْتُبُوْا عَنِّيْ

---

① حجۃ اللہ البالغۃ: مبحث السابع، باب الفرق بین اہل الحدیث واصحاب الرأی، ج۱ص۱۵۰۔

② درامی: باب تغیر الزمان وما یحدث فیہ رقم: ۱۸۹ص۷۶۔

③ اعلام الموقعین: فصل ائمۃ التابعین یذمون القیاس، ج۱ص۲۴۳۔

كُلَّ مَا اَفْتَيْتُ بِهٖ وَاِنَّمَا يُكْتَبُ الْحَدِيْثُ وَ لَعَلَّ كُلَّ شَيْءٍ اَفْتَيْتُكُمْ بِهِ الْيَوْمَ اَرْجِعُ عَنْهُ غَدًا. [1]

''مجاہد رحمۃ اللہ علیہ اپنے شاگردوں سے کہتے تھے کہ میری ہر بات اور ہر فتویٰ مت لکھا کرو صرف حدیث (رسول اللہ ﷺ) لکھنے کے قابل ہے شاید کہ میں آج جن چیزوں کا فتویٰ دیتا ہوں کل اُس سے رجوع کرلوں۔''

(۴۲) وَ قَالَ اَبُوْ النَّضْرِ لَمَّا قَدِمَ اَبُوْ سَلَمَةَ الْبَصْرَةَ اَتَيْتُهُ اَنَا وَالْحَسَنُ فَقَالَ لِلْحَسَنِ اَنْتَ الْحَسَنُ مَا كَانَ اَحَدٌ بِالْبَصْرَةِ اَحَبَّ اِلَيَّ لِقَاءً مِّنْكَ وَ ذٰلِكَ اَنَّهٗ بَلَغَنِيْ اَنَّكَ تُفْتِيْ بِرَأْيِكَ فَلَا تُفْتِ بِرَأْيِكَ اِلَّا اَنْ تَكُوْنَ سُنَّةٌ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ اَوْ كِتَابٌ مُّنَزَّلٌ. [2]

''ابونضر کہتے ہیں کہ جب ابوسلمہ بصرہ میں آئے تو میں اور حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ ان کی ملاقات کو گئے۔ انہوں نے حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے فرمایا کہ تم حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ ہو؟ بصرہ میں تمہاری ملاقات سے زیادہ کسی سے ملنے کا مجھ کو شوق نہ تھا۔ اشتیاق زیادہ اس واسطے تھا کہ مجھ کو معلوم ہوا تھا۔ کہ تم اپنی رائے سے مسئلہ کا جواب دیتے ہو۔ آئندہ بجز قرآن وحدیث کے رائے سے فتویٰ نہ دینا۔''

(۴۳) قَالَ حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ مَطَرِ الْوَرَّاقِ: قَالَ تَرَكَ اَصْحَابُ الرَّاْيِ الْاٰثَارَ وَاللّٰهِ. [3]

''حماد رحمۃ اللہ علیہ بن زید نے مطرؒ وراق سے بیان کیا کہ خدا کی قسم! اصحاب رائے

---

[1] میزان الشعرانی: فصل فی بیان ماورد من ذم الرأی عن الشارع، ج۱، ص۷۰۔
[2] دارمی: باب الفتیا وما فیہ من الشدۃ، ص۷۰، رقم: ۱۶۳۔
[3] اعلام الموقعین: فصل ائمۃ التابعین یذمون القیاس، ج۱، ص۲۴۶۔

نے حدیثوں کو چھوڑ دیا ہے۔"

(۴۴) قَالَ سَمِعْتُ وَ كِيْعَ ابْنَ الْجَراحِ يَقُوْلُ لِيَحْىَ ابْنِ صَالِحِ الوحَاظِيِّ يَا اَبَازَكَرِيَّا اِحْذَرِ الرَّأىَ. [1]

"میں نے وکیع رحمۃ اللہ علیہ بن جراح سے سنا کہ وہ یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ بن صالح وحاظی سے کہتے تھے کہ اے ابوزکریا رحمۃ اللہ علیہ! بچ تو رائے سے۔"

(۴۵) عَنِ الْاَوْزَاعِيّ قَالَ كَتَبَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِالْعَزِيْزِ اَنَّهٗ لَارَأىَ لِاَحَدٍ فِىْ كِتَابِ اللّٰهِ. [2]

"حضرت اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ نے لکھ دیا کہ کتاب الٰہی میں کسی کو رائے دینے کا حق نہیں۔"

تقلید کی تردید ائمہ اربعہ کے اقوال سے

(۴۶) فتاویٰ ابن تیمیہ ج ۲۰، ص ۱۰ میں ہے:۔

قَدْثَبَتَ عَنْهُمْ (عَنِ الْفُقَهَآءِ الْاَرْبَعَةِ) اَنَّهُمْ نَهَوُالنَّاسَ عَنْ تَقْلِيْدِهِمْ وَاَمَرُوْا اِذَارَأَوْ قَوْلاً فِي الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ اَقْوىٰ مِنْ قَوْلِهِمْ اَنْ يَّأخُذُوْا بِمَا دَلَّ عَلَيْهِ الْكِتَابُ وَالسُّنَّةُ وَيَدَعُوْا اَقْوَالَهُمْ.

"چاروں اماموں سے ثابت ہو چکا ہے کہ انہوں نے لوگوں کو اپنی تقلید سے منع کیا ہے۔ اور یہی حکم دیا ہے کہ جب کوئی بات ان کو کتاب وسنت سے معلوم ہو جائے۔ ان کے قول سے قوی تر، تو اسی بات کو لیں جو کتاب وسنت سے معلوم ہوئی اور ان کے قولوں کو چھوڑ دیں۔"

---

[1] اعلام الموقعین: فصل ائمۃ التابعین یذمون القیاس، ج ۱، ص ۲۴۵۔

[2] حجۃ اللہ البالغۃ: مبحث السابع، باب الفرق بین اہل الحدیث واصحاب الرأی، ج ۱ ص ۱۵۰۔

(۴۷)وَقَدْ كَانَ الْاَئِمَّةُ الْمُجْتَهِدُونَ كُلُّهُمْ يَحُثُّونَ اَصْحَابَهُمْ عَلَى الْعَمَلِ بِظَاهِرِ الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ فَاعْمَلُوْا بِالْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ وَاضْرِبُوْا بِكَلَامِنَا الْحَائِطَ. ❶

"بیشک تمام ائمہ مجتہدین رحمۃ اللہ علیہم اپنے شاگردوں کو بظاہر کتاب وسنت پر عمل کرنے کی ترغیب دیا کرتے تھےاور کہتے تھے جب تم ہمارے کلام کو ظاہر کتاب وسنت کے مخالف پاؤ۔تو کتاب وسنت پر عمل کرو اور ہمارے کلام کو دیوار پر دے مارو۔"

(۴۸) وَجُمْهُوْرُ الْمُجْتَهِدِيْنَ لَا يُقَلِّدُوْنَ اِلَّا صَاحِبَ الشَّرْعِ. ❷

"تمام مجتہدین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا کسی کی تقلید نہیں کرتے تھے۔"

(۴۹)فَاِنَّ هٰؤُلَاءِ الْفُقَهَآءَ كُلَّهُمْ قَدْنَهَوْا عَنْ تَقْلِيْدِ هِمْ وَتَقْلِيْدِ غَيْرِهِمْ. ❸

"بیشک تمام جماعت فقہاء نے اپنی تقلیداور غیر کی تقلید سے منع کیا۔"

(۵۰) کتاب الرد علی من اخلد الی الارض میں علامہ جلال الدین السیوطی فرماتے ہیں:۔

هَلْ اَبَاحَ مَالِكٌ وَاَبُوْحَنِيْفَةَ وَالشَّافِعِيُّ قَطُّ لِاَحَدٍ تَقْلِيْدَ هُمْ حَاشَالِلّٰهِ مِنْهُمْ بَلْ اِنَّهُمْ قَدْنَهَوْا عَنْ ذٰلِكَ وَ لَمْ يُفَسِّحُوْ لِاَحَدٍ فِيْهِ. ❹

"ہرگز نہیں روا رکھا مالک رحمۃ اللہ علیہ ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے (خدا ان سے خوش ہو) کسی کے لئے اپنی تقلید کو۔ بلکہ بلاشک انہوں نے اس سے منع کیا اور کسی کو اس بات میں ڈھیل نہیں دی۔"

---

❶ میزان الشعرانی:فصل فی بیان الذم من الائمۃ المجتہدین للمقول فی دین اللہ بالرائی،ج۱ص۶۷۔

❷ حجۃ اللہ البالغۃ:مبحث السابع،باب حکایۃ حال الناس قبل المائۃ الرابعۃ ج۱ص۱۵۲۔۱۵۳۔

❸ عقد الجید:باب سوم،ابن حزم کا مسلک،ص۶۱۔ ❹ معیار الحق:باب دوم مسئلہ تقلید ص۶۹۔

اقوال امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ

(۵۱) شاہ ولی اللہ صاحب فرماتے ہیں کہ:۔

سُئِلَ عَنْ اَبِیْ حَنِیْفَۃَ اِذَاقُلْتَ قَوْلًا وَّ کِتَابُ اللّٰہِ یُخَالِفُہٗ قَالَ اُتْرُکُوْا قَوْلِیْ بِکِتَابِ اللّٰہِ فَقِیْلَ اِذَا کَانَ خَبَرُ الرَّسُوْلِ ﷺ یُخَالِفُہٗ قَالَ اُتْرُکُوْا قَوْلِیْ بِخَبَرِ الرَّسُوْلِ ﷺ فَقِیْلَ اِذَا کَانَ قَوْلُ الصَّحَابَۃِ یُخَالِفُہٗ قَالَ اُتْرُکُوْا قَوْلِیْ بِقَوْلِ الصَّحَابَۃِ. ❶

''امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے کسی نے پوچھا اگر آپ نے کچھ کہا اور کتاب اللہ اس کے مخالف ہو؟ جواب دیا کہ میرا قول کتاب اللہ کے مقابلہ میں ترک کرو۔ اس نے پھر پوچھا کہ اگر رسول اللہ ﷺ کی خبر (حدیث) اس کے خلاف ہو تو؟ جواب دیا کہ میرا قول رسول اللہ ﷺ کے مقابلہ میں ترک کرو۔ اس نے پھر پوچھا کہ اگر صحابہ رضی اللہ عنہم کا قول اس کے مخالف ہو؟ جواب دیا کہ میرا قول صحابہ رضی اللہ عنہم کے مقابلہ میں ترک کرو۔''

(۵۲) **اَشَارَ الْاِمَامُ الْاَعْظَمُ اَبُوْحَنِیْفَۃَ بِقَوْلِہٖ مَاجَآءَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ ﷺ بِاَبِیْ وَ اُمِّیْ فَعَلَی الرَّاْسِ وَالْعَیْنِ وَ لَیْسَ لَنَا مُخَالَفَتُہٗ وَ مَا جَآءَ نَا عَنْ اَصْحَابِہٖ تَخَیَّرْنَا وَمَا جَآءَ عَنْ غَیْرِھِمْ فَھُمْ رِجَالٌ وَّ نَحْنُ رِجَالٌ.** ❷

''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے اس قول سے اشارہ کیا ہے کہ جو رسول اللہ ﷺ سے (میرے ماں باپ قربان ہوں) پہنچے وہ بسر وچشم منظور ہے۔ اور جو صحابہ رضی اللہ عنہم سے پہنچے اس میں سے انتخاب کریں گے اور جو صحابہ رضی اللہ عنہم کے

---

❶ عقد الجید: فصل فی المتبحر فی المذھب، مسئلہ دوم ص ۹۴۔

❷ میزان الشعرانی: فصل فی بیان ضعف قول من نسب الامام اباحنیفۃ الی انہ یقدم القیاس علی حدیث رسول اللہ ﷺ، ج ۱، ص ۷۹

سوا تابعین وغیرہ سے پہنچے، تو وہ آدمی ہیں اور ہم بھی آدمی ہیں۔"

(۵۳) امام ابو حنیفہ کا قول نقل فرماتے ہیں کہ:۔

اِذَا صَحَّ الْحَدِيْثُ فَهُوَ مَذْهَبِی. [1]

''جب صحیح حدیث مل جائے پس وہی میرا مذہب ہے۔"

(۵۴) **وَ كَانَ يَقُوْلُ لَمْ يَزَلِ النَّاسُ فِیْ صَلَاحٍ مَّا دَامَ فِيْهِمْ مَّنْ يَّطْلُبُ الْحَدِيْثَ فَاِذَا طَلَبُوا الْعِلْمَ بِلَا حَدِيْثٍ فَسَدُوْا.** [2]

''ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ لوگ ہدایت پر رہیں گے جب تک کہ ان میں حدیث کے طالب ہوں گے۔ جب حدیث چھوڑ کر اور چیزیں طلب کریں گے تو بگڑ جائیں گے۔"

(۵۵) **فَعَلَيْكُمْ بِالْاٰثَارِ وَطَرِيْقَةِ السَّلَفِ وَ اِيَّاكُمْ وَ كُلَّ مُحْدَثٍ فَاِنَّهٗ بِدْعَةٌ وَّقِيْلَ لَهٗ مَرَّةً قَدْ تَرَكَ النَّاسُ الْعَمَلَ بِالْحَدِيْثِ وَ اَقْبَلُوْا عَلٰى سِمَاعِهٖ فَقَالَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ نَفْسُ سِمَاعِهِمْ لِلْحَدِيْثِ عَمَلٌ بِهَا.** [3]

''امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ آثار اور طریقہ صالحین پر جم جاؤ۔ اور ہر ایک نئی بات سے بچو کہ وہ بدعت ہے۔ کسی نے ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے کہا کہ لوگوں نے عمل بالحدیث چھوڑ دیا اور اس کو صرف تبرکاً پڑھتے ہیں فرمایا کہ ان کا حدیث پڑھنا بھی عمل بالحدیث ہے۔"

(۵۶) عینی شرح ہدایہ مطبوعہ نولکشور جلد ا ص ۲۵۳ میں ہے کہ:۔

---

[1] رد المختار علی در المختار: مقدمۃ مطلب فی قول الامام اذا صح الحدیث، ج ا ص ۵۰۔

[2] میزان الشعرانی: فصل فی بیان ما ورد فی ذم الرأی عن الشارع وغیرہ، ج ا ص ۷۱۔

[3] میزان الشعرانی: فصل فی بیان ما ورد فی ذم الرأی عن الشارع، وغیرہ ج ا ص ۷۱۔

اَلْمَرَاسِیْلُ عِنْدَنَا حُجَّةٌ ''احادیث مرسل ہمارے لئے حجت ہیں۔''

(۵۷) ردالمختار شرح درالمختار مطبوعہ دہلی جلد اص ۵۱ میں ہے کہ:۔

اِنَّهٗ کَانَ یَقُوْلُ ضَعِیْفُ الْحَدِیْثِ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ اٰرَآءِ الرِّجَالِ

''امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ ضعیف حدیث مجھ کو زیادہ محبوب ہے، لوگوں کی رائے سے۔''

(۵۸) قَالَ اَبُوْحَنِیْفَةَ لَایَنْبَغِیْ لِمَنْ لَّمْ یَعْرِفْ دَلِیْلِیْ اَنْ یُّفْتِیَ بِکَلَامِیْ. ❶

''امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ جو شخص میری دلیل سے واقف نہ ہو۔ اس کو لائق نہیں کہ میرے کلام کا فتویٰ دے۔''

(۵۹) لَا یَحِلُّ لِاَحَدٍ اَنْ یَّاْخُذَ بِقَوْلِیْ مَا لَمْ یَعْلَمْ مِنْ اَیْنَ قُلْتُهٗ وَ نَهٰی عَنِ التَّقْلِیْدِ مَذْهَبًا وَ رَغَّبَ اِلٰی مَعْرِفَةِ الدَّلِیْلِ. ❷

''امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ کسی کو حلال نہیں کہ میرے قول کو لے جب تک یہ نہ جانے کہ میں نے کہاں سے کہا ہے۔ پس تقلید سے ممانعت کی اور معرفت دلیل کی جانب ترغیب دی۔''

(۶۰) ایضاً عمدۃ الرعایۃ حاشیہ شرح وقایہ مطبوعہ مجتبائی ص ۹ میں مثل اسی کے ہے۔

(۶۱) قَالَ اَبِیْ حَنِیْفَةَ: لَا یَفْقَهُ مَنْ لَّمْ یَدَعِ الْقِیَاسَ فِیْ مَوْضَعِ الْحَاجَةِ اِلَیْهِ وَ هُوَ مَجْلِسُ الْقَضَآءِ قَالُوْا فَتَبًّالِکُلِّ شَیْءٍ لَا یَفْقَهُ الْمَرْءُ اِلَّا بِتَرْکِهٖ. ❸

''(حماد ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے بیٹے نے کہا) کہ میرے باپ ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے

---

❶ عقدالجید تقلید: واجب تقلید حرام مسئلہ پنجم ص ۱۲۲۔

❷ مقدمۃ عین الھدایہ: کیفیت الاجتہاد، ج ۱ص ۹۲۔ مقدمہ عمدۃ الرعایہ شرح الوقایہ، الدراسۃ الاولی فی کیفیۃ شیوع العلم، ج ۱ص ۸۔ ❸ اعلام الموقعین: فصل التابعون یذمون القیاس، ج ۱ص ۲۴۵۔

تھے کہ انسان فقیہ نہیں ہوسکتا۔ جب کہ ضرورت کے وقت قیاس کو نہ چھوڑے ایسے موقع پر کہ وہ مجلس قضاء میں ہو۔ لوگ بولے کہ لعنت ہے اُس چیز پر کہ انسان اس کے ترک کئے بغیر فقیہ نہ ہوسکے۔"

(۶۲) وَكَانَ يَقُوْلُ اِيَّاكُمْ وَّ اٰرَآءَ الرِّجَالِ. [1]

"امام ابوحنیفہ فرماتے تھے کہ بچو تم لوگوں کی رائے سے۔"

(۶۳) فَاِنِّيْ سَمِعْتُ اَبَا حَنِيْفَةَ يَقُوْلُ اَلْبَوْلُ فِي الْمَسْجِدِ اَحْسَنُ مِنْ بَعْضِ قِيَاسِهِمْ. [2]

"(وکیع رحمۃ اللہ علیہ یحییٰ بن صالح سے کہتے تھے) میں نے ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے سنا کہ وہ فرماتے تھے پیشاب کرنا مسجد میں بہتر ہے ان لوگوں کے بعض قیاس سے۔"

(۶۴) وَرَوَى الشَّيْخُ مُحْيِ الدِّيْنِ فِي الْفُتُوْحَاتِ الْمَكِّيَّةِ بِسَنَدِهٖ اِلَى الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ اَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ اِيَّاكُمْ وَالْقَوْلَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ تَعَالٰى بِالرَّأيِ وَ عَلَيْكُمْ بِاتِّبَاعِ السُّنَّةِ فَمَنْ خَرَجَ عَنْهَا ضَلَّ. [3]

"اور شیخ محی الدین نے فتوحات مکیہ میں ساتھ اپنی سند کے روایت کیا ہے۔ جو امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ تک پہنچتی ہے کہ وہ یعنی امام صاحب فرمایا کرتے کہ بچو! لوگو اس بات سے کہ دین میں کوئی بات عقل سے کہو اور لازم پکڑو اپنے اوپر پیروی سنت کی۔ کیونکہ جو کوئی اس سے نکل گیا وہ گمراہ ہوگیا۔"

(۶۵) وَدَخَلَ شَخْصٌ الْكُوْفَةَ بِكِتَابِ دَانِيَالَ فَكَادَ اَبُوْحَنِيْفَةَ اَنْ يَّقْتُلَهٗ وَ قَالَ لَهٗ اَكِتَابٌ ثَمَّ غَيْرَ الْقُرْاٰنِ

---

[1] میزان الشعرانی: فصل فی بیان ماورد فی ذم الرأی عن الشارع واصحابہ، ج ۱، ص ۷۱۔

[2] اعلام الموقعین: فصل التابعون یذمون القیاس، ج ۱، ص ۲۴۵۔

[3] میزان الشعرانی: فصل فی بیان ماورد فی ذم الرأی عن الشارع واصحابہ، ج ۱، ص ۷۱۔

وَالْحَدِیْثِ. [1]

''ایک آدمی کوفہ میں دانیال علیہ السلام کی کتاب لے کر آیا تو ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور انکے علاوہ اور لوگ اس کے قتل پر آمادہ ہو گئے۔ اور کہنے لگے کیا سوائے قرآن مجید کے اور کوئی کتاب بھی (دین میں) ہے۔''

(٦٦) تحفۃ الاخیار فی بیان سنت سید الابرار مطبوعۃ فاروقی کے ص۴ میں ہے کہ:۔

وَ قَالَ الْاِمَامُ اَبُوْحَنِیْفَةَ لَا تُقَلِّدُ نِیْ وَ لَا تُقَلِّدَنَّ مَالِكًا وَّ لَا غَیْرَهٗ وَ خُذِالْاَحْکَامَ مِنْ حَیْثُ اَخَذُوْا مِنَ الْکِتَابِ وَالسُّنَّةِ کَذَافِیْ الْمِیْزَانِ وَ غَیْرِهٖ.

''امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے کہ میری تقلید نہ کرنا اور نہ مالک رحمۃ اللہ علیہ کی اور نہ کسی اور کی تقلید کرنا اور احکام کو وہاں سے لے جہاں سے انہوں نے لئے ہیں یعنی کتاب وسنت سے۔''

اقوال امام مالک رحمۃ اللہ علیہ:

(٦٧) **وَ قَالَ مَالِكٌ مَّامِنْ اَحَدٍ اِلَّا مَاْخُوْذٌ مِّنْ کَلَامِهٖ وَ مَرْدُوْدٌ عَلَیْهِ اِلَّا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ.** [2]

''امام مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں سوائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کوئی ایسا نہیں۔ جس کے کلام پر مواخذہ نہ ہو اور رد نہ کیا جائے۔''

(٦٨) **اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ اُخْطِئُ وَ اُصِیْبُ فَانْظُرُوْا فِیْ قَوْلِیْ فَکُلُّ مَاوَافَقَ الْکِتَابَ وَالسُّنَّةَ فَخُذُوْهُ وَ کُلُّ مَا لَمْ یُوَافِقْ فَاتْرُکُوْهُ.** [3]

---

[1] میزان الشعرانی: فصل فی بیان ماورد فی ذم الرأی عن الشارع واصحابہ، ج۱ص۷۱۔

[2] حجۃ اللہ البالغۃ: باب حکایۃ حال الناس قبل المأۃ الرابعۃ، ج۱ص۱۵۷۔

[3] اعلام الموقعین: فصل کلام التابعین فی الرأی، ج۱ص۸۱۔

”میں بھی آدمی ہوں کبھی میری رائے صحیح اور کبھی غلط ہوتی ہے۔اب تم میری رائے کو دیکھ لو جو کتاب وسنت کے موافق ہو اس کو لے لو اور جو مخالف ہو اس کو چھوڑ دو۔“

(۶۹) تاریخ ابن خلکان مطبوعہ ایران جلد۲ ص ۱۱ میں ہے کہ:۔

حَکَی الْحَافِظُ اَبُو عَبْدِاللّٰهِ الْحُمَيْدِیُّ فِی كِتَابِ جِذْوَةِ الْمُقْتَبِسِ قَالَ حَدَّثَ الْقَعْنَبِیُّ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰی مَالِکِ بْنِ اَنَسٍ فِیْ مَرَضِهِ الَّذِیْ مَاتَ فِيْهِ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ ثُمَّ جَلَسْتُ فَرَاَيْتُهٗ يَبْكِیْ فَقُلْتُ يَااَبَاعَبْدِ اللّٰهِ مَا الَّذِیْ يُبْكِيْکَ فَقَالَ لِیْ يَاابْنَ قَعْنَبٍ وَّمَالِیْ لَآ اَبْكِیْ وَمَنْ اَحَقُّ بِالْبُكَآءِ مِنِّیْ وَاللّٰهِ لَوَدِدْتُّ اَنِّیْ ضُرِبْتُ لِكُلِّ مَسْئَلَةٍ اَفْتَيْتُ فِيْهَا بِرَاْيِی بِسَوطٍ سَوْطًا وَقَدْ كَانَتْ لِیَ السَّعَةُ فِيْمَا قَدْسُبِقْتُ اِلَيْهِ وَلَيْتَنِیْ لَمْ اُفْتِ بِالرَّاْیِ. [1]

”حافظ حمیدی رحمۃ اللہ علیہ نے حکایت کی ہے کہ قعنبی نے بیان کیا کہ میں مرض الموت میں امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے پاس گیا اور سلام کے بعد بیٹھا تو دیکھا اُن کو روتے ہوئے۔میں نے کہا: آپ کیوں روتے ہیں؟ فرمایا: اے قعنبی! میں کیوں نہ روؤں؟ مجھ سے بڑھ کر رونے کا اہل کون ہے؟ میں نے جس جس مسئلہ میں رائے سے فتویٰ دیا۔ مجھے یہ اچھا معلوم ہوتا ہے کہ ان تمام مسائل کے بدلے کوڑے سے میں مار کھاتا۔ مجھ کو اس میں گنجائش تھی۔کاش میں رائے سے فتویٰ نہ دیتا۔“

---

[1] وفیات الاعیان لابن خلکان: تذکرۃ امام مالک، ج۴،ص ۱۳۷۔

اعلام الموقعین: کلام التابعین فی الرأی، ج۱ص ۸۱۔

اقوال امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ:

(۷۰) قَالَ الشَّافِعِیُّ اِذَا قُلْتُ قَوْلًا وَّکَانَ النَّبِیُّ ﷺ قَالَ خِلَافَ قَوْلِیْ فَمَا یَصِحُّ مِنْ حَدِیْثِ النَّبِیِّ ﷺ اَوْلٰی فَلَا تُقَلِّدُوْنِیْ. [1]

''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جب میں کوئی مسئلہ کہوں اور نبی ﷺ نے میرے قول کے خلاف فرمایا ہو۔ تو جو مسئلہ نبی ﷺ کی حدیث سے ثابت ہوتا ہے وہی اولیٰ ہے۔ پس میری تقلید مت کرو۔''

(۷۱) عَنِ الشَّافِعِیِّ اَنَّہٗ کَانَ یَقُوْلُ اِذَا صَحَّ الْحَدِیْثُ فَھُوَ مَذْھَبِیْ وَفِیْ رِوَایَۃٍ اِذَا رَأَیْتُمْ کَلَامِیْ یُخَالِفُ الْحَدِیْثَ فَاعْمَلُوْا بِالْحَدِیْثِ وَاضْرِبُوْا بِکَلَامِیَ الْحَآئِطَ وَقَالَ یَوْمًا لِلْمُزْنِیِّ یَا اِبْرَاھِیْمُ لَاتُقَلِّدْنِیْ فِیْ کُلِّ مَآ اَقُوْلُ وَانْظُرْ فِیْ ذٰلِکَ لِنَفْسِکَ فَاِنَّہٗ دِیْنٌ وَّکَانَ رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہِ یَقُوْلُ لَا حُجَّۃَ فِیْ قَوْلِ اَحَدٍ دُوْنَ رَسُوْلِ اللّٰہِ ﷺ وَ اِنْ کَثُرُوْا وَ لَا فِیْ قِیَاسٍ وَّلَا فِیْ شَیْءٍ وَّمَاثَمَّ اِلَّاطَاعَۃُ اللّٰہِ وَ رَسُوْلِہٖ بِالتَّسْلِیْمِ. [2]

''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ وہ فرمایا کرتے تھے۔ جب صحیح حدیث مل جائے۔ پس وہی میرا مذہب ہے۔ اور ایک روایت میں ہے کہ جب میرے کلام کو دیکھو کہ حدیث سے مخالف ہے تو حدیث پر عمل کرو اور میرے کلام کو دیوار پر دے مارو۔ اور ایک دن مزنی رحمۃ اللہ علیہ سے کہا کہ اے ابراہیم ہر ایک بات میں میری تقلید نہ کرنا۔ اور اُس سے اپنی جان پر رحم کرنا۔ کیونکہ یہ دین ہے۔ اور نیز امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ کسی کے قول میں

---

[1] عقد الجید: فصل سوم التحمر فی المذہب، مسئلہ دوم ص ۹۵۔

[2] حجۃ اللہ البالغۃ: باب حکایت حال الناس قبل المائۃ الرابعۃ، ج۱، ص ۱۵۷۔

حجت نہیں ہے سوائے رسول اللہ ﷺ کے۔ اگرچہ کہنے والے کثرت سے ہوں۔ اور نہ کسی قیاس میں' اور نہ کسی اور شے میں۔ یہاں صرف اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے تسلیم کرنے کے اور کچھ نہیں ہے۔"

(۷۲) ناظورۃ الحق مطبوعہ بلغارص ۲۶ میں علامہ مرجانی حنفی فرماتے ہیں کہ:۔

قَالَ الشَّافِعِیُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ اَجْمَعَ الْمُسْلِمُوْنَ عَلٰی اَنَّ مَنِ اسْتَبَانَتْ لَهٗ سُنَّةٌ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ لَمْ يَحِلّ لَهٗ اَنْ يَّدَعَهَا بِقَوْلِ اَحَدٍ.

"امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ سب مسلمانوں نے اتفاق کیا ہے کہ آنحضرت ﷺ کی حدیث کسی قول سے نہ چھوڑی جائے۔"

(۷۳) اِنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ حَدِيْثُ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ مُسْتَغْنٍ بِنَفْسِهٖ اِذَا صَحَّ. [1]

"امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ کی حدیث جب صحیح ہو جائے تو اس کو کسی مدد کی ضرورت نہیں۔ وہ مستغنی ہے۔"

(۷۴) وَ كَانَ يَقُوْلُ اِذَا ثَبَتَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ بِاَبِیْ وَ اُمِّیْ شَیْءٌ لَمْ يَحِلَّ لَنَا تَرْكُهٗ. [2]

"امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ جب نبی ﷺ سے کوئی بات ثابت ہو تو اس کو چھوڑنا جائز نہیں۔"

(۷۵) بیہقی میں ہے کہ:۔

اِذَا وَجَدْتُّمْ فِیْ كِتَابِیْ خِلَافَ سُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَقُوْلُوْا بِسُنَّةٍ وَدَعُوْا مَا قُلْتُ.

"(امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے) جب تم میری کتاب میں خلاف سنت

---

[1] میزان الشعرانی: فصل فیما نقل عن الشافعی رحمۃ اللہ علیہ من ذم الرأی، ج ۱، ص ۷۳۔

[2] میزان الشعرانی: فصل فیما نقل عن الشافعی رحمۃ اللہ علیہ من ذم الرأی، ج ۱ ص ۷۴۔

رسول اللہ ﷺ کے بات پاؤ۔ تو سنت کے موافق کہو اور جو کچھ میں نے کہا ہے، اس کو چھوڑ دو۔"

(۷۶) قَالَ الشَّافِعِيُّ لِاَحْمَدَ اَنْتُمْ اَعْلَمُ بِالْاَخْبَارِ الصَّحِيْحَةِ مِنَّا فَاِذَا كَانَ خَبَرٌ صَحِيْحٌ فَاَعْلِمُوْنِيْ حَتّٰى اَذْهَبَ اِلَيْهِ. [1]

"امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے امام احمد رحمۃ اللہ علیہ سے کہا کہ صحیح حدیث کا علم تم کو ہم سے زیادہ ہے۔ جو حدیث صحیح ہوا کرے، وہ مجھ کو بتا دیا کرو۔ تا کہ میں اُسی کو اپنا مذہب قرار دوں۔"

(۷۷) لَا تُقَلِّدْنِيْ فِيْ كُلِّ مَآ اَقُوْلُ وَانْظُرْ فِيْ ذٰلِكَ لِنَفْسِكَ فَاِنَّهُ دِيْنٌ. [2]

"امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ میری تقلید ہر ایک بات میں ہرگز نہ کرنا اور اپنے واسطے حجت تلاش کرنا کیونکہ یہ دین کا معاملہ ہے۔"

(۷۸) نَهْيُهُ عَنْ تَقْلِيْدِهٖ وَ تَقْلِيْدِ غَيْرِهٖ لِيَنْظُرَ فِيْهِ لِدِيْنِهٖ وَ يَحْتَاطَ لِنَفْسِهٖ. [3]

"(مزنی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے) اپنی اور دوسروں کی تقلید سے منع کیا ہے تا کہ اس میں غور کرے اور اپنے واسطے بچاؤ کا راستہ تلاش کرے۔"

(۷۹) فَقَدْ صَحَّ عَنِ الشَّافِعِيِّ اَنَّهُ نَهٰى عَنْ تَقْلِيْدِهٖ وَعَنْ تَقْلِيْدِ غَيْرِهٖ. [4]

---

[1] حجۃ اللہ البالغۃ: مبحث السابع، باب الفرق بین اہل الحدیث واہل الرأی، ج۱ص۱۴۸۔

[2] حجۃ اللہ البالغۃ: مبحث السابع باب حکایت حال الناس قبل المأۃ الرابعۃ، ج۱ص۱۵۷۔

[3] عقد الجید: باب۳، ابن حزم کے کلام کا مصداق، ص۶۶۔

[4] عقد الجید: باب۳، ۱۔ ابن حزم کے کلام کا مصداق، ص۶۵۔۶۶۔

''تحقیق امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ سے ثابت ہو چکا ہے کہ انہوں نے اپنی تقلید اور غیر کی تقلید سے منع کیا ہے۔''

(۸۰) اعلام الموقعین میں ہے کہ:۔

فَقَالَ الشَّافِعِیُّ مَثَلُ الَّذِیْ یَطْلُبُ الْعِلْمَ بِلَاحُجَّۃٍ کَمَثَلِ حَاطِبِ لَیْلٍ یَّحْمِلُ حُزْمَۃَ حَطَبٍ وَّفِیْہِ اَفْعِی تَلْدَغُہٗ وَ ھُوَ لَا یَدْرِیْ.

''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ اس شخص کی مثال جو علم کو بلا دلیل طلب کرتا ہے رات کے لکڑ ہارے کی طرح ہے جو ایندھن کا ایک بوجھ اٹھانے جاتا ہے جس میں سانپ بھی ہے جو اسے ڈسے گا مگر اس کو معلوم نہیں۔''

اقوال امام احمد رحمۃ اللہ علیہ:

(۸۱)وَکَانَ الْاِمَامُ اَحْمَدُ یَقُوْلُ لَیْسَ لِاَحَدٍ مَّعَ اللّٰہِ وَ رَسُوْلِہٖ کَلَامٌ. [1]

''امام احمد رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ کسی کو اللہ و رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کلام کی گنجائش نہیں ہے۔''

(۸۲)وَ کَانَ وَلَدُہٗ عَبْدُ اللّٰہِ یَقُوْلُ سَأَلْتُ الْاِمَامَ اَحْمَدَ عَنِ الرَّجُلِ یَکُوْنُ فِیْ بَلَدٍ لَّا یَجِدُ فِیْھَا اِلَّا صَاحِبَ حَدِیْثٍ لَا یَعْرِفُ صَحِیْحَہٗ مِنْ سَقِیْمِہٖ وَ صَاحِبَ رَأیٍ فَمَنْ یَّسْأَلُ مِنْھُمَا عَنْ دِیْنِہٖ فَقَالَ یَسْأَلُ صَاحِبَ الْحَدِیْثِ وَ لَایَسْئَلُ صَاحِبَ الرَّأیِ. [2]

''احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کے بیٹے عبداللہ کہتے ہیں کہ میں نے اپنے باپ احمد بن حنبل سے دریافت کیا کہ ایسے شہر میں جہاں ایک محدث ہے کہ

---

[1] عقد الجید: باب ۵، الاقتصاد فی التقلید، ص ۱۴۳۔

[2] میزان الشعرانی: فصل فیما نقل عن الامام احمد من ذم الرأی، ج ۱ ص ۷۵۔

جو صحیح ضعیف حدیث کا علم نہیں رکھتا اور ایک صاحب الرائے یعنی فقیہ ہے اب آپ فرمائیں کہ کس سے فتویٰ پوچھیں؟ تو کہا: صاحب الحدیث سے نہ کہ صاحب الرائے سے۔"

(۸۳) قَالَ لَا تُقَلِّدْ دِيْنَكَ اَحَدًا مِّنْ هٰؤُلَآءِ مَا جَآءَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ وَ اَصْحَابِهٖ فَخُذْبِهٖ ثُمَّ التَّابِعِيُّ بَعْدُ الرَّجُلُ فِيْهِ مُخَيَّرٌ. ❶

"(امام احمد رحمۃ اللہ علیہ) فرماتے تھے کہ اپنا دین کسی ایک کی تقلید کر کے مت سپرد کردو۔ جو آنحضرت ﷺ سے اور صحابہ رضی اللہ عنہم سے پہنچے۔ اس پر عمل کرنا پھر تابعین رحمۃ اللہ علیہم میں انسان کو اختیار ہے۔"

(۸۴) يَقُوْلُ لَاتَكَادُ تَرَى اَحَدًا يَّنْظُرُ فِيْ كُتُبِ الرَّأْيِ غَالِبًا اِلَّاوَفِيْ قَلْبِهٖ دَغَلٌ. ❷

"اور (احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ) اکثر اوقات یہ ہی فرماتے کہ انسان جب کبھی رائے کی کتابوں کو دیکھتا اور غور کرتا ہے تو اس کا دل بگڑ جاتا ہے۔"

(۸۵) قَالَ سَمِعْتُ اَبَاعَبْدِاللّٰهِ اَحْمَدَبْنَ حَنْبَلٍ يُنْكِرُ عَلٰى اَصْحَابِ الْقِيَاسِ وَ يَتَكَلَّمُ فِيْهِ بِكَلَامٍ شَدِيْدٍ. ❸

"(خلال رحمۃ اللہ علیہ نے ابوبکر مروزی رحمۃ اللہ علیہ سے بیان کیا کہ) میں نے احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ سے سنا وہ قیاس والوں کو برا کہتے تھے اور ان کے بارے میں بہت سخت کلام کرتے تھے۔"

(۸۶) يَقُوْلُ كَثْرَةُ التَّقْلِيْدِ عَمًى فِي الْبَصِيْرَةِ كَاَنَّهٗ يَحُثُّ

---

❶ اعلام الموقعین: فصل نہی الائمۃ عن تقلیدھم، جلد۲، ص۱۷۸۔

❷ اعلام الموقعین: فصل المخالفون یعکسون القضیہ، ج۱ص۸۲۔ میزان الشعرانی: فصل فیما نقل عن الامام احمد من ذم الرأی، ج۱ص۷۵۔ ❸ اعلام الموقعین: فصل التابعون یذمون القیاس، ج۱ ص۲۴۵۔

الْعُلَمَآءَ عَلٰی اَنْ یَّاْخُذُوْا اَحْکَامَ دِیْنِھِمْ مِنْ عَیْنِ الشَّرِیْعَۃِ وَ لَا یَقْنَعُوْا بِالتَّقْلِیْدِ مِنْ خَلْفِ حِجَابِ اَحَدٍ مِّنَ الْمُجْتَھِدِیْنَ. [1]

''امام احمد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ اکثر تقلید کرنا اندھا پن ہے سمجھ میں۔ اس سے مقصود ان کا یہ ہے کہ علما احکام دین اصل چشمہ شریعت سے حاصل کریں اور پس پردہ کسی مجتہد کی آڑ میں تقلید پر قناعت نہ کریں۔''

(۸۷) یَقُوْلُ خُذُوْا عَمَلَکُمْ مِّنْ حَیْثُ اَخَذَہُ الْاَئِمَّۃُ وَ لَا تَقْنَعُوْا بِالتَّقْلِیْدِ فَاِنَّ ذٰلِکَ عَمًی فِی الْبَصِیْرَۃِ. [2]

''امام احمد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ اپنا علم اسی جگہ سے لو جہاں سے امام لیتے ہیں اور تقلید پر قناعت نہ کرو کیونکہ یہ اندھا پن ہے سمجھ میں۔''

(۸۸) لَا تُقَلِّدْنِیْ وَ لَا تُقَلِّدَنَّ مَالِکًا وَّلَا الْاَوْزَاعِیَّ وَ لَا النَّخْعِیَّ وَ لَا غَیْرَھُمْ وَخُذِالْاَحْکَامَ مِنْ حَیْثُ اَخَذُوْا مِنَ الْکِتَابِ وَالسُّنَّۃِ. [3]

''اور فرمایا کرتے تھے کہ میری تقلید نہ کرنا اور نہ مالک رحمۃ اللہ علیہ کی اور نہ اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ کی اور نہ نخعی رحمۃ اللہ علیہ کی اور نہ کسی اور کی تقلید کرنا اور احکام کو وہاں سے لو جہاں سے انہوں نے لئے ہیں۔ یعنی کتاب وسنت سے۔''

اقوال امام ابو یوسف وزفر وعافیہ بن یزید رحمۃ اللہ علیہ وحسن بن زیاد وعبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ

(۸۹) وَ عَنْ اَبِیْ یُوْسُفَ وَ زُفَرَوَعَافِیَۃَ بْنِ زَیْدٍ اَنَّھُمْ قَالُوْا لَایَحِلُّ

---

[1] میزان شعرانی: فصل فان ادّعی أحد من العلماء، ج ا ص ۳۸۔

[2] میزان الشعرانی: فصل فان قال قائل ان احدا لا یحتاج الی ذوق، ج ا ص ۱۷۔

[3] حجۃ اللہ البالغۃ: مبحث السابع، حکایۃ حال الناس قبل المائۃ الرابعۃ، ج ا، ص ۱۵۷۔ میزان الشعرانی: فصل فیما نقل عن الامام عن الامام احمد من ذمۃ الرأي وتقیدہ بالکتاب والسنۃ، ج ا ص ۷۶۔

لِاَحَدٍ اَنْ یُّفْتِیَ بِقَوْلِنَا مَا لَمْ یَعْلَمْ مِنْ اَیْنَ قُلْنَا. [1]

''ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ وزفر رحمۃ اللہ علیہ وعافیہ بن یزید رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ وہ کہتے تھے کسی کو حلال نہیں ہے کہ ہمارے قول پر فتویٰ دے۔ جب تک کہ یہ خبر نہ ہو کہ ہم نے کہاں سے کہا ہے۔''

(۹۰) بستان العارفین میں ہے کہ:۔

وَ رُوِیَ عَنْ عِصَامِ بْنِ یُوْسُفَ اَنَّهٗ قَالَ کُنْتُ فِی مَاتَمٍ فَاجْتَمَعَ فِیْهِ اَرْبَعَةٌ مِّنْ اَصْحَابِ اَبِی حَنِیْفَةَ مِنْهُمْ زُفَرُبْنُ الْهُذَیْلِ وَ اَبُوْیُوْسُفَ وَ عَافِیَةُ بْنُ یَزِیْدَ وَ اٰخَرٌ وَ هُوَالْحَسَنُ بْنُ زِیَادٍ فَکُلُّهُمْ اَجْمَعُوْا اَنَّهٗ لَا یَحِلُّ لِاَحَدٍ اَنْ یُّفْتِیَ بِقَوْلِنَا مَا لَمْ یَعْلَمْ مِنْ اَیْنَ قُلْنَا وَ رُوِیَ اَیْضًا عَنْ عِصَامِ بْنِ یُوْسُفَ اَنَّهٗ قِیْلَ لَهٗ اِنَّکَ تُکْثِرُ الْخِلَافَ لِاَبِیْ حَنِیْفَةَ فَقَالَ اِنَّ اَبَا حَنِیْفَةَ قَدْاُوْتِیَ مِنَ الْفَهْمِ مَالَمْ نُؤْتِ وَ لَایَسَعُنَا اَنْ نُفْتِیَ بِقَوْلِهٖ مَا لَمْ نَفْهَمْ مِنْ اَیْنَ قَالَ. [2]

''عصام رحمۃ اللہ علیہ بن یوسف سے روایت ہے وہ کہتے تھے کہ میں مجلس ماتم میں تھا کہ جس میں چاروں شاگرد ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے موجود تھے۔ زفر بن ہذیل رحمۃ اللہ علیہ، ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ، عافیہ بن یزید رحمۃ اللہ علیہ، حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ نامی۔ ان سب کا اس پر اتفاق ہوا کہ کسی کو زیبا نہیں کہ ہمارے قول پر فتویٰ دے۔ جب تک کہ یہ نہ جان لے کہ ہمارے قول کا ماخذ کیا ہے اور یہ بھی روایت عصام سے ہے کہ جب اُن سے کہا گیا کہ تم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے بہت اختلاف کرتے ہو؟ تو کہنے لگے کہ ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کو جتنی سمجھ بوجھ

---

[1] عقد الجید: فصل دوم مجتہد فی المذہب، ص ۸۰۔

[2] بستان فقیہ ابواللیث، ص ۱۳۔

دی گئی ہے ہم کو اتنی نہیں دی گئی۔ اور جو باتیں انہوں نے سمجھی ہیں ہم اس قدر نہیں سمجھ سکتے۔ اور ہم کو جس قدر فہم عطا ہوئی۔ ہم کو یہ سزاوار نہیں کہ ہم بے سوچے سمجھے ان کے قول پر فتویٰ دے دیں۔ جب تک کہ یہ نہ معلوم کر لیں کہ یہ فتویٰ کہاں سے دیا ہے۔ (یعنی کس حدیث سے)''

(۹۱) سَمِعْتُ اِبْنَ الْمُبَارَكِ فِیْ اٰخِرِ خَرْجَةٍ خَرَجَ فَقُلْنَا لَهٗ اَوْصِنَا فَقَالَ لَا تَتَّخِذُوْا الرَّأیَ اِمَامًا. [1]

''(محمد بن خاقان کہتے ہیں) کہ میں نے ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ سے ان کے آخری سفر میں سنا۔ ہم نے ان سے کہا کہ ہمیں وصیت کرو۔ فرمایا: رائے کو اپنا امام مت بنانا۔''

تقلید کی تردید فقہا و علما کے اقوال سے:

(۹۲) وَ قَالَ لَمْ یَزَلِ النَّاسُ یَسْئَلُوْنَ مَنِ اتَّفَقَ مِنَ الْعُلَمَاءِ مِنْ غَیْرِ تَقْیِیْدٍ لِّمَذْهَبٍ وَّ لَا اِنْكَارٍ عَلٰی اَحَدٍ مِّنَ السَّآئِلِیْنَ اِلٰی اَنْ ظَهَرَتْ هٰذِهِ الْمَذَاهِبُ وَ مُتَعَصِّبُوْهَا مِنَ الْمُقَلِّدِیْنَ فَاِنَّ اَحَدَهُمْ یَتَّبِعُ اِمَامَهٗ مَعَ بُعْدِ مَذْهَبِهٖ عَنِ الْاَدِلَّةِ مُقَلِّدًا لَهٗ فِیْمَا قَالَ كَاَنَّهٗ نَبِیٌّ اُرْسِلَ و هٰذَا نَاءٍ عَنِ الْحَقِّ وَ بُعْدٌ عَنِ الصَّوَابِ لَا یَرْضٰی بِهٖ اَحَدٌ مِّنْ اُولِی الْاَلْبَابِ وَ قَالَ اَبُوْ شَامَةَ یَنْبَغِیْ لِمَنِ اشْتَغَلَ بِالْفِقْهِ اَنْ لَّا یَقْتَصِرَ عَلٰی مَذْهَبِ اِمَامٍ . [2]

''کہا شیخ عزالدین عبدالسلام نے ہمیشہ سے لوگ اس پر تھے کہ علماء کے متفق فتویٰ دریافت کرتے بغیر کسی مذہب کی پابندی کے۔ اور نہ کوئی ان سائلین پر اعتراض کرتا تھا اور انکار کرتا تھا۔ یہاں تک کہ یہ مذاہب

---

[1] اعلام الموقعین: فصل التابعون یذمون الرأی، ج ۱ ص ۲۴۶۔

[2] حجۃ اللہ البالغۃ: مبحث السابع، باب حکایۃ حال الناس قبل المائۃ الرابعۃ، ج ۱ ص ۱۵۵۔

اربعہ ظاہر ہوئے اور مقلدین جوان مذاہب پر سخت متعصب ہیں۔اب ہرایک ان میں سے اپنے امام ہی کا تابع ہے۔اگرچہ اُس کا مذہب قرآن وحدیث کی دلیل سے دور ہو۔اوراسی کو ماننے والا ہے جواس نے کہا۔گویا کہ وہ امام ایک نبی مرسل ہےاور یہی تو حق سے دوری ہے اورصواب سے دور ہونا اس کو کوئی دانشمند پسند نہ کرے گا۔ابوشامہ نے کہا کہ جوشخص علم فقہ میں مشغول ہواس کوزیبا نہیں کہ کسی ایک امام کے مذہب کا پابند ہو۔"

(۹۳) منہاج السنہ جلد۲ص۹۱ میں ہے کہ:۔

فَاِنَّ هٰؤُلَآءِ الْاَئِمَّةَ (اَیِ الْاَرْبَعَةَ) لَمْ یَكُوْنُوْا عَلٰی عَصْرٍ وَّاحِدٍ بَلْ اَبُوْحَنِیْفَةَ تُوُفِّیَ سَنَةَ خَمْسِیْنَ وَ مِائَةٍ وَّمَالِكٌ سَنَةَ تِسْعٍ وَّسَبْعِیْنَ وَ مِائَةٍ وَّالشَّافِعِیُّ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّمِأتَیْنِ وَ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ سَنَةَ اِحْدٰی وَاَرْبَعِیْنَ وَ مِائَتَیْنِ وَ لَیْسَ فِیْ هٰؤُلَآءِ مَنْ یُّقَلِّدُ الْاٰخَرَ وَ لَا مَنْ یَّاْمُرُ بِاتِّبَاعِ النَّاسِ لَهٗ بَلْ كُلٌّ مِّنْهُمْ یَدْعُوْا اِلٰی مُتَابَعَةِ الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ وَ اِذْ قَالَ غَیْرُهٗ قَوْلًا یُّخَالِفُ الْكِتَابَ وَالسُّنَّةَ عِنْدَهٗ رَدَّهٗ وَ لَا یُوْجِبُ عَلَی النَّاسِ تَقْلِیْدَهٗ.

"یہ چاروں امام ایک زمانہ میں نہیں ہوئے ہیں۔امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ ۱۵۰ھ میں فوت ہوئے اور امالک رحمۃ اللہ علیہ ۱۷۹ھ میں فوت ہوئے۔اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ ۲۰۴ھ میں۔اور امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ ۲۴۱ھ میں فوت ہوئے تھےاوران میں سے کوئی پچھلا پہلے کی تقلید نہیں کرتا تھا۔ اورنہ لوگوں سے کہتا تھا کہ میری اتباع کرو۔یاان کی۔بلکہ ہرایک ان میں سے کتاب وسنت کے اتباع کی طرف بلاتا تھا۔اوران کو جب کوئی بات کتاب وسنت کے مخالف معلوم ہوتی تو فوراً رد کر دیتے تھےاوراپنی

تقلید کو انہوں نے کسی کے لئے ضروری نہ ٹھہرایا۔''

(۹۴) ایضاح الحق الصریح مطبوعہ فاروقی ص ۷۶ میں ہے کہ:۔

وارادہ و تقلید شخصے معین از مجتہدین و مشایخ درارکان دین لازم نے۔ بلکہ ہمیں قدر کافیست کہ وقتے کہ حاجتے پیش آیداز کسے ازیشان استفسار کردہ شود نہ آنکہ ارادہ و تقلید ہم مثل ایمان بالانبیاء از ارکان دین شمردہ شود و لقب حنفی و قادری بمشابہ لقب مسلمان و سنی اظہار کردہ شود و امتیاز از شافعیان و چشتیان مثل امتیاز از کفار و روافض از لوازم تدین شمردہ شود و انتقال را از مذہبی بمذہبے یا طریقہ بطریقہ مثل ارتداد و ابتداع و بغی موجب قتل وہتك معدود کردہ شود (الی قولہ) و عنوان و شعار خود محمدیہ خالصہ و تسنن قدیم بایدداشت خود را از متمسکان جُند محمدی صلی اللہ علیہ وسلم۔ [1]

''اور مرید ہونا اور مقلد ہونا کسی شخص معین کا مجتہدوں اور مشائخوں سے، ارکان دین میں نہیں ہے۔ بلکہ اسی قدر کافی ہے کہ جس وقت حاجت پیش آئے تو کسی سے ان لوگوں میں سے پوچھ لے۔ نہ یہ کہ مرید اور مقلد ہونا ایمان کا حصہ سمجھا جائے جیسا کہ نبیوں پر ایمان لایا جاتا ہے۔ اور لقب حنفی اور قادری مانند لقب مسلمان اور سنی کے ظاہر کیا جائے اور فرق شافعیوں و چشتیوں سے مانند فرق کافروں اور

[1] معیار الحق: باب دوم، ص ۱۳۰۔

رافضیوں کے لازمۂ دین سے گنا جائے۔اور فرق کرنا ایک مذہب سے دوسرے مذہب کی طرف اور ایک طریقے سے دوسرے طریقے کی طرف مانند مرتد اور باغی اور مبتدع ہونے کے سبب قتل اور ہتک عزت کا ہو۔ (آگے جا کے لکھتے ہیں) اور سرنامہ اور لباس (شعار) اپنا محمدی خالص اور طریقہ سنت پر ہمیشہ رکھنا چاہئے۔ اور کسی مذہب خاص کو اختیار نہ کرنا چاہئے اور نہ کسی طریقہ خاص میں داخل ہونا۔ بلکہ سب مذہبوں اور طریقوں کو عطاروں کی دکان کے مانند گننا چاہئے اور اپنے کو لشکر محمدی ﷺ میں داخل کرنا چاہئے۔''

(۹۵) کشف الغمہ ص۱۳ میں امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:۔

وَالْمَذْهَبُ الْوَاحِدُ بِلَا شَكٍّ لَا يَحْتَوِي عَلٰى كُلِّ اَحَادِيْثِ الشَّرِيْعَةِ اِلَّا اَنْ قَالَ صَاحِبُهٗ اِذَاصَحَّ الْحَدِيْثُ فَهُوَ مَذْهَبِيْ فَيَدْخُلُ فِيْ مَذْهَبِهٖ كُلُّ حَدِيْثٍ اسْتَدَلَّ بِهٖ مُجْتَهِدٌ مِّنَ الْمُجْتَهِدِيْنَ وَ قَدْ ثَبَتَ عَنِ الشَّافِعِيِّ ذٰلِكَ فَجَمِيْعُ الْمَذَاهِبِ عَلٰى هٰذَا مَذْهَبُ الشَّافِعِيِّ عِنْدَ كُلِّ مَنْ سَلِمَ مِنَ التَّعَصُّبِ فِي الدِّيْنِ. [1]

''یقیناً کوئی ایک مذہب بھی تمام احادیث شریعت پر حاوی نہیں ہو سکتا۔ خاص طور پر جب صاحب المذہب (امام) نے کہہ دیا کہ جب کبھی حدیث صحیح مل جائے تو وہی میرا مذہب ہے۔ اس قول کی بنا پر جتنی بھی حدیثیں ہیں کہ جن سے کسی بھی مجتہد نے استدلال کیا ہے اس کے مذہب میں داخل ہو جائیں گی اور اس کا مذہب ٹھہریں گی۔ اور (امام) شافعی سے بھی یہی ثابت ہے۔ اس صورت میں تمام مذاہب

---

[1] کشف الغمہ: ج۱، ص۸۔

اس قول کی وجہ سے شافعی کا مذہب ٹھہرے۔ ہر اُس شخص کے نزدیک کہ جس میں تعصب نہیں ہے۔''

(۹۶) علامہ شامی حنفی فرماتے ہیں کہ:۔

اَلْمَذْهَبُ الْوَاحِدُ مَرَّةً وَّاحِدَةً وَّمَرَّةً غَيْرَهُ غَيْرَ مُلْتَزِمِيْنَ مَذْهَبًا مُّعَيَّنًا فَلَوِالْتَزَمَ مَذْهَبًا مُّعَيَّنًا كَاَبِيْ حَنِيْفَةَ وَالشَّافِعِيِّ فَقِيْلَ يَلْزِمُ وَ قِيْلَ لَا وَقِيْلَ مِثْلُ مَنْ لَّمْ يَلْتَزِمْ وَ هُوَالْغَالِبُ عَلَى الظَّنِّ لِعَدَمِ مَايُوْجِبُهُ شَرْعًا. [1]

''سابق میں لوگوں کا طریقہ عمل تھا کہ وہ ایک دفعہ ایک عالم سے فتویٰ پوچھتے۔ دوسری دفعہ دوسرے سے، ایک ہی مفتی کی تعیین نہ کرتے تھے۔ آج کل کوئی ایک مذہب کو اپنے اوپر لازم سمجھے حنفی یا شافعی تو بعض کے نزدیک لازم نہیں ہوگا۔ بعض نے کہا ہے کہ اس کا لازم کرنا نہ کرنے والے کے برابر ہے۔ یہی راجح ہے کیونکہ شریعت میں کوئی حکم نہیں ہے جو تقلید شخصی کو لازم کرے۔''

(۹۷) وَ نَقَلَ يَعْنِى الشَّيْخَ عَبْدَالْوَهَّابِ الشَّعْرَانِيَّ عَنْ جَمَاعَةٍ عَظِيْمَةٍ مِّنْ عُلَمَاءِ الْمَذَاهِبِ اَنَّهُمْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ وَيُفْتُوْنَ بِالْمَذَاهِبِ مِنْ غَيْرِ اِلْتِزَامِ مَذْهَبٍ مُّعَيَّنٍ مِّنْ زَمَنِ اَصْحَابِ الْمَذَاهِبِ اِلٰى زَمَانِهِ. [2]

''شیخ عبدالوہاب نے علمائے مذاہب کی ایک بڑی جماعت سے نقل کیا ہے۔ فتویٰ دیتے تھے اور عمل کرتے تھے کسی ایک مذہب کو متعین کئے بغیر۔ مذاہب سے لے کر شیخ کے زمانہ تک۔''

---

[1] ردالمختار: شرح درمختار، جلد ص ۱۲۶۔

[2] عقدالجید: باب ۵، الاقتصاد فی التقلید، ص ۱۴۴۔

(۹۸) عقد الفرید میں ملا حسن شرنبلانی حنفی فرماتے ہیں کہ:۔

فَتَحَصَّلَ مِمَّا ذَكَرْنَاهُ اَنَّهُ لَيْسَ عَلَى الْاِنْسَانِ اِلْتِزَامُ مَذْهَبٍ مُّعَيَّنٍ [1]

''سو تمام مذکور سے حاصل کلام یہ ہوا کہ التزام مذہب معین کا آدمی پر ضروری نہیں۔''

(۹۹) تحصیل التعرف میں مولانا شاہ عبدالحق محدث دہلوی حنفی فرماتے ہیں کہ:۔

فَكَانَ طَرِيْقُ الْمُتَقَدِّمِيْنَ اَنَّهُمْ لَايَرَوْنَ اِلْتِزَامَ مَذْهَبٍ مُّعَيَّنٍ. [2]

''طریقہ متقدین میں التزام مذہب معین نہیں پایا جاتا۔''

(۱۰۰) اعلام الموقعین میں ہے کہ:۔

قَالَ اَبُو عَمْرٍو وَ ثَبَتَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ اَنَّهُ قَالَ يَذْهَبُ الْعُلَمَآءُ ثُمَّ يَتَّخِذُ النَّاسُ رُءُوْسًا جُهَّالًا يُسْئَلُوْنَ فَيُفْتُوْنَ بِغَيْرِ عِلْمٍ فَيَضِلُّوْنَ وَ يُضِلُّوْنَ قَالَ اَبُوْ عَمْرٍو هٰذَا كُلُّهُ نَفْيٌ لِلتَّقْلِيْدِ وَاِبْطَالٌ لَّهُ لِمَنْ فَهِمَهُ وَ هُدِیَ لِرُشْدِهٖ.

''ابوعمرو بن عبدالبر رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ سے ثابت ہے کہ آپ نے فرمایا علما ختم ہو جائیں گے۔ پھر لوگ جاہلوں کو اپنا پیشوا بنائیں گے۔ ان سے سوال کریں گے۔ وہ بغیر علم کے (اٹکل و قیاس سے) جواب دیں گے۔ خود گمراہ ہوں گے اور لوگوں کو بھی گمراہ کریں گے۔ ابن عبدالبر کہتے ہیں کہ اس میں تقلید کی تردید اور ابطال ہے، جو فہم رکھتا ہے اور ہدایت نصیب ہوئی اُسے، جو سمجھتا ہے۔''

(۱۰۱) بستان فقیہ ابواللیث، ص ۱۲ میں ہے کہ:۔

---

[1] معیار الحق: باب دوم منع تقلید میں، ص ۱۷۱۔

[2] معیار الحق: باب دوم، قول شیخ عبدالحق فی منع التقلید، ص ۱۳۲۔

وَ قَالَ الْفَقِيْهُ اَبُو اللَّيْثِ رَحِمَهُ اللّٰهُ لَا يَنْبَغِيْ لِاَحَدٍ اَنْ يُّفْتِيَ اِلَّا اَنْ يَّعْرِفَ اَقَاوِيْلَ الْعُلَمَآءِ يَعْنِيْ اَبَاحَنِيْفَةَ وَصَاحِبَيْهِ وَ يَعْلَمَ مِنْ اَيْنَ قَالُوْا وَ يَعْرِفَ مُعَامَلَاتِ النَّاسِ.

''فقیہ ابو اللیث رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ کسی کو بھی فتویٰ دینا جائز نہیں یہاں تک کہ علما کے اقوال کو سمجھ لے یعنی ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور صاحبین (ابو یوسف و محمد) کے قول کو۔ اور یہ بھی جانتا ہو کہ یہ قول کہاں سے لیا ہے (یعنی قرآن و حدیث سے اس کا استنباط معلوم ہو) اور لوگوں کے معاملات سے واقف ہو۔''

(۱۰۲) فتوحات مکیہ میں شیخ محی الدین ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:۔

وَصِيَّةُ الَّذِیْ اُوْصِيْکَ بِهٖ اِنْ كُنْتَ عَالِمًا فَحَرَامٌ عَلَيْکَ اَنْ تَعْمَلَ بِخِلَافِ مَآ اَعْطَاکَ اللّٰهُ دَلِيْلَهٗ وَ يَحْرُمُ عَلَيْکَ تَقْلِيْدُ غَيْرِکَ مَعَ تَمَكُّنِکَ مِنْ حُصُوْلِ الدَّلِيْلِ فَاِنْ لَّمْ تَكُنْ فِيْ هٰذِهِ الدَّرَجَةِ وَ كُنْتَ مُقَلِّدًا فَاِيَّاکَ اَنْ تَلْتَزِمَ مَذْهَبًا بِعَيْنِهٖ بَلْ اِعْمَلْ كَمَا اَمَرَکَ اللّٰهُ وَ هُوَ اَنْ تَسْاَلَ اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتَ لَا تَعْلَمُ وَ اَهْلُ الذِّكْرِ هُمُ الْعُلَمَآءُ بِالْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ.[1]

''جس بات کی میں تجھے وصیت کرتا ہوں وہ یہ ہے کہ اگر تو عالم ہے تو تجھ کو جو اللہ نے دلیل دی ہے اس کے برخلاف عمل کرنا حرام ہے، اور جب تجھے دلیل حاصل ہو سکتی ہے تو پھر تجھے اپنی ذات کے سوا کسی اور کی تقلید حرام ہے، اور اگر تو اس درجہ پر نہیں بلکہ مقلد ہے تو دیکھنا کہیں ایک ہی مذہب کو خاص کر لازم نہ کر لینا بلکہ جیسے تجھے اللہ تعالیٰ نے حکم

[1] معیار الحق: باب دوم، ذکر وصیۃ ابن العربی، ص ۲۱۶۔

فرمایا ہے ویسے ہی عمل کرنا۔ اور وہ یوں ہے کہ اگر تو خود عالم نہ ہو تو اہل ذکر سے پوچھنا۔ اور اہل ذکر وہ لوگ ہیں جو قرآن و حدیث سے واقف ہیں۔"

(۱۰۳) فتح القدیر میں علامہ ابن ہمام رحمۃ اللہ علیہ حنفی نے یوں تحریر فرمایا ہے کہ:۔

فَلَادَلِيْلَ عَلٰى وُجُوبِ اِتِّبَاعِ الْمُجْتَهِدِ الْمُعَيَّنِ بِالْزَامِ نَفْسِهٖ ذٰلِكَ قَوْلًا اَوْشَرْعًا بَلِ الدَّلِيْلُ اِقْتَضَى الْعَمَلَ بِقَوْلِ الْمُجْتَهِدِ فِيْمَا احْتَاجَ اِلَيْهِ لِقَوْلِهٖ تَعَالٰى ﴿فَاسْئَلُوْا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ۝﴾

"اپنے پر خاص ایک معین مجتہد کے قول و فعل کو لازم پکڑنے سے اس کی تقلید واجب ہونے پر کوئی بھی دلیل نہیں۔ بلکہ دلیل کا مقتضیٰ تو یہ ہے کہ خواہ کوئی سا مجتہد ہو اُس کے قول پر جس مسئلہ میں حاجت پڑے عمل کیا جائے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے ﴿فَاسْئَلُوْا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ﴾ [۱۶/النحل:۴۳] "یعنی پس پوچھ لو تم اہل ذکر سے اگر تم نہیں جانتے ہو۔"

(۱۰۴) شرح مسلم الثبوت میں مولانا بحر العلوم فرماتے ہیں کہ:۔

قَالَ الْقُرَافِيُّ اِنعَقَدَ الْاِجْمَاعُ عَلٰى اَنَّ مَنْ اَسْلَمَ فَلَهٗ اَنْ يُّقَلِّدَ مَنْ شَآءَ مِنَ الْعُلَمَآءِ مِنْ غَيْرِ نَكِيْرٍ وَّاَجْمَعَ الصَّحَابَةُ عَلٰى اَنَّ مَنِ اسْتَفْتٰى اَبَابَكْرٍ وَّعُمَرَ اَمِيْرَيِ الْمُؤْمِنِيْنَ فَلَهٗ اَنْ يَّسْتَفْتِيَ اَبَاهُرَيْرَةَ وَ مَعَاذَ بْنَ جَبَلٍ وَ غَيْرَهُمَا مِنْ غَيْرِ نَكِيْرٍ. [1]

"قرافی نے کہا ہے کہ اجماع ٹھہر چکا ہے اس پر کہ جو مسلمان ہے اسے

[1] معیار الحق: باب دوم منع تقلید میں، ص ۲۰۷۔

جائز ہے کہ بلا روک ٹوک علما میں سے جس کی پیروی چاہے کرے۔ اور متفق ہو گئے صحابہ رضی اللہ عنہم اس پر کہ جو فتوی پوچھے دونوں مومنوں کے سردار ابوبکر رضی اللہ عنہ اور عمر رضی اللہ عنہ سے تو اُسے جائز ہے کہ فتویٰ پوچھے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اور معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ وغیرہ سے اور بلا کھٹکے ان کے قولوں پر عمل کرے۔''

(۱۰۵) کتاب شرع عین العلم میں ملا علی قاری حنفی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:۔

وَ مِنَ الْمَعْلُوْمِ اَنَّ اللّٰهَ سُبْحَانَهٗ وَ تَعَالٰى مَا كَلَّفَ اَحَدًا اَنْ يَّكُوْنَ حَنَفِيًّا اَوْ مَالِكِيًّا اَوْ شَافِعِيًّا اَوْ حَنْبَلِيًّا بَلْ كَلَّفَهُمْ اَنْ يَّعْمَلُوْا بِالسُّنَّةِ. [1]

''یہ تو معلوم ہی ہے کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے کسی کو یہ تکلیف نہیں دی کہ حنفی بنے یا مالکی بنے یا شافعی بنے یا حنبلی بنے بلکہ انہیں یہ تکلیف دی ہے کہ وہ سنت کے مطابق عمل کریں۔''

(۱۰۶) القول السدید میں علامہ طحطاوی حنفی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:۔

اِعْلَمْ اَنَّهٗ لَمْ يُكَلِّفِ اللّٰهُ تَعَالٰى اَحَدًا مِّنْ عِبَادِهٖ بِاَنْ يَّكُوْنَ حَنَفِيًّا اَوْ مَا لِكِيًّا اَوْ شَافِعِيًّا اَوْ حَنْبَلِيًّا بَلْ اَوْجَبَ عِلْمَ الدِّيْنِ بِمَا بَعَثَ بِهٖ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا ﷺ وَالْعَمَلَ بِشَرِيْعَتِهٖ.

''جاننا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں میں سے کسی کو اس امر کی تکلیف نہیں دی۔ کہ وہ حنفی بنے یا مالکی بنے یا شافعی بنے یا حنبلی بنے۔ بلکہ اُن پر اسی بات پر ایمان لانا واجب کیا ہے جس کے لئے ہمارے سردار محمد ﷺ کو مبعوث کیا۔ اور عمل کرنا ان کی شریعت پر۔''

(۱۰۷) میزان شعرانی میں امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:۔

وَ كَانَ يَقُوْلُ اَيْضًا لَمْ يَبْلُغْنَا فِيْ حَدِيْثٍ صَحِيْحٍ وَّلَا ضَعِيْفٍ

---

[1] معیار الحق: باب دوم، قول ملا علی قاری فی منع التقلید، ص ۱۳۲۔

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَمَرَ اَحَدًا مِّنَ الْأَئِمَّةِ بِالْتِزَامِ مَذْهَبٍ مُّعَيَّنٍ.

"(امام ابن عبدالبر رحمۃ اللہ علیہ) یہ بھی فرماتے تھے کہ نہیں پہنچا ہم کو کسی حدیث صحیح میں اور نہ ضعیف میں کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا ہو کسی کو اپنی امت میں سے ساتھ التزام مذہب معین کے۔"

(۱۰۸) کتاب المبسوط میں ہے کہ:۔

وَ لَوْجَازَ التَّقْلِيْدُ كَانَ مَنْ مَّضٰى مِنْ قَبْلِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ مِثْلَ الْحَسَنِ الْبَصْرِيِّ وَ اِبْرَاهِيْمَ النَّخْعِيِّ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ تَعَالٰى اَحْرٰى اَنْ يُّقَلَّدُوْا. [1]

"اور اگر تقلید جائز ہوتی تو ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے پہلے جو لوگ تھے مثل حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ اور ابراہیم نخعی کے ان کی تقلید زیادہ بہتر تھی بہ نسبت ان کے۔"

(۱۰۹) سید اسماعیل شہید فرماتے ہیں کہ:۔

وَالْعَجَبُ مِنَ الْقَوْمِ لَايَخَافُوْنَ مِنْ مِّثْلِ هٰذَا الْاِتِّبَاعِ بَلْ يُحِيْفُوْنَ تَارِكَهٗ فَمَآ اَحَقُّ هٰذِهِ الْآيَةُ فِيْ جَوَابِهِمْ ﴿وَ كَيْفَ اَخَافُ مَآ اَشْرَكْتُمْ بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ عَلَيْكُمْ سُلْطَانًا فَاَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ اَحَقُّ بِالْاَمْنِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ﴾ فَتَدَبَّرْ وَانْصِفْ وَ لَاتَكُنْ مِّنَ الْمُمْتَرِيْنَ. [2]

"اور تعجب ہے ان لوگوں پر جو خوف نہیں کرتے اس طرح کی تقلید سے بلکہ ظلم کرتے ہیں اس کے چھوڑنے والے پر سو کیا خوب فٹ آتی ہے، یہ آیت ان لوگوں کے جواب میں ﴿وَ كَيْفَ اَخَافُ﴾ اور کیا میں ڈروں

[1] کتاب المبسوط: (سرخسی) کتاب الوقف ج ۱۲، ص ۲۸۔

[2] تنویر العینین: مطبوعہ صدیقی، ص ۳۹۔

گا تمہارے شریکوں سے اور تم نہیں ڈرتے اس سے کہ شریک کرتے ہو
اللہ کے ساتھ ان چیزوں کو نہیں اُتاری تم پر اللہ نے کوئی دلیل اس کی۔ سو
کون سی جماعت دونوں میں سزاوار ہے امن کی اگر جانتے ہو تم۔ سو غور
کرو اور انصاف کرو اور نہ ہو جا شک کرنے والوں سے۔"

(۱۱۰) فَلَوْ سَاغَ التَّقْلِيْدُ لَكَانَ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْ هٰؤُلَاءِ اَحَقَّ بِاَنْ يُّتَّبَعَ مِنْ غَيْرِهٖ. [1]

"پس اگر تقلید جائز ہوتی تو اس جماعت صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے ہر ایک
تقلید کے لئے غیر کی نسبت زیادہ حق دار تھا۔"

(۱۱۱) مولانا عبدالحی صاحب فرماتے ہیں کہ:۔

مختار بعض علماء آنست کہ تقلید مذہب معین
ضرور نیست ہرکس را اختیار است کہ بہر مذہبے کہ
خواہد عمل نماید۔ [2]

"بعض علماء کے نزدیک مختار یہ ہے کہ مذہب معین کی تقلید ضروری نہیں
ہے۔ ہر شخص کو اختیار ہے کہ جس مذہب پر چاہے عمل کرے۔"

(۱۱۲) شرح سفر السعادت میں مولوی عبدالحق صاحب محدث دہلوی حنفی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:۔

طریقہ پشینیان برخلاف این بود ایشان تعین
مذہب و اتباع مجتہد واحد را ازواجبات نمی
دانستند مجتہدان را عمل با جتہاد خودبود و سبیل
عوام رجوع بایشان نہ آنکہ التزام متابعت احدی

---

[1] عقد الجید: باب ۳، ابن حزم کا مسلک تقلید کے بارے میں، ص ۶۲۔

[2] فتاویٰ عبدالحی لکھنوی، ص ۱۶۲۔

کنندوانکار بردیگری نمایند۔

''سلف کا طریقہ اس کے خلاف تھا۔ وہ تعیین مذہب اور اتباعِ مجتہد واحد کو واجبات سے نہیں جانتے تھے۔ اور مجتہدوں کا عمل اپنے اجتہاد پر تھا۔ اور عوام کا طریقہ مجتہدوں سے رجوع کرنے کا تھا۔ اور اس کا التزام نہیں تھا کہ کسی ایک کی متابعت کریں اور دوسرے کی نہ کریں۔''

(۱۱۳) ردالمختار شرح درمختار میں علامہ شامی حنفی فرماتے ہیں:۔

لَیْسَ عَلَی الْاِنْسَانِ اِلْتِزَامُ مَذْهَبٍ مُّعَیَّنٍ.

''انسان پر مذہب معین کالازم پکڑنا واجب نہیں ہے۔''

(۱۱۴)فَاِنْ بَلَغَنَا حَدِیْثٌ مِّنَ الرَّسُوْلِ الْمَعْصُوْمِ الَّذِیْ فَرَضَ اللّٰهُ عَلَیْنَا طَاعَتَهٗ بِسَنَدٍ صَالِحٍ یَدُلُّ عَلٰی خِلَافِ مَذْهَبِهٖ وَ تَرَكْنَا حَدِیْثَهٗ وَاتَّبَعْنَا ذٰلِكَ التَّخْمِیْنَ فَمَنْ اَظْلَمُ مِنَّا وَمَا عُذْرُنَا یَوْمَ یَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ. [1]

''پس اگر ہم کو رسول معصوم کی حدیث پہنچ جائے جس کی اطاعت اللہ نے ہم پر فرض کی ہے۔ ساتھ صحیح سند کے، جو مذہب امام کے مخالف ہو اور ہم حدیث کو چھوڑ دیں اور اس بناوٹی بات (یعنی قول امام) کے پیچھے لگیں۔ پس ہم سے کون زیادہ ظالم ہے اور اُس دن ہمارا کوئی عذر نہیں ہوگا جس دن تمام لوگ رب العالمین کے سامنے کھڑے ہوں گے۔''

(۱۱۵) کلمات طیبات مکتوبات میرزا مظہر جان جاناں رحمۃ اللہ علیہ میں ہے کہ:۔

بر ہر افراد امت اتباع پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم واجب است و اتباع ہیچ یکے از ائمه واجب نیست۔

''ہر شخص پر اتباع پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی واجب ہے۔ اور اماموں میں سے کسی کی

---

[1] عقد الجید: باب ۳، ابن حزم کے کلام کا مصداق، ص ۷۱۔

اتباع واجب نہیں ہے۔“

(۱۱۶) طوالع الانوار حاشیہ درمختار میں ملا عابد سندھی فرماتے ہیں کہ:۔

وَوُجُوْبُ تَقْلِیْدِ مُجْتَھِدٍ مُّعَیَّنٍ لَا حُجَّةَ عَلَیْهِ لَا مِنْ جِهَةِ الشَّرِیْعَةِ وَ لَا مِنْ جِهَةِ الْعَقْلِ. [1]

”ایک مجتہد معین کی تقلید کے وجوب پر کوئی دلیل نہیں۔ نہ شریعت کی رو سے نہ عقل کی رو سے“۔

(۱۱۷) شرح مسلم الثبوت میں مولانا بحر العلوم حنفی فرماتے ہیں کہ:۔

وَیَتَخَرَّجُ مِنْهُ اَیْ مِمَّا ذُکِرَ اَنَّهُ لَا یَجِبُ الْاِسْتِمْرَارُ عَلٰی مَذْهَبٍ جَوَازُ اِتِّبَاعِهٖ رُخَصَ الْمَذَاهِبِ قَالَ فِیْ فَتْحِ الْقَدِیْرِ لَعَلَّ الْمَانِعِیْنَ لِلْاِنْتِقَالِ اِنَّمَا مَنَعُوْا لِئَلَّا یَتَتَبَّعُ اَحَدٌ رُخَصَ الْمَذَاهِبِ وَ قَالَ هُوَ رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی وَ لَا یَمْنَعُ مِنْهُ مَانِعٌ شَرْعِیٌّ اِذْ لِلْاِنْسَانِ اَنْ یَّسْلُکَ الْاَخَفَّ عَلَیْهِ اِذَا کَانَ لَهٗ اِلَیْهِ السَّبِیْلُ. [2]

”ہم نے جو ذکر کیا کہ ایک مذہب پر جمار ہنا واجب نہیں اس سے یہ بھی نکلتا ہے مذہبوں میں سے آسان آسان باتیں لینا جائز ہے۔ فتح القدیر میں لکھتے ہیں غالباً جو لوگ ایک مذہب سے دوسرے مذہب کی طرف انتقال کو منع کرتے ہیں تو وہ اس وجہ سے منع کرتے ہیں کہ کوئی آسان آسان باتیں مذہبوں کی نہ ڈھونڈے حالانکہ یہ اللہ تعالیٰ کی رحمت کو تنگ کرنا ہے اور کوئی مانع شرعی اس سے منع کرنے والا نہیں کیونکہ انسان کو اختیار ہے کہ گنجائش ہو تو جو آسان تر بات ہو اس کو

---

[1] الارشاد الی سبیل الرشاد: بیان انہ لا دلیل علی تقلید شخص معین، ص ۱۱۱۔

[2] معیار الحق: باب دوم، دسویں روایت، منع تقلید میں، ص ۱۱۶۔

اختیار کرے۔"

(۱۱۸) مَاثَمَّ اَحَدٌ حَقَّ لَهُ قَدَمُ الْوَلَايَةِ الْمُحَمَّدِيَّةِ اِلَّا وَ يَصِيرُ يَأْخُذُ اَحْكَامَ شَرْعِهٖ مِنْ حَيْثُ اَخَذَهَا الْمُجْتَهِدُوْنَ وَ يَنْفَكُّ عَنْهُ التَّقْلِيْدَ لِجَمِيْعِ الْعُلَمَآءِ اِلَّا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ ثُمَّ اِنْ نُقِلَ عَنْ اَحَدٍ مِّنَ الْاَوْلِيَآءِ اَنَّهُ كَانَ شَافِعِيًّا اَوْحَنَفِيًّا مَثَلًا فَذٰلِكَ قَبْلَ اَنْ يَّصِلَ اِلٰى مَقَامِ الْكَمَالِ. 1

"جس کسی کا قدم ولایت محمدیہ پر ٹھہرا وہ احکام شرع کے وہیں سے لیتا ہے جہاں سے مجتہدوں نے لئے اور تمام علماء کی تقلید سے علیحدہ ہو جاتا ہے۔ اگر کسی ولی سے منقول ہو کہ وہ شافعی تھا یا حنفی مثلاً تو مقام کمال پر پہنچنے سے پہلے کا ذکر ہے۔"

(۱۱۹) اِنَّ الْوَلِيَّ الْكَامِلَ لَايَكُوْنُ مُقَلِّدًا وَاِنَّمَا يَأْخُذُ عِلْمَهٗ مِنَ الْعَيْنِ الَّتِيْ اَخَذَ مِنْهَا الْمُجْتَهِدُوْنَ. 2

"ولی کامل مقلد نہیں ہوا کرتا۔ بلکہ وہ علم اُسی چشمہ سے لیتا ہے جس سے مجتہدوں نے لیا۔"

(۱۲۰) علامہ شیخ کروی اپنے رسالہ میں تحریر فرماتے ہیں کہ:۔

اِنَّ طَرِيْقَةَ الْمَشَايِخِ الصُّوْفِيَّةِ عُمُوْمًا وَّطَرِيْقَةِ الْاَكَابِرِ النَّقْشَبَنْدِيَّةِ خُصُوْصًا اِتِّبَاعُ السُّنَّةِ النَّبَوِيَّةِ وَ عَدَمُ التَّقْلِيْدِ بِمَذْهَبٍ مُّعَيَّنٍ. 3

"طریقہ مشائخ صوفیہ کا عموماً اور اکابر نقشبندیہ کا خصوصاً اتباع سنت

---

1 میزان الشعرانی: فصل ان قال قائل کیف الوصول الی الاطلاع علی عین الشریعۃ، ج ۱ ص ۲۸۔۲۹

2 میزان الشعرانی: فصل فان قلت ھذا فی حق العلماء باحکام الشریعۃ، ج ۱ ص ۳۱۔

3 الارشاد الی سبیل الرشاد: ص ۳۹۵۔

نبویہ ہے۔نہ کہ مذہب معین کا مقلد ہو رہنا۔"

(۱۲۱) ملا جیون تفسیر احمدی میں فرماتے ہیں کہ:۔

يَجُوزُلَهُ اَنْ يَّعْمَلَ بِمَذْهَبٍ ثُمَّ يَنْتَقِلَ اِلٰى اٰخَرَ كَمَانُقِلَ عَنْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْاَوْلِيَآءِ وَيَجُوْزُلَهُ اَنْ يَّعْمَلَ فِىْ مَسْئَلَةٍ عَلٰى مَذْهَبٍ وَّفِىْ اُخْرٰى عَلٰى اٰخَرَ كَمَاهُوَ مَذْهَبُ الصُّوْفِيَّةِ. [1]

"جائز ہے مقلد کو یہ کہ عمل کرے ایک مذہب پر پھر دوسرے مذہب کی طرف منتقل ہو جائے جیسا کہ بہت سے اولیاء سے منقول ہوا ہے اور جائز ہے کہ ایک مسئلہ میں ایک مذہب پر عمل کرے اور دوسرے مسئلہ میں دوسرے مذہب پر جیسا کہ صوفیہ کا مذہب ہے۔"

(۱۲۲) تحصیل التعرف میں مولانا شاہ عبدالحق محدث دہلوی فرماتے ہیں کہ:۔

وَمَذْهَبُهُمْ (الصُّوْفِيَّةُ) فِى الْاَحْكَامِ تَابِعٌ لِّلْفُقَهَآءِ فِى الْفُرُوْعِ وَالْاُصُوْلِ لِاَنَّهُمُ الَّذِيْنَ حَرَّرُوالْاَحْكَامَ وَ تَتَبَّعُوْ هَافِى الْفُصُوْلِ غَيْرَاَنَّهُمْ يَاْخُذُوْنَ مِنَ الْمَذَاهِبِ بِمَا يُوَافِقُ الْحَدِيْثَ. [2]

"مذہب صوفیہ کا احکام میں تابع فقہاء کے ہے۔اصول اور فروع میں کیونکہ انہوں نے احکام کو لکھا اور تتبع کیا۔مگر صوفی لوگ مذاہب میں سے (کسی کا مذہب ہو) وہ مسائل اختیار کرتے ہیں جو حدیث کے موافق ہوں۔"

(۱۲۳) تحریر معہ شرح تقریر و تحبیر میں علامہ ابن ہمام فرماتے ہیں کہ:۔

لَا وَاجِبَ اِلَّا مَآ اَوْجَبَهُ اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهُ وَ لَمْ يُوْجِبِ اللّٰهُ وَ لَا رَسُوْلُهُ عَلٰى اَحَدٍ مِّنَ النَّاسِ اَنْ يَّتَمَذْهَبَ بِمَذْهَبِ رَجُلٍ مِّنَ الْاَئِمَّةِ فَيُقَلِّدَهُ فِىْ دِيْنِهِ فِىْ كُلِّ مَايَاْتِىْ وَ يَذَرُ دُوْنَ غَيْرِهِ.

---

[1] الارشاد الی سبیل الرشاد: ص ۳۹۵۔ [2] الارشاد الی سبیل الرشاد: ص ۳۹۵۔

"اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے جو کچھ فرما دیا بس وہی واجب ہے۔ اس کے سوا اور کوئی چیز واجب نہیں ہے اور نہ اللہ نے اور نہ اللہ کے رسول ﷺ نے کسی شخص پر یہ واجب کیا ہے کہ امت میں سے کسی ایک شخص کا مذہب اختیار کر لے۔ اور اپنے ہر دینی کام میں خواہ وہ کام کرنے کا ہو یا چھوڑنے کا بس اُسی ایک شخص کی تقلید کرتا رہ جائے۔"

(۱۲۴) فَمَا الَّذِیْ خَصَّ اَبَاحَنِیْفَةَ وَ مَالِکًا وَّالشَّافِعِیَّ بِاَنْ یُّقَلَّدُوْا دُوْنَ اَبِیْ بَکْرٍ وَّعُمَرَ وَ عُثْمَانَ وَ عَلِیٍّ وَّ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَّابْنِ عَبَّاسٍ وَّعَائِشَةَ رضی اللہ عنہم وَ دُوْنَ سَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ وَالزُّهْرِیِّ وَ النَّخْعِیِّ وَالشَّعْبِیِّ وَ عَطَآءٍ وَّ طَاؤُس وَّالْحَسَنِ الْبَصْرِیِّ [1]

"سو معلوم نہیں وہ کیا چیز ہے جس نے خاص کر دیا ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور مالک رحمۃ اللہ علیہ اور شافعی رحمۃ اللہ علیہ کو کہ ان کی تقلید کی جاتی ہے۔ سوائے تقلید ابوبکر اور عمر اور عثمان اور علی اور ابن مسعود، ابن عباس اور عائشہ رضی اللہ عنہم کے اور سوا سعید بن میتب، زہری، نخعی، شعبی، عطا، طاوس اور حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے"۔

(۱۲۵) تقریر الاصول میں مولانا اکمل صاحب فرماتے ہیں کہ:۔

لَا یَلْزِمُ اَحَدًا اَنْ یَّتَمَذْهَبَ بِمَذْهَبِ اَحَدٍ مِّنَ الْاَئِمَّةِ بِحَیْثُ یَأْخُذُ بِاَقْوَالِهٖ کُلِّهَا وَیَدَعُ اَقْوَالَ غَیْرِهٖ کُلِّهَا. [2]

"کسی پر لازم نہیں کہ اماموں میں سے ایک امام کا مذہب ٹھہرا کر اس کے سب قول لے لے اور غیر کے سب چھوڑ دے۔"

(۱۲۶) العقد الفرید میں علامہ حسن شرنبلالی حنفی فرماتے ہیں کہ:۔

---

[1] معیار الحق: باب دوم تقلید کی بیان میں، ص ۵۲۔

[2] معیار الحق: باب دوم قول شیخ اکمل فی منع تقلید، ص ۱۲۰۔

فَتَحَصَّلَ مِمَّا ذَكَرْنَا اَنَّهٗ لَيْسَ عَلَى الْاِنْسَانِ اِلْتِزَامُ مَذْهَبٍ مُّعَيَّنٍ ❶

''حاصل کلام یہ ہوا کہ التزام مذہب معین کا آدمی پر ضروری نہیں۔''

(۱۲۷) وَ كَانَ الْاِمَامُ ابْنُ عَبْدِالْبَرِّ يَقُوْلُ وَ لَمْ يَبْلُغْنَا عَنْ اَحَدٍ مِّنَ الْاَئِمَّةِ اَنَّهٗ اَمَرَ اَصْحَابَهٗ بِالْتِزَامِ مَذْهَبٍ مُّعَيَّنٍ. ❷

''امام جو بیٹے عبدالبر کے تھے کہتے تھے کہ ہم کو کسی امام سے یہ روایت نہیں پہنچی کہ انہوں نے اپنے اصحاب کو التزامِ مذہب معین کا حکم کیا ہو۔''

(۱۲۸) جامع الفواد میں تاج الدین عثانی فرماتے ہیں کہ:۔

مَنْ يَّعْمَلُ بِقَوْلِ الْمُجْتَهِدِيْنَ فَهُوَ مُثَابٌ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ مَالَمْ يَجِدِالْحَدِيْثَ الصَّحِيْحَ الْمُتَّصِلَ الْاِسْنَادِ وَ اِذَا وَجَدَهٗ يَعْمَلُ بِالْحَدِيْثِ. ❸

''جو کوئی مجتہد کے قول پر عمل کرے گا تو وہ دونوں جہاں میں ثواب پائے گا۔ جب تک کہ حدیث صحیح متصل السند نہ پائے اور جب حدیث پائے تو اس پر عمل کرے۔''

(۱۲۹) منح الباری ترجمہ صحیح بخاری مطبوعہ لاہور کے ص ۱۲ میں منح الازہر مصنفہ ملا علی قاری حنفی سے منقول ہے کہ:۔

فِى الْخُلَاصَةِ مَنْ رَدَّ حَدِيْثًا قَالَ مَشَايِخُنَا يَكْفُرُ.

''خلاصہ میں ہے کہ جو کوئی رد کرے کسی حدیث کو تو کہا مشائخ نے کہ وہ کافر ہو جاتا ہے۔''

---

❶ معیار الحق: باب دوم تقلید کی بیان میں، ص ۱۲۲۔

❷ میزان الشعرانی: فصل وممایؤیدھذہ المیز ان عدم انکارا کابر العلماء فی کل عصر، ج ۱ ص ۴۹۔

❸ معیار الحق: باب دوم، اقوال علماء فی منع التقلید، ص ۲۹۔

(۱۳۰) سفر السعادت ص ۳ میں مجد الدین فیروز آبادی فرماتے ہیں کہ:۔

دریاب عبادات اعتماد کلی برآن کند یعنی ہرآنچہ از حدیث ثابت است و از خلاف زید و عمر و مہند یشند۔ ❶

''عبادات میں جو کچھ حدیث سے ہے اسی پر بھروسہ کرنا چاہئے۔ اور زید وعمرو کی مخالفت سے نہیں ڈرنا چاہیے۔''

(۱۳۱) ملا معین حنفی فرماتے ہیں کہ:۔

فَقَدْ اُخْرِجَ مَنْ اَصَرَّ مِنْهُمْ عَلٰی قَوْلِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ بِاَنَّهٗ لَا یُصَلِّیْهِمَا مَعَ صِحَّةِ الْحَدِیْثِ عِنْدَهٗ عَنْ اَنْ یُعَدَّ عَالِمًا لِذِهَابِهٖ عَلٰی خِلَافِ مُقْتَضَی الْعِلْمِ. ❷

''جو شخص کہ ہٹ (ضد و اہتمام) کرے اوپر قول ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے، اس طور کہ نہ پڑھے ان دو رکعتوں کو (حالت خطبہ میں جبکہ آئے) باوجود صحیح ہونے حدیث کے نزدیک اس کے، اس سے یہ کہ شمار کیا جائے عالم بسبب جانے اس کے خلاف مقتضی علم کے (حاصل یہ کہ کسی عالم کے قول کو حدیث کے معلوم ہونے کے بعد لینا کام جاہل کا ہے نہ کہ عالم کا)''

(۱۳۲) دراسات اللبیب میں ہے کہ:۔

وَالْاِمَامُ لَیْسَ بِمَعْصُوْمٍ حَتّٰی نُاَوِّلَ لَهٗ کَلِمَاتِ الشَّرِیْعَةِ وَ نَتْرُکَ حَقِیْقَةَ الْکَلَامِ وَ لَمْ یَاْذَنِ اللّٰهُ تَعَالٰی وَرَسُوْلُهٗ لِاَحَدٍ بِهٰذِهِ النُّصْرَةِ وَمَآ اُمِرْنَا بِاِتِّبَاعِ مَذْهَبٍ مِّنَ الْمَذَاهِبِ رَاْسًا فَضْلًا عَنْ اِتِّبَاعِ مَذْهَبٍ مُّعَیَّنٍ. ❸

''اور امام تو کوئی خطا سے بچا ہوا نہیں ہے کہ شریعت کے احکام

---

❶ معیار الحق: باب دوم اقوال علماء فی منع التقلید، ص ۷۹۔

❷ دراسات اللبیب: الدراسة الثالثة، ص ۱۱۹۔ ❸ دراسات اللبیب: الدراسة الثالثة، ص ۱۲۰۔

تاویلیں کر کے اس کے قول کے مطابق کیئے جائیں اور حقیقی معنی قرآن وحدیث کے چھوڑے جائیں۔ ایسی مدد کرنی کہ نہ اس کا حکم اللہ نے دیا ہے اور نہ اس کے رسول ﷺ نے۔ اور نہیں حکم دیئے گئے ہم کہ تابعداری کریں ہم کسی مذہب کی مذہبوں میں سے خاص کر کسی مذہب کی۔" (مطلب یہ ہے کہ اللہ نے اور اس کے رسول ﷺ نے ان چار مذہبوں میں سے کسی مذہب کے اتباع کا حکم نہیں دیا۔)

(۱۳۳) قرۃ العیون شرح سرور المحزون جو نواب محمد علی خان صاحب والی ٹونک کے حکم سے تالیف ہوئی ہے۔ اس کے حصہ پنجم کے ص ۱۳۹ میں تفسیر مظہری سے نقل کیا ہے:۔

وَاِنَّمَا قُلْتُ فِی الْعَمَلِ بِالْحَدِیْثِ اَنْ یَّکُوْنَ ذٰلِکَ الْحَدِیْثُ وَ قَدْ ذَھَبَ اِلَیْہِ اَحَدٌ مِّنَ الْاَئِمَّۃِ الْاَرْبَعَۃِ .

"(قاضی ثناء اللہ رحمۃ اللہ علیہ پانی پتی فرماتے ہیں) کہ کہا میں نے یعنی شرط کی میں نے عمل بالحدیث میں یہ کہ ہو وہ حدیث ایسی کہ ایک نے چاروں اماموں میں سے اُس پر عمل کیا ہو۔" (تو اس وقت اپنے مذہب کی تقلید چھوڑ کر کہ خلاف اس کے ہے اُس حدیث پر عمل کرنا چاہیئے۔)"

(۱۳۴) ردالمختار شرح درمختار مطبوعہ دہلی کی جلد اول کے ص ۴۶۰ میں علامہ شامی حنفی فرماتے ہیں کہ:۔

اِذَاصَحَّ الْحَدِیْثُ وَ کَانَ عَلٰی خِلَافِ الْمَذْھَبِ عُمِلَ بِالْحَدِیْثِ وَ یَکُوْنُ ذٰلِکَ مَذْھَبُہٗ وَ لَا یَخْرُجُ مَقَلِّدُہٗ عَنْ کَوْنِہٖ حَنَفِیًّا بِالْعَمَلِ بِہٖ . [1]

"جب اپنے مذہب کے خلاف صحیح حدیث ہاتھ لگے تو اُس حدیث پر عمل کیا جائے۔ اور یہ مذہب اس کا بن جائے گا اور کوئی حدیث پر عمل کرنے کے

---

[1] مقدمۃ عمدۃ الرعایۃ الدراسۃ الرابعۃ، ص ۱۴۔

باعث اپنے حنفی پن سے باہر نہ آئے گا۔"

(۱۳۵) فَاِنْ قُلْتَ فَمَآ اَصْنَعُ بِالْاَحَادِيْثِ الَّتِیْ صَحَّتْ بَعْدَ مَوْتِ اِمَامِیْ وَ لَمْ يَأْخُذْبِهَافَالْجَوَابُ الَّذِیْ يَنْبَغِیْ لَکَ اَنَّکَ تَعْمَلُ بِهَا فَاِنَّ اِمَامَکَ لَوْ ظَفَرَ بِهَا وَ صَحَّتْ عِنْدَهٗ لَرُبَّمَا کَانَ اَمَرَکَ بِهَا وَ مَنْ فَعَلَ مِثْلَ ذٰلِکَ فَقَدْحَازَالْخَيْرَ بِکِلْتَا يَدَيْهِ وَ مَنْ قَالَ لَآ اَعْمَلُ بِحَدِيْثٍ اِلَّا اَنْ اَخَذَبِهٖ اِمَامِیْ فَاتَهٗ خَيْرٌ کَثِيْرٌ کَمَا عَلَيْهِ کَثِيْرٌ مِّنَ الْمُقَلِّدِيْنَ لِاَئِمَّةِ الْمَذَاهِبِ وَ کَانَ الْاَوْلٰی لَهُمُ الْعَمَلُ بِکُلِّ حَدِيْثٍ صَحَّ بَعْدَ اِمَامِهِمْ. [1]

"اگر تو پوچھے اُن احادیث کے بارے میں کیا کروں جو میرے امام کی وفات کے بعد صحیح ثابت ہوئیں اور امام نے ان کو نہیں لیا تھا۔ تو جواب یہ ہے کہ تجھ کو لائق ہے کہ تو اُن پر عمل کرے۔ کیونکہ اگر تیرا امام ان کو پاتا تو انہیں کے ساتھ حکم دیتا۔ اور جس نے ایسا کیا تو اُس نے بھلائی کو دونوں ہاتھوں سے جمع کر لیا۔ اور جس نے کہا وہ حدیث جس کو میرے امام نے نہیں لیا میں اس پر عمل نہیں کروں گا تو اس کے ہاتھ سے خیر کثیر نکل گئی۔ جیسا کہ بہت سے مقلدین کا حال ہے حالانکہ لائق ان کو یہ تھا کہ وہ ہر حدیث پر عمل کرتے۔ جو ان کے امام کے بعد صحیح ثابت ہو جاتی۔"

(۱۳۶) میزان الشعرانی میں ہے کہ:۔

خِلَافُ مَا عَلَيْهِ بَعْضُ الْمُقَلِّدِيْنَ حَتّٰی اَنَّهٗ قَالَ لِیْ لَوْ وَجَدْتُّ حَدِيْثًا فِی الْبُخَارِیِّ اَوْ مُسْلِمٍ لَمْ يَأْخُذْبِهٖ اِمَامِیْ لَآاَعْمَلُ بِهٖ وَ ذٰلِکَ جَهْلٌ مِّنْهُ بِالشَّرِيْعَةِ وَ اَوَّلُ مَنْ يَّتَبَرَّأُ مِنْهُ اِمَامُهٗ. [2]

---

[1] میزان الشعرانی: فصل فیما اذا اجیب من نازعنی فی صحۃ ھذہ المیزان، ج ا ص ۳۶۔

[2] میزان الشعرانی: فصل ایاک یا اخی ان تبادر اول سماعک، ج ا ص ۱۵۔

''برخلاف اس کے کہ بعض مقلدین کا حال ہے کہ انہوں نے مجھ سے کہہ دیا کہ اگر میں کوئی حدیث بخاری یا مسلم میں پاؤں اور اس کو میرے امام نے نہ لیا ہو تو اُس پر میں عمل نہیں کروں گا۔ حالانکہ یہ اس کی شریعت کے ساتھ نادانی ہے۔ اور سب سے پہلے اس کا امام ہی اُس سے بری ہے۔ (یعنی ناراض ہے)''

(۱۳۷) **لَا یَکْمَلُ لِمُؤْمِنِ الْعَمَلُ بِالشَّرِیْعَةِ کُلِّهَا وَهُوَ مُتَقَلِّدٌ بِمَذْهَبٍ وَّاحِدٍ اَبَدًا وَّ لَوْقَالَ صَاحِبُهُ اِذَاصَحَّ الْحَدِیْثُ فَهُوَ مَذْهَبِیْ لَتَرَکَ ذٰلِکَ الْمُقَلِّدُ الْاَخْذَ بِاَحَادِیْثِ کَثِیْرَةٍ صَحَّتْ عِنْدَغَیْرِ اِمَامِهٖ وَهٰذَا مِنْ ذٰلِکَ الْمُقَلِّدِ عَمًی فِی الْبَصِیْرَةِ.** [1]

''مومن کا عمل تمام شریعت پر کبھی نہیں ہوسکتا جبکہ وہ کسی خاص مذہب کا مقلد ہو اگر چہ اس کا امام بھی یہ کہے کہ جب حدیث صحیح ہو تو وہ میرا ہی مذہب ہے۔ کیونکہ وہ مقلد بہت سی احادیث کو جو اوروں کے نزدیک صحیح ہیں امام کی مخالفت کی وجہ سے چھوڑ دے گا۔ یہ اُس کا اندھا پن ہے طریق حق سے۔''

(۱۳۸) **وَقَالَ الْقُرَافِیُّ یَجُوْزُا لِاِنْتِقَالُ مِنْ جَمِیْعِ الْمَذَاهِبِ اِلٰی بَعْضِهَا بَعْضًا فِیْ کُلِّ مَالَا یَنْتَقِضُ فِیْهِ حُکْمُ حَاکِمٍ.**

''قرافی کا قول ہے کہ ایک مذہب کو چھوڑ کر دوسرے مذہب میں منتقل ہونا جائز ہے ہر ایک ایسے مسئلہ میں جس میں حاکم کا حکم نہ ٹوٹے۔''

(۱۳۹) **نُقِلَ عَنِ الْاِمَامِ دَاؤُدَ وَکَانَ یَقُوْلُ اُنْظُرُوْا فِیْ اَمْرِ دِیْنِکُمْ فَاِنَّ التَّقْلِیْدَ لِغَیْرِ الْمَعْصُوْمِ مَذْمُوْمٌ وَفِیْهِ عَمًی**

---

[1] میزان الشعرانی: فصل فان قلت فماذا اجیب من نازعنی فی صحۃ ھذہ المیزان، ج۱ص۳۵۔

لِلْبَصِيْرَةِ. ❶

''امام داؤد (ظاہری) فرماتے تھے اپنے دین کے معاملات میں حجت تلاش کرو معصوم نبی کریم ﷺ کی۔ ان کے سوا دوسرے کی بات بلا دلیل ماننا (تقلید) بری بات ہے اور اس میں اندھاپن ہے۔''

(۱۴۰) صراط مستقیم مطبوعہ مجتبائی ص ۶۹ میں ہے کہ:۔

علم پیغمبر ﷺ را منحصر در علم یك شخص از مجتہدین نداند بلکه علم نبوی منتشر در آفاق گردیده بموجب مقتضیات وقت بہرکس رسیده و بعد ازاں که کتب مصنف شده آن علوم ظاہر گشته پس درہر مسئله که حدیث صحیح صریح غیر منسوخ یا بداتباع ہیچ مجتہد دراں نکندو اہل حدیث را مقتدای خود شناسدو بدل محبت ایشاں دارد و تعظیم ایشاں لازم شمرد که حاملانِ علم پیغمبر اندو بنوع فائده مصاحبت پیغمبر ﷺ حاصل کرده مقبول جناب رسالت مآب گشته اند۔

''یہ نہ سمجھنا چاہئے کہ جو علم پیغمبر ﷺ کو تھا وہ مجتہدوں میں سے کسی ایک شخص میں جمع ہو گیا ہے۔ جبکہ علم نبوی تمام دنیا میں پھیلا ہوا ہے اور زمانہ کی ضرورت کے موافق ہر شخص کو ملا ہے۔ کتابوں کے تصنیف ہونے کے بعد علوم ظاہر ہوئے۔ اس لئے جس مسئلہ میں حدیث صحیح صریح غیر منسوخ مل جائے۔ اس میں مجتہد کا اتباع نہ کرنا چاہئے۔ اور اہل حدیث کو اپنا مقتدا ماننا چاہئے اور دل میں اُن سے محبت رکھنی

---

❶ میزان الشعرانی: فصل فی ما نقل عن الامام احمد من ذم الرأی، ص ۶۵۔

چاہیے۔ ان کی تعظیم لازم جاننی چاہیے۔ کیونکہ محدثین علم پیغمبر کے حامل ہیں اور ایک طرح سے انہوں نے مصاحبت پیغمبر ﷺ سے فائدہ اٹھایا ہے اور مقبول جناب رسالت مآب ہوئے ہیں۔'' ❶

(۱۴۱) وَالْعَزْمُ عَلَى اَنَّهُ اِذَا ظَهَرَ حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ خِلَافَ مَا قَلَّدَ فِيْهِ تَرَكَ التَّقْلِيْدَ وَاتَّبَعَ الْحَدِيْثَ. ❷

''نیت یہ ہونی چاہیے کہ جب صحیح حدیث خلاف اپنے امام کے ظاہر ہو جس کی تقلید کی ہے تو تقلید چھوڑ دے گا اور حدیث پر عمل کرے گا۔''

(۱۴۲) اعلام الموقعین رحمۃ اللہ علیہ میں ہے کہ:۔

اِذْ لَاوَاجِبَ اِلَّا مَا اَوْجَبَهُ اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ وَ لَمْ يُوْجِبِ اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ عَلٰى اَحَدٍ مِّنَ النَّاسِ اَنْ يَّتَمَذْهَبَ بِمَذْهَبِ رَجُلٍ مِّنَ الْاُمَّةِ فَيُقَلِّدَهٗ دِيْنَهٗ دُوْنَ غَيْرِهٖ. ❸

''واجب نہیں مگر جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے واجب کیا۔ اللہ اور رسول ﷺ نے کسی آدمی پر یہ واجب نہیں کیا کہ کسی امام معین کا مذہب اختیار کرے اور اُسی کو اپنے دین کا کام سپرد کرے نہ دوسرے کسی کو۔''

(۱۴۳) وَ فِتْنَةُ هٰذَا الْجَدَلِ وَالْخِلَافِ وَالتَّعَمُّقِ قَرِيْبَةٌ مِّنَ الْفِتْنَةِ الْاُوْلٰى حِيْنَ تَشَاجَرُوْا فِى الْمُلْكِ وَانْتَصَرَ كُلُّ رَجُلٍ لِّصَاحِبِهٖ فَكَمَا اَعْقَبَتْ تِلْكَ مُلْكًا عَضُوْضًا وَ وَقَايِعَ صَمَّاءَ عُمْيَاءَ فَكَذٰلِكَ اَعْقَبَتْ هٰذِهٖ جَهْلًا وَّ اخْتِلَاطًا وَّ شُكُوْكًا وَّ وَهَمًا مَّا لَهَا مِنْ اَرْجَاءٍ فَنَشَاَتْ بَعْدَهُمْ قُرُوْنٌ عَلَى التَّقْلِيْدِ الصِّرْفِ لَا يُمَيِّزُوْنَ الْحَقَّ مِنَ الْبَاطِلِ وَلَا الْجَدَلَ

❶ صراط مستقیم اُردو، ص ۱۲۰، طبع ۱۹۶۱ء۔

❷ حجۃ اللہ البالغہ، بمبحث ۷، باب احکام الدین من التحریف، ج ۱، ص ۱۲۳۔

❸ اعلام الموقعین، بالقول فی التقلید، مذہب معین، ج ۲، ص ۲۶۲۔

عَنِ الْاِسْتِنْبَاطِ فَالْفَقِيْهُ يَوْمَئِذٍهُوَ الثَّرْثَارُ الْمُتَشَدِّقُ الَّذِیْ حَفِظَ اَقْوَالَ الْفُقَهَآءِ قَوِيَّهَا وَ ضَعِيْفَهَا مِنْ غَيْرِتَمِيْزٍ وَّ سَرَدَهَا بِشَقْشِقَةِ شِدْقَيْهِ وَالْمُحَدِّثُ مَنْ عَدَّالْاَحَادِيْثَ صَحِيْحَهَاوَّسَقِيْمَهَا وَ هَذَّهَا كَهَذِّ الْاَسْمَاءِ بِقُوَّةِ لَحْيَيْهِ وَ لَآ اَقُوْلُ ذٰلِكَ كُلِّيًّا مُطَّرِدًا فَاِنَّ لِلّٰهِ طَآئِفَةً مِنْ عِبَادِهٖ لَا يَضُرُّهُمْ مَنْ خَذَلَهُمْ وَ هُمْ حُجَّةُ اللّٰهِ فِیْ اَرْضِهٖ وَ اِنْ قَلُّوْا وَ لَمْ يَاْتِ قَرْنٌ بَعْدَ ذٰلِكَ اِلَّا وَ هُوَاَكْثَرُ فِتْنَةً وَّاَوْفَرُ تَقْلِيْدًاوَّاَشَدُّاِنْتِزَاعًا لِّلْاَمَانَةِ مِنْ صُدُوْرِ الرِّجَالِ حَتّٰى اِطْمَاَنُّوْابِتَرْكِ الْخَوْضِ فِیْ اَمْرِ الدِّيْنِ بِاَنْ يَّقُوْلُوْآ اِنَّا وَجَدْنَا اٰبَآءَ نَا عَلٰٓى اُمَّةٍ وَّ اِنَّا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ مُقْتَدُوْنَ وَ اِلَى اللّٰهِ الْمُشْتَكٰى. [1]

''اس مناظرے اور اختلاف وتکلف کا فتنہ خلافت سے قریب قریب ہے۔ جبکہ حکومت کے بارے میں جھگڑا کیا اور حمایت کی ہر ایک نے اپنے دوست کی، جیسا کہ اس فتنہ سے سلطنت نہیں ظلم وستم کا دور شروع ہوا، اور واقعات ناپسندیدہ کا۔ اسی طرح اس اختلاف ومناظرات سے جہالت واختلاف وشکوک کا دور شروع ہوگیا۔ جس کے ساتھ وہم وفکر اس قدر زائد ہے کہ انتہا نہیں' صدیاں محض تقلید پر گزر گئیں کہ جن کو حق و باطل کی تمیز نہ تھی اور جدل واستنباط میں فرق نہیں سمجھتے تھے۔ فقیہ اس زمانہ میں وہی ہے جو بہت زور وشور سے باچھیں بھر کر باتیں کرے اور **اقوال فقہاء کو یاد رکھے خواہ قوی** ہوں یا ضعیف' بغیر تمیز کے۔ اور ان **اقوال کو** جوش وخروش سے اور خوش بیانی سے نقل کردے۔ محدث وہ ہے

[1] حجۃ اللہ البالغۃ: باب حکایۃ حال الناس قبل المائۃ الرابعۃ، ج ا ص ۱۵۴۔

کہ جو حدیث صحیح وضعیف کو شمار کردے اوران کو جلد پڑھ کر سنائے ناموں کی طرح اپنے جبڑوں کی قوت سے۔ میں یہ کلی حکم نہیں لگاتا کیونکہ اللہ کے ایسے بندے بھی ہیں کہ جن کو لوگوں کی مخالفت کچھ ضرر نہیں پہنچاتی اور وہی اللہ کی حجت ہیں زمین پر۔ اگرچہ کم ہوں (اہل حدیث ہی اس کے مصداق ہیں) اور کوئی صدی ان کے بعد نہیں آئی مگر وہ ان سے زیادہ فتنے میں تھے اور قوی تر تقلید میں اور زیادہ خالی امانت سے ان کے سینے تھے۔ یہاں تک کہ دین کے معاملہ میں تحقیق واستدلال کو یہ کہہ کر چھوڑ بیٹھے کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک طریقہ پر پایا۔ اور ہم ان کے نشانوں (تقلید) پر چلتے ہیں۔ خدا ہی سے اس کی شکایت ہے۔"

(۱۴۴) قَالَ اَبُوْشَامَةَ يَنْبَغِيْ لِمَنِ اشْتَغَلَ بِالْفِقْهِ اَنْ لَّا يَقْتَصِرَ عَلٰى مَذْهَبِ اِمَامٍ وَّ يَعْتَقِدَ فِيْ كُلِّ مَسْئَلَةٍ صِحَّةَ مَا كَانَ اَقْرَبَ اِلٰى دَلَالَةِ الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ الْمُحْكَمَةِ. [1]

"امام ابوشامہ نے فرمایا کہ جو شخص فقہ میں مشغول ہو جائے اس کو چاہئے کہ کسی امام کے مذہب پر حصر (اکتفا) نہ کرے بلکہ ہر مسئلہ میں اُس چیز کی صحت کا معتقد ہو جو کتاب وسنت سے قریب ہو۔"

(۱۴۵) تفسیر احمدی مطبوعہ اخوان الصفاء ص ۲۲۷ میں ملا جیون رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:۔

وَبِالْجُمْلَةِ قَدِاسْتَدَلَّ بِهٖ مُنْكِرُوْا الْقِيَاسِ عَلٰى اَنَّ الْقِيَاسَ لَيْسَ بِحُجَّةٍ لِاَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى اَوْجَبَ رَدَّ الْمُخْتَلَفِ اِلٰى الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ دُوْنَ الْقِيَاسِ.

"حاصل کلام قیاس کے انکار کرنے والے قیاس کے غیر معتبر ہونے پر

---

[1] حجۃ اللہ البالغۃ: الکلام علی حال الناس قبل المائۃ الرابعۃ، ج ۱ ص ۱۵۵۔

اور حجت کے قابل نہ ہونے پر دلیل لاتے ہیں۔ کہ اللہ تعالیٰ نے اختلاف کی بات کو کتاب وسنت پر پیش کرنے کو کہا ہے نہ کہ قیاس پر۔"

(۱۴۶) مشارق الانوار القدسیہ میں امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:۔

وَسَمِعْتُ سَیِّدِیْ عَلِیَّ النَّبْتِیَّ یَقُوْلُ لِفَقِیْهٍ اِیَّاکَ یَا وَلَدِیْ وَ اَنْ تِعْمَلَ بِرَأیٍ رَاَیْتَهٗ مُخَالِفًا لِمَاصَحَّ فِی الْاَحَادِیْثِ وَ تَقُوْلُ هٰذَا مَذْهَبُ اِمَامِیْ فَاِنَّ الْاَئِمَّةَ کُلَّهُمْ تَبَرَّءُوْا مِنْ اَقْوَالِهِمْ اِذَا خَالَفَتْ صَرِیْحَ السُّنَّةِ وَ اَنْتَ مُقَلِّدٌ لِاَحَدِهِمْ بِلَاشَکٍّ فَمَا لَکَ لَا تُقَلِّدُهُمْ فِیْ هٰذَا الْقَوْلِ وَ تِعْمَلُ بِقَوْلِ اِمَامِکَ لِاِحْتِمَالِ اَنْ یَّکُوْنَ لَهٗ دَلِیْلٌ لَمْ تَطَّلِعْ اَنْتَ عَلَیْهِ. [1]

"اپنے سردار علی النبتی سے میں نے سنا ہے کہ فقیہ کے حق میں کہتے تھے: اے لڑکے! اس بات سے بچ کہ مخالف حدیث کے جو رائے ہو اس پر تو عمل کرے۔ اور کہے کہ یہ میرے امام کا مذہب ہے کیونکہ سارے امام اپنے اُن قولوں سے بیزار ہیں جو صریح حدیث کے مخالف ہوں اور تو خواہ مخواہ ان میں سے کسی ایک کا پیروکار ہے۔ پھر تجھ کو کیا ہو گیا کہ تو اس قول میں ان کی پیروی نہیں کرتا اور اس دلیل پر جو تجھے مل گئی ہے کیوں نہیں عمل کرتا۔ جس طرح ان کے قول پر عمل کرتا تھا اور اسکی کوئی دلیل گو مخفی ہو، قرار دیتا تھا۔"

(۱۴۷) فتوح الغیب ص ۱۴۱، مقالہ نمبر ۳۶ میں جناب حضرت محبوب سلطانی سید عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:۔

وَاجْعَلِ الْکِتَابَ وَالسُّنَّةَ اَمَامَکَ وَانْظُرْ فِیْهِمَا بِتَاَمُّلٍ وَ تَدَبُّرٍ وَاعْمَلْ بِهِمَا وَ لَاتَغْتَرَّ بِالْقَالِ وَالْقِیْلِ وَالْهَوَسِ. [2]

---

[1] معیار الحق: مطبوعہ رحمانی، ص ۴۹۔ [2] معیار الحق: باب دوم قول شیخ عبدالقادر فی منع التقلید، ص ۸۷۔

''کتاب وسنت کو اپنا پیشوا بنا اور نظر کر ان دونوں میں تامل اور فکر کے ساتھ اور ان پر عمل کر اور قیل وقال اور ہوس پر فریفتہ نہ ہو۔''

(۱۴۸) وصیت نامہ شاہ ولی اللہ صاحب ص ۲ میں ہے کہ:۔

ودائما تفریعات فقهیه رابر کتاب و سنت عرض نمودن آنچه موافق باشد درحیز قبول آوردن و الا کالائے بدسرش خاوند دادن امت را هیچ وقت از عرض مجتهدات بر کتاب و سنت استغنا حاصل نیست۔

''اور فقہ کی تفریعات کو ہمیشہ کتاب وسنت پر پیش کرتے رہیں۔ جو موافق ہو اس کو قبول کریں اور جو مخالف ہو اس کو چھوڑ دیں۔(کالائے بریش خاوند) اجتہادی مسائل کو قرآن وحدیث پر پیش کرنے سے امت کو کبھی استغنا حاصل نہیں۔''

(۱۴۹) دراسات اللبیب میں ہے کہ:

وَمِنَ الْاَدَبِ مَعَهُ ﷺ اَنْ لَّا يُسْتَشْكَلَ قَوْلُهُ ﷺ بَلْ يُسْتَشْكَلَ اٰرَاءُ الرِّجَالِ وَ اَقْوَالُ الْغَيْرِ لِقَوْلِهٖ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ لَا يُعَارَضَ نَصُّهُ بِقِيَاسٍ بَلْ يُهْدَرُ الْاَقْيِسَةُ وَ تُلَقّٰى لِنُصُوْصِهٖ۔ [1]

''ادب آنحضرت ﷺ کے ساتھ یہ ہے کہ ان کے قول میں شبہ نہ کیا جائے بلکہ لوگوں کی رائے اور قیاس میں شبہ کیا جائے۔ آپ ﷺ کے قول کی بناء پر اور حضرت کی نص کا قیاس کے ساتھ معارضہ نہ کیا جائے بلکہ ان کی نص کے مقابلہ میں تمام قیاسوں کو چھوڑ دیا جائے اور اس

[1] دراسات اللبیب: الدراسۃ الثالثۃ ما قالہ القسطلانی ومن الادب معہ ﷺ ص ۱۱۱۔

نص کو لے لیا جائے۔''

(۱۵۰) تحریر شرح تقریر جلد ۳ ص ۳۵۱ میں ہے کہ:۔

لَا یَصِحُّ لِلْعَامِیِّ مَذْهَبٌ وَّ لَوْ تَمَذْهَبَ بِهٖ لِاَنَّ الْمَذْهَبَ اِنَّمَا یَكُوْنُ لِمَنْ لَّهٗ نَوْعُ نَظَرٍ وَّاسْتِدْلَالٍ. [1]

''عامی کا تو کوئی مذہب صحیح ہی نہیں ہو سکتا اگر چہ وہ خود اپنا کوئی مذہب قرار دے۔ صرف صاحب نظر اور صاحب استدلال کا مذہب صحیح ہو سکتا ہے۔''

(۱۵۱) تحریر شرح تقریر وتحبیر ج ۳ ص ۳۵۱ میں ہے کہ:۔

اَمَّا مَنْ لَمْ یَتَأَهَّلْ لِذٰلِكَ الْبَتَّةَ بَلْ قَالَ اَنَا حَنَفِیٌّ اَوْ شَافِعِیٌّ اَوْ غَیْرُ ذٰلِكَ لَمْ یَصِرْ كَذٰلِكَ بِمُجَرَّدِ الْقَوْلِ. [2]

''لیکن وہ عامی جو قطعاً نظر واستدلال کی اہلیت نہیں رکھتا۔ بلکہ صرف اپنے آپ کو حنفی یا شافعی وغیرہ کہتا ہے تو عامی مذکور صرف کہنے سے ویسا (مثلاً حنفی یا شافعی) ہو نہیں جائے گا۔''

(۱۵۲) مغتنم الحصول میں علامہ حبیب اللہ قندھاری فرماتے ہیں کہ:۔

وَ لَمْ یُوْجَبْ عَلٰی اَحَدٍ اَنْ یَّتَمَذْهَبَ بِمَذْهَبِ اِمَامٍ بِعَیْنِهٖ اِلٰی اَنْ قَالَ بَلْ لَا یَصِحُّ لِلْعَامِیِّ مَذْهَبٌ وَّلَوْ تَمَذْهَبَ بِهٖ لِاَنَّ الْمَذْهَبَ اِنَّمَا یَكُوْنُ لِمَنْ لَّهٗ نَوْعُ نَظَرٍ وَّاسْتِدْلَالٍ وَّمَعْرِفَةٍ بِاَقْوَالِ اِمَامِهٖ وَاَحْكَامِهٖ وَ اَمَّا مَنْ لَّمْ یَتَأَهَّلْ لِذٰلِكَ وَ قَالَ اَنَا حَنَفِیٌّ اَوْ شَافِعِیٌّ كَانَ لَغْوًا كَقَوْلِهٖ اَنَا فَقِیْهٌ اَوْنَحْوِیٌّ.

''عامی کو کسی مذہب کی تقلید نہیں کرنی چاہئے اگر چہ وہ کرے بھی۔ کیونکہ مذہب اس آدمی کا ہے جو صاحب الرائے ہو اور طریق استدلال جانتا ہو

---

[1] أعلام الموقعین: القول فی التمذہب بمذہب معین، ج۴ ص ۲۳۲۔

[2] أعلام الموقعین: ایضاً ص ۲۳۳، ۲۳۴۔ معیار الحق: باب دوم قول ابن امیر الحاج، ص ۱۰۶۔

اور اپنے امام کے اقوال و احکام پہچانتا ہو۔ اور جو ایسا نہیں اس کا اپنے آپ کو حنفی شافعی کہنا لغو ہے مثلاً یہ کہے کہ میں نحوی ہوں یا فقیہ ہوں۔"

(۱۵۳) لٰكِنَّهٗ عَامِيٌّ لَّا يَعْرِفُ الْفِقْهَ وَ لَيْسَ لَهٗ مِنَ الْمَذَاهِبِ سِوَى الْاِسْمِ. [1]

"لیکن وہ تو عامی ہے فقہ نہیں جانتا اور وہ مذہب سے سوائے نام کے اور کچھ سروکار نہیں رکھتا۔"

(۱۵۴) اعلام الموقعین میں ہے کہ:۔

بَلْ لَا يَصِحُّ لِلْعَامِيِّ مَذْهَبٌ وَّلَوْ تَمَذْهَبَ بِهٖ فَالْعَامِيُّ لَامَذْهَبَ لَهٗ لِاَنَّ الْمَذْهَبَ اِنَّمَا يَكُوْنُ لِمَنْ لَّهٗ نَظَرٌ وَّ اِسْتِدْلَالٌ وَّيَكُوْنُ بَصِيْرًا بِالْمَذْهَبِ عَلٰى حَسْبِهٖ اَوْلِمَنْ قَرَاَكِتَابًا فِيْ فُرُوْعِ ذٰلِكَ الْمَذْهَبِ وَ عَرَفَ فَتَاوٰى اِمَامِهٖ وَاَقْوَالَهٗ وَ اَمَّا مَنْ لَّمْ يَتَاَهَّلْ لِذٰلِكَ اَلْبَتَّةَ بَلْ قَالَ اَنَا شَافِعِيٌّ اَوْحَنْبَلِيٌّ اَوْ غَيْرَ ذٰلِكَ لَمْ يَصِرْ كَذٰلِكَ بِمُجَرَّدِ الْقَوْلِ كَمَا لَوْ قَالَ اَنَا فَقِيْهٌ نَحْوِيٌّ اَوْ كَاتِبٌ لَمْ يَصِرْ كَذٰلِكَ بِمُجَرَّدِ قَوْلِهٖ. [2]

"عامی کا مذہب ہی صحیح نہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ مذہب اسی کا ہو سکتا ہے جو دلیل و حجت سے واقف ہو اور مذہب سے خوب آگاہ ہو۔ یا جو اُس مذہب کے مسائل کی کتاب پڑھ چکا ہو۔ اور اپنے امام کے فتاوی سے واقف ہو۔ مگر جو اس کا اہل نہ ہو بلکہ محض زبان سے کہے میں شافعی ہوں یا حنبلی ہوں یا علاوہ اس کے تو محض دعوی سے ایسا نہیں ہوسکتا۔ جیسا کہ اگر کہے میں فقیہ ہوں یا نحوی ہوں یا منشی ہوں۔ تو اس

---

[1] میزان الشعرانی: فصل فان ادعی احد من العلماء ذوق حذہ المیز ان: ج ۱ ص ۳۴۔

[2] معیار الحق: باب دوم قول ابن امیر الحاج، ص ۱۰۶۔ اعلام الموقعین: القول فی المتمذ ہب بمذہب معین ج ۴ ص ۲۳۲

دعویٰ سے وہ ایسا نہیں ہوسکتا۔"

(۱۵۵) کشف الغمہ مطبوعہ مصر ص ۱۱ میں امام شعرانی فرماتے ہیں کہ:۔

وَ ذٰلِکَ اَنَّکَ تَعْلَمُ یَااَخِیْ اَنَّ الشَّرِیْعَةَ الْمُطَهَّرَةَ جَاءَ تْ عَامَّةً وَ لَیْسَ مَذْهَبٌ اَوْلٰی بِهَا مِنْ مَّذْهَبٍ فَمَنِ ادَّعٰی تَخْصِیْصَهَا بِمَا ذَهَبَ اِلَیْهِ اِمَامُهٗ مِنَ الْمُقَلِّدِیْنَ فَقَدْ اَتٰی بَابًا مِّنَ الْکَبَآئِرِ

"اور یہ تو تو جانتا ہے کہ شریعت مطہرہ سب کے لئے آئی ہے، عام ہے۔ کسی مذہب کو دوسرے مذہب پر فوقیت نہیں۔ اور جس مقلد نے اپنے امام کے مذہب وقول کی فوقیت وخصوصیت کا دعویٰ کیا تو وہ کبیرہ کا مرتکب ہوگیا۔"

(۱۵۶) فتوحات مکیہ میں شیخ ابن عربی فرماتے ہیں کہ:۔

وَ لَا یَجُوْزُ تَرْکُ اٰیَةٍ اَوْخَبَرٍ صَحِیْحٍ بِقَوْلِ صَاحِبٍ اَوْ اِمَامٍ وَّمَنْ یَّفْعَلُ ذٰلِکَ فَقَدْضَلَّ ضَلَالًا مُّبِیْنًا وَّ خَرَجَ عَنْ دِیْنِ اللّٰهِ. [1]

"نہیں جائز کسی آیت یا خبر صحیح کا چھوڑنا کسی شخص کے قول سے خواہ امام ہی کیوں نہ ہو۔ اور جس نے یہ کیا وہ کھلم کھلا گمراہ ہے۔ اور اللہ کے دین سے خارج۔"

(۱۵۷) شرح تحریر میں مولانا عبدالعلی بحرالعلوم فرماتے ہیں کہ:۔

اِعْلَمْ اَنَّکَ قَدْعَلِمْتَ اَنَّ التَّکْلِیْفَ مِنَ الشَّارِعِ لَیْسَ اِلَّا الْعَمَلُ بِفَتْوٰی مُجْتَهِدٍ عَلٰی التَّخْیِیْرِ وتَخْصِیْصُ الْعَمَلِ بِفَتْوٰی مُجْتَهِدٍ دُوْنَ مُجْتَهِدٍ تَحَکُّمٌ لَّا یُلْتَفَتُ اِلَیْهِ بَلْ هُوَ تَغَیُّرٌ لِّحُکْمِ الشَّارِعِ مِنْ دُوْنِ بُرْهَانٍ وَ حَجْرُ رَحْمَةِ اللّٰهِ الْوَاسِعَةِ. [2]

"جان لے کہ شارع کی طرف سے فقط اتنی تکلیف ہے کہ کسی مجتہد

[1] معیار الحق: باب دوم بیان تقلید ائمۃ اربعۃ قول ابن عربی، ص ۸۷۔

[2] معیار الحق: باب دوم بیان تقلید ائمۃ اربعۃ، ص ۱۲۷۔

کے قول پر عمل کرے اور ایک مجتہد کے قول کو دوسرے کی بہ نسبت خاص کرنا، سینہ زوری ہے۔ اسکی طرف کچھ خیال نہ کرنا چاہئے۔ بلکہ وہ تبدیل کرنا ہے شریعت کے احکام کو بلا دلیل۔ اور تنگ کرنا ہے اللہ کی رحمت کو۔''

(۱۵۸) رسالہ عمل بالحدیث میں قاضی ثناء اللہ صاحب فرماتے ہیں کہ:۔

وَ مَنْ تَعَصَّبَ بِوَاحِدٍ بِعَيْنِهٖ مِنَ الْاَئِمَّةِ دُوْنَ الْبَاقِيْنَ كَالرَّافِضِيِّ وَالنَّاصِبِيِّ وَالْخَارِجِيِّ فَهٰذِهٖ طَرِيْقَةُ اَهْلِ الْبِدَعِ وَالْاَهْوَآءِ الَّذِيْنَ ثَبَتَ بِالْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ وَالْاِجْمَاعِ اَنَّهُمْ مَذْمُوْمُوْنَ خَارِجُوْنَ عَنِ الشَّرِيْعَةِ.

''جس کسی نے رافضیوں اور ناصبیوں اور خارجیوں کی طرح اور ائمہ کو چھوڑ کر ایک مذہب کا تعصب (لازم) کیا تو یہ طریقہ اہل بدعت اور نفسانیت کا ہے جن کے حق میں قرآن اور حدیث اور اجماع سے ثابت ہو چکا ہے کہ وہ ملامت شدہ شریعت سے خارج ہے۔''

(۱۵۹) مفاتیح لاسرار التراویح میں ہے۔ امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:۔

اَوَ كُلُّ مَا قَالَ بِهٖ اَبُوْ حَنِيْفَةَ اَقُوْلُ بِهٖ وَهَلْ يُقَلِّدُ اِلَّا عَصَبِيٌّ اَوْ غَبِيٌّ

''کیا جو کچھ ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے میں بھی وہی کہوں گا۔ اور کیا کند ذہن اور تعصب والے کے سوا کوئی اور بھی تقلید کرتا ہے۔''

(۱۶۰) **قَالَ التَّقْلِيْدُ حَرَامٌ وَّ لَا يَحِلُّ لِاَحَدٍ اَنْ يَّاْخُذَ قَوْلَ اَحَدٍ غَيْرَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ بِلَا بُرْهَانٍ.** [1]

''کہا تقلید حرام ہے۔ اور کسی کو حلال نہیں ہے کہ سوائے رسول اللہ ﷺ کے کسی کے قول کو بلا دلیل اخذ کرے۔''

---

[1] عقد الجید: ابن حزم کا مسلک تقلید کے بارے میں، ص ۵۸۔

(۱۶۱) مسلم الثبوت مع شرح بحر العلوم میں ہے کہ:۔

اِذْلَاوَاجِبَ اِلَّا مَآ اَوْجَبَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى وَالْحُكْمُ لَهُ وَ لَمْ يُوْجِبْ عَلٰى اَحَدٍ اَنْ يَّتَمَذْهَبَ بِمَذْهَبِ رَجُلٍ مِّنَ الْاَئِمَّةِ فَاِيْجَابُهُ تَشْرِيْعُ شَرْعٍ جَدِيْدٍ. ❶

''اس لئے کہ واجب صرف وہ چیز ہے جس کو اللہ نے واجب کیا ہو۔ اور حکم اسی کا ہے۔ اللہ نے کسی پر واجب نہیں کیا ہے کہ وہ اماموں میں سے کسی امام کا مذہب پکڑے۔ پس اس کا واجب ٹھہرانا شرع نئی نکالنا ہے۔''

(۱۶۲) سید اسماعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:۔

وَ قَدْ غَلٰى النَّاسُ فِي التَّقْلِيْدِ وَ تَعَصَّبُوْا فِيْ اِلْتِزَامِ تَقْلِيْدِ شَخْصٍ مُّعَيَّنٍ حَتّٰى مَنَعُوا الْاِجْتِهَادَ فِيْ مَسْئَلَةٍ وَّ مَنَعُوْا تَقْلِيْدَ غَيْرِ اِمَامِهٖ فِيْ بَعْضِ الْمَسَآئِلِ وَهٰذَا هِيَ الدَّآءُ الْعُضَالُ الَّتِيْ اَهْلَكَتِ الشِّيْعَةَ فَهٰؤُلَآءِ اَيْضًا اَشْرَفُوْا عَلٰى هَلَاكٍ. ❷

''اور بہت زیادتی کی ہے لوگوں نے تقلید کے بارے میں اور تعصب کیا ہے، لازم کر لینے میں، اپنے پر ایک شخص معین کی تقلید کو۔ یہاں تک کہ ایک مسئلہ میں بھی اجتہاد کرنے کو موقوف کر دیا۔ اور منع کر دیا تقلید کو سوائے اپنے امام کے بعض مسئلوں میں بھی اور یہ وہی سخت مرض ہے جس نے ہلاکت میں ڈالا شیعہ لوگوں کو۔ سو یہ لوگ بھی قریب پہنچے ہیں ہلاک ہونے کو۔''

---

❶ معیار الحق: باب الثانی فی بیان تقلید الائمۃ، ص ۱۱۲۔

❷ معیار الحق: باب الثانی فی بیان تقلید الائمۃ، قول شاہ اسمٰعیل رحمۃ اللہ علیہ، ص ۱۳۱، ۱۳۲۔ تنویر العینین: مطبوعہ صدیقی، ص ۳۴۔

(۱۶۳) الفوز الکبیر مطبوعہ مجتبائی ص ۱۰ میں شاہ ولی اللہ صاحب فرماتے ہیں کہ:۔

اگر نمونهٔ یهود خواهی که بینی علماء سؤ که طالب دنیا باشند و خوگر فته تقلید سلف و معرض نصوص از کتاب و سنت و تعمق و تشدد یا استحسان عالمی رامستند ساخته از کلام شارع معصوم بی پروا باشند و احادیث موضوعه و تأویلات فاسده را مقتدای خود ساخته باشند تماشا کن کا نهم هم۔

''اگر یہودیوں کا نمونہ تو دیکھنا چاہے تو بُرے علما کو جو دنیا کے طالب ہیں اور اگلوں کی تقلید کے خوگر ہیں اور کتاب وسنت ہی سے روگرداں ہیں اور تعمق اور تشدد ایک عالم کو سند پکڑ کر، کلام شارع معصوم سے بے پروا ہو گئے اور موضوع حدیثوں کو اور تاویلات فاسدہ کو اپنا مقتدا بنا رکھا ہے۔ دیکھ گویا کہ یہود ہی مقلد ہیں۔'' [1]

(۱۶۴) سید اسماعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:۔

فَعُلِمَ مِنْ هٰذَ اَنَّ اِتِّبَاعَ شَخْصٍ مُّعَيَّنٍ حَيْثُ يُتَمَسَّكُ بِقَوْلِهٖ وَ اِنْ ثَبَتَ عَلٰى خِلَافِهٖ دَلَائِلُ مِّنَ السُّنَّةِ وَالْكِتَابِ وَ يُأَوَّلُ اِلٰى قَوْلِهٖ شَوْبٌ مِّنَ النَّصْرَانِيَّةِ وَ حَظٌّ مِّنَ الشِّرْكِ. [2]

''پس معلوم ہوا اس (حدیث) سے کہ پیروی کرنا شخص معین کی اس طرح کہ تمسک کرے اُس کے قول کے ساتھ اور اگرچہ ثابت ہوں خلاف اس کے دلیلیں کتاب وسنت سے اور تاویل کرے کتاب وسنت کی طرف قول اس کے، شائبہ ہے نصرانیت کا اور حصہ شرک کا۔''

---

[1] الفوز الکبیرم: ترجم اردو ص ۱۷ [2] تنویر العینین: ص ۳۹۔

(۱۶۵) مجالس الابرار ص ۸۳ میں لکھا ہے کہ:۔

یَجِبُ عَلٰی کُلِّ مُؤْمِنٍ اَنْ یَعْتَنِیَ فِیْ مَعْرِفَۃِ اللّٰہِ تَعَالٰی وَ مَعْرِفَۃِ مَایَجِبُ عَلَیْہِ اِعْتِقَادُہٗ بِالنَّظْرِ وَالْاِسْتِدْلَالِ حَتّٰی یَخْرُجَ مِنَ التَّقْلِیْدِ وَ یَکُوْنَ مِنْ اَھْلِ الْیَقِیْنِ لِاَنَّ الْمُقَلِّدَ لَا یَقِیْنَ لَہٗ اَصْلًا.

''واجب ہے ہر مومن پر کہ معرفت الٰہی اور تمام اعتقادی امور میں نظر اور استدلال کیا کرے۔ تا کہ اہل تقلید سے نکل کر اہل یقین میں داخل ہو جائے کیونکہ مقلد کو یقین کا مرتبہ کبھی حاصل نہیں ہوتا۔''

(۱۶۶) قاضی ثناء اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ پانی پتی رسالہ عمل بالحدیث میں فرماتے ہیں کہ:۔

فَمَنْ یَّتَعَصَّبُ بِوَاحِدٍ مُّعَیَّنٍ غَیْرَ الرَّسُوْلِ ﷺ وَیَرَا اَنَّ قَوْلَہٗ ھُوَ الصَّوَابُ الَّذِیْ یَجِبُ اِتِّبَاعُہٗ دُوْنَ الْاَئِمَّۃِ الْاٰخَرِیْنَ فَھُوَ ضَالٌّ جَاھِلٌ [1].

''جو کوئی ایک ہی مذہب پر اڑا (کاربند) رہے سوائے رسول اللہ ﷺ کے۔ اور یہ جانے کہ اُسی کی بات صحیح واجب الاتباع ہے نہ کسی اور کی۔ تو وہ شخص گمراہ اور جاہل ہے۔''

(۱۶۷) ملا معین حنفی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:۔

مَنْ یَتَعَصَّبُ لِوَاحِدٍ مُّعَیَّنٍ غَیْرَ الرَّسُوْلِ ﷺ وَیَرٰی اَنَّ قَوْلَہٗ ھُوَ الصَّوَابُ الَّذِیْ یَجِبُ اِتِّبَاعُہٗ دُوْنَ الْاَئِمَّۃِ الْاٰخَرِیْنَ فَھُوَ ضَالٌّ جَاھِلٌ بَلْ قَدْیَکُوْنُ کَافِرًا یُسْتَتَابُ فَاِنْ تَابَ وَ اِلَّا قُتِلَ فَاِنَّہٗ مَتٰی اِعْتَقَدَ اَنَّہٗ یَجِبُ عَلَی النَّاسِ اِتِّبَاعُ وَاحِدٍ بِعَیْنِہٖ مِنْ ھٰذِہِ الْاَئِمَّۃِ دُوْنَ الْاٰخَرِیْنَ فَقَدْ جَعَلَہٗ بِمَنْزِلَۃِ النَّبِیِّ ﷺ

---

[1] معیار الحق: باب دوم، ص ۲۱۷۔

وَ ذٰلِکَ کُفْرٌ. 1

''(کہا ابن عز نے ہدایہ کے حاشیہ میں) جو شخص کہ رسول اللہ ﷺ کے سوا کسی اور خاص ایک ہی شخص کے مذہب پر اڑا رہے۔ اور یہ سمجھے کہ اُسی کی بات صحیح واجب الاتباع ہے۔ اور کسی کی ائمہ میں سے صحیح نہیں ہے۔ پس وہ گمراہ جاہل ہے بلکہ کافر ہی ہو جاتا ہے۔ اُس سے توبہ کروانی چاہئے۔ پس اگر توبہ کر لے تو بہتر ہے ورنہ قتل کیا جائے۔ کیونکہ جب اس نے اس بات کا اعتقاد کیا ہے کہ واجب ہے لوگوں پر متابعت کرنی ایک شخص کی۔ ان ائمہ سے سوائے اوروں کے۔ تو ٹھہرایا اس کو بمنزلہ نبی ﷺ کے اور یہ کفر ہے۔''

(۱۶۸) مسلم الثبوت میں فاضل بہاری فرماتے ہیں کہ:۔

اَلْعُدُوْلُ عَنِ الدَّلِیْلِ اِلَی التَّقْلِیْدِ خِلَافُ الْمَنْقُوْلِ کَیْفَ وَ فِیْہِ رَیْبٌ وَ قَدْ اُمِرْنَا بِتَرْکِہٖ فِی الْحَدِیْثِ الْمَنْقُوْلِ. 2

''دلیل سے پھر کر تقلید کی طرف آنا خلافِ عقل ہے۔ کیونکہ اس میں شک ہے اور شک کے چھوڑنے کا ہمیں حدیث میں حکم کیا گیا ہے۔''

(۱۶۹) شرح تحریر میں ابن ہمام حنفی فرماتے ہیں کہ:۔

اِعْلَمْ اَنَّکَ قَدْ عَلِمْتَ اَنَّ التَّکْلِیْفَ مِنَ الشَّارِعِ لَیْسَ اِلَّا الْعَمَلُ بِفَتْوٰی مُجْتَهِدٍ عَلَی التَّخْیِیْرِ وَ تَخْصِیْصُ الْعَمَلِ بِفَتْوٰی مُجْتَهِدٍ تَحَکُّمٌ لَا یُلْتَفَتُ اِلَیْہِ بَلْ ھُوَ تَغْیِیْرُ حُکْمِ الشَّارِعِ مِنْ دُوْنِ بُرْھَانٍ وَّ حَجْرُ رَحْمَةِ اللّٰہِ الْوَاسِعَةِ وَالصَّحَابَةُ اَحَقُّ بِالتَّقْلِیْدِ فَاِنَّھُمْ اَقْرَبُ اِلٰی اَخْذِ الْاَحْکَامِ مِنْ صَاحِبِ الْوَحْيِ. 3

---

1 دراسات اللبیب: الدراسۃ الرابعۃ، ص ۱۴۹۔

2 معیار الحق: باب دوم، فی بیان تقلید الائمۃ، ص ۶۹۔ 3 معیار الحق: ایضاً ص ۱۲۷۔

''یہ تو بیشک تیری جانی ہوئی بات ہے کہ شارع کی طرف سے تکلیف فقط اتنی ہی ہے کہ بلا قید کسی مجتہد کے قول پر عمل کیا جائے اور کسی مجتہد کی ہی تخصیص کرنا سینہ زوری ہے۔ اس کی طرف التفاف نہ کیا جائے۔ بلکہ یہ بدل ڈالنا ہے حکم شارع کا بلا دلیل اور اللہ کی رحمت فراخ کو تنگ کرنا ہے۔ اور صحابہ رضی اللہ عنہم بہت مستحق ہیں تقلید کے۔ کیونکہ وہ صاحب وحی سے اخذ حکم میں قریب ہیں۔''

(۱۷۰) عینی شرح ہدایہ میں ہے کہ:۔

وَ هٰذَا کُلُّهٗ مِنْ آفَةِ التَّقْلِيْدِ وَ عَدَمِ رُجُوْعِهِمْ اِلٰى مَدَارِكِ الْحَدِيْثِ. [1]

''اور یہ ساری غلطیاں تقلید کی آفت سے ہیں۔ اور ان لوگوں کی کتب حدیث کی طرف نہ رجوع کرنے کی وجہ سے۔''

(۱۷۱) مکتوبات امام ربانی جلد۲ مکتوب ۲۳ ص ۸۱ میں حضرت مجدد الف ثانی فرماتے ہیں

صوفیه وقت نیز اگر برسر انصاف بیایند وضعف اسلام و افشائے کذب را ملاحظه کنند باید که درماورائی سنت تقلید پیران خود نکنندو امور مخترعه رابه بهانه عمل شیوخ دیدن خود نگیر ند اتباع سنت البته منجی ست و مثمر خیرات و برکات و در تقلید غیر سنت خطر در خطر ست'' وَ مَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلَاغُ'' پیران مارا حضرت حق سبحانه و تعالیٰ از ماجزائے خیر دهد که ماوپسماندگان رابانیان امور مبتدعه دلالت نکرد ندو به تقلید خود

[1] عین الہدایۃ: کتاب الطہارت ج ۱ ص ۱۴۔ الارشاد مطبوعہ انصاری ص ۱۶۶۔

باور ظلمات مہلکۃ نیند اختند وجز متابعت سنت راہ نہ نمود ندو غیراز اتباع صاحب شریعت عَلَیْهِ وَ عَلٰی اٰلِهِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ وَ التَّحِیَّۃُ وغیراز عمل العزیمت ہدایت نفرمودند۔

''وقت کے صوفیہ بھی اگر انصاف پر آئیں اور ضعف اسلام اور جھوٹ کا شیوع ملاحظہ کریں تو ان کو چاہئے کہ بغیر اتباع سنت کے اپنے پیروں کی تقلید نہ کریں۔ اور بدعتی کاموں کو اتباع شیوخ کے بہانہ سے اختیار نہ کریں۔ اتباع سنت ہر حال میں موجب نجات اور خیرو برکات کا ذریعہ ہے اور غیر سنت کام کرنے میں ہر طرح خطرہ ہی خطرہ ہے۔ ہمارے پیروں نے ہم کو بدعتی کام کرنے کی ہدایت نہیں کی۔ اور اپنی تقلید کی گمراہی میں نہیں ڈالا۔ اور اتباع سنت کے سوا ہم کو کچھ نہیں بتایا۔ اور بغیر اتباع رسول اللہ ﷺ کے کچھ نہیں سکھایا۔ یہ سکھایا ہے کہ ہم ہلکے درجے کے رخصتی کام نہیں بلکہ اعلیٰ درجہ کے کام کیا کریں۔''

(۱۷۲) مولانا اسمٰعیل شہید فرماتے ہیں کہ:۔

وَ لَیْتَ شَعْرِیْ کَیْفَ یَجُوْزُ اِلْتِزَامُ تَقْلِیْدِ شَخْصٍ مُعَیَّنٍ مَعَ تَمَکُّنِ الرُّجُوْعِ اِلَی الرِّوَایَاتِ الْمَنْقُوْلَۃِ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ الصَّرِیْحَۃِ الدَّالَّۃِ خِلَافَ قَوْلِ الْاِمَامِ الْمُقَلَّدِ فَاِنْ لَّمْ یَتْرُکْ قَوْلَ اِمَامِهٖ فَفِیْهِ شَآئِبَۃٌ مِّنَ الشِّرْکِ۔ [1]

''مجھے معلوم نہیں ایک شخص معین کی تقلید کیسے ہوگئی باوجود ان روایات کے جو آنحضرت ﷺ سے منقول ہیں اور امام کے قول کے خلاف واضح دلالت کرتی ہیں پھر بھی اگر مقلد قول امام کو نہیں چھوڑتا تو اس

[1] تنویر العینین: مطبوعہ صدیقی، ص ۳۸۔

میں آمیزش شرک کی ہے۔“

(۱۷۳) ناظورۃ الحق مطبوعہ بلغار کے ص ۳۶ میں علامہ مرجانی حنفی لکھتے ہیں:۔

اِذَا صَحَّ الْحَدِیْثُ وَ عَارَضَهٗ قَوْلُ صَاحِبٍ اَوْ اِمَامٍ فَلَاسَبِیْلَ اِلَی الْعُدُوْلِ عَنِ الْحَدِیْثِ وَ یُتْرَکُ قَوْلُ ذٰلِکَ الْاِمَامِ وَالصَّاحِبِ لِلْخَبَرِ ثُمَّ قَالَ لَایَجُوْزُتَرْکُ اٰیَةٍ اَوْخَبَرٍ بِقَوْلِ صَاحِبٍ اَوْ اِمَامٍ وَ مَنْ یَّفْعَلُ ذٰلِکَ فَقَدْ ضَلَّ ضَلَالًا وَخَرَجَ عَنْ دِیْنِ اللّٰهِ.

”کوئی صحیح حدیث ہو اور اس کے مقابل پایا جائے قول کسی صاحب کا یا امام کا۔ تو حدیث چھوڑنے کی کوئی دلیل نہیں بلکہ حدیث کی وجہ سے امام اور صاحب کا قول چھوڑا جائے گا۔ پھر کہا کہ نہیں ترک کرنا جائز کسی آیت کا یا حدیث کا کسی صاحب یا امام کے قول سے۔ اور جو کوئی ایسا کرے پس وہ گمراہ ہے اور نکل گیا خدا کے دین سے۔“

(۱۷۴) **وَفِیْ مَنْ یَّکُوْنُ عَامِیًا وَّ یُقَلِّدُ رَجُلًا مِّنَ الْفُقَهَآءِ بِعَیْنِهٖ یَرٰی اَنَّهٗ یَمْتَنِعُ مِنْ مِّثْلِهِ الْخَطَاُ وَ اَنَّ مَاقَالَهٗ هُوَ الصَّوَابُ اَلْبَتَّةَ وَ اَضْمَرَ فِیْ قَلْبِهٖ اَنْ لَّا یَتْرُکَ تَقْلِیْدَهٗ وَ اِنْ ظَهَرَ الدَّلِیْلُ عَلٰی خِلَافِهٖ وَ ذٰلِکَ مَا رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ عَنْ عَدِیِّ بْنِ حَاتِمٍ.** [1]

”اور جو شخص انجان ہو اور فقہا میں سے کسی ایک کی تقلید کرے یہ سمجھ کر کہ ایسے شخص سے خطا مشکل ہے اور یہ جو کہتا ہے یہی ٹھیک ہے۔ اور دل میں یہ بات ٹھہرا رکھے کہ اس کی تقلید نہ چھوڑوں گا۔ اگرچہ اسکے خلاف دلیل قائم ہو وہ اس حدیث کا مصداق ہے جو ترمذی نے عدی بن حاتم سے روایت کی ہے۔ (عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے سنا

---

[1] عقد الجید: باب ۱۳ ابن حزم کے کلام کا مصداق ص ۶۶۔۶۷۔

حضرت ﷺ سے آپ یہ آیت پڑھتے تھے کہ ٹھہرایا یہود ونصاریٰ نے اپنے عالموں اور درویشوں کو پروردگار اللہ کو چھوڑ کر۔ فرمایا کہ یہ لوگ ان کی بندگی نہیں کرتے تھے۔ اُن کا یہ حال تھا کہ جس چیز کو وہ حلال بتاتے تھے، انہیں وہ حلال جانتے تھے اور جب ان کو کوئی چیز حرام بتا دیتے، تو اسے حرام جانتے)۔''

(۱۷۵) وَالْوَجْهُ الثَّانِيُ اَنْ يَّظُنَّ بِفَقِيْهٍ اَنَّهُ بَلَغَ الْغَايَةَ الْقُصْوٰى فَلَا يُمْكِنُ اَنْ يُّخْطِئَ فَمَهْمَا بَلَغَهُ حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ صَرِيْحٌ يُخَالِفُ مَقَالَتَهُ لَمْ يَتْرُكْهُ اَوْظَنَّ اَنَّهُ لَمَّا قَلَّدَهُ كَلَّفَهُ اللّٰهُ بِمَقَالَتِهٖ وَ كَانَ كَالسَّفِيْهِ الْمَحْجُوْرِ عَلَيْهِ فَاِذَابَلَغَهُ حَدِيْثٌ وَاسْتَيْقَنَ بِصِحَّتِهٖ لَمْ يَقْبَلْهُ لِكَوْنِ ذِمَّتِهٖ مَشْغُوْلَةً بِالتَّقْلِيْدِ فَهٰذَا اِعْتِقَادٌ فَاسِدٌ وَ قَوْلٌ كَاسِدٌ لَيْسَ لَهُ شَاهِدٌ مِّنَ النَّقْلِ وَالْعَقْلِ وَ مَا كَانَ اَحَدٌ مِّنَ الْقُرُوْنِ السَّابِقَةِ يَفْعَلُ ذٰلِكَ. [1]

''اور دوسری قسم یہ ہے کہ کسی فقیہ کے حق میں یہ گمان کرے کہ نہایت کے درجہ کو پہنچ گیا ہے۔ سوممکن نہیں کہ یہ خطا کرے پھر جب اس مقلد کو صحیح صریح ایسی حدیث ملے کہ فقیہ کے قول کے خلاف ہو تو قول کو نہ چھوڑے یا یہ خیال کرے کہ جب میں اس کا مقلد ہو گیا تو میرے حق میں اللہ کا حکم ہی اسی کا قول ہے اور یہ مقلد ایسا ہے جیسا بیوقوف ممنوع التصرف' پھر اس کو حدیث مل جائے اور صحت کا یقین بھی کرے تو بھی نہ مانے اور خود کو تقلید ہی میں مشغول رکھے۔ سو یہ اعتقاد فاسد ہے اور کھوٹی بات۔ اس کا کوئی شاہد نہیں ہے نہ نقل نہ عقل اور طبقات سابقہ میں سے کوئی نہ تھا کہ ایسا کرتا۔''

[1] عقد الجید: مسئلہ ۵، تقلید واجب تقلید حرام، ص ۱۲۳۔

(۱۷۶) وَقَالَ یَعْنِیْ شَیْخَ ابْنَ عَبْدِالسَّلَامِ لَمْ یَزَلِ النَّاسُ یَسْئَلُوْنَ مَنِ اتَّفَقَ مِنَ الْعُلَمَآءِ مِنْ غَیْرِ تَقْیِیْدٍ لِّمَذْهَبٍ وَّ لَا اِنْکَارٍ عَلٰی اَحَدٍ مِّنَ السَّآئِلِیْنَ اِلٰی اَنْ ظَهَرَتْ هٰذِهِ الْمَذَاهِبُ وَ مُتَعَصِّبُوْهَا مِنَ الْمُقَلِّدِیْنَ. [1]

''شیخ ابن عبدالسلام نے کہا کہ بلا قید ایک مذہب کے ہمیشہ لوگ جس عالم سے اتفاق پڑ گیا اس سے فتویٰ لیتے رہے ہیں اور کوئی مانع نہیں ہوا یہاں تک کہ مذہبوں کے ہٹ دھرم پیدا ہوئے۔''

(۱۷۷) الغزالی مطبوعہ شمسی عنبر حیدر آباد ص ۱۹۹ میں ہے کہ:۔

حَتّٰی انْحَلَّتْ عَنِّیْ رَابِطَةُ التَّقْلِیْدِ فَتَحَرَّکَ بَاطِنِیْ اِلٰی طَلَبِ حَقِیْقَةِ فِطْرَةِ الْاَصْلِیَّةِ.

''یہاں تک کہ تقلید کی بندش ٹوٹ گئی اور طبیعت کو یہ تلاش ہوئی کہ فطرت اصل کی حقیقت کیا ہے۔ تقلید کا پردہ آنکھوں سے اٹھایا تو نظر آیا کہ اسلامی عقائد و اخلاق' اسلامی علوم اسلامی اصول حکمت ایک بھی اس حالت پر نہیں جو قرون اولیٰ میں تھی۔''

(۱۷۸) مستصفی مصری جلد ۲ ص ۳۸۸ میں ہے کہ:۔

اِذَا وَجَبَتِ الْمَعْرِفَةُ کَانَ التَّقْلِیْدُ جَهْلاً وَ ضَلَالًا.

''جب علم ہو چکا تو تقلید جہل اور ضلالت ہے۔''

(۱۷۹) اطواق الذہب مطبوعہ مصر ص ۷۴ میں علامہ زمخشری نے یہ مثل لکھی ہے کہ:۔

اِنْ کَانَ لِلضَّلَالِ اُمٌّ فَالتَّقْلِیْدُ اُمُّهٗ فَلَاجَرَمَ اَنَّ الْجَاهِلَ یَؤُمُّهٗ

''اگر گمراہی کے لئے کوئی اصل ہے (یعنی ماں) تو تقلید ہی اس کی جڑ ہے۔ حاصل کلام جاہل ہی اس کو اصل ٹھہراتا ہے یعنی جاہل ہی

[1] حجۃ اللہ البالغۃ: مبحث السابع، باب حال الناس قبل المائۃ الرابعۃ ج ۱ ص ۱۵۵۔

تقلید کرتا ہے۔"

(۱۸۰) معیار الحق مطبوعہ رحمانی ص۲۵۲ میں ہے کہ:۔

فَاهْرِبْ عَنِ التَّقْلِيْدِ فَهُوَ ضَلَالٌ لَهُ اِنَّ الْمُقَلِّدَ فِيْ سَبِيْلِ الْهَالِكِ

"بھاگ تو تقلید سے کیونکہ وہ گمراہی ہے بیشک مقلد ہلاکت کے راستہ میں ہے۔"

(۱۸۱) شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ صاحب فرماتے ہیں:۔

خلاف پیغمبر کسے رہ گزید، که هرگز بمنزل نخواهد رسید

"نبی کے خلاف جس کسی نے راستہ اختیار کیا وہ منزل پر کبھی نہیں پہنچے گا۔"

(۱۸۲) مپندار سعدی که راه صفا ، توان رفت جز درپۓ مصطفیٰ

"اے سعدی اس خیال میں نہ رَہ کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی چھوڑ کر سیدھے راستے پر چل سکے۔" [1]

(۱۸۳) عبادت به تقلید گمراهیت خنك رهروی راکه آگاهیست

"تقلید کے ساتھ عبادت گمراہی ہے وہی سالک اچھا ہے کہ جس کو آگاہی (تحقیق) ہے۔"

(۱۸۴) ایضاً مثنوی مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ مطبوعہ نولشکور بارہشتم میں ہے:

زانکه تقلید آفتِ دہر نیکوی است

که بود تقلید اگر کوهِ قوی است [ص۱۱۱]

"تمام نیکوکاری کے لئے تقلید بمنزلہ آفت کے ہے، گھاس کے برابر ہے تقلید اگرچہ قوی پہاڑ کیوں نہ ہو۔"

(۱۸۵) نوحه گر باشد مقلد در حدیث

جز طمع نبود مراد آن خبیث [ص۱۱۱]

---

[1] بوستان: ص۹۔

''رونے والا ہوتا ہے مقلد حدیث میں' سوا طمع کے مراد نہیں ہوتی
اُس خبیث کی۔''

(۱۸۶) منبعِ گفتار این سوزے بود وان مقلد کہنہ آموزے بود [ص۱۱۱]
''محقق جو بات کرتا ہے دل سے کرتا ہے' مقلد پرانی لکیر کا فقیر ہوتا ہے۔''

(۱۸۷) بشنو این قصہ پۓ تہدیدرا تا بدانی آفتِ تقلید را
''تہدید کے لئے اس قصہ کو سُن' تا کہ تجھ کو آفت تقلید کی معلوم ہو جائے۔''

(۱۸۸) مرمرا تقلید شان برباد داد! کہ دو صد لعنت بران تقلید باد [ص۱۱۲]
''سچ تو یہ ہے کہ خاص کر مجھ کو تقلید نے برباد کر دیا' دو سو لعنت ایسی تقلید پر ہو۔''

(۱۸۹) خاصہ تقلید چنین بے حاصلان کابرو را ریختنداز بہرنان [ص۱۱۲]
''خاص کر ایسے نااہلوں کی تقلید' کہ روٹی کے لئے آبرو بھی گئی۔''

(۱۹۰) اے مقلد تو مجو بیشی برآن کوبود منبع زنورِ آسمان [ص۲۲۳]
''اے مقلد محقق پر فضیلت مت ڈھونڈ' کیونکہ محقق ایک سرچشمہ ہے نور آسمان سے۔''

(۱۹۱) چون شنیدی کاندریں جُو آب ہست
کور را تقلید باید کاربست [ص۲۸۷]
''جب تو سمجھ چکا کہ دریائے تحقیق میں پانی ہے' تو اب جس کو وہ سرچشمہ نظر نہ
آئے وہ تقلید کرے۔''

(۱۹۲) آن مقلد چون نداند جز ددلیل
در علامت جویداو دائم سبیل [ص۳۵۱]
''مقلد کے پاس قیاسی دلائل کے سوا علم نہیں ہوتا اور مقلد کی نشانی یہ ہے کہ وہ
ہمیشہ راستے کی تلاش میں ہوتا ہے۔

(۱۹۳) آنکہ اولز پردۂ تقلید جست او بنورِ حق ببیند ہرچہ ہست [ص۳۵۱]
''جو شخص پردۂ تقلید سے باہر نکل آیا' وہی نور حق کے ساتھ معائنہ کر سکتا ہے۔''

(۱۹۴) این به تقلید از پدر بشنیدۂ از حماقت اندران پیچیده [ص۳۶۷]

"یہ بات باوا کی تقلید سے سنی ہوگی' اسی وجہ سے اس میں الجھ رہا ہے۔"

(۱۹۵) پس مقلد نیز مانند کورا ست

اندران شادی که اور ارہبراست [ص۴۲۱]

"پس مقلد اندھے کے مانند ہے' وہ اپنی رہبری میں ٹھیک اور خوش ہے۔"

(۱۹۶) آں مقلد ہست چوں طفل علیل

گرچه دارد بحث باریك و دلیل [ص۴۲۲]

"مقلد کی حالت بیمار کی سی ہے' اگر چہ حجت اور باریک دلیلیں رکھتا ہو۔"

(۱۹۷) گریۂ گر جہل و تقلید ست وظن

نیست ہمچوں گریۂ آں موتمن [۴۲۲]

"رونا بھی جو جہل اور تقلید کے ساتھ ہو' وہ رونا بھی عقل والوں کا سا نہیں ہے۔"

(۱۹۸) بلکه تقلید است آں ایمان او

روئے ایماں رانديده جان او [ص۴۴۹]

"تقلید جس کا ایمان ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ' اس کی جان نے بھی ایمان کا منہ نہیں دیکھا۔"

(۱۹۹) پس خطر باشد مقلد را عظیم

ازره و رہزن و شیطانِ رجیم [ص۴۴۹]

"مقلد کے لئے بڑے بڑے خطرے ہیں' راہ سے راہ مارنے والے سے، شیطان مردود سے۔"

(۲۰۰) صد دلیل آرد مقلد در بیان

از قیاسی گویداو را نیز عیان [ص۴۴۹]

"اگر چہ مقلد سو سو دلیلیں پیش کرے' مگر جو گمان ہے اس کو قیاسی بات جانتے ہیں۔"

(۴۰۱) آن مقلد صد دلیل و صد بیان
برزبان آرد ندارد ہیچ جان [ص ۴۴۹]

''مقلد سوسو دلائل اورسوسو بیان ظاہر کرتا رہے' مگر سچ یہ ہے کہ اس میں جان نہیں ہوتی۔''

(۴۰۲) خر، دو سہ نوبت بروبہ حملہ کرد
چوں مقلد بُود فریب اونخورد [ص۴۵۰]

''گدھے نے دو تین بار لومڑی پر حملہ کیا' مگر چونکہ مقلد تھا باوجود یکہ اس پر حملہ کرر ہا تھا، خودہی اس کے فریب میں آ گیا۔''

(۴۰۳) گرچہ تقلید است استونِ جہاں ہست رسوا ہر مقلد ز امتحان [ص۴۸۶]

''اگر چہ تقلید تمام عالم کے لئے ایک بڑی آڑ ہے' مگر امتحان کے وقت ہر مقلد کو رسواہی دیکھا۔''

تقلید کی تردید ایک نئے طرز پر:

① قرآن پاک میں صیغہ تقلید کا دوجگہ آیا ہے:۔

﴿یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا شَعَآئِرَ اللّٰهِ وَ لَا الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَ لَا الْهَدْیَ وَ لَا الْقَلَآئِدَ.﴾ [۵/المائدۃ:۲]

''اے ایمان والو! مت بے حرمت کرو اللہ کی نشانیوں کو اور نہ حلال کرو حرمت والے مہینوں کو اور نہ قربانی کے جانوروں پر دست درازی کرو۔ اور نہ وہ جن کے گلے میں پٹا ڈال کر کعبہ کو لے جائیں۔''

② ﴿جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ الْبَیْتَ الْحَرَامَ قِیٰمًا لِّلنَّاسِ وَالشَّهْرَ الْحَرَامَ وَالْهَدْیَ وَالْقَلَآئِدَ٥﴾ [۵/المائدۃ:۹۷]

''کیا ہے اللہ نے کعبہ کو حرمت والا گھر اور لوگوں کے قیام کا ذریعہ بنایا۔ ماہ حرام اور قربانی کے جانوروں اور گلے میں پٹے والیوں کو بھی حرمت والا بنایا ہے۔''

③ اور حدیث ہے:

حَدَّثَنَا اَبُوْهُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَذَكَرَ اَحَادِيْثَ مِنْهَا وَ قَالَ بَيْنَا رَجُلٌ يَّسُوْقُ بَدَنَةً مُّقَلَّدَةً قَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَيْلَكَ اِرْكَبْهَا. ❶

''ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کئی حدیثیں روایت کیں۔ ان میں سے یہ بھی تھی کہ ایک شخص ایک اونٹ کو کھینچ رہا تھا۔ جو اونٹ مقلد تھا یعنی اس کے گلے میں ہار پڑا تھا۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ خرابی ہو تیری، اس پر سوار ہو لے۔''

④ ابن ماجہ میں ہے کہ:

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيْضَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ وَّ وَاضِعُ الْعِلْمِ عِنْدَ غَيْرِ اَهْلِهٖ كَمُقَلِّدِ الْخَنَازِيْرِ الْجَوْهَرَ وَاللُّؤْلُؤَ وَالذَّهَبَ. ❷

''انس رضی اللہ عنہ بن مالک نے کہا کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے طلب علم فرض ہے ہر مسلمان پر اور علم نالائق کو سکھانے والا ایسا ہے جیسے موتی اور سونے کا ہار سوروں کے گلے میں ڈالنے والا۔''

⑤ ہدایہ فقہ کی کتاب میں بھی ہے:

وَ صِفَةُ التَّقْلِيْدِ اَنْ يَّرْبِطَ عَلٰى عُنُقِ بَدَنَةٍ قِطْعَةَ نَعْلٍ. ❸

---

❶ مسلم: کتاب الحج، باب جواز رکوب البدنۃ، رقم: ۳۲۲۷۔

❷ ابن ماجہ: کتاب السنۃ، باب فضل العلماء والحث علی طلب العلم، رقم: ۲۲۴۔

❸ ہدایۃ: کتاب الحج، باب الاحرام، ج ۱ص ۲۵۶۔

''تقلید کی صورت اس مقام پر یہ ہے کہ اپنے بدنہ یعنی قربانی کے اونٹ کی گردن پر جوتی کا ٹکڑا باندھ دے۔''

⑥ شرح وقایہ میں ہے کہ:۔

اَلْمُرَادُ بِالتَّقْلِيْدِ اَنْ يَّرْبِطَ قِلَادَةً عَلٰى عُنُقِ الْبَدَنَةِ.[1]

''مراد تقلید سے یہ ہے کہ اپنے قربانی کے اونٹ کی گردن پر پٹا باندھ دے۔ ان آیات واحادیث وعبارات فقہ میں صیغہ تقلید کا استعمال حیوانات کے ساتھ ہوا ہے۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ انسان بالخصوص ایمان والوں کے لئے کیا کیا صیغے استعمال میں آئے ہیں۔''

چنانچہ قرآن پاک میں اتباع: ﴿قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ﴾ [۳/آل عمران:۳۱]

اطاعت ﴿يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْآ اَطِيْعُوْا اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوْا الرَّسُوْلَ﴾[۴/النسآء:۵۹]

اقتدا ﴿اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ﴾[۶/الانعام:۹۰]

یہ تین لفظ مستعمل ہیں۔

قابل غور یہ ہے کہ جب اللہ رب العلمین نے ہم کو انسان بنایا تو ہمارا منصب بھی یہی تھا کہ متبع، مطیع، مقتدی بنتے۔ (جیسے ائمہ وغیرھم) اگر اپنی شرافت اور منصب کو چھوڑ کر مقلد بنیں تو پھر ہم سے بڑھ کر کم نصیب کون ہوگا۔ فَاعْتَبِرُوْا يَا اُولِی الْاَلْبَابِ.

دوسری طرز:

① تقلید کی تعریف میں عدم علم داخل ہے۔ چنانچہ علامہ ابن السبکی جمع الجوامع جلد۲ ص۲۵۱ میں فرماتے ہیں کہ:۔

اَلتَّقْلِيْدُ اَخْذُ الْقَوْلِ مِنْ غَيْرِ مَعْرِفَةِ دَلِيْلِهٖ.

[1] شرح وقایہ: کتاب الحج، ج۱، ص۲۶۸۔

''کسی کے قول کو اس کی دلیل جاننے کے بغیر قبول کرنا تقلید ہے۔ اور عدم علم مترادف ہے جہل کا۔ تو نتیجہ صاف ہے کہ تقلید دراصل جہالت پر مبنی ہے اور علم کی نقیض۔''

② نیز یہ عبارت اس کی بخوبی تائید کرتی ہے:۔

وَ اَمَّا الْمُقَلِّدُ فَهُوَ يَحْكُمُ بِمَا قَالَ اِمَامُهُ وَ لَا يَدْرِیُ اَحَقٌّ هُوَ اَمْ بَاطِلٌ فَهُوَ اَحَدُ قَاضِی النَّارِ. [1]

''لیکن مقلد وہ ہے کہ جو اپنے امام کے قول کے موافق حکم کرتا ہے اور یہ نہیں جانتا کہ یہ قول غلط ہے یا ٹھیک۔ وہ ایک ہے آگ کے قاضیوں سے۔''

③ **اِنَّ الْمُقَلِّدَ لَيْسَ مِمَّنْ يَّعْقِلُ حُجَجَ اللّٰهِ اِذَا جَاءَ تْهُ فَضْلًا عَنْ اَنْ يَّعْرِفَ الْحَقَّ مِنَ الْبَاطِلِ وَالصَّوَابَ مِنَ الْخَطَآءِ وَالرَّاجِحَ مِنَ الْمَرْجُوْحِ بَلْ لَّا يَنْبَغِیْ اَنْ يُّنْسَبَ الْمُقَلِّدُ اِلَى الْعِلْمِ مُطْلَقًا وَ لِهٰذَا نَقَلَ عَضُدُ الدِّيْنِ الْاِجْمَاعَ عَلٰى اَنَّهُ لَا يُسَمّٰى الْمُقَلِّدُ عَالِمًا.** [2]

'' مقلد وہ ہے کہ اللہ کے دلائل جب اس کے پاس آئیں اور اس پر پیش کئے جائیں تو نہیں سمجھ سکتا۔ پس حق کو باطل سے اور صواب کو خطا سے اور راجح کو مرجوح سے، کیونکر پہچان سکتا ہے اور امتیاز کر سکتا ہے۔ بلکہ مقلد کو علم سے نسبت ہی نہیں اسی وجہ سے (امام) عضدالدین نے نقل کیا ہے کہ لوگوں کا اجماع اس بات پر ہوا ہے کہ مقلد کا نام عالم نہ رکھا جائے۔''

تیسری طرز:

واضح رہے کہ صحابہ رضی اللہ عنہم و تابعین رحمۃ اللہ علیہم و تبع تابعین رحمۃ اللہ علیہم کے اقوال متاخرین کے اقوال سے

---

[1] الروضۃ الندیۃ: کتاب القضاء ج ۲ ص ۲۴۵۔۲۴۶۔

[2] الروضۃ الندیۃ: کتاب القضاء ج ۲، ص ۲۴۶۔

قولی حیثیت سے کہیں برتر و بہتر ہیں۔ لیکن دلیل شرعی ہرگز نہیں ہو سکتے۔ قرآن و حدیث کی تقویت کے محتاج ہیں۔ چنانچہ:

① نیل الاوطار جلد ۱ ص ۳۸۲ میں علامہ شوکانی فرماتے ہیں کہ:۔

وَ قَدْتَقَرَّرَ عِنْدَ اَئِمَّةِ الْاُصُوْلِ وَ غَيْرِهِمْ عَدَمُ حُجِّيَّةِ اَقْوَالِ الصَّحَابَةِ لَا سِيَّمَا اِذَا خَالَفَتِ الثَّابِتَ عَنْهُ .

''ائمہ اصول وغیرہ کے نزدیک یہ بات محقق ہو چکی ہے کہ اقوال صحابہ رضی اللہ عنہم شرعی دلیل نہیں۔ خاص کر جب وہ حدیث کے برخلاف ہوں۔''

② نیل الاوطار جلد ۶ ص ۸۷ میں ہے کہ:۔

لَا حُجَّةَ فِيْ اَقْوَالِ التَّابِعِيْنَ.

''تابعین رحمۃ اللہ علیہم کے اقوال حجت شرعی نہیں۔''

③ تفسیر فتح البیان فی مقاصد القرآن مصری جلد ۱ ص ۱۷۶ میں ہے کہ:۔

اَقْوَالُ الصَّحَابَةِ لَا تَقُوْمُ بِهَا الْحُجَّةُ فَضْلًا عَنْ اَقْوَالِ مَنْ بَعْدَهُمْ.

''صحابہ رضی اللہ عنہم کے اقوال سے حجت قائم نہیں ہو سکتی۔ تو بعد کے لوگوں کے اقوال سے کیا ہو گی۔''

نتیجہ صاف ہے کہ جب صحابہ رضی اللہ عنہم و تابعین رحمۃ اللہ علیہم کے اقوال دلیل شرعی نہیں تو ائمہ مجتہدین رحمۃ اللہ علیہم اور ایرے غیرے کے اقوال کیونکر دلیل شرعی ہو سکتے ہیں۔ **فَافْهَمْ وَ تَدَبَّرْ.**

خلاصہ کلام یہ ہے کہ تقلید کا ثبوت نہ قرآن سے ہے اور نہ حدیث سے۔ اور نہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے ہے اور نہ تابعین رحمۃ اللہ علیہم و تبع تابعین رحمۃ اللہ علیہم سے۔ چوتھی صدی میں اس کا شیوع ہوا۔ (جیسا کہ پہلے گزر گیا ہے) پس جس شے کا وجود خیر القرون میں نہ ہو تو وہ شے شرعی کیسے ہو سکتی ہے۔ لہٰذا اہل انصاف کے نزدیک اس کے مذموم ہونے میں کیا کلام ہے۔ **فَهُوَ الْمُرَادُ** ۔ اللہ تعالیٰ تقلید نا سدید سے بچائے اور اتباع سنت کی توفیق بخشے۔ آمین ثم آمین۔

کعبہ شریف میں چار مصلوں کا قائم ہونا:

ائمہ اربعہ کی تقلید کے بعد رفتہ رفتہ ان کے مقلدین بھی بڑھ گئے۔اور سلاطین کا میلان بھی تقلید ہی کی طرف ہو گیا۔ ہر ایک بادشاہ اپنے ہم مذہب کو قاضی مقرر کرتا۔ ہر ایک فرقہ اپنے مذہب کو فروغ اور دوسرے مذہب کو زیر کرنے کی تدبیریں اور کوشش کرتا۔اور ایک دوسرے پر حملہ آور ہوتا۔ کبھی کوئی غالب ہو جاتا تو کوئی مغلوب۔ یوں ہی قضیئے، جھگڑے ہوتے رہے۔ بالآخر شاہ بیبرس کے زمانے میں ۶۶۵ھ میں چار مذہبوں کے چار قاضی مقرر ہوئے ۔ چنانچہ ''حبیۃ الاکوان فی افتراق الامم علی المذاہب والادیان'' مطبوعہ مصر ص ۲۳۴ میں ہے کہ:۔

فَلَمَّا كَانَتْ سَلْطَنَتُ الْمَلِكِ الظَّاهِرِ بيبرس البند قدارى وَلّٰى بِمِصْرَ وَالْقَاهِرَةِ اَرْبَعَةَ قُضَاةٍ وَ هُمْ شَافِعِيٌّ وَ مَالِكِيٌّ وَ حَنَفِيٌّ وَ حَنْبَلِيٌّ فَاسْتَمَرَّ ذٰلِكَ مِنْ سَنَةِ خَمْسٍ وَّ سِتِّيْنَ وَسِتَّ مِائَةٍ حَتّٰى لَمْ يَبْقَ فِيْ مَجْمُوْعِ اَمْصَارِ الْاِسْلَامِ مَذْهَبٌ يُعْرَفُ مِنْ مَّذَاهِبِ اَهْلِ الْاِسْلَامِ سِوٰى هٰذِهِ الْمَذَاهِبِ الْاَرْبَعَةِ

''جب حکومت سلطان ظاہر بیبرس بندقداری کا دور ہوا تو مصر و قاہرہ میں چار قاضی چاروں مذہب کے مقرر کئے ۔ شافعی رحمۃ اللہ علیہ ، مالکی رحمۃ اللہ علیہ ، حنفی رحمۃ اللہ علیہ، حنبلی رحمۃ اللہ علیہ۔ پھر یہی طریقہ ۶۶۵ھ سے جاری ہو گیا۔ یہاں تک کہ تمام اسلامی ممالک میں ان کے علاوہ کوئی مذہب نہیں پہچانا جاتا۔''

اب سے گویا سرکاری طور پر چاروں مذہب تسلیم کر لئے گئے ۔ آخر سلطان فرج بن برقوق نے جو اشرملوک چراکسہ کہا جاتا تھا۔ اول نویں صدی میں کعبہ شریف کے اندر علاوہ مصلے ابراہیمی کے چار مصلے اور قائم کر دیئے۔ ایک دین جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ سے چلا آ رہا تھا

اس کے چار ٹکڑے ہوئے گئے۔ اِنّـا لِلّٰـهِ کسی عارفِ صادق نے اس موقع پر کیا ہی موزوں کہا ہے۔

دین حق را چار مذہب ساختند
رخنہ در دین نبی انداختند

﴿وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا﴾ [۳/آل عمران:۱۰۳] کا خوب حق ادا کیا۔ ذرا کعبہ میں جا کر دیکھو کہ ایک مصلے پر نماز ہوتی ہے تو تینوں مصلے والے بیٹھے ہوئے دیکھا کرتے ہیں اور اسی طرح یکے بعد دیگرے چاروں مصلوں پر نماز ہوتی ہے۔ اور حکم ﴿وَارْكَعُوْا مَعَ الرَّاكِعِيْنَ﴾ [۲/البقرۃ:۴۳] پر توجہ نہیں ہوتی۔ بلکہ اب ان چار مصلوں کو داخل دین سمجھا جاتا ہے۔ نہ کہ مصلے ابراہیمی کو۔ اِلَى اللّٰهِ الْمُشْتَكٰى.

چار مصلوں کا بدعت ہونا

① ارشاد السائل الیٰ دلیل المسائل میں امام شوکانی فرماتے ہیں کہ:۔

عِمَارَةُ الْمَقَامَاتِ بِمَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ بِدْعَةٌ بِاِجْمَاعِ الْمُسْلِمِيْنَ اَحْدَثَهَا اَشَرُّ مُلُوْكِ الْجَرَاكِسَةِ فَرْحُ بْنُ بَرْقُوْق فِيْ اَوَائِلِ الْمِائَةِ التَّاسِعَةِ مِنَ الْهِجْرَةِ وَاَنْكَرَ ذٰلِكَ اَهْلُ الْعِلْمِ فِيْ ذٰلِكَ الْعَصْرِ وَ وَضَعُوْا فِيْهِ مُؤَلَّفَاتٍ. [1]

”کعبہ میں چار مصلے بدعت ہیں تمام مسلمانوں کے اجماع سے اوائل نویں صدی میں بدترین بادشاہ چراکسہ نے اس بدعت کو جاری کیا۔ جس کا نام فرح بن برقوق تھا۔ اس زمانے کے اہل علم نے اس پر انکار کیا۔“

② تفسیر عزیزی میں ہے (تحت آیت ﴿وَ مَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ﴾ [۲/البقرۃ:۷۴]

یعنی خدائے تعالیٰ بیخبر نیست از انچه درزمان آئینده عمل خواہید کرد۔ و ازراهِ بدعت یك یك جهت

[1] الارشاد الی سبیل الرشاد: چار مصلوں کا حرمین میں قیام، ص ۱۰۱۔

راازجہات کعبہ تقسیم خواہید نمود ودرترجیح و تفصیل جہت مختارۂ خود ہرکس سخنے خواہد آورد۔ مثلاً حنفیہ جہت جنوب را اختیار خواہند کرد و امام ایشاں جانب شمال کعبہ خواہد استاد و درمقام فخر خواہند گفت کہ قبلہ ما قبلہ ابراہیمی است زیرا کہ آنجناب جانب میزاب متوجہ می شوند۔ و شافعیہ جہت غرب را اختیار خواہند کرد و امام ایشاں در شرقئ کعبہ خواہد استاد۔ و در مقام فخر خواہند گفت کہ مار استقبال باب کعبہ می نمائیم و قبلہ ما قبلہ منصوصہ است کہ﴿ وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى﴾ [۲/البقرۃ:۱۲۵] و علٰی ہذا القیاس اہل بلدان مختلفہ در ترجیح جہات خود ہمیں قسم نکات خواہند برآورد۔ لیکن ایں ہمہ نکات شعریہ است و نزد اہل دین قابل التفات نیست حکم نازاز پروردگار تو ہمیں قدر است کہ استقبال کعبہ را التزام باید نمود و درسفرو حضر ہجرت از شہری بشہری اورا از دست نبا ید داد۔

''اللہ تعالیٰ بے خبر نہیں ہے جو کچھ کہ یہ زمانہ آئندہ میں عمل کریں گے۔ اطراف کعبہ میں بدعت کی وجہ سے ایک ایک طرف کو تقسیم کرلیں گے۔ اور جس طرف کو اختیار کریں گے اس کی تفصیل وترجیح کے لئے دلیلیں لائیں گے۔ مثلاً حنفیہ جہت جنوب کو اختیار کریں گے اور ان کا امام کعبہ سے جانب شمال کھڑا ہوگا۔ اور فخر کے طور پر کہیں گے کہ ہمارا قبلہ قبلۂ ابراہیمی ہے۔ اس واسطے کہ جناب ابراہیم میزاب کی طرف منہ کیا

کرتے تھے اور شافعیہ غربی سمت کو اختیار کریں گے اور ان کا امام کعبہ سے شرق کی طرف کو کھڑا ہوگا۔ اور فخر کے طور پر کہیں گے کہ ہم باب کعبہ کا استقبال کرتے ہیں۔ ہمارا قبلہ قبلۂ منصوصہ ہے۔ ﴿وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى﴾ [۲/البقرۃ:۱۲۵] اور اسی قیاس پر مختلف شہروں کے لوگ اپنی اپنی اختیار کی ہوئی جہات کی ترجیح میں اسی قسم کے نکتے پیدا کرلیں گے۔ لیکن یہ تمام شاعرانہ نکتے ہیں۔ اور اہل دین کے نزدیک قابل التفات نہیں۔ اللہ پاک کا حکم تو صرف اتنا ہی ہے کہ کعبہ کی طرف لازمی طور پر منہ کرو۔ اور اس کو سفر اور حضر اور ایک شہر سے دوسرے شہر کو جاتے ہوئے نہ چھوڑو۔"

③ مولوی رشید احمد گنگوہی تحریر فرماتے ہیں:۔

"البتہ چار مصلے جو کہ مکہ معظمہ میں مقرر کئے ہیں لاریب یہ امر زبون ہے کہ تکرار جماعات وافتراق اس سے لازم آ گیا۔ کہ ایک جماعت کے ہونے میں دوسرے مذہب کی جماعت بیٹھی رہتی ہے۔ اور شریک جماعت نہیں ہوتی۔ اور مرتکب حرمت ہوتے ہیں۔ مگر یہ تفرقہ ائمہ دین حضرات مجتہدین سے نہ علما متقدمین سے۔ بلکہ کسی وقت میں سلطنت میں کسی وجہ سے یہ امر حادث ہوا ہے کہ اس کو کوئی اہل علم اہل حق پسند نہیں کرتا پس یہ طعن نہ علماء اہل حق مذہب اربعہ پر ہے بلکہ سلاطین پر ہے۔ کہ مرتکب اس بدعت کے ہوئے۔ [1]

حنفی مذہب کی حالت:

تنبیہ عبارات مندرجہ ذیل سے حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے زہد، ورع، تقویٰ،

---

[1] الارشاد الی سبیل الرشاد: ص۱۰۲ (غرض یہ مصلے بدعت ہیں) اور الحمد للہ کہ اب اس بدعت کو موجودہ سعودی حکومت نے جڑ سے اکھاڑ کر ختم کردیا ہے۔

تقدس، طہارت، آخرت کے مرتبہ اور ثواب و درجات میں کسی طرح کا نقصان نہیں آ سکتا۔ اور نہ آپ کی اولاد و شاگردوں کے مرتبہ میں۔ ہاں آپ کا اور آپ کے متعلقین کا پایہ حدیث میں کسی قدر گرا ہوا ضرور معلوم ہوتا ہے۔ جس سے مذہب اثر لئے بغیر نہیں رہ سکتا۔

حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ اور علم حدیث

(۱) تاریخ ابن خلدون جلد ا ص ۳۷۱ میں ہے کہ:۔

فَاَبُوْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ یُقَالُ بَلَغَتْ رِوَایَتُهٗ اِلٰی سَبْعَةَ عَشَرَ حَدِیْثًا. ❶

"امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کی نسبت کہا گیا ہے کہ اُن کو سترہ حدیثیں پہنچی ہیں۔"

(۲) قیام اللیل ص ۲۷۲ میں قول عبداللہ بن مبارک رحمہ اللہ:۔

کَانَ اَبُوْ حَنِیْفَةَ یَتِیْمًا فِی الْحَدِیْثِ. ❷

"امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ حدیث میں یتیم تھے۔"

(۳) مناقب الشافعی للرازی ص ۱۴۲ میں قول امام احمد رحمہ اللہ:

لَا رَأْیَ وَ لَا حَدِیْثَ

"نہ ان کی رائے کام کی ہے نہ حدیث [یعنی حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کی]"

(۴) مولانا عبدالحی صاحب فرماتے ہیں کہ:۔

وَ اَمَّا رِوَایَاتُهٗ لِلْاَحَادِیْثِ فَهِیَ وَ اِنْ کَانَتْ قَلِیْلَةً بِالنِّسْبَةِ اِلٰی غَیْرِهٖ مِنَ الْمُحَدِّثِیْنَ اِلَّا اَنَّ قِلَّتَهَا لَا تَحُطُّ مَرْتَبَتَهٗ. ❸

---

❶ مقدمۃ عمدۃ الرعایۃ، فی ذکر ابی حنیفۃ، ص ۳۴۔

❷ امام بخاری، تاریخ کبیر ج ۸ ص ۸۱ میں امام صاحب کے متعلق لکھتے ہیں۔ کَانَ مرجئاً سکتوا عن رأیه و عن حدیثه. مزید تفصیل کیلئے الکامل فی ضعفا الرجال لابن عدی، ج ۷، ص ۲۷۔ کتاب الضعفا الکبیر، امام العقیلی، ج ۴، ص، ۲۶۸۔ سلسلۃ الأحادیث الضعیفۃ والموضوعۃ، ناصر الدین البانی، ج ۱، ص ۴۶۴۔ وغیرہ کتب کا مطالعہ مفید رہے گا۔ ❸ مقدمۃ عمدۃ الرعایۃ، ذکر امام ابوحنیفۃ، ص ۳۴۔

''اور محدثین کی نسبت انکی روایت گوکم ہے مگر یہ کمی ان کے مرتبے کو نہیں گھٹاتی''

(۵) ظفر الامانی ص ۲۴ میں بھی مولانا عبدالحی صاحب، حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا قلیل الروایۃ ہونا تسلیم کرتے ہیں:۔

وَ هُوَ هٰذَا. فَتُقْبَلُ رِوَايَةُ قَلِيْلِ الرِّوَايَةِ كَابِىْ بَكْرٍ مِّنَ الصَّحَابَةِ وَ اِمَامِنَا الْاَعْظَمِ مِنَ الْاَئِمَّةِ ·

''جس راوی سے کم حدیثیں مروی ہوں اس کی روایت بھی قبول ہے۔ جیسے ابوبکر رضی اللہ عنہ صحابہ سے اور ہمارے امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ ائمہ دین سے، ان سے روا تیں کم پہنچیں۔''

(۶) شرح ترمذی فارسی مولوی سراج الدین سرہندی حنفی ص ۲۲ میں ہے کہ:۔

ودر مواهب نوشته است كه امام ابو حنيفه رحمۃ اللہ علیہ يك حديث ازوى (يعنى امام مالك رحمۃ اللہ علیہ) روايت كرده و از مناقب وى ہميں يك سخن كفايت مى كند۔

''مواہب میں کہا ہے کہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے صرف ایک حدیث امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے یہی ان کے مناقب میں ایک بات کافی ہے۔''

(۷) تاریخ ابن خلکان مطبوعہ ایران جلد ۲ ص ۱۰ میں ہے کہ:۔

قَالَ الشَّافِعِيُّ قَالَ لِىْ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ اَيُّهُمَا اَعْلَمُ صَاحِبُنَا اَمْ صَاحِبُكُمْ يَعْنِىْ اَبَاحَنِيْفَةَ وَ مَالِكًا قَالَ قُلْتُ عَلَى الْاِنْصَافِ قَالَ نَعَمْ قَالَ قُلْتُ نَاشَدْتُكَ اللّٰهَ مَنْ اَعْلَمُ بِالْقُرْاٰنِ صَاحِبُنَا اَمْ صَاحِبُكُمْ قَالَ اَللّٰهُمَّ صَاحِبُكُمْ نَاشَدْتُكَ اللّٰهَ مَنْ اَعْلَمُ بِالسُّنَّةِ صَاحِبُنَا اَمْ صَاحِبُكُمْ قَالَ اَللّٰهُمَّ صَاحِبُكُمْ قَالَ قُلْتُ نَاشَدْتُكَ اللّٰهَ مَنْ اَعْلَمُ بِاَقَاوِيْلِ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ

الْـمُـقْتَـدِيْـنَ صَـاحِبُـنَا اَمْ صَاحِبُكُمْ قَالَ اَللّٰهُمَّ صَاحِبُكُمْ قَالَ الشَّـافِعِيُّ فَلَمْ يَبْقَ اِلَّا الْقِيَاسُ وَالْقِيَاسُ لَا يَكُوْنُ اِلَّا عَلٰى هٰذِهٖ الْاَشْيَاءِ فَعَلٰى اَيِّ شَيْءٍ نَقِيْسُ. [1]

"امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا کہ مجھ سے محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ (جو امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے معزز شاگرد ہیں) کہنے لگے کہ بھلا بتاؤ تو ہمارے استاد (ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ) بڑے عالم تھے یا تمہارے استاد (امام مالک رحمۃ اللہ علیہ) زیادہ علم رکھتے تھے۔ میں نے کہا: انصافاً؟ انہوں نے کہا: ہاں! میں نے کہا: میں تمہیں کو اللہ کی قسم دے کر پوچھتا ہوں کہ بتاؤ قرآن کا علم زیادہ کون رکھتا تھا؟ ہمارے استاد (امام مالک رحمۃ اللہ علیہ) یا تمہارے استاد (ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ) امام محمد رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ: اللہ گواہ ہے بیشک تمہارے استاد (امام مالک) قرآن کا زیادہ علم رکھتے تھے۔ پھر میں نے حدیث کی نسبت پوچھا۔ اس میں بھی امام محمد نے یہی کہا۔ پھر میں نے اقوال صحابہ رضی اللہ عنہم کی نسبت پوچھا۔ اس میں بھی امام محمد نے اسی طرح اقرار کیا کہ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ زیادہ جاننے والے تھے۔ میں نے کہا: اب رہ گیا قیاس اور رقیاس تو انہیں چیزوں (قرآن وحدیث) پر ہوتا ہے۔ تو اب کس بات میں دونوں کا مقابلہ کرو گے۔"

☆...... بیشک ان کے علمی و عملی صدہا فضائل کے سامنے حدیث میں ایک حد تک کمی ہونے سے ان کی عظمت وشان میں کسی طرح کمی نہیں آ سکتی......!؟ [مؤلف]

قلت کے اسباب

سبب اول: عدم تحصیل حدیث

طحطاوی مطبوعہ کلکتہ جلد ۱ ص ۳۵ میں امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ:۔

[1] وفیات الاعیان لابن خلکان: تذکرہ امام مالک ج ۴، ص ۱۳۶

قَالَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ لَمَّآ اَرَدْتُّ طَلَبَ الْعِلْمِ جَعَلْتُ اَتَخَيَّرُ الْعِلْمَ وَاَسْئَلُ عَنْ عَوَاقِبِهَا فَقِيْلَ لِيْ تَعَلَّمِ الْقُرْاٰنَ فَقُلْتُ لَعَلَّهٗ اِذَا تَعَلَّمْتُ الْقُرْاٰنَ وَ حَفِظْتُهٗ فَمَا يَكُوْنُ اٰخِرُهٗ قَالُوْا تَجْلِسُ وَيَقْرَأُ عَلَيْكَ الصِّبْيَانُ وَالْاَحْدَاثُ ثُمَّ لَا تَلْبَثُ اَنْ يَّخْرُجَ مِنْهُمْ مَنْ هُوَاَحْفَظُ مِنْكَ اَوْ مَنْ يُّسَاوِيْكَ فَتَذْهَبُ رِيَاسَتُكَ فَقُلْتُ اِنْ سَمِعْتُ الْحَدِيْثَ وَ كَتَبْتُهٗ حَتّٰى لَمْ يَكُنْ فِي الدُّنْيَا اَحْفَظَ مِنِّيْ قَالُوْآ اِذَاكَبِرْتَ حَدَّثْتَ وَاجْتَمَعَ عَلَيْكَ الْاَحْدَاثُ وَالصِّبْيَانُ ثُمَّ لَمْ تَامَنْ اَنْ تَغْلَطَ فَيَرْمُوْكَ بِالْكَذِبِ فَيَصِيْرُ عَارًا عَلَيْكَ قُلْتُ لَا حَاجَةَ لِيْ فِيْ هٰذَا ثُمَّ قُلْتُ اَتَعَلَّمُ النَّحْوَ فَقُلْتُ اِذَا تَعَلَّمْتُ النَّحْوَ وَالْعَرَبِيَّةَ مَا يَكُوْنُ اٰخِرُ اَمْرِيْ قَالُوْا تَقْعُدُ مُعَلِّمًا فَاَكْثَرُرِزْقِكَ دِيْنَارَانِ اِلٰى ثَلٰثَةٍ قُلْتُ هٰذَا لَا عَاقِبَةَ لَهٗ قُلْتُ فَاِنْ نَّظَرْتُ فِي الشِّعْرِ فَلَمْ يَكُنْ اَشْعَرَ مِنِّيْ مَا يَكُوْنُ اَمْرِيْ قَالُوْا تَمْدَحُ هٰذَا فَيَهَبُ لَكَ اَوْيَحْمِلُكَ عَلٰى دَابَّةٍ اَوْيَخْضَعُ عَلَيْكَ خِلْفَةً وَاِنْ نَظَرْتُ فِي الْكَلَامِ مَا يَكُوْنَ آخِرُهٗ قَالُوْا لَا يَسْلَمُ مَنْ نَظَرَ فِي الْكَلَامِ مِنْ شِفَافِ الْكَلَامِ بِالزَّنْدَقَةِ قُلْتُ فَاِنْ تَعَلَّمْتُ الْفِقْهَ قَالُوْا تُسْئَلُ وَ تُفْتِي النَّاسَ وَ تُطْلَبُ لِلْقَضَاءِ وَ اِنْ كُنْتَ شَابًّا قُلْتُ لَيْسَ لِيْ فِي الْعُلُوْمِ اَنْفَعُ مِنْ هٰذَا فَلَزِمْتُ الْفِقْهَ وَ تَعَلَّمْتُهٗ.

''حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اپنا حال بیان کرتے ہیں کہ جب میرا ارادہ علم حاصل کرنے کا ہوا تو میں تلاش کرنے لگا کہ کون سا علم اچھا ہے۔ سو میں علموں کے فائدے پوچھنے لگا۔ پس مجھ سے کہا گیا کہ

قرآن کو سیکھو۔ میں نے کہا کہ اگر میں قرآن کو سیکھوں اور اس کو یاد کرلوں تو اس کا کیا نتیجہ ہوگا؟ لوگوں نے کہا کہ کسی مکتب میں بیٹھ کر لڑکوں کو پڑھاؤ گے اور کمسن آدمی پڑھیں گے۔ پھر کچھ عرصہ میں ان میں سے کوئی لڑکا تم سے بڑھ کر یا تمہاری مثل حافظ ہوجائے گا۔ تو تمہاری سرداری جاتی رہے گی۔ میں نے کہا کہ اگر میں حدیث کو سنوں اور لکھوں اور اس میں ایسا کمال حاصل کروں کہ سب سے بڑھ کر محدث بن جاؤں؟ لوگوں نے کہا کہ جب تم بڑی عمر کے ہو جاؤ گے اور حدیث پڑھاتے رہو گے اور کمسن اور جوان لوگ تمہارے شاگرد ہوں گے اور تم بھولنے سے نہیں بچ سکتے۔ تو تم پر طعن جھوٹ کا لگے گا۔ پس تم پر اس کا عار ہوگا۔ تو میں نے کہا کہ اس کی بھی مجھ کو حاجت نہیں۔ پھر میں نے کہا کہ نحو سیکھوں اور عربیت کو۔ تو نتیجہ کیا ہوگا؟ لوگوں نے کہا کہ معلم ہو گے اور اکثر تمہاری تنخواہ دو یا تین دینار ہوگی۔ میں نے کہا اس کا بھی کوئی فائدہ نہیں۔ پھر میں نے کہا کہ اگر شاعری سیکھوں اور اس میں کمال پیدا کروں تو کیا نتیجہ ہوگا؟ لوگوں نے کہا کہ تم کسی کی تعریف کرو گے وہ تم کو سواری اور خلعت دے گا۔ اگر نہیں دے گا تو اس کی ہجو کرو گے۔ پس بے عیبوں کو عیب لگاؤ گے۔ میں نے کہا کہ اسکی بھی کچھ حاجت نہیں۔ پھر میں نے کہا کہ اگر میں علم کلام یعنی منطق فلسفہ سیکھوں لوگوں نے کہا کہ اس علم کا سیکھنے والا ناقص باتیں کرنے سے نہیں بچتا ہے۔ پھر اس پر زندیق وغیرہ ہونے کا عیب لگ جاتا ہے۔ پھر میں نے کہا میں فقہ سیکھوں؟ تو لوگوں نے کہا اگر فقہ کو

سیکھو گے تو تم سے مسئلے پوچھے جائیں گے، فتوے لئے جائیں گے اور قاضی و مفتی بنانے کے واسطے بلایا جائے گا۔ اگرچہ تم اُس سے بچنے والے ہو گے۔ میں نے کہا کہ میرے لئے اس سے بڑھ کر کوئی زیادہ علم فائدہ مند نہیں ہے۔ پس میں نے فقہ کے علم کو خوب حاصل کیا۔''

سبب دوم: عدم سفر در تلاش احادیث

چنانچہ علامہ شبلی نعمانی لکھتے ہیں کہ امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مزاج میں تکلف تھا اکثر خوش لباس رہتے تھے۔ کبھی کبھی سنجاب و قاقم کے جبے بھی استعمال کرتے تھے۔ ابو مطیع بلخی ان کے شاگرد کا بیان ہے کہ میں نے ایک دن ان کو نہایت قیمتی چادر اور قمیض پہنے دیکھا۔ جس کی قیمت کم از کم چار سو درہم ہو گی۔ چار پانچ دینار (اشرفی) کی چادر کو گندہ فرماتے اور اوڑھنے سے شرماتے۔ [1]

مزید لکھتے ہیں کہ ایسے شخص کو طلب حدیث کے لئے عراق، حجاز، مصر، یمن، شام کا سفر کرنا اور علم حدیث کی طالب العلمی (تحصیل) میں برسوں کاٹنا اور احادیث حفظ کرنی اور زحمت طولِ سفر اٹھانی دشوار بلکہ ناممکن کہنا چاہئے۔ اس وقت حدیث کا ایک جگہ مجموعہ تو تھا ہی نہیں کہ اُس کو منگا کر انسان فن حدیث میں شعور پیدا کر لیتا۔ اُس زمانہ میں تو محدثین اہل روایت مقامات مختلفہ میں رہتے تھے اور حدیثوں کے حافظ ہوتے تھے۔ کسی کے پاس اجزاء بھی ہوتے تھے تو ایسے نہیں کہ مجموعہ حدیثوں کا پورا یا قدر معتد مرتب ہو۔

☆...... چونکہ طالب علمی کے لئے مشقتِ سفر آرام طلب اشخاص سے بہت مشکل ہے۔

---

[1] سیرۃ نعمان: ص ۵۲۔

اس لئے امام صاحب کوفہ ہی میں حماد رحمۃ اللہ علیہ فقہ کی مجلس کو غنیمت سمجھ کر ان کے اور ان کے استاد ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ کے مسائل اور قواعد یاد کرتے رہے۔ ان کے سوا حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے درس میں بھی چند روز شریک رہے ہیں۔ غرضیکہ اپنی خداداد قابلیت و ذہانت و طباعی سے بنابر قواعد مذکور استخراج مسائل کر کے فتوے دیئے۔ اور امام اہل الرائے کے لقب سے مشہور ہوئے۔ [مؤلف]

(۱۰) اور نیز عبارت ہذا بھی مؤید ہے۔ منہاج السنۃ جلد۲ ص۲۴ میں ہے کہ:۔

وَ جَعْفَرُ ابْنُ مُحَمَّدٍ هُوَ مِنْ اَقْرَانِ اَبِی حَنِیْفَةَ وَ لَمْ یَكُنْ اَبُوْحَنِیْفَةَ یَاْخُذُ عَنْهُ مَعَ شُهْرَتِهٖ بِالْعِلْمِ.

"جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے ہم عصر تھے۔ ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے اُن سے علم نہیں حاصل کیا، باوجود ان کی شہرت علم کے"۔

سبب سوم: عدم تدوین احادیث

(۱۱) چنانچہ عبدالوہاب شعرانی فرماتے ہیں کہ:۔

لَوْ عَاشَ حَتّٰی دُوِّنَتْ اَحَادِیْثُ الشَّرِیْعَةِ وَ بَعْدَ رَحِیْلِ الْحُفَّاظِ فِیْ جَمْعِهَا مِنَ الْبِلَادِوَالثُّغُوْرِ وَظَفَرَ بِهَا لَاَخَذَبِهَا وَ تَرَكَ كُلَّ قِیَاسٍ كَانَ قَاسَهٗ وَ كَانَ الْقِیَاسُ قَلَّ فِیْ مَذْهَبِهٖ كَمَا قَلَّ فِیْ مَذْهَبِ غَیْرِهٖ. [1]

"امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ احادیث کے جمع ہو جانے تک اور حفاظ (حدیث) کے حدیثوں کے جمع کرنے کے لئے (مختلف) بلاد اور اطراف ممالک اسلام میں پھرنے کے بعد زندہ رہتے۔ اور اُن احادیث کو پاتے۔ تو

[1] میزان الشعرانی: فصل فی بیان ضعف قول من نسب اباحنیفۃ الی انہ یقدم القیاس علی الحدیث ج۱۔ ص۸۱

ضرور اُن کو لیتے۔ اور جو جو قیاس انہوں نے کئے ہیں وہ سب چھوڑ دیتے اور ان کے مذہب میں قیاس کم ہوتا۔ جیسا کہ اوروں کے مذہب میں کم ہے۔"

(۱۲) نافع کبیر ص ۱۶ مولانا عبدالحی صاحب حنفی لکھنوی فرماتے ہیں کہ:۔

اِعْتِقَادُنَا وَ اِعْتِقَادُ کُلِّ مُنْصِفٍ فِیْ اَبِیْ حَنِیْفَةَ اَنَّهٗ لَوْعَاشَ حَتّٰی دُوِّنَتْ اَحَادِیْثُ الشَّرِیْعَةِ لَاَخَذَ بِهَا وَ تَرَکَ کُلَّ قِیَاسٍ کَانَ قَاسَهٗ. [1]

"ہمارا اور ہر ایک منصف کا اعتقاد ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں یہ ہے کہ اگر وہ حدیثوں کے جمع ہو جانے تک زندہ رہتے تو احادیث کو لیتے اور تمام قیاسوں کو چھوڑ دیتے۔"

(۱۳) میزان شعرانی میں ہے کہ:۔

فَاِنَّ الْحُفَّاظَ کَانُوْا قَدْ رَحَلُوْا فِیْ طَلَبِ الْاَحَادِیْثِ وَ جَمْعِهَا فِیْ عَصْرِهِمْ مِنَ الْمَدَائِنِ وَالْقُرٰی وَ دَوَّنُوْهَا فَجَاوَبَتْ اَحَادِیْثُ الشَّرِیْعَةِ بَعْضُهَا بَعْضًا فَهٰذَا کَانَ سَبَبُ کَثْرَةِ الْقِیَاسِ فِیْ مَذْهَبِهٖ وَ قِلَّتِهٖ فِیْ مَذَاهِبِ غَیْرِهٖ. [2]

"حفاظ حدیث کی طلب میں سفر کرتے تھے۔ گاؤں اور شہروں سے اُسے جمع کیا اور مدون کیا۔ بعض احادیث بعض کے خلاف ہوئیں۔ اس وجہ سے اُن (ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ) کے مذہب میں قیاس زیادہ ہوا۔ اور دوسرے مذاہب میں کم۔"

---

[1] میزان الشعرانی: فصل فی بیان ضعف قول بان اباحنیفۃ یقدم القیاس علی الحدیث ج ۱۔ ص ۸۱۔

[2] میزان الشعرانی: فصل فی بیان ضعف قول من نسب اباحنیفۃ الی انہ یقدم القیاس علی الحدیث ج ۱ ص ۸۱

(۱۴) ملا معین حنفی فرماتے ہیں کہ:۔

لَوْ عَاشَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ اِلٰى تَصْحِيْحِ الْاَحَادِيْثِ لَتَرَكَ الْقِيَاسَ. [1]

''اگر زندہ رہتے ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ تصحیح احادیث تک تو چھوڑ دیتے قیاس کو۔''

سبب چہارم: قلت عربیت

(۱۵) تاریخ ابن خلکان جلد۲ ص ۲۹۶ میں ہے کہ:۔

وَقَدْ ذَكَرَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ مِنْهَا شَيْئًا كَثِيْرًا ثُمَّ اَعْقَبَ ذٰلِكَ بِذِكْرِ مَا كَانَ الْاَلْيَقُ تَرْكُهٗ وَالْاِعْرَاضُ عَنْهُ فَمِثْلُ هٰذَا الْاِمَامِ لَا يُشَانُ فِيْ دِيْنِهٖ وَ لَا فِيْ وَرَعِهٖ وَ تَحَفُّظِهٖ وَ لَمْ يَكُنْ يُعَابُ بِشَيْءٍ سِوٰى قِلَّةِ الْعَرَبِيَّةِ.

''خطیب نے اپنی تاریخ میں مناقب میں سے بہت بیان کر کے معائب بیان کئے ہیں جن کا ذکر نہ کرنا مناسب تھا کیونکہ ایسا بڑا امام جس کی دیانت اور ورع میں کوئی طعنہ نہیں نہ ان کی ذات میں سوائے عربیت کی کمی کے کوئی عیب نہ تھا۔''

☆...... چونکہ اُس زمانہ میں احادیث کے تراجم تو ہوئے ہی نہ تھے اس لئے امام صاحب کی قلت عربیت حصول احادیث سے سدّ راہ ہوئی[مؤلف]

حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور اجماع صحابہ رضی اللہ عنہم

(۱۶) علامہ کمال الدین دمیری، حیاۃ الحیوان کبریٰ مطبوعہ مصر جلد۱ ص ۱۸۱ میں فرماتے ہیں کہ:۔

(اَلْجَنِيْنُ) هُوَ مَا يُوْجَدُ فِيْ بَطْنِ الْبَهِيْمَةِ بَعْدَ ذَبْحِهَا فَاِنْ

---

[1] دراسۃ اللبیب: الدراسۃ الثالثۃ قد کثر انتصار الشعرانی لمذہب ابی حنیفۃ، ص ۱۰۵۔

وُجِدَمَيْتًا بَعْدَ ذَبْحِهَا فَهُوَ حَلَالٌ بِاِجْمَاعِ الصَّحَابَةِ كَمَا نُقِلَ فِي الْحَاوِئ وَ بِهٖ قَالَ مَالِكٌ وَّ الْاَوْزَاعِيُّ وَالثَّوْرِيُّ وَ اَبُوْيُوْسُفَ وَ مُحَمَّدٌ وَّاِسْحَاقُ وَالْاِمَامُ اَحْمَدُ وَ تَفَرَّدَ اَبُوْحَنِيْفَةَ بِتَحْرِيْمِ اَكْلِهٖ.

''جنین وہ بچہ ہے جو چوپایہ کے پیٹ میں ذبح کے بعد نکلے۔ اگر ذبح کے بعد وہ بچہ مردہ ہو تو باجماع صحابہ حلال ہے جیسا کہ ماوردی نے اپنی کتاب میں نقل کیا ہے۔ اور یہی مذہب امام مالک رحمۃ اللہ علیہ، اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ، سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ، ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ، محمد، اسحٰق بن راہویہ رحمۃ اللہ علیہ اور احمد رحمۃ اللہ علیہ بن حنبل کا ہے۔ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ صرف اکیلے اس کو حرام کہتے ہیں۔ [1]

☆......اس ایک ہی مسئلہ پر اکتفا کیا گیا۔ ورنہ بہت ایسے مسائل ہیں کہ جن میں امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے اجماع صحابہ کے خلاف کیا ہے جو کسی اہل علم پر پوشیدہ نہیں ہے۔ [مؤلف]

حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی رائے اور قیاس میں مہارت

(۱۷) ملا معین حنفی لکھتے ہیں کہ:۔

رُوِیَ عَنِ الْاِمَامِ جَعْفَرِ الصَّادِقِ اَنَّهٗ قَالَ لِاَبِیْ حَنِيْفَةَ بَلَغَنِیْ اَنَّکَ تَقِيْسُ لَا تَقِسْ فَاِنَّ اَوَّلَ مَنْ قَاسَ اِبْلِيْسُ. [2]

''روایت کی گئی ہے امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ سے انہوں نے امام ابوحنیفہ سے کہا کہ مجھ کو خبر ملی ہے کہ تم قیاس کرتے ہو۔ قیاس مت کرنا۔ کیونکہ اول اول جس نے قیاس کیا ہے (نص کے مقابلہ میں) وہ ابلیس ہے۔''

(۱۸) تاریخ ابن خلکان میں ہے کہ:۔

[1] حیات الحیوان (اردو): ج۱ص۵۶۴

[2] دراسات اللبیب: الدراسۃ الاولی، الائمۃ الاثنی عشریۃ لا یرون القیاس حجۃ، ص۴۵۔

قَالَ الشَّافِعِیُّ قِیلَ لِمَالِکٍ رَأَیْتَ اَبَاحَنِیْفَةَ فَقَالَ نَعَمْ رَأَیْتُ رَجُلًا لَوْ کَلَّمَکَ فِیْ هٰذِهِ السَّارِیَةِ اَنْ یَّجْعَلَهَا ذَهَبًا لَقَامَ بِحُجَّتِهٖ. ❶

''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے کسی نے کہا کہ تم نے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کو دیکھا ہے تو کہا کہ بیشک میں نے دیکھا ہے۔ ایسا شخص تھا کہ اگر اُس سے اس ستون کو سونا کہلوایا جاتا تو اس کی دلیل قائم کر دیتا۔''

(۱۹) میزان الاعتدال میں ہے کہ:۔

اَبُوْحَنِیْفَةَ الْکُوْفِیُ اِمَامُ اَهْلِ الرَّأْیِ. ❷

''امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کوفہ کے رہنے والے اہل الرائے کے امام ہیں۔''

(۲۰) مولانا شبلی نعمانی سیرۃ النعمان ص ۱۸۳ میں حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا قول نقل کرتے ہیں:۔

هٰذَالَّذِیْ نَحْنُ فِیْهِ رَأْیٌ لَا اُجْبِرُ عَلَیْهِ اَحَدًا وَّ لَا نَقُوْلُ یَجِبُ عَلٰی اَحَدٍ قَبُوْلُهٗ. ❸

''جس بات میں (مشغول) ہیں وہ رائے و اجتہاد ہے۔ ہم کسی پر جبر نہیں کر سکتے (کہ اس پر عمل کرے) اور نہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ اُس کا قبول کرنا کسی پر واجب ہے۔''

(۲۱) علامہ شہرالستانی فرماتے ہیں کہ:۔

قَالَ اَبُوْحَنِیْفَةَ عِلْمُنَاهٰذَا رَأْیٌ. ❹

''امام ابوحنیفہ نے فرمایا کہ ہمارا یہ علم (فقہ) رائے ہے۔''

---

❶ وفیات الاعیان لابن خلکان: تذکرۃ نعمان بن ثابت ج۵ ص ۴۰۹۔

❷ میزان الاعتدال: ج۴ ص ۲۶۵، رقم ۹۰۹۲۔ ❸ الارشاد الی سبیل الرشاد، ص ۱۹۷۔

❹ الملل والنحل: مذاہب اہل العالم فی بیان اصحاب الرأی ج۱ ص ۳۶۸۔

(۲۲) تاریخ خمیس جلد۲ص ۳۲۸ میں ہے کہ:۔

قَوْلُنَا هٰذَا رَأْیٌ.

"خودامام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہمارے اقوال محض رائے ہے۔"

(۲۳) تاریخ الخلفاء ص ۱۸۱ میں ہے کہ:۔

شَرَعَ عُلَمَآءُ الْإِسْلَامِ فِیْ هٰذَا الْعَصْرِ فِیْ تَدْوِیْنِ الْحَدِیْثِ وَالْفِقْهِ وَالتَّفْسِیْرِ فَصَنَّفَ ابْنُ جُرَیْجٍ بِمَكَّةَ وَ مَالِكٌ الْمُوَطَّا بِالْمَدِیْنَةِ وَالْاَوْزَاعِیُّ بِالشَّامِ وَ ابْنُ اَبِیْ عُرُوْبَةَ وَ حَمَّادُ بْنُ اَبِیْ سَلْمَةَ وَ غَیْرُهُمَا بِالْبَصْرَةِ وَ مَعْمَرٌ بِالْیَمَنِ وَ سُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ بِالْكُوْفَةِ وَ صَنَّفَ ابْنُ اِسْحٰقَ الْمَغَازِیَ وَ صَنَّفَ اَبُوْ حَنِیْفَةَ الْفِقْهَ وَالرَّأیَ.

"اسی زمانہ میں علمائے اسلام نے حدیث وفقہ وتفسیر کا جمع کرنا شروع کیا۔ مکہ میں ابنِ جریج رحمۃ اللہ علیہ نے اور مدینہ میں امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے موطا لکھی اور شام میں اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ نے اور بصرہ میں ابن ابی عروبہ رحمۃ اللہ علیہ اور حماد بن رحمۃ اللہ علیہ سلمہ وغیرہ نے۔ اور یمن میں معمر رحمۃ اللہ علیہ نے اور کوفہ میں سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ نے اور ابن اسحٰق نے مغازی تصنیف کی اور ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے فقہ ورائے تصنیف کی۔"

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے اجتہاد کے متعلق ایک مغالطہ کا ازالہ

ہمارے برادر احناف اکثر کہا کرتے ہیں کہ حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے اگر حدیث کی طرف توجہ ہی نہیں کی تو پھر مجتہد کیوں کہلائے۔ آخر وہ قیاسات جو کرتے تھے وہ حدیث پر ہی تو تھے۔ اس لئے کہ قیاس کے لئے مقیس علیہ شرط ہے۔

جواب یہ ہے کہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور ان جیسے اہل الرائے کی پوری توجہ فروع

طرف تھی کہ وہ اپنے اساتذہ کے قواعد کے پابند تھے اور اسی سے مسائل استنباط کرتے تھے۔ چنانچہ شاہ ولی اللہ فرماتے ہیں کہ:۔

اَلْمُرَادُ مِنْ اَهْلِ الرَّاْیِ قَوْمٌ تَوَجَّهُوْا بَعْدَ الْمَسَائِلِ الْمَجْمَعِ عَلَيْهَا بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ اَوْ بَيْنَ جُمْهُوْرِهِمْ اِلَى التَّخْرِيْجِ عَلٰى اَصْلِ رَجُلٍ مِّنَ الْمُتَقَدِّمِيْنَ وَ كَانَ اَكْثَرُ اَمْرِهِمْ حَمْلُ النَّظِيْرِ عَلَى النَّظِيْرِ وَ الرَّدُّ اِلٰى اَصلٍ مِّنَ الْاُصُوْلِ دُوْنَ تَتَبُّعِ الْاَحَادِيْثِ وَالْاٰثَارِ. [1]

''اہل الرائے سے مراد وہ لوگ ہیں جنہوں نے مسلمانوں کے مسائل متفق علیہ کے بعد کسی شخص متقدم کے قواعد پر تخریج مسائل کی طرف توجہ کی۔ ان کا اکثر دستور یہی رہا کہ مسئلہ میں اس کے مشابہ مسئلہ کا جو حکم ہوتا وہی حکم اس مسئلہ پر لگا دیتے۔ اور مسئلہ کو انہیں قواعد کی طرف پھیر پھار کر لے جاتے۔ احادیث نبوی ﷺ اور اعمال واقوال صحابہ رضی اللہ عنہم کی کھوج تلاش نہ کرتے (یعنی محض قیاس سے فتویٰ دیتے) احادیث اور آثار سے غرض نہ تھی۔''

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے شاگردوں کی رائے وقیاس میں مہارت

(۲۴) تاریخ ابن خلدون جلد اص ۳۷۲ میں ہے کہ:۔

اِنْقَسَمَ الْفِقْهُ فِيْهِمْ اِلٰى طَرِيْقَتَيْنِ طَرِيْقَةُ اَهْلِ الرَّاْیِ وَالْقِيَاسِ وَ هُمْ اَهْلُ الْعِرَاقِ وَ طَرِيْقَةُ اَهْلِ الْحَدِيْثِ وَ هُمْ اَهْلُ الْحِجَازِ وَ كَانَ الْحَدِيْثُ قَلِيْلًا فِیْ اَهْلِ الْعِرَاقِ لِمَا قَدَّمْنَاهُ فَاسْتَكْثَرُوْا مِنَ الْقِيَاسِ وَ مَهَرُوْافِيْهِ فَلِذٰلِكَ قِيْلَ اَهْلُ الرَّاْیِ وَ مُقَدَّمُ جَمَاعَتِهِمُ الَّذِیْ اسْتَقَرَّ الْمَذْهَبُ فِيْهِ وَاَصْحَابِهٖ اَبُوْحَنِيْفَةَ. [2]

---

[1] حجۃ اللہ البالغۃ: حال الناس قبل المائۃ الرابعۃ تتمۃ ج ا ص ۱۶۱۔

[2] مقدمۃ ابن خلدون مترجم اردو: حصہ ۲ فصل ۷ فقہ فرائض، ص ۳۴۱۔

''ان متقدین میں فقہ دو طریقہ پر منقسم ہوگئی۔ ایک طریقہ اہل الرائے والقیاس کا اور وہ عراق والے ہیں۔ اور ایک طریقہ اہل حدیث کا اور وہ حجاز (مکہ ومدینہ) والے ہیں ہیں۔ اہل عراق میں حدیث کم تھی۔ جس کی وجہ ہم پہلے لکھ چکے ہیں۔ تو انہوں نے قیاس سے زیادہ کام لیا اور قیاس ہی میں خوب ماہر ہوئے۔ اسی وجہ سے ان کو اہل الرائے کہا گیا۔ اہل الرائے کی جماعت کے سردار جن میں اور جن کے شاگردوں میں یہ (طریقہ) مذہب قائم ہوا۔ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔''

(۲۵) علامہ شہرستانی فرماتے ہیں:۔

اَصْحَابُ الرَّأيِ وَ هُمْ اَهْلُ الْعِرَاقِ اَصْحَابُ اَبِیْ حَنِیْفَةَ النُّعْمَانِ بْنِ ثَابِتٍ وَّ مِنْ اَصْحَابِهٖ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ وَاَبُوْ یُوْسُفَ یَعْقُوْبُ ابْنُ مُحَمَّدِ نِ الْقَاضِیُّ وَ زُفَرُبْنُ هُزَیْلٍ وَّالْحَسَنُ بْنُ زِیَادِ اللُّؤْلُؤِیُّ وَ ابْنُ سَمَاعَةَ وَ عَافِیَةُ الْقَاضِیُّ وَ اَبُوْ مُطِیْعِ الْبَلْخِیُّ وَ بِشْرُ الْمُرَیْسِیُّ وَ اِنَّمَا سُمُّوْا اَصْحَابَ الرَّأیِ لِاَنَّ عِنَایَتَهُمْ بِتَحْصِیْلِ وَجْهٍ مِّنَ الْقِیَاسِ وَالْمَعْنٰی الْمُسْتَنْبَطِ مِنَ الْاَحْکَامِ وَ بِنَاءِ الْحَوَادِثِ عَلَیْهَا وَ رُبَّمَا یُقَدِّمُوْنَ الْقِیَاسَ الْجَلِیَّ عَلٰی اٰحَادِ الْاَخْبَارِ۔ [1]

''اصحاب الرائے عراق والے ہیں جو ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے شاگرد محمد بن حسن اور ابو یوسف، یعقوب بن محمد القاضی اور زفر بن الہذیل اور حسن بن زیاد لولوی اور ابن سماعہ اور عافیہ قاضی اور ابو مطیع بلخی اور بشر مریسی ہیں۔ ان کا نام اصحاب الرائے اس وجہ سے رکھا گیا ہے کہ ان کی توجہ قیاس کے طریق حاصل کرنے پر تھی اور معانی مستنبط پر

[1] الملل والنحل: مذاہب اہل العالم ذکر اصحاب الرأی، ج ا ص ۳۶۵۔

کہ جن کا تعلق روزمرہ کے احکام سے ہے۔ بارہا انہوں نے قیاس جلی کو اخبار احاد پر مقدم کیا ہے۔"

حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ پر جرح

(۲۶) میزان الاعتدال میں ہے کہ:۔

اَلنُّعْمَانُ بْنُ ثَابِتِ بْنِ زُوْطِیْ اَبُوْ حَنِیْفَةَ الْکُوْفِیْ اِمَامُ اَھْلِ الرَّاْیِ ضَعَّفَهُ النَّسَائِیُّ مِنْ جِھَةِ حِفْظِهٖ وَابْنُ عَدِیٍّ وَّ اٰخَرُوْنَ۔ [1]

"نعمان بن ثابت بن زوطی ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کوفی قیاس والوں کے امام ہیں۔ ان کو نسائی اور عدی اور دیگر علماء نے حافظہ کی وجہ سے ضعیف کہا ہے۔"

(۲۷) تمہید شرح موطا میں ابن عبدالبر کا قول ہے:۔

لم یسنده غیر ابی حنیفة و هو سیئ الحفظ عند اهل الحدیث.

"نہیں سند بیان کی (حدیث من کان له امام ......) ابوحنیفہ کے سوا کسی نے اور وہ محدثین کے نزدیک ناقص الحفظ ہیں۔"

(۲۸) الفیہ عراقی مطبوعہ فاروقی کے حاشیہ ص ۴۵ میں ہے کہ:۔

فَیَکُوْنُ قَادِحًا کَمَا فَسَّرَ الذَّھَبِیُّ وَابْنُ عَبْدِالْبَرِّ وَابْنُ عَدِیٍّ وَالنَّسَائِیُّ وَالدَّارَقُطْنِیُّ فِیْ اَبِیْ حَنِیْفَةَ اَنَّهٗ ضَعِیْفٌ مِّنْ قِبَلِ حِفْظِهٖ.

"جرح مفسر ہوگی تو نقصان پہنچانے والی ہوگی۔ جیسا کہ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ اور ابن عبدالبر رحمۃ اللہ علیہ اور ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ اور نسائی رحمۃ اللہ علیہ اور دارقطنی نے ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں جرح مفسر کی ہے۔ یعنی ضعف کی وجہ کو بیان کیا ہے کہ حافظہ کی وجہ سے ضعیف ہیں۔"

(۲۹) تخریج ہدایہ حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ میں ہے کہ:۔

---

[1] میزان الاعتدال: ج۴ ص ۲۶۵، رقم: ۹۰۹۲۔ تذکرۃ الراشد برد تبصرۃ الناقد مجموعہ رسائل اللکنوی ج ۵، ص ۲۵۴۔

عَنْ اَبِیْ حَفْصٍ عُمَرَ بْنِ عَلِیٍّ قَالَ اَبُوْ حَنِیْفَةَ لَیْسَ بِحَافِظٍ مُضْطَرَبُ الْحَدِیْثِ ذَاهِبُ الْحَدِیْثِ. [1]

''ابوحفص عمر بن علی نے کہا کہ ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حافظہ والے نہیں ہیں۔ اور حدیث میں غلطیاں کرنے والے ہیں۔ ان کو حدیث یاد نہیں رہتی۔''

(۳۰) امام نسائی فرماتے ہیں:۔

لَیْسَ بِالْقَوِیِّ فِیْ الْحَدِیْثِ. [2]

''امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حدیث میں قوی نہیں ہیں۔''

(۳۱) اَنَّ ابْنَ الْقَطَّانِ جَرَحَ الْحَدِیْثَ الْاَوَّلَ وَ قَالَ عِلَّتُهٗ ضُعْفُ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ الْحَدِیْثِ. [2]

''تحقیق ابن قطان نے حدیث اول پر جرح کردی ہے اور کہا ہے کہ علت اس کے ضعف کی امام ابوحنیفہ کا حدیث میں ضعیف ہونا ہے۔''

(۳۲) سنن دارقطنی میں تحت حدیث:

مَنْ کَانَ لَهٗ اِمَامٌ فَقِرَءَةُ الْاِمَامِ لَهٗ قِرَاْءَةٌ ہے غَیْرُ اَبِیْ حَنِیْفَةَ وَالْحَسَنِ بْنِ عُمَارَةَ وَ هُمَا ضَعِیْفَانِ. [3]

''امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور حسن بن عمارہ کے سوا کسی نے (حدیث مذکور یعنی (من کان له امام......) کو روایت نہیں کیا اور یہ دونوں ضعیف ہیں۔''

(۳۳) تخریج ہدایہ حافظ ابن حجر میں ہے کہ:۔

قَالَ صَاحِبُ الْمُنْتَظَمِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ الْمَدِیْنِیِّ قَالَ سَاَلْتُ اَبَاحَنِیْفَةَ فَضَعَّفَهٗ جِدًّا وَّ قَالَ خَمْسِیْنَ حَدِیْثًا اَخْطَاَ فِیْهَا

''علی بن مدینی رحمۃ اللہ علیہ کے بیٹے عبداللہ کہتے ہیں کہ میں نے اپنے باپ علی بن

[1] دراسات اللبیب: الدراسة الرابعة، فصل الجمع بین هذه الاحادیث الثلاثة، ص ۱۵۷۔

[2] کتاب الضعفاء والمتروکین: ص ۲۳۳

[3] سنن دارقطنی: ج ۱، ص ۳۲۳۔

مدینی رحمۃ اللہ سے ابوحنیفہ رحمۃ اللہ کا حال پوچھا تو انہوں نے ان کو ضعیف بتلایا اور کہا کہ پچاس حدیث میں بھولے ہیں۔"

(۳۵) امام ابوحنیفہ کے متعلق امام بخاری فرماتے ہیں:۔

قَالَ الْحُمَیْدِیُّ فَرَجُلٌ لَیْسَ عِنْدَهٗ سُنَنٌ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَ لَا اَصْحَابِهٖ فِی الْمَنَاسِکِ وَ غَیْرِ هَا کَیْفَ یُقَلَّدُ اَحْکَامَ اللّٰهِ فِی الْمَوَارِیْثِ وَالْفَرَائِضِ وَالزَّکٰوةِ وَالصَّلٰوةِ وَ اُمُوْرِ الْاِسْلَامِ. [1]

"حمیدی رحمۃ اللہ کہتے ہیں جس آدمی کے پاس رسول اللہ ﷺ کی حدیثیں اور صحابہ رضی اللہ عنہم کے آثار مناسک وغیرہ میں نہ ہوں ایسے کی بات خدا کے احکام میں مثل میراث اور زکوٰۃ اور نماز وغیرہ امور اسلام میں کیونکر قبول کی جائے۔"

(۳۶) شاہ ولی اللہ صاحب فرماتے ہیں:۔

آں یك شخصے است که رؤس محدثین مثل احمد و بخاری و مسلم و ترمذی و ابوداؤد و نسائی و ابن ماجة و دارمی یك حدیث ازوے را درکتاب ہائے خود روایت نکردہ اند۔ [2]

"امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ وہ شخص ہیں کہ بڑے بڑے محدثین مثل امام احمد و بخاری و مسلم و ترمذی ونسائی وابوداؤد وابن ماجہ دارمی رحمہم اللہ نے ایک حدیث بھی ان سے اپنی کتابوں میں درج نہیں کی۔"

(۳۷) اسمائے گرامی اُن ائمہ محدثین فقہا و فضلاء کے جنہوں نے حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ کو ناقص الحافظہ اور حدیث کم جاننے والا اور اس کی جانچ و پرکھ میں ناقص اور نیز عربی زبان میں ناقص بتلایا ہے اور ان کے عقائد اور مسائل پر

---

[1] تاریخ صغیر: ج۲، ص۴۳۔ [2] مصفی شرح موطا: ج۱، ص۶۔

اعتراض کیا ہے۔ یہ ہیں:

(۱) امام مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ (۲) امام محمد بن ادریس شافعی رحمۃ اللہ علیہ (۳) امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ (۴) امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ (۵) امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ (۶) امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ (۷) ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ (۸) عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ (۹) اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ (۱۰) ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ (۱۱) ابن عبدالبر رحمۃ اللہ علیہ (۱۲) ذہبی رحمۃ اللہ علیہ (۱۳) ابوحفص عمر بن علی رحمۃ اللہ علیہ (۱۴) عبداللہ بن علی رحمۃ اللہ علیہ (۱۶) علی بن المدینی رحمۃ اللہ علیہ (۱۸) ابوبکر بن داؤد رحمۃ اللہ علیہ (۱۹) ابویحیٰی حمانی یعنی عبدالحمید رحمۃ اللہ علیہ بن عبدالرحمٰن (۲۰) ابن عیاش رحمۃ اللہ علیہ (۲۱) احمد الخزاعی رحمۃ اللہ علیہ (۲۲) قاسم بن معین رحمۃ اللہ علیہ (۲۳) مسعر بن رحمۃ اللہ علیہ کدام ابوسلمہ کوفی (۲۴) اسرائیل رحمۃ اللہ علیہ (۲۵) معمر رحمۃ اللہ علیہ (۲۶) فضیل بن عیاض رحمۃ اللہ علیہ (۲۷) ایوب رحمۃ اللہ علیہ (۲۸) سفیان رحمۃ اللہ علیہ (۲۹) ابومطیع رحمۃ اللہ علیہ (۳۰) الحکم رحمۃ اللہ علیہ بن عبداللہ (۳۱) یزید رحمۃ اللہ علیہ بن ہارون (۳۲) ابوعاصم النبیل رحمۃ اللہ علیہ (۳۳) عبداللہ بن داؤد عامر رحمۃ اللہ علیہ ہذلی (۳۴) ابو عبدالرحمٰن الخیربی رحمۃ اللہ علیہ (۳۵) عبداللہ بن یزید المقری رحمۃ اللہ علیہ (۳۶) شداد بن حکم رحمۃ اللہ علیہ (۳۷) مکی بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ (۳۸) وکیع بن الجراح رحمۃ اللہ علیہ (۳۹) نصر بن شمیل المازنی رحمۃ اللہ علیہ (۴۰) یحیٰی بن سعید القطان رحمۃ اللہ علیہ (۴۱) ابو عبیدہ رحمۃ اللہ علیہ (۴۲) حسن رحمۃ اللہ علیہ بن عثمان العاصی (۴۳) یزید بن رحمۃ اللہ علیہ زریع ابومعاویہ (۴۴) جعفر رحمۃ اللہ علیہ بن ربیع (۴۵) ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ بن عکرمہ القزوینی (۴۶) علی بن عاصم رحمۃ اللہ علیہ (۴۷) حکم بن ہشام رحمۃ اللہ علیہ (۴۸) عبدالرزاق رحمۃ اللہ علیہ (۴۹) حسن بن محمد اللیثی (۵۰) یحیٰی بن عمارۃ رحمۃ اللہ علیہ (۵۱) حفص بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ (۵۲) زافر بن سلیمٰن رحمۃ اللہ علیہ ایادی (۵۳) اسد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ (۵۴) حسن بن عمارہ رحمۃ اللہ علیہ (۵۵) یحیٰی بن فضیل رحمۃ اللہ علیہ (۵۶) ابوالجویریہ حطان رحمۃ اللہ علیہ (۵۷) یزید الکمیت رحمۃ اللہ علیہ (۵۸) علی بن حفص البزار رحمۃ اللہ علیہ (۵۹) ملیح بن وکیع رحمۃ اللہ علیہ (۶۰) محمد بن عبدالرحمٰن المسعودی رحمۃ اللہ علیہ (۶۱) یوسف السمتی رحمۃ اللہ علیہ (۶۲) خارجہ بن مصعب رحمۃ اللہ علیہ (۶۳) قیس بن الربیع (۶۴) حجر بن عبدالجبار رحمۃ اللہ علیہ (۶۵) حفص بن حمزہ رحمۃ اللہ علیہ القرشی (۶۶) حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ (۶۷) جعفر بن عون العمری (۶۸) عبداللہ بن رجاء الغدانی رحمۃ اللہ علیہ (۶۹) محمد بن رحمۃ اللہ علیہ عبداللہ

الصاری (۷۰) عبداللہ بن عباب رحمۃ اللہ علیہ (۷۱) حجر بن عبداللہ الحضرمی رحمۃ اللہ علیہ (۷۲) ابن وہب العابد رحمۃ اللہ علیہ (۷۳) ابن عائشہ رحمۃ اللہ علیہ (۷۴) ابو اسحٰق فرازی رحمۃ اللہ علیہ (۷۵) حماد بن ابی سلیمان رحمۃ اللہ علیہ (۷۶) عبدالوہاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ (۷۷) ملا معین رحمۃ اللہ علیہ (۷۸) حضرت پیران پیر شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ (۷۹) مولانا عبدالحی صاحب لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ (۸۰) مولانا شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ۔

یہ اسی (۸۰) نام عبارات مندرجہ بالا سے اور کتب ہذا ''تاریخ خطیب جلد۲ ص ۱۲۰۔۱۲۷ و تمہید شرح موطا ص ۸۳۔۹۳۔۶۷۵ جلد ۳ اور تاریخ کبیر امام بخاری ص ۱۹۱ اور میزان الاعتدال جلد ۱ ص ۲۴۵ اور غنیۃ الطالبین ص ۲۰۶ و ص ۲۰۸'' سے لئے گئے ہیں۔

حضرت امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے شاگردوں اور ان کی اولاد پر جرح

(۳۸) امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق ہے:۔

قَالَ الْفَلَّاسُ: صَدُوْقٌ كَثِيْرُ الْغَلَطِ وَ قَالَ الْبُخَارِیُّ: تَرَكُوْهُ. [1]

''فلاس نے کہا یہ سچے ہیں مگر بھولنے والے بہت ہیں ان کو ترک کر دیا ہے۔''

(۳۹) يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْقَاضِیْ سَمِعَ ابْنَ السَّائِبِ تَرَكَهُ يَحْيٰى وَابْنُ مَهْدِیٍّ وَ غَيْرُهُمَا. [2]

''ابو یوسف یعقوب بن ابراہیم قاضی نے ابن السائب سے روایت کی ہے یحییٰ اور ابن مہدی وغیرہ نے ان کو ترک کر دیا ہے۔ (یعنی روایت نہیں لی)۔''

(۴۰) امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق کہ:۔

لَيَّنَهُ النَّسَائِیُّ وَ غَيْرُهُ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهٖ. [3]

''ان کو ضعیف کہا ہے امام نسائی نے اور دیگر محدثین نے حافظہ کی وجہ سے۔''

---

[1] میزان الاعتدال: ج ۴، ص ۴۴۷، رقم: ۹۷۹۴۔

[2] کتاب الضعفاء الصغیر ص ۱۲۸، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ، تاریخ صغیر ج ۲، ص ۲۰۴ میں نقل کرتے ہیں کہ امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے: ''ابو یوسف مجھ پر جھوٹ باندھتے تھے''۔

[3] میزان الاعتدال: ج ۳، ص ۵۱۳، رقم: ۷۳۷۴۔

(۴۱) کتاب الضعفاء مطبوعہ انوار احمدی ص ۳۵ میں ہے کہ:۔

"محمد بن حسن ضعیف ہیں۔"

(۴۲) امام یوسف بن خالد رحمۃ اللہ علیہ اور حسن رحمۃ اللہ علیہ ابن زیاد کے متعلق کتاب الضعفاء مطبوعہ انوار احمدی ص ۳۵ میں ہے کہ:۔

وَالضُّعَفَاءُ مِنْ اَصْحَابِهٖ يُوْسُفُ بْنُ خَالِدِ السمتِیُّ كَذَّابٌ وَالْحَسَنُ بْنُ زِيَادِ اللُّؤْلُؤِیُّ كَذَّابٌ خَبِيْثٌ.

"ان کے (امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے) شاگردوں میں یوسف بن خالد السمتی ضعیف اور بہت جھوٹا ہے اور حسن بن زیاد لولوی بہت جھوٹا خبیث ہے۔"

(۴۳) امام حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق ہے کہ:۔

عَنْ يَحْىَ ابْنِ مَعِيْنٍ: كَذَّابٌ وَكَذَا كَذَّبَهٗ اَبُوْدَاوٗدَ فَقَالَ: كَذَّابٌ غَيْرُ ثِقَةٍ وَ قَالَ ابْنُ الْمَدِيْنِىْ: لَايُكْتَبُ حَدِيْثُهٗ وَ قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: لَيْسَ بِثِقَةٍ وَ لَا مَاْمُوْنٍ وَ قَالَ الدَّارَقُطْنِیُّ: ضَعِيْفٌ مَتْرُوْكٌ. [1]

"یحیٰی بن معین سے منقول ہے (کہ حسن بن زیاد) بہت جھوٹا ہے اور ابوداؤد نے کہا کہ بہت جھوٹا ہے، ثقہ نہیں ہے۔ اور ابن مدینی نے کہا کہ اس کی حدیث نہیں لکھی جاسکتی اور ابوحاتم نے کہا کہ ثقہ نہیں ہے اور دارقطنی نے کہا کہ ضعیف ہے ترک کیا گیا ہے۔"

(۴۴) اسمٰعیل رحمۃ اللہ علیہ اور حماد اور امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق ہے کہ:۔

اِسْمٰعِيْلُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ نُعْمَانِ بْنِ ثَابِتِ نِ الْكُوْفِیّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ ابْنُ عَدِیّ ثَلٰثُهُمْ ضُعَفَآءُ. [2]

---

[1] میزان الاعتدال: ج ۱ ص ۴۹۱، رقم: ۱۸۴۹۔

[2] میزان الاعتدال: ج ۱ ص ۲۲۶، رقم: ۸۶۶۔

''اسمٰعیل اپنے باپ حماد سے روایت کرتے ہیں اور حماد اپنے باپ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں۔ابن عدی نے کہا تینوں ضعیف ہیں۔''

(۴۵) اسمٰعیل رحمۃ اللہ علیہ حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے پوتے کے متعلق حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ: تَكَلَّمُوْا فِيْهِ ''کلام کیا گیا ہے ان میں۔'' ❶

(۴۶) حماد...... حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے بیٹے کے متعلق کہ:۔

ضَعَّفَهُ ابْنُ عَدِيٍّ وَ غَيْرُهٗ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهٖ. ❷

''ابن عدی نے ان کو ضعیف کہا ہے اور دیگر محدثین نے حافظہ کی وجہ سے''

(۴۷) عام شاگردان امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق قیام اللیل مطبوعہ لاہور ص ۱۲۴ میں ہے کہ:۔

حَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ سَعِيْدِ النَّسَوِيُّ قَالَ سَمِعْتُ اَحْمَدَ بْنَ حَنْبَلٍ يَّقُوْلُ هٰؤُلَآءِ اَصْحَابُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ لَيْسَ لَهُمْ بَصَرٌ بِشَيْءٍ مِّنَ الْحَدِيْثِ مَاهُوَ اِلَّا الْجُرْاَةُ.

''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ یہ لوگ ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد وغیرہ ان کو حدیث کی جانچ پرکھ میں دخل نہیں ہے۔حدیث کے علم میں ان لوگوں کا دخل دینا محض زبردستی ہے۔''

اہل کوفہ کی حدیث دانی

(۴۸) امام مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

اِذَا خَرَجَ الْحَدِيْثُ عَنِ الْحِجَازِ اِنْقَطَعَ نُخَاعُهٗ. ❸

''امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے کہ جس حدیث کے سلسلہ میں حجاز کا راوی نہ ہو

---

❶ تقریب التہذیب: ص ۴۲۔

❷ میزان الاعتدال: ج ۱ص ۵۹۰، رقم: ۲۲۴۵۔

❸ تدریب الراوی: ج ۱ص ۳۹۔

اُس کا مغز جاتا رہا۔ یعنی ہلکے درجہ کی ہوگئی۔''

(۴۹) امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

اِذَا لَمْ یُوْجَدْ لِلْحَدِیْثِ مِنَ الْحِجَازِ اَصْلٌ ذَهَبَ نُخَاعُهٗ. ❶

''جس حدیث کی سند حجاز میں نہ پائی جائے اُس کا مغز جاتا رہا۔''

(۵۰) امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

کُلُّ حَدِیْثٍ جَآءَ مِنَ الْعِرَاقِ وَ لَیْسَ لَهٗ اَصْلٌ فِی الْحِجَازِ فَلَا تَقْبَلْهُ وَ اِنْ کَانَ صَحِیْحًا مَّآ اُرِیْدُ اِلَّا نَصِیْحَتَکَ. ❷

''کوئی حدیث بھی عراق سے آئے اور اس کی اصل حجاز سے نہ ہو تو نہ قبول کی جائے اگر چہ صحیح ہو۔ نہیں چاہتا میں مگر خیر خواہی تیری۔''

(۵۱) **وَ کَانَ یَقُوْلُ اِیَّاکُمْ وَالْاَخْذَ بِالْحَدِیْثِ الَّذِیْ اَتَاکُمْ مِنْ بِلَادِ اَهْلِ الرَّأیِ اِلَّا بَعْدَ التَّفْتِیْشِ.** ❸

''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ خبردار اہل الرائے قیاس کرنے والوں کی کوئی حدیث تمہارے پاس آئے تو مت لینا جب تک کہ چھان بین نہ کرلو۔''

(۵۲) قول امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ:۔

سَمِعْتُ اَحْمَدَ یَقُوْلُ لَیْسَ لِحَدِیْثِ اَهْلِ الْکُوْفَةِ نُوْرٌ. ❹

''امام احمد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اہل کوفہ کی حدیث میں نور نہیں ہے۔''

(۵۳) طاؤس رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:۔

اِذَا حَدَّثَکَ الْعِرَاقِیُّ مِائَةَ حَدِیْثٍ فَاطْرَحْ تِسْعَةً وَّ تِسْعِیْنَ. ❺

---

❶ تدریب الراوی: ج ا ص ۳۹۔ ❷ تدریب الراوی ج ا ص ۳۹۔

❸ میزان الشعرانی: فصل: فیما نقل عن الشافعی، من ذم الرائی، ج ا۔ ص ۷۳۔

❹ ابوداؤد: کتاب الادب، باب فی الرجل ینتمی الی غیر موالیہ، رقم: ۵۱۱۳۔

❺ تدریب الراوی: ج ا ص ۳۹۔

''عراق والا آدمی اگر سو حدیثیں سنائے تو ننا ویں کو تو چھوڑ ہی دو۔''

(۵۴) ہشام بن عروہ فرماتے ہیں:۔

اِذَا حَدَّثَکَ الْعِرَاقِیُّ بِاَلْفِ حَدِیْثٍ فَاَلْقِ تِسْعَمِائَۃٍ وَّ تِسْعِیْنَ وَ کُنْ مِنَ الْبَاقِیْ فِیْ شَکٍّ. [1]

''عراق والا آدمی اگر ہزار حدیثیں سنائے تو نو سو نوے کو تو چھوڑ ہی دو اور جو دس باقی رہیں ان میں بھی شک رکھو۔''

(۵۵) حبیب بن ابی ثابت رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:۔

اَیُّمَا اَعْلَمُ بِالسُّنَّۃِ اَھْلُ الْحِجَازِ اَمْ اَھْلُ الْعِرَاقِ فَقَالَ بَلْ اَھْلُ الْحِجَازِ. [2]

''(مسعر نے سوال کیا) کہ کون سنت کو زیادہ جانتا ہے عراق والا یا حجاز والا کہا (حبیب نے) بلکہ حجاز والا۔''

(۵۶) زہری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:۔

اِنَّ فِیْ حَدِیْثِ اَھْلِ الْکُوْفَۃِ دَغَلاً کَثِیْرًا. [3]

''کوفہ والوں کی حدیث میں بہت کدورت ہے۔''

(۵۷) عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:۔

حَدِیْثُ اَھْلِ الْمَدِیْنَۃِ اَصَحُّ وَ اِسْنَادُھُمْ اَقْرَبُ. [4]

''مدینہ والوں کی حدیثیں زیادہ صحیح ہیں اور اسناد ان کی قریب ہیں۔''

(۵۸) قول خطیب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:۔

اَنَّ رِوَایَاتَھُمْ کَثِیْرَۃُ الدَّغَلِ قَلِیْلَۃُ السَّلَامَۃِ مِنَ الْعِلَلِ. [5]

---

[1] تدریب الراوی، ج۱ص۳۹۔

[2] تدریب الراوی، ج۱ص۳۹۔ [3] تدریب الراوی، ج۱ص۳۹۔

[4] تدریب الراوی، ج۱ص۳۹۔ [5] تدریب الراوی، ج۱ص۳۹۔

"ان کی روایتوں میں بہت کدورت ہے۔اور صحت وسلامتی کم ہے۔"

فقہاء متاخرین کا حدیث سے تعلق

(۵۹) کتاب المول میں علامہ عبدالرحمٰن ابوشامہ فرماتے ہیں کہ:۔

وَقَدْحَرَّمَ الْفُقَهَآءُ فِي زَمَانِنَا النَّظَرَ فِي كُتُبِ الْحَدِيْثِ وَ الْآثَارِ وَالْبَحْثَ عَنْ فِقْهِهَا وَ مَعَانِيهَا وَ مُطَالَعَةِ الْكُتُبِ النَّفِيْسَةِ الْمُصَنَّفَةِ فِيْ شُرُوْحِهَا وَ غَرِيْبِهَا بَلْ اَفْنَوْا زَمَانَهُم وَ عُمْرَ هُمْ فِيْ النَّظَرِ فِيْ اَقْوَالِ مَنْ سَبَقَهُمْ مِّنَ الْمُتَاخِرِى الْفُقَهَآءِ وَ تَرَكُوْا النَّظَرَ فِيْ نُصُوْصِ نَبِيِّهِمُ الْمَعْصُوْمِ عَنِ الْخَطَاْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ وَ اٰثَارِ الصَّحَابَةِ الَّذِيْنَ شَهِدُوْا الْوَحْيَ وَ عَايَنُو الْمُصْطَفٰى وَ فَهِمُوْ نَفَائِسَ الشَّرِيْعَةِ فَلَاجَرَمَ حَرَّمَ هٰؤُلَآءِ رُتْبَةَ الْاِجْتِهَادِ وَ بَقَوْا مُقَلِّدِيْنَ عَلَى الْاٰبَآءِ. [1]

"ہمارے زمانے کے فقہاء کتب حدیث وآثار دیکھنے سے اور احادیث کے معانی اور اُن سے جو مسائل نکلتے ہیں، ان میں بحث کرنے سے اور شروح حدیث میں جو نفیس نفیس کتابیں لکھی گئیں، ان کے دیکھنے سے محروم ہیں۔ بلکہ انہوں نے اپنے وقت اور اپنی عمروں کو اُن سے پہلے جو پچھلے فقہاء گزرے ہیں۔ اُنہیں کے اقوال میں فنا کر دیا۔ اور اپنے نبی ﷺ کے نصوص کو جو خطا سے معصوم تھے اور آثار صحابہ رضی اللہ عنہم ہیں جنہوں نے وحی اترتی دیکھی اور پیغمبر ﷺ کو اپنی آنکھوں سے دیکھا اور مغز شریعت کو سمجھا، چھوڑ بیٹھے۔ سو بے شک یہ لوگ رتبہ اجتہاد سے محروم رہ گئے اور اپنے باپ دادا کی تقلید ہی پر باقی رہے۔"

---

[1] الارشاد الی سبیل الرشاد: ص ۱۵۲۔

(٦٠) میزان شعرانی میں ہے کہ:۔

قَالَ لِیْ لَوْ وَجَدْتُ حَدِیْثًا فِی الْبُخَارِیّ وَ مُسْلِمٍ لَّمْ یَاخُذْبِہٖ اِمَامِیْ لَااَعْمَلُ بِہٖ وَ ذٰلِکَ جَھْلٌ مِّنْہُ بِالشَّرِیْعَۃِ وَ اَوَّلُ مَنْ یَّتَبَرَّاُ مِنْہُ اِمَامُہٗ وَ کَانَ مِنَ الْوَاجِبِ عَلَیْہِ حَمْلُ اِمَامِہٖ عَلٰی اَنَّہٗ لَمْ یَظْفَرْ بِذٰلِکَ الْحَدِیْثِ اَوْلَمْ یَصِح عِنْدَہٗ. [1]

''مجھ سے (بعض مقلدین نے) کہا کہ اگر مجھے کوئی ایسی حدیث ملے جو صحیح بخاری و مسلم میں ہے مگر میرے امام نے اسے نہیں لیا۔ تو میں بھی اس پر عمل نہ کروں گا۔ یہ تو اس کی جہالت ہے شریعت سے۔ اور سب سے پہلے اس کا امام ہی اس سے بری ہوگا۔ اس پر واجب تھا کہ امام پر حسن ظن کر کے یہ کہتا کہ شاید ان کو یہ حدیث نہیں پہنچی یا ان کے نزدیک یہ حدیث صحیح نہیں ہوئی۔''

(٦١) فتوحات مکیہ باب الثامن عشر وثلث مائۃ میں ہے کہ:۔

وَاعْلَمْ اَنَّہٗ لَمَّا غَلَبَتِ الْاَھْوَاءُ عَلَی النُّفُوْسِ وَ طَلَبَتِ الْعُلَمَآءُ الْمَرَاتِبَ عِنْدَالْمُلُوْکِ تَرَکُوْا الْمَھْجَۃَ الْبَیْضَاءَ وَ جَنَحُوْآ اِلَی التَّاوِیْلَاتِ الْبَعِیْدَۃِ لِیَمْشُوْا اَغْرَاضَ الْمُلُوْکِ فِیْمَا لَھُمْ ھَوٰی نَفْسٍ لِّیَسْتَنِدُوْا فِی ذٰلِکَ اِلٰی اَمْرٍ شَرْعِیٍّ مَعَ کَوْنِ الْفَقِیْہِ رُبَّمَا لَایَعْتَقِدُ ذٰلِکَ وَ یُفْتِیْ بِہٖ وَ قَدْرَاَیْنَا مِنْھُمْ جَمَاعَۃً عَلٰی ھٰذَا مِنْ قُضَاتِھِمْ وَ فُقَھَآئِھِمْ اِلٰی قَوْلِہٖ. وَقَدْ جَرٰی لَنَا ھٰذَا مَعَھُمْ مِرَارًا بِالْمَغْرِبِ وَالْمَشْرِقِ فَمَا مِنْھُمْ اَحَدٌ عَلٰی مَذْھَبِ مَنْ یَّزْعُمُ اَنَّہٗ عَلٰی مَذْھَبِہٖ فَقَد اتجت الشَّرِیْعَۃُ بِالْاَ ھْوَاءِ وَ اِنْ کَانَتِ الْاَخْبَارُ الصِّحَاحُ

---

[1] میزان الشعرانی: الفصل الثانی، ج۱، ص۱۵۔

مَوْجُوْدَةً مُسَطَّرَةً فِیْ الْکُتُبِ الصَّحَاحِ وَ اَسْمَآءُ الرُّوَّاةِ فِیْ کُتُبِ التَّارِیْخِ مَعْلُوْمَةً بِالْجَرْحِ وَالتَّعْدِیْلِ مَضْبُوْطَةُ الْاَسَانِیْدِ مَحْفُوْظَةً مَّصُوْنَةً مِنَ التَّغْیِیْرِ وَالتَّبْدِیْلِ لٰکِنْ اِذَاتُرِکَ الْعَمَلُ بِهَا وَاشْتَغَلَ النَّاسُ بِالرَّاْیِ وَدَانُوْا اَنْفُسَهُمْ قِیَادَ الْمُتَقَدِّمِیْنَ مَعَ مُعَارَضَةِ الْاَخْبَارِ الصِّحَاحِ لَهَا فَلَا فَرْقَ بَیْنَ عَدَمِهَا وَ وُجُوْدِهَآ اِذْ لَمْ یَبْنَ لَهَا حُکْمٌ عِنْدَهُمْ وَاَیُّ نَسْخٍ اَعْظَمُ مِنْ هٰذَا فَاعْلَمْ یَا اَخِیْ اَنَّ الشَّیْخَ مُحْیُ الدِّیْنِ بْنَ الْعَرَبِیِّ مُسَلَّمٌ عِنْدَ الْاَحْنَافِ حَتّٰی قَالَ مَوْلَانَا بَحْرُ الْعُلُوْمِ فِیْ شَرْحِ مُسَلَّمِ الثُّبُوْتِ اَنَّهٗ خَاتَمُ الْوَلَایَةِ.

''یہ بات معلوم کر لینا چاہئے کہ جب طبیعتیں لالچ پسند ہو گئیں اور علماء نے بادشاہوں کے پاس مراتب چاہے تو انہوں نے روشن راستہ چھوڑ دیا۔ اور تاویلات بعیدہ پر جھک پڑے تا کہ بادشاہوں کے اغراض

پورے ہوں شہوات نفسانی میں اور اُن باتوں کو شرعی ٹھہرا دیا باوجود اس کے کہ وہ علماء خود بھی ان کو نہ مانتے تھے اور نہ ان پر فتویٰ دیتے تھے اور ہم نے دیکھا بھی ہے ان قاضی و مفتیوں کی ایک جماعت کو کہ جن کا یہی حال تھا۔ اور یہی گفتگو ہمارے اور ان کے درمیان کئی مرتبہ مشرق و مغرب میں ہوئی۔ کوئی بھی اُن سے اس کے مذہب پر نہ تھا کہ جس کے مذہب میں ہونے کا دم بھرتا تھا۔ انہوں نے تو شریعت سے اپنے مطلب کے موافق باتیں نکال لیں۔ اگرچہ صحیح حدیثیں صحیح حدیث کی کتابوں میں قلمبند ہیں کہ جن کی سند مضبوط ہے اور محفوظ ہے۔ ان میں کسی طرح کی تغیر و تبدُّل نہیں ہوسکتی وہ تغیر و تبدیل سے اچھوتی ہیں۔ اور راویوں کے نام بھی معلوم ہیں جرح و تعدیل کے ساتھ کتب تاریخ

ہیں۔ لیکن جب لوگوں نے ان پر عمل ہی کرنا چھوڑ دیا اور رائے وقیاس میں مشغول ہو گئے اور اپنی تکمیل یا باگ متقدمین کو دے دی اور ان کے تابع ہو گئے۔ باوجود صحیح حدیثوں کے معارض ہونے کے تو اب عدم وجود برباد ہوا حدیث کا جبکہ اس پر کوئی نہ چلا اور اس کو نہ مانا۔ اور اس سے بڑھ کر کونسا نسخ ہو سکتا ہے۔ اب اے بھائی سمجھ لے کہ شیخ محی الدین رحمۃ اللہ علیہ بن عربی معمولی آدمی نہیں ہے۔ بلکہ تمام حنفی ان کو مانتے ہیں۔ یہاں تک کہ مولانا بحر العلوم رحمۃ اللہ علیہ نے شرح مسلم الثبوت میں کہا ہے کہ ولایت ان پر ختم ہو چکی۔"

(۶۲) احیاء العلوم مطبوعہ نولکشور جلد ۳ ص ۲۱۲ میں امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:۔

فَمِنْهُمْ فِرْقَةٌ اِقْتَصَرُوْا عَلٰى عِلْمِ الْفَتَاوٰى فِي الْحُكُوْمَاتِ وَالْخُصُوْمَاتِ وَ تَفَاصِيْلِ الْمُعَامَلَاتِ الدُّنْيَوِيَّةِ الْجَارِيَةِ بَيْنَ الْخَلْقِ لِمَصَالِحِ الْمَعَايِشِ وَ خَصَّصُوْآ اِسْمَ الْفِقْهِ بِهَا وَسَمُّوْهُ الْفِقْهُ وَ عِلْمُ الْمَذَاهِبِ وَ رُبَّمَاضَيَّعُوْا مَعَ ذٰلِكَ الْاَعْمَالَ الظَّاهِرَةَ وَالْبَاطِنَةَ فَلَمْ يَتَفَقَّدُ واالْجَوَارِحَ وَلَمْ يَحْرِسُوْاالِّلسَانَ عَنِ الْغِيْبَةِ وَ لَا الْبَطْنَ عَنِ الْحَرَامِ وَ لَا الرِّجْلَ عَنِ الْمَشْيِ اِلَى السَّلَاطِيْنِ وَ كَذَا سَآئِرَ الْجَوَارِحِ وَ لَمْ يَحْرِسُوْا قُلُوْبَهُمْ عَنِ الْكِبْرِ وَالْحَسَدِ وَالرِّيَآءِ وَ سَآئِرِ الْمُهْلِكَاتِ فَهٰؤُلَآءِ مَغْرُوْ رُوْنَ مِنْ وَجْهَيْنِ اَحَدُ هُمَا مِنْ حَيْثُ الْعَمَلِ وَ الْاٰخَرُ مِنْ حَيْثُ الْعِلْمِ (اِلٰى قَوْلِهٖ) وَ اَمَّا مَغْرُوْرَةٌ مِّنْ حَيْثُ الْعِلْمِ فَحَيْثُ اقْتَصَرَعَلٰى عِلْمِ الْفَتَاوٰى وَ ظَنَّ اَنَّهٗ عِلْمُ الدِّيْنِ وَ تَرَكَ عِلْمَ كِتَابِ اللّٰهِ وَ سُنَّةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَ رُبَّمَا طَعَنَ فِي الْمُحَدِّثِيْنَ وَ قَالَ اِنَّهُمْ نَقَلَةُ اَخْبَارِ

وَ حَمَلَةُ اَسْفَارٍ لَّا يَفْقَهُوْنَ وَ تَرَكَ اَيْضًا عِلْمَ تَهْذِيْبِ الْاَخْلَاقِ وَ تَرَكَ الْفِقْهَ عَنِ اللّٰهِ تَعَالٰى بِاِدْرَاكِ جَلَالِهٖ وَ عَظْمَتِهٖ وَ هُوَالْعِلْمُ الَّذِى يُوْرِثُ الْخَوْفَ وَالْهَيْبَةَ وَالْخُشُوْعَ وَ يَحمِلُ عَلَى التَّقْوٰى.

''ان سے ایک جماعت تو رک گئی علم فتاوی پر (ان کا مبلغ علم یہی رہا تھا) ایسے فتاویٰ کہ جن میں رات دن کے جھگڑے اور قضیہ کے متعلق حکم ہیں۔ نیز دنیوی امور کی تفصیل ہے جو لوگوں میں جاری ہیں۔ اور جن سے اصلاح تمدن ہے۔ انہوں نے انہیں فتاووں کو فقہ کے نام سے منسوب کیا ہے اور علم مذہب کے نام سے۔ کیفیت یہ ہے کہ اکثر اوقات انہوں نے اعمال ظاہری و باطنی ضائع کر دیئے۔ اور اپنے ہاتھ پیروں کی تلاش نہ کی اور نہ ان کو بچایا۔ زبان کو خاموش نہ رکھا غیبت سے اور نہ پیٹ کو حرام کھانے سے۔ اور نہ پیر کو بادشاہوں کے دربار میں جانے سے اور اس پر ہی اور اعضاء کا قیاس ہے۔ اور دلوں کو نہ بچایا غرور و تکبر، حسد و ریا سے۔ اور دیگر ان امور سے جو باعث ہلاکت ہیں یہ لوگ دھوکا کھا گئے دو چیزوں میں۔ علم میں اور عمل میں۔ اِلٰى قَوْلِهٖ۔ لیکن ان کا علمی دھوکا اس وجہ سے ہے کہ انہوں نے علم فتاویٰ پر ہی اکتفا کیا اور یہ خیال کر لیا کہ بس یہی علم دین ہے۔ اور قرآن و حدیث کو چھوڑ بیٹھے اور گاہ بگاہ محدثین پر طعن کرنے لگے۔ اور کہنے لگے کہ یہ تو صرف خبروں کے ناقل ہیں۔ سمجھتے نہیں اور گدھے کی طرح سے کتابوں کا بوجھ اٹھانے والے ہیں۔ اور انہوں نے وہ علم بھی چھوڑ دیا کہ جس سے ان کے اخلاق درست ہوں۔ اور فقہ الٰہی کو بھی چھوڑ دیا کہ جس سے اللہ عزوجل کا جلال و جاہ دبدبہ و شوکت معلوم ہو۔ اور وہ علم وہ ہے کہ جس

سے دل میں خوف الٰہی اور ہیبت اور عاجزی پیدا ہوتی ہے۔اور باعث ہوتا ہے تقویٰ الٰہی کا۔''

(۶۳) میزان الخضر یہ مطبوعہ مصر ص ۲۸ میں امام شعرانی فرماتے ہیں کہ:۔

وَالْمَذْهَبُ الْوَاحِدُ لَايَحْتَوِىْ عَلٰى جَمِيْعِ اَحَادِيْثِ الشَّرِيْعَةِ اَبَدًا وَّلَوْ قَالَ اِمَامُهٗ اِذَا صَحَّ الْحَدِيْثُ فَهُوَ مَذْهَبِىْ بَلْ رُبَّمَا تَرَكَ اَتْبَاعُهٗ مِنَ الْمُقَلِّدِيْنَ اَحَادِيْثَ كَثِيْرَةً صَحَّتْ بَعْدَهٗ وَ كَانَ الْاَوْلٰى لَهُمُ الْاَخْذُبِهَا عَمَلًا بِوَصِيَّةِ اِمَامِهِمْ فَاِنَّ اِعْتِقَادَ نَافِيْ الْاَئِـمَّةِ اَنَّ اَحَدَهُمْ لَوْعَاشَ وَ ظَفَرَ بِذٰلِكَ الْحَدِيْثِ الَّذِىْ صَحَّ بَعْدَهٗ لَاَخَذَبِهٖ.

''اور ایک مذہب کوئی سا بھی ہو تمام احادیث پر احاطہ نہیں کرسکتا کبھی بھی اور نہ ان پر حاوی ہوسکتا ہے۔اور اگر چہ ان کے امام نے بھی کہا ہے کہ''جب حدیث صحیح ہو جائے تو وہ میرا مذہب ہے'' لیکن اکثر مقلدین جو ان کے تابع ہیں انہوں نے بہت سی احادیث کو چھوڑ دیا کہ ان کے بعد صحیح ہوئیں۔ان کو تو یہ ہی زیبا تھا کہ ان احادیث پر عمل کرتے۔اور اپنے امام کی وصیت پر چلتے۔ ہمارا تو یہ اعتقاد ہے ائمہ کے بارے میں کہ اگر ان میں سے کوئی بھی زندہ ہوتا اور اُن کو وہ حدیثیں مل جاتیں جو بعد میں صحت کو پہنچیں تو وہ ان پر ضرور عمل کرتے۔''

(۶۴) شاہ ولی اللہ فرماتے ہیں:۔

وَاشْتِغَا لُهُمْ بِعِلْمِ الْحَدِيْثِ قَلِيْلٌ قَدِيْمًا وَّحَدِيْثًا. [1]

''حنفیوں کا شغل حدیث کے ساتھ کمتر رہا ہے پہلے سے بھی اور اب بھی۔''

(۶۵) شاہ ولی اللہ صاحب نقل فرماتے ہیں شیخ عزالدین بن عبدالسلام کا قول کہ:

[1] الانصاف:ص۷۸۔

وَ مِنَ الْعَجَبِ الْعَجِيْبِ اَنَّ الْفُقَهَآءَ الْمُقَلِّدِيْنَ يَقِفُ اَحَدُهُمْ عَلٰى ضُعْفِ مَاْخَذِ اِمَامِهٖ بِحَيْثُ لَا يَجِدُ لِضُعْفِهٖ مَدْفَعًا وَّهُوَ مَعَ ذٰلِكَ يُقَلِّدُهٗ فِيْهِ وَ يَتْرُكُ مَنْ شَهِدَ الْكِتَابُ وَ السُّنَّةُ وَالْاَقِيْسَةُ الصَّحِيْحَةُ لِمَذْهَبِهِمْ جُمُوْدًا عَلٰى تَقْلِيْدِ اِمَامِهٖ بَلْ يَتَخَيَّلُ لِدَفْعِ ظَاهِرِ الْكِتَابِ وَ السُّنَّةِ وَيَتَاَوَّلُهَا بِالتَّاوِيْلَاتِ الْبَعِيْدَةِ الْبَاطِلَةِ نِفَالاً عَنْ مُقَلَّدِهٖ.[1]

''بڑا ہی تعجب ہے کہ فقہاء مقلدین باوجودیکہ وہ اپنے امام کی دلیل کے ضعیف ہونے سے واقف ہو جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ اس کے ضعف کا کچھ جواب نہیں دے سکتے۔ مگر بہ ایں ہمہ اپنے امام کی تقلید کئے جاتے ہیں اور اپنے امام کی تقلید پر جمے رہنے کی وجہ سے ایسے شخص کے قول کو جس کے لئے قرآن و حدیث و قیاس صحیح شاہد ہے نہیں قبول کرتے بلکہ ظاہر کتاب و سنت کے رد کرنے کے لئے حیلے ڈھونڈتے ہیں اور ان میں دور کی اور غلط غلط تاویلیں کرتے ہیں تاکہ اپنے امام کی طرف سے جواب دیں۔''

(٦٦) رسالہ علامہ محمد حیات سندھی میں ہے کہ:۔

لَبَّسَ اِبْلِيْسُ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّنَ الْبَشَرِ فَحَسَّنَ لَهُمُ الْاَخْذَ بِالرَّأْيِ لَا بِالْاَثَرِ وَ اَوْهَمَهُمْ اَنَّ هٰذَا هُوَ الْاَوْلٰى وَالْاَخْيَرُ فَجَعَلَهُمْ بِسَبَبِ ذٰلِكَ مَحْرُوْمِيْنَ عَنِ الْعَمَلِ بِحَدِيْثِ خَيْرِ الْبَشَرِ وَهٰذِهِ الْبَلِيَّةُ مِنَ الْبَلَايَا الْكُبَرِ فَاِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّآ اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ وَ تَرَاهُمْ يَقْرَؤُنَ كُتُبَ الْحَدِيْثِ وَ يُطَالِعُوْنَهَا وَيَدْرُسُوْنَهَا لَا لِيَعْمَلُوْا بِهَا بَلْ لِيَعْلَمُوْا دَلَائِلَ مَنْ قَلَّدُوْهُ وَ

---

[1] حجۃ اللہ البالغۃ: باب حکایۃ حال الناس قبل المائۃ الرابعۃ، ج۱ص۱۵۵۔

تَأوِيلَ مَاخَالَفَ قَوْلَهُ وَ يُبَالِغُوْنَ فِيْ الْمَحَامِلِ الْبَعِيْدَةِ وَ اِذَا عَجَزُوْا عَنْ الْمَحْمَلِ قَالُوْا مَنْ قَلَّدنَاهُ هُوَاَعْلَمُ مِنَّا بِالْحَدِيْثِ اَوَلَا يَعْلَمُوْنَ اَنَّهُمْ يُقِيْمُوْنَ حُجَّةَ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ بِذٰلِکَ وَ لَا يَسْتَوِی الْعَالِمُ وَالْجَاهِلُ فِیْ تَرْکِ الْعَمَلِ بِالْحُجَّةِ وَ اِذَامَرَّ عَلَيْهِمْ حَدِيْثٌ يُوَافِقُ قَوْلَ مَنْ قَلَّدُوْهُ اِنْبَسَطُوْا وَاِذَامَرَّ عَلَيْهِمْ حَدِيْثٌ تُخَالِفُ قَوْلَهُ اَوْيُوَافِقُ مَذْهَبَ غَيْرِهٖ اِنْقَبَضُوْآ اَلَمْ يَسْمَعُوْا قَوْلَ اللّٰهِ تَعَالٰی ﴿فَلا وَ رَبِّکَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰی يُحَكِّمُوْکَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِیْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَ يُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًاo﴾

''ابلیس نے بہت سے لوگوں کو دھوکے میں ڈال دیا اوران کو حدیث چھڑا کر رائے کا اختیار کرنا اچھا بنا کر دکھا دیا۔لہٰذا ان کو حدیث خیر البشر پر عمل کرنے سے محروم کر دیا تو یہ لوگ جو کتب احادیث پڑھتے اور پڑھاتے ہیں دیکھتے ہیں تو یہ اس لئے نہیں ہے کہ اس پر عمل کریں بلکہ اس لئے کہ جس امام کے مقلد ہیں اس کے دلائل (مخالفین پر پیش کرنے کے لئے) معلوم کرلیں اور جو حدیثیں اپنے امام کے خلاف ہیں ان کی تاویل کر دیں۔ چنانچہ یہ لوگ ایسی احادیث کے (جو ان کے امام کے خلاف ہیں) بعید بعید معنی بناتے ہیں اور جب یہ بھی نہیں کر سکتے (اس لئے کہ کوئی بعید معنی بھی نہیں بن پڑتے) تو بھی کہہ دیتے ہیں کہ جن کے ہم مقلد ہیں وہ ہم سے زیادہ حدیث کے جاننے والے تھے۔اور وہ یہ خیال نہیں کرتے کہ وہ ایسا کر کے اپنے اوپر اللہ کی حجت قائم کرتے ہیں۔ کیونکہ ایک ناواقف آدمی دلیل پر عمل نہ کرے اور ایک جان کر نہ کرے یہ دونوں برابر نہیں ہوتے (اور انہوں نے جان

بوجھ کر حدیث کا انکار کیا) اور (ان لوگوں کا یہ حال ہے کہ) اگر ایسی حدیث نکلے جو ان کے امام کے موافق ہو تو خوش ہو جاتے ہیں۔ اور جب ایسی حدیث پر نظر پڑے جو ان کے امام کے قول کے مخالف ہے یا کسی دوسرے امام کے قول کے موافق ہے تو تنگدل ہو جاتے ہیں (اسی سے ثابت ہوتا ہے کہ ان کو اصل حدیث سے غرض نہیں بلکہ اپنے امام کی موافقت سے غرض ہے) کیا انہوں نے اللہ کا یہ قول نہیں سنا۔ ﴿لَا یُؤْمِنُوْنَ حَتّٰی یُحَکِّمُوْکَ فِیْمَا شَجَرَ بَیْنَهُمْ ثُمَّ لَا یَجِدُوْا فِیْ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَیْتَ وَیُسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا.﴾[۴/النساء: ۶۵] ''یعنی سو تیرے رب کی قسم ہے کہ وہ مسلمان نہیں ہو سکتے جب تک کہ اپنی اختلافی باتوں میں تم کو پنچ نہ ٹھہرائیں پھر تمہارے فیصلہ سے اپنے دلوں میں ذرا بھی تنگی نہ پائیں اور تمہاری بات کو خوب اچھے طور سے تسلیم نہ کر لیں۔'' [1]

(۶۷) نافع کبیر میں فاضل لکھنوی فرماتے ہیں کہ:۔

تَفَرَّقَ النَّاسُ مِنْ قَدِیْمِ الزَّمَانِ اِلٰی هٰذَا الْاَوَانِ فِیْ هٰذَا الْبَابِ اِلَی الْفِرْقَتَیْنِ وَطَائِفَةٌ قَدْتَعَصَّبُوْا فِی الْحَنَفِیَّةِ تَعَصُّبًا شَدِیْدًا وَالْتَزَمُوْا بِمَا فِی الْفَتَاوٰی اِلْتِزَامًا شَدِیْدًا وَّاِنْ وَّجَدُوْا حَدِیْثًا صَحِیْحًا اَوْ اَثَرًا صَرِیْحًا عَلٰی خِلَافِهٖ وَ زَعَمُوْا اَنَّهٗ لَوْ کَانَ هٰذَا الْحَدِیْثُ صَحِیْحًا لَاَخَذَبِهٖ صَاحِبُ الْمَذْهَبِ وَ لَمْ یَحْکُمْ بِخَلَافِهٖ وَ هٰذَا جَهْلٌ مِّنْهُمْ بِمَا رَوَاهُ الثِّقَاتُ عَنْ اَبِیْ حَنِیْفَةَ مِنْ تَقْدِیْمِ الْاَحَادِیْثِ وَالْاٰثَارِ عَلٰی اَقْوَالِهٖ. [2]

---

[1] الارشاد الیٰ سبیل الرشاد: ص ۱۵۷۔

[2] النافع الکبیر لمن یطالع الجامع الصغیر: ص ۳۲۹، مجموعہ رسائل اللکنوی: ج ۳۔

''پہلے ہی زمانے سے اس وقت تک برابر لوگ اس بارے میں دو فریق رہے ہیں۔ ایک گروہ جنہوں نے حنفیت میں سخت تعصب برتا اور جو کچھ فتاوی (فقہ حنفی کی کتابوں) میں ہے اُسی کا سختی کے ساتھ التزام کرلیا گو حدیث صحیح یا اثر صریح اس کے معارض ہو (مگر وہ فقہ کے مسئلے کو نہیں چھوڑتے) اور یہ خیال کرلیا کہ اگر یہ حدیث صحیح ہوتی تو ہمارے امام اس کو ضروری لیتے اور اس کے خلاف حکم نہ دیتے۔ حالانکہ یہ ان لوگوں کی نادانی ہے امام کے اُس قول سے جو انہوں نے اپنے اقوال کے اوپر حدیث و آثار کے مقدم کرنے کو فرمایا۔'' [1]

کیا حنفی مذہب میں ولی ہوئے ہیں؟

اکثر حنفی کہا کرتے ہیں کہ ہمارے مذہب کے حق ہونے کی بڑی دلیل یہ ہے کہ اس مذہب میں ہزاروں اولیاء اللہ ہوئے ہیں۔

اس کا جواب بگوشِ دل ملاحظہ ہو۔ حضرت پیرانِ پیر شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کہ جن کو چاروں مذہب والے بڑا ولی مانتے ہیں۔ وہ صاف اس بات سے انکار کرتے ہیں۔ چنانچہ طبقات الحنابلۃ ابن رجب جلد ۱ ص ۲۹۶ میں ہے کہ:۔

قِیلَ للشیخ الجیلانی هل کان للّٰہ وَلِیّاً علی غیر اعتقادِ احمد بْنِ حَنْبَل؟ فَقَالَ مَا کَانَ وَ لَا یَکُوْنُ.

''حضرت پیران پیر رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا گیا کہ حنبلی مذہب والوں کے سوا اور مذہب میں بھی کچھ ولی ہوئے یا نہیں؟ فرمایا نہ تو ہوئے ہیں اور نہ ہوں گے۔''

فقہ حنفیہ کی حالت

حضرت امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی طرف موجودہ فقہ کی نسبت کو محض ایک ذریعہ

---

[1] الارشاد الی سبیل الرشاد: ص ۱۵۹۔

قبولیت کا بنایا گیا ہے ورنہ دراصل اقوال رجال مختلف الخیال والعقائد، مابعد کا ذخیرہ ہے۔ کہ جس کی سند امام عالی مقام تک نہیں پہنچتی ہے۔

وجہ اوّل

کتب فقہ حنفیہ مختلف اقوال کا مجموعہ ہے۔ بالخصوص امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے ایک ایک مسئلہ میں کئی کئی قول مروی ہیں۔ مگر زیادہ تر وجہ اس اختلاف کی مخرجین کے فہم ہیں۔ اس لئے کہ تخریج کا مدار اجتہاد پر ہے اور اجتہاد میں خطا و ثواب کا احتمال ہے تو یہ نہیں کہا جا سکتا کہ جو کچھ بھی فقہ میں موجود ہے اصل میں بھی امام صاحب کا ہو۔ لہذا مسائل موجودہ کتب فقہ کو امام صاحب کا مذہب قرار دینا سخت غلطی ہے۔

(۱) چنانچہ علامہ شعرانی رحمۃ اللہ علیہ المیزان الکبری میں فرماتے ہیں کہ:۔

هٰذَا الْاَمْرُ الَّذِیْ ذَکَرْنَاهُ یَقَعُ فِیْهِ کَثِیْرٌ مِّنَ النَّاسِ فَاِذَا وَجَدُوْا عَنْ اَصْحَابِ اِمَامٍ مَسْئَلَةً جَعَلُوْهَا مَذْهَبًا لِذَالِکَ الْاِمَامِ وَ هُوَ تَهَوُّرٌ فَاِنَّ مَذْهَبَ الْاِمَامِ حَقِیْقَةً هُوَ مَا قَالَهُ وَ لَمْ یَرْجِعْ عَنْهُ اِلٰی اَنْ مَاتَ لَا مَا فَهِمَهُ اَصْحَابُهُ مِنْ کَلَامِهٖ فَقَدْ لَا یَرْضَی الْاِمَامُ ذٰلِکَ الْاَمْرَ الَّذِیْ فَهِمُوْهُ مِنْ کَلَامِهٖ وَ لَا یَقُوْلُ بِهٖ لَوْ عَرَّضُوْهُ عَلَیْهِ، فَعُلِمَ اَنَّ مَنْ عَزَا اِلَی الْاِمَامِ کُلَّ مَا فَهِمَ مِنْ کَلَامِهٖ فَهُوَ جَاهِلٌ بِحَقِیْقَةِ الْمَذَاهِبِ. [1]

''یہ جو ہم نے ذکر کیا اس غلطی میں بہت سے لوگ پڑ جاتے ہیں کہ جب اصحاب امام سے کوئی مسئلہ پاتے ہیں تو اس کو امام کا مذہب ٹھہرا دیتے ہیں اور یہ بڑی جرأت ہے کیونکہ امام کا مذہب حقیقتاً وہی ہے جو

[1] میزان الشعرانی: فصل فی بیان ضعف قول من نسب ابا حنیفہ الی انہ یقدم القیاس علی حدیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم ج۱ ص۸۱۔

انہوں نے خود کہا اور پھر اپنے آخر وقت تک اُس سے رجوع بھی نہیں کیا۔ نہ وہ جو ان کے اصحاب نے ان کے کلام سے سمجھا کیونکہ کبھی امام اس کو جو انہوں نے ان کے کلام سے سمجھا نہ پسند کرتے اور اس کے قائل نہ ہوتے۔ اگر اس کو یہ لوگ ان پر پیش کرتے۔ تو معلوم ہوا کہ جو شخص کل اس چیز کو جو امام کے کلام سے سمجھا جائے امام کی طرف نسبت کرے تو وہ حقیقت میں مذاہب سے ناواقف ہے۔"

(۲) شاہ ولی اللہ صاحب فرماتے ہیں کہ:۔

اَنِّیْ وَ جَدْتُّ بَعْضَھُمْ یَزْعُمُ اَنَّ جَمِیْعَ مَا یُوْجَدُ فِیْ ھٰذِہِ الشُّرُوْحِ الطَّوِیْلَةِ وَ کُتُبِ الْفَتَاوٰی الضَّخْمَةِ وَ ھُوَ قَوْلُ اَبِیْ حَنِیْفَةَ وَ صَاحِبَیْہِ وَ لَا یُفَرِّقُ بَیْنَ الْقَوْلِ الْمُخَرَّجِ وَ بَیْنَ مَا ھُوَ قَوْلٌ فِی الْحَقِیْقَةِ. ❶

"میں نے بعض لوگوں کو دیکھا وہ خیال کرتے ہیں کہ ان بڑی بڑی شرحوں اور موٹے موٹے فتاویٰ میں جو کچھ مذکور ہے۔ وہ سب (امام) ابوحنیفہ رحمہ اللہ اور صاحبین رحمہما اللہ کا قول ہے۔ اور وہ ان کے اصلی قول اور قول مخرج کے درمیان فرق نہیں کرتے۔"

(۳) شاہ ولی اللہ صاحب فرماتے ہیں کہ:۔

وَ عِنْدِیْ اَنَّ الْمَسْئَلَةَ الْقَائِلَةَ ...... وَ اَمْثَالَ ذٰلِکَ اُصُوْلٌ مُخَرَّجَةٌ عَلٰی کَلَامِ الْاَئِمَّةِ وَ اَنَّھَا لَا تَصِحُّ بِھَا رِوَایَةٌ عَنْ اَبِیْ حَنِیْفَةَ وَ صَاحِبَیْہِ وَ اَنَّہٗ لَیْسَتِ الْمُحَافَظَةُ عَلَیْھَا. ❷

"یہ قاعدے کلام ائمہ سے بطور تخریج کے (جو خود متحمل خطا ہے) نکالے گئے ہیں اور ان کا امام صاحب اور ان کے شاگردوں سے

❶ حجۃ اللہ البالغۃ: باب حکایت حال الناس قبل المائۃ الرابعۃ، ج۱ص ۱۶۰۔
❷ حجۃ اللہ البالغۃ: باب حکایت حال الناس قبل المائۃ الرابعۃ، ج۱ص ۱۶۰۔

مروی ہونا صحیح نہیں۔"

(۴) شاہ صاحب فرماتے ہیں کہ:۔

اِنَّ ذٰلِکَ مِنْ تَخْرِیْجَاتِ الْاَصْحَابِ وَ لَیْسَ مَذْهَبًا فِی الْحَقِیْقَةِ. [1]

"یہ مسئلے تخریجات اصحاب سے ہیں، حقیقت میں مذہب نہیں ہیں۔"

وجہ دوم

علم دین موقوف ہے اسناد پر۔ خاص کر جبکہ اس علم کی تدوین بانی دین کے بعد ہوئی ہو۔ مثلاً حدیث کہ اس کی تدوین رسول مقبول ﷺ کے بعد ہوئی۔ تو التزام اسناد کا لازمی ہوا۔ اور جرح و تعدیل کی ضرورت محسوس ہوئی۔ اور اسی وجہ سے احادیث صحیح وضعیف کو متعدد اقسام پر منقسم کرنا پڑا۔ بلکہ ایک خاص علم جس کو علم رجال کہتے ہیں مدون کیا گیا۔ باوجود اس قدر اہتمام کے احادیث وضاعین (گھڑنے والوں) کے تصرف سے نہ بچ سکیں۔ گو محدثین نقادین نے ہر وقت ہی احادیث موضوعہ کو مکھی کی طرح نکال کر پھینک دیا۔ اب مقام غور ہے کہ جس علم کی تدوین اس کے بانی کے بعد ہوئی ہو۔ اور اس میں اسناد کا بھی التزام نہ کیا گیا ہو۔ تو اس میں مخالفین کو کس قدر تصرف کا موقع ملا ہوگا۔ اب صاف لفظوں میں سنیئے کہ موجودہ کتب فقہ یعنی ہدایہ، شرح وقایہ، قدوری، منیہ، درمختار وغیرہ وغیرہ کو جو صدیوں بعد امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے مدون ہوئیں۔ اور ان میں اسناد کا بھی التزام نہیں کیا گیا۔ تو کیا عقلاً ممکن ہے کہ تصرف سے بچی ہوں اور کوئی تغیر نہ ہوا ہو۔ ہرگز نہیں۔ اس کا ثبوت اپنے لفظوں میں نہیں بلکہ مسلمہ علماء کے اقوال سے تین فصلوں میں ہدیہ ناظرین کئے دیتا ہوں بغور ملاحظہ فرمائیں اور انصاف کو ہاتھ سے نہ جانے دیں۔

---

[1] حجۃ اللہ البالغۃ: باب حکایت حال الناس قبل المائۃ الرابعۃ، ج ۱ ص ۱۶۰۔

فصل اوّل:

اسناد کی ضرورت کے متعلق

(۵) وَقَالَ الْحَاكِمُ لَوْلَا كَثْرَةُ طَائِفَةِ الْمُحَدِّثِيْنَ عَلٰى حِفْظِ الْاَسَانِيْدِ لَدَرَسَ مَنَارُ الْاِسْلَامِ وَلَتَمَكَّنَ اَهْلُ الْاِلْحَادِ وَالْمُبْتَدِعَةِ مِنْ وَّضْعِ الْاَحَادِيْثِ وَ قَلْبِ الْاَسَانِيْدِ. ❶

''حاکم نے کہا اگر نہ ہوتی کثرت طائفہ محدثین کی اوپر یادر کھنے سندوں کے، البتہ پرانے ہوجاتے، راستے اسلام کے اور قدرت پاتے بے دین اور بدعتی لوگ حدیثوں کے بنانے اور اسنادوں کے بدل ڈالنے میں۔''

(۶) جامع ترمذی مطبوعہ نولکشور ص ۶۲۹ میں عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ شاگرد رشید امام صاحب کا قول منقول ہے کہ:۔

اَلْاِسْنَادُ عِنْدِیْ مِنَ الدِّیْنِ لَوْ لَا الْاِسْنَادُ لَقَالَ مَنْ شَآءَ مَاشَآءَ فَاِذَاقِیْلَ لَهٗ مَنْ حَدَّثَکَ بَقِیَ. ❷

''اسناد میرے نزدیک دین سے ہیں اگر اسناد نہ ہوں تو جو کوئی جو کچھ چاہے کہہ دے۔ سو جب اس کو کہا جاتا ہے کہ کس نے تجھے حدیث بیان کی ہے؟ تو وہ خاموش ہوجاتا ہے۔''

(۷) ملا علی قاری حنفی فرماتے ہیں کہ:۔

اَلْعِلْمُ مَا كَانَ فِيْهِ قَالَ حَدَّثَنَا وَ مَا سِوٰى ذٰلِکَ وَسْوَاسُ الشَّیَاطِیْنِ. ❸

---

❶ ارشاد الساری: ج ۱ ص ۴، للعلامہ قسطلانی۔

❷ مسلم: مقدمہ، رقم ۳۲۔ ❸ شرح فقہ اکبر: ص ۳۔

"علم وہ ہے کہ اس میں حد ثنا ہو (یعنی سند) اور جو اس کے سوا ہے وہ وسواس شیطانی ہیں۔"

اب تو ناظرین سمجھ گئے ہوں گے کہ کتب فقہ جس کی اسناد نہیں ہیں۔ وہ کس صنف میں داخل ہیں......!؟

فصل دوم:

کتب فقہ کی اسناد امام صاحب تک نہیں پہنچتی

(۸) ناظورۃ الحق میں علامہ مرجانی حنفی نے فرمایا ہے کہ:۔

وَ قَوْلُ الْفُقَهَآءِ يَحْتَمِلُ الْخَطَأَ فِيْ اَصْلِهٖ وَ غَالِبُهٗ خَالٍ عَنِ الْاِسْنَادِ وَ رَفْعِهٖ بِطَرِيْقٍ مَّقْبُوْلٍ مُّعْتَمَدٍ عَلَيْهِ وَ كُلُّ اِحْتِمَالٍ ذُكِرَ فِي الْحَدِيْثِ قَائِمٌ فِيْهِ فَاِنَّهٗ يَحْتَمِلُ اَنْ يَّكُوْنَ مَوْضُوْعًا قَدِافْتَرٰى عَلَيْهِ غَيْرُهٗ. [1]

"فقہا کا قول اپنی اصل میں خطا کا متحمل ہے اور (پھر اسناد کی رو سے دیکھو تو) اکثر اقوال اسناد سے اور صاحب مذہب تک معتبر و مقبول سند کے ساتھ پہنچنے سے خالی ہیں (کیونکہ جیسا کہ حدیث کے لئے اسناد وغیرہ کا بندوبست کیا گیا۔ ان کے لئے نہیں کیا گیا۔) اور (پھر) جس قدر احتمال (سند کی رو سے) حدیث میں ذکر کئے وہ کل قول فقہا میں بھی قائم ہیں۔ احتمال ہے کہ وہ موضوع ہو۔ صاحب مذہب کی طرف کسی نے غلط منسوب کر دیا ہو۔"

(۹) ملفوظات میں مرزا مظہر جان جاناں فرماتے ہیں کہ:۔

علم حدیث جامع تفسیر و فقه و دقائق سلوك است

---

[1] الارشاد الی سبیل الرشاد بالموازنہ فی الفقہ والحدیث ص ۲۵۰۔

از برکات این علم نو رایماں می افزاید و توفیق عمل نیك و اخلاق حسن پیدا می شود۔ عجب است که حدیث صحیح غیر منسوخ که محدثین بیان آں نموده اندو احوال روات آں معلوم است و بچند واسطه میر سدبه نبی معصوم ﷺ که خطا رابراں راه نیست بعمل نمی آرندو روایت فقه که ناقلان آں قضات و مفتیان اندو احوال ضبط و عدل آنها معلوم نیست۔

''علم حدیث جامع تفسیر وفقہ ودقائق سلوک ہے۔اس علم کے برکات سے نور ایمانی زیادہ ہوتا ہے اور عمل نیک کی توفیق اور اخلاق حسن پیدا ہوتا ہے۔تعجب کی بات ہے کہ وہ حدیث صحیح غیر منسوخ جس کو محدثین بیان کرتے ہیں جس کے راوی بھی معلوم ہیں۔اور وہ چند واسطوں سے نبی ﷺ تک پہنچتی ہے اور جس میں غلطی ممکن نہیں لوگ اس پر عمل نہیں کرتے اور فقہ پر عمل کرتے ہیں۔جس کے راوی اور ناقل وہ قاضی ومفتی ہیں۔جن کے ضبط وعدل کا حال تک معلوم نہیں ہے۔'' [1]

(۱۰) رسالہ عمل بالحدیث میں مولفہ مولوی ولایت علی صاحب حنفی ص۱۹ میں فرماتے ہیں کہ:۔

احادیث مستند بستند و اقوال مجتهدین غیر مستند یعنی تحقیق حال روات وثقاہت و استشهاد شاں از شرائط ذکر است و اقوال مجتهدین که مذکور می کنند سندآں ذکر نمی کنند از ائمه کدام شنید و از

---

[1] مقامات مظہری:ص۳۳۳۔

کدام روایت می کنند و احوال راویان چیست تا که سند قول موافق شرائط مذکور نگرد دوآں قول چه اعتبار داردچه داندکس که ایں قول امام است یا کسی دیگر بربسته چنانکه بعض نادان نقلهائے وسواس محض افتراء منسوب بامام اعظم میکنند بگمان ایں که مردمان اوشاں راکمال متقی معلوم کنند۔ [1]

''حدیثیں مستند ہیں اور اقوال مجتہدین غیر مستند ہیں۔ یعنی راویوں کا حال اور ثقاہت کی تحقیق اوران کی شرائط اور استشہاد کا ذکر کیا گیا ہے۔ اور اقوال مجتہدین جو بیان کئے جاتے ہیں۔ ان کی سند بیان نہیں کرتے کہ کس امام سے سنا ہے اور کس نے سنا ہے اور راویوں کا کیا حال ہے۔ جب تک قول کی سند شرائط کے موافق بیان نہ کی جائے تو اس قول کا کیا اعتبار ہے؟ کسی کو کیا خبر ہے کہ یہ قول امام کا ہے یا کسی دوسرے نے امام کی طرف منسوب کردیا ہے۔ جس طرح بعض نادان محض غلط اور جھوٹی باتیں اس لئے امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے منسوب کرتے ہیں کہ لوگ ان کو کمال درجہ کا متقی خیال کریں۔''

(۱۱) رسالہ عمل بالحدیث ص ۸ میں ہے کہ:۔

بر واقفانِ کتب پوشیده نیست که از امام اعظم کتابے منقول نیست که براں بنائے مذہب شاں نموده آید اما اقوال چند۔ ودر کتب متعارفه مثل کنزو ہدایه و عالمگیریِ و قاضی خاں و غیر ذلك که مسائل خارج از شمار یافته میشود ہمه از امام اعظم منقول نیست بلکه مسائل چند بآں امام منسوب اندو اکثرے

---

[1] رسالہ عمل بالحدیث

بصاحبین و بسیار بعلمائے متقدمین دیگر و بے شماری بمتاخرین مثل صاحب ہدایہ و فتاویٰ و ذخیرہ کہ ایشاں از فراست خود دراں مسائل یجوز و لا یجوز نویسند۔

''کتب میں لوگوں کو معلوم ہے کہ امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے کوئی کتاب منقول نہیں ہے جس پر ان کے مذہب کی بنا ہو لیکن چند اقوال کتب مشہور مثل کنز و ہدایہ و عالمگیری و قاضی خاں وغیرہ میں ہیں۔ مسائل جو شمار سے باہر ہیں وہ تمام امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے منقول نہیں ہیں بلکہ چند مسائل امام صاحب سے منسوب ہیں۔ اور بہت سے صاحبین سے اور بہت سے دیگر علمائے متقدمین سے منسوب ہیں اور بے انتہاء مسائل متاخرین مثل صاحب ہدایہ و فتاویٰ و ذخیرہ سے منسوب ہیں کہ محض اپنی عقل سے یہ لوگ اُن مسائل میں یجوز ولا یجوز (جائز ہے اور نا جائز ہے) لکھ دیتے ہیں۔''

(۱۲) شاہ ولی اللہ صاحب فرماتے ہیں کہ:۔

اِنِّیْ وَجَدْتُّ بَعْضَهُمْ یَزْعُمُ اَنَّ بِنَآءَ الْخِلَافِ بَیْنَ اَبِیْ حَنِیْفَةَ وَالشَّافِعِیِّ عَلٰی هٰذِهِ الْاُصُوْلِ الْمَذْكُوْرَةِ فِیْ كِتَابِ الْبَزْدَوِیِّ وَ نَحْوِهٖ وَ اِنَّمَا الْحَقُّ اَنَّ اَكْثَرَهَا اُصُوْلٌ مُخَرَّجَةٌ عَلٰی قَوْلِهِمْ. [1]

''میں نے بعض لوگوں کو پایا کہ جو یہ کہتے تھے کہ سبب اختلاف ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا اُن قواعد کی وجہ سے ہے جو مذکور ہیں بزدوی کی کتاب میں اور مثل اس کے اور کتابوں میں۔ سچی بات یہ ہے کہ اکثر ان اصول و قواعد سے ایسے ہیں کہ من گھڑت ہیں اور اُن پر تھوپے گئے ہیں۔''

---

[1] حجۃ اللہ البالغہ: تتمۃ، باب حکایت حال الناس قبل المائۃ الرابعۃ ج ا، ص ۶۰۔

(۱۳) ایقاف علی سبب الاختلاف میں علامہ محمد حیات سندھی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:۔

وَ مَذْهَبُ كُلِّ مُجْتَهِدٍ مَّاقَالَ وَ لَمْ يَرْجِعْ عَنْهُ وَ لَيْسَ كُلُّ مَا يَسْتَنْبِطُهُ رَجُلٌ مِنْ اَقْوَالِ الْاِمَامِ يَكُوْنُ مَذْهَبُهٗ بَلْ تَارَةً يُّوَافِقُ مَذْهَبَهٗ وَ تَارَةً يُّخَالِفُهٗ. وَ لَا يَنْبَغِيْ اَنْ تُنْسَبَ الْاَقْوَالُ الْمُسْتَنْبَطَةُ مِنْ اَقْوَالِ الْاَئِمَّةِ بِاَنَّهَآ اَقْوَالُهُمْ اَوْمَذْهَبُهُمْ قَطْعًا يَحْتَمِلُ اَنَّهَا لَوْعُرِضَتْ عَلَيْهِمْ قَبِلُوْا اَشْيَآءَ مِنْهَا وَرَدُّوْآ اَشْيَآءَ وَ هٰذَا كَمَا لَايُنْتَسَبُ مَااسْتَنْبَطَهُ الْمُجْتَهِدُوْنَ مِنْ اَقْوَالِ النَّبِيِّ ﷺ عَلٰى اَنَّهَا اَقْوَالُهٗ وَ يَحْتَمِلُ كَوْنَهَا شَرِيْعَةً.

"ہر وہ مسئلہ کہ جس کو کسی شخص نے امام کے قول سے مستنبط کیا ہے اس کا مذہب ہوسکتا ہے یعنی اسی امام کا۔ بلکہ کبھی اس کے مذہب کے موافق ہوگا اور کبھی مخالف۔ اور کسی کو بھی لائق وزیبا نہیں کہ ان اقوال کو جو ائمہ کے اقوال سے مستنبط ہیں امام کی طرف منسوب کرے (اس لئے کہ سند تو پہنچتی نہیں) اور قطعی طور سے کہے کہ یہ انہیں کے اقوال ہیں۔ بلکہ خیال کیا جاتا ہے کہ اگر یہ اقوال ان پر پیش کئے جاتے تو ان سے بہت سے تسلیم کرتے اور بہت سے رد کردیتے۔ علٰی ہذا القیاس یہی حال ہے ان مسائل کا کہ جن کو مجتہدوں نے رسول اللہ ﷺ کے اقوال سے مستنبط کیا ہے ان میں احتمال ہے شرعی ہونے کا۔ قطعی طور سے ان کو شریعت نہیں کہہ سکتے اور رسول کی طرف منسوب نہیں کرسکتے۔"

(۱۴) دراسات اللبیب مطبوعہ لاہور ص ۱۸۳ میں ملا معین حنفی فرماتے ہیں کہ:۔

فَلَا يُسْتَنَدُ قَوْلُ ذٰلِكَ اِلٰى اَبِيْ حَنِيْفَةَ دَلَّ النَّقْلُ مِنَ الثِّقَاتِ عَلٰى اَنَّهٗ مَوْضُوْعٌ مُخْتَلَقٌ عَلَى السَّلَفِ الصَّالِحِ وَ مُسْتَحْدَثٌ مِّنَ الْمُتَاخِرِيْنَ مِمَّنْ لَّا يُعْبَأُ بِقَوْلِهٖ عَلٰى وُضُوْحِ

فَسَادِهٖ. ❶

"یہ قول (امام) ابوحنیفہ رحمہ اللہ کی طرف منسوب نہ کرنا چاہئے بلکہ معتبر ذریعہ سے معلوم ہوگیا ہے کہ یہ اصل میں من گھڑت اور بناوٹی ہے اور پچھلے لوگوں کی گھڑی ہوئی باتیں ہیں۔ جو سلف صالحین پر تھوپی گئی ہیں۔ اس کا فساد ظاہر ہے۔"

(۱۵) ملا معین فرماتے ہیں کہ:۔

وَ لَيْسَ كُلُّ مَايُنْسَبُ اِلَيْهِمْ مِنَ الْقِيَاسَاتِ الْبَعِيْدَةِ الَّتِیْ تَشْبَهُ التَّشْرِيْعَ الْجَدِيْدَ وَ يُنْقَلُ فِیْ كُتُبِ مَذْهَبِهِمْ فَهُوَ ثَابِتُ النِّسْبَةِ اِلَيْهِمْ بَلْ اَكْثَرُ ذٰلِكَ اَوْكُلُّهٗ مِمَّا اِرْتَكَبَهٗ مَنْ غَلَبَ عَلَيْهِ الرَّأْیُ مِنْ اَتْبَاعِهِمْ غَيْرَ اَنَّهُمْ لَمَّا رَاَوُالْحُكْمَ الْمُسْتَنْبَطَ بِمِثْلِ هٰذَا الْقِيَاسِ مُوَافِقًا لِاَصْلٍ مِّنْ اُصُوْلِ اِمَامِهِمْ زَعَمُوْا نِسْبَةَ هٰذَا الْقِيَاسِ اِلَيْهِ فَرُبَّمَا يَقُوْلُوْنَ لِاَبِیْ حَنِيْفَةَ مَثَلاً كَذَاوَ هُوَ اَدْوَنُ الْقَوْلَيْنِ فِيْهَا وَ رُبَّمَا يَتَجَاسَرُوْنَ فَيَقُوْلُوْنَ قَالَ اَبُوْحَنِيْفَةَ كَذَا وَ مَنِ ادَّعٰى اَنَّ هٰذَا الْقِيَاسَ بِعَيْنِهٖ مَرْوِیٌّ عَنْ اَبِیْ حَنِيْفَةَ مَثَلًا فَلْيُصَحِّحِ السَّنَدَ بِكُلِّ مَا يُشْتَرَطُ فِیْ صِحَّتِهٖ وَ لَا اَحْسِبُهُمْ عَنْ ذٰلِكَ اِلَّا عَاجِزِيْنَ. ❷

"اور نہیں ہر ایک چیز (قیاسی مسئلے) جس کی نسبت کی جاتی ہے ان سے پہلے دور کے قیاس سے، جو مشابہ ہے نئی شریعت کے۔ اور ان کے مذہب کی کتابوں میں نقل کیا گیا ہے۔ پس ثابت ہو نسبت ان کی طرف ان کے بلکہ اکثر وہ (مسئلے قیاسی) یا کل کے کل اُس قبیل سے ہیں کہ

---

❶ دراسات اللبیب: الدراسۃ الخامسۃ، ص۲۱۲۔

❷ دراسات اللبیب: الدراسۃ الخامسۃ ص۱۸۱۔

مرتکب ہوا ہے اس کا وہ شخص کہ غالب ہوا ہے اوپر اس کے قیاس انہیں کے تابعداروں میں سے۔ وجہ اس کی یہ ہے کہ جب دیکھا انہوں نے کہ ایک حکم سمجھ کی وجہ سے نکالا گیا ہے مثل اسی قیاس کے ہے اور موافق ہے ایک قاعدہ کے ان کے امام کے قاعدوں سے۔ اسی گمان کی وجہ سے اس قیاس کی نسبت ان کی طرف کر دی۔ پس کبھی تو کہہ دیا کہ ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے واسطے بھی ایسا ہی ہے (اس طرح کی نسبت) بہت کم درجہ کی ہے اُن دونوں قولوں میں سے۔ اور کبھی دلیری کرتے ہیں۔ پس یہ کہہ دیتے ہیں کہ کہا ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے اس طرح۔ اور جو شخص اس بات کا مدعی ہے کہ یہ قیاسات ہو بہو ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کئے گئے پس چاہئے کہ سند ان کی صحت کی بتلا دے ان شرائط کے ساتھ کہ جو صحت کی شرائط ہیں اور میں تو یہی گمان کرتا ہوں ان لوگوں کی نسبت کہ وہ اس سے عاجز ہیں۔ یعنی مسائل کی سند امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ تک نہیں پہنچا سکتے۔''

(۱۶) دراسات اللبیب میں ہے کہ:۔

اِنَّ الْاَقْیِسَةَ الْغَیْرَ الْجَلِیَّةِ الَّتِیْ کُتُبُ الْحَنَفِیَّةِ مَشْحُوْنَةٌ بِهَا غَالِبُهَا لَا یُسْنَدُ اِلٰی اَبِیْ حَنِیْفَةَ. [1]

''تحقیق وہ قیاس جو صاف صاف کھلے ہوئے نہیں۔ جن سے حنفیہ کی کتابیں بھری ہوئی ہیں۔ اکثر ان کی سند ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ تک نہیں پہنچتی۔''

فصل سوم:

احادیث مندرجہ کتب فقہ اعتبار کے قابل نہیں

(۱۷) مولانا عبدالحی لکھنوی لکھتے ہیں:۔

---

[1] دراسات اللبیب: الدراسة الحادیہ عشر ص ۳۴۷۔

فَكَمْ مِّنْ كِتَابٍ مُّعْتَمَدٍ اِعْتَمَدَ عَلَيْهِ اَجِلَّةُ الْفُقَهَآءِ مَمْلُوْءٍ مِّنَ الْاَحَادِيْثِ الْمَوْضُوْعَةِ وَ لَا سِيَّمَا الْفَتَاوٰى فَقَدْ وَضَحَ لَنَا بِتَوْسِيْعِ النَّظْرِ اَنَّ اَصْحَابَهُمْ وَاِنْ كَانُوْا مِنَ الْكَامِلِيْنَ لٰكِنَّهُمْ فِيْ نَقْلِ الْاَخْبَارِ مِنَ الْمُتَسَاهِلِيْنَ. ❶

''کتنی ہی ایسی مستند کتابیں ہیں جن پر بڑے فقہا نے اعتماد کیا ہے۔ موضوع حدیثوں سے بھری ہوئی ہیں۔ خصوصاً فتاویٰ۔ ان میں اور بھی زیادہ ہیں۔ اور تلاش اور تحقیق کرنے سے ہم کو یہ بات ظاہر ہوئی کہ ان کتابوں کے مصنف اگرچہ بڑے بڑے کامل علماء تھے۔ لیکن حدیث کی روایتوں میں غفلت کرنے والے تھے۔''

(۱۸) مولانا عبدالحی لکھنوی لکھتے ہیں:۔

مِنْ هٰهُنَا نَصُّوْا عَلٰى اَنَّهٗ لَا عِبْرَةَ لِلْاَحَادِيْثِ الْمَنْقُوْلَةِ فِي الْكُتُبِ الْمَبْسُوْطَةِ مَا لَمْ يَظْهَرْ سَنَدُهَآ اَوْ يُعْلَمْ اِعْتِمَادُ اَرْبَابِ الْحَدِيْثِ عَلَيْهَا وَ اِنْ كَانَ مُصَنِّفُهَا فَقِيْهًا جَلِيْلًا يُّعْتَمَدُ عَلَيْهِ فِيْ نَقْلِ الْاَحْكَامِ وَ حُكْمِ الْحَرَامِ وَ الْحَلَالِ اَلَا تَرَا اِلٰى صَاحِبِ الْهِدَايَةِ مِنْ اَجِلَّةِ الْحَنَفِيَّةِ وَالرَّافِعِيِّ شَارِحِ الْوَجِيْزِ مِنْ اَجِلَّةِ الشَّافِعِيَّةِ مَعَ كَوْنِهِمَا مِمَّنْ يُّشَارُ اِلَيْهِمَا بِالْاَنَامِلِ وَ يَعْتَمِدُ عَلَيْهِمَا الْاَمَاجِدُ وَالْاَمَاثِلُ قَدْ ذَكَرَا فِيْ تَصَانِيْفِهِمَا مَا لَمْ يُوْجَدْ لَهٗ اَثَرٌ عِنْدَ خَبِيْرٍ بِالْحَدِيْثِ. ❷

''اسی وجہ سے علماء نے صاف کہہ دیا کہ کچھ اعتبار نہیں اُن احادیث کا جو (فقہ کی) بڑی بڑی کتابوں میں نقل کی جاتی ہیں۔ جب تک کہ ان کی

---

❶ النافع الکبیر لمن یطالع الجامع الصغیر: مجموعۃ رسائل اللکنوی ج ۳/ ص ۳۱۵۔

❷ الاجوبۃ الفاضلۃ عن الاسئلۃ العشرۃ الکاملۃ، ص ۶۔

سند ظاہر نہ ہو۔ یا اہل حدیث کا اُن احادیث پر اعتماد کرنا معلوم نہ ہو۔ گو ان کتابوں کے مصنفین بڑے پایہ کے فقیہہ کیوں نہ ہوں۔ جن پر نقل احکام وحکم حلال وحرام میں اعتماد کیا جاتا ہو۔ کیا تم صاحب ہدایہ کو نہیں دیکھتے کہ جو جلیل القدر حنفیوں میں سے ہیں اور رافعی شارح وجیز کو جو جلیل القدر شافعیوں میں سے ہیں۔ باوجود کہ وہ دونوں ان لوگوں میں سے ہیں جن کی (عظمت وشان کی) طرف اشارے کئے جاتے ہیں۔ اور اُن پر بزرگان قوم اور عالی پایہ لوگ بھروسہ کرتے ہیں (پھر بھی) ان دونوں نے اپنی کتابوں میں ایسی روایات بیان کیں۔ جن کا کوئی نشان حدیث جاننے والوں کے نزدیک نہیں پایا جاتا۔''

(۱۹) شاہ ولی اللہ صاحب فرماتے ہیں کہ:۔

قَالَ اَبُوْ طَالِبِ الْمَکِّیُّ فِیْ قُوْتِ الْقُلُوْبِ اَنَّ الْکُتُبَ وَالْمَجْمُوْعَاتِ مُحْدَثَةٌ. [1]

''کہا (شیخ) ابو طالب مکی نے (اپنی کتاب) قوت القلوب میں، کہ کتب (فقہ) اور مجموعہ ہائے (فتاوی) سب نئی چیزیں ہیں۔''

(۲۰) مولانا عبدالحی صاحب لکھنوی ملا علی قاری حنفی کا قول نقل کرتے ہیں کہ:۔

ثُمَّ لَا عِبْرَةَ بِنَقْلِ صَاحِبِ النِّهَایَةِ وَ لَا بَقِیَّةِ شُرَّاحِ الْهِدَایَهِ فَاِنَّهُمْ لَیْسُوْا مِنَ الْمُحَدِّثِیْنَ وَلَا اَسْنَدُالْحَدِیْثَ اِلٰی اَحَدٍ مِّنَ الْمُخَرِّجِیْنَ. [2]

''صاحب نہایہ اور شارحین ہدایہ کی نقل کا اعتبار نہیں کیونکہ وہ محدث نہ تھے اور نہ انہوں نے حدیث کی سند محدثین تک پہنچائی۔''

---

[1] حجۃ اللہ البالغہ: باب حکایت حال الناس قبل المأۃ الرابعۃ، ج ۱ ص ۱۲۵۔

[2] الاجوبۃ الفاضلۃ عن الاسئلۃ العشرۃ الکاملۃ: ص ۷۔ مقدمہ عمدۃ الرعایۃ: الدراسۃ الرابعۃ، ج ۱ ص ۱۳۔

(۲۱) مولانا عبدالحئ صاحب حنفی فرماتے ہیں کہ:۔

لَا یُعْتَمَدُ عَلَی الْاَحَادِیْثِ الْمَنْقُوْلَةِ فِیْهَا اعْتِمَادًا کُلِّیًّا وَّ لَایَجْزِمُ بِوُرُوْدِهَا وَ ثُبُوْتِهَا قَطْعًا بِمُجَرَّدِ وُقُوْعِهَا فِیْهَا فَکَمْ مِّنْ اَحَادِیْثٍ ذُکِرَتْ فِی الْکُتُبِ الْمُعْتَبَرَةِ وَ هِیَ مَوْضُوْعَةٌ. ❶

''ملاعلی قاری کے کلام سے معلوم ہوا کہ (کتب فقہ کی) احادیث پر عمل نہ کرلیا جائے اور نہ ان میں واقع ہونے سے، ان احادیث کے ثابت ہونے اور وارد ہونے کا یقین کر لیا جائے کیونکہ بہت سی احادیث (فقہ) معتبر کتابوں میں ذکر کی گئیں حالانکہ وہ موضوع اور بنائی ہوئی ہیں۔ (جو پیغمبر ﷺ کی طرف غلط منسوب کی گئی ہیں۔)''

(۲۲) تنبیہ الوسنان میں علامہ اشرف بن طیب بن تقی الدین حیدر حنفی فرماتے ہیں کہ:۔

فَاِنَّ مَوْضُوْعَاتِ الزَّنَادِقَةِ وَ اَهْلِ الْبِدَعِ قَدْ جَاوَزَتْ مِائَةَ اَلْفٍ مِّنَ الْاَحَادِیْثِ کَمَا صَرَّحَ بِهِ النُّقَّادُ وَ لَوْ وَجَدَهٗ وَاجِدٌ فِیْ بَعْضِ کُتُبِ الْحَنَفِیَّةِ فَلَیْسَ بِهِ اعْتِدَادٌ وَّ کَیْفَ وَاَکْثَرُ مُتَأَخِّرِیْ فُقَهَآئِنَا الْحَنَفِیَّةِ مِنْ عُلَمَاءِ مَا وَرَآءِ النَّهْرِ وَالْعِرَاقِ وَالْخُرَاسَانِ لَمْ یُسْنِدُوْآ اَحَادِیْثَهُمُ الَّتِیْ یَذْکُرُوْنَهَا فِیْ کُتُبِ الْحَنَفِیَّةِ اِلٰی اَصْلٍ مِّنْ اُصُوْلِ الْحَدِیْثِ الْجَلِیْلِ الشَّانِ حَتّٰی صَاحِبِ الْهِدَایَةِ الَّتِیْ عَلَیْهِ مَدَارُ رُحَی الْحَنَفِیَّةِ. لَمْ تَیَسَّرْ اَصْلُهٗ عِنْدَ تَخْرِیْجِ اَحَادِیْثِ الْهِدَایَةِ فِیْ اَکْثَرِ الْمَوَاضِعِ الظَّفْرُ بِلَفْظِ الْحَدِیْثِ. ❷

---

❶ مقدمہ عمدۃ الرعایۃ: الدراسۃ الرابعۃ ج ۱ ص ۱۳۔ ❷ قول راتب فی رد شہاب ثاقب: ص ۴۔

''بدعتیوں اور زندیقوں کی گھڑی ہوئی حدیثیں ایک لاکھ سے زیادہ ہیں۔ جیسا کہ حدیث پرکھنے والے صرافوں نے صاف طور سے بیان کر دیا ہے۔ اب اگر کوئی شخص کوئی روایت ایسی ہی بعض کتب حنفیہ میں پا لے تو اُس کو اس پر صحت کا بھروسہ نہ کرنا چاہئے اور کیونکر اُس کا اعتبار ہو سکتا ہے حالانکہ ہمارے بہت سے حنفی فقیہ ماوراء النہر اور عراق اور خراسان کے رہنے والے عالم کہ انھوں نے سند نہیں بیان کی۔ اصول حدیث کے زبردست قواعد سے کسی قاعدہ کے موافق اُن حدیثوں کی کہ جو مذکور ہیں کتب فقہ میں۔ یہاں تک کہ صاحب ہدایہ بھی کہ جن پر حنفی مذہب کا مدار ہے۔ ان کو بھی وقت تخریج احادیث ہدایہ کے اکثر جگہ نہ میسر ہوئی الفاظ حدیث کے ذکر کرنے پر۔''

صاحب ہدایہ کا افتراء

(۲۳) تنقید الہدایہ ص۹ میں ہے کہ:۔

وَمَارَوٰی صَاحِبُ الْھِدَایَۃِ مَنْ کَانَ یُوْمِنُ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَایَجْمَعَنَّ مَآءَ ہٗ فِیْ رَحِمِ اُخْتَیْنِ لَمْ یُوْجَدْ فِیْ شَیْءٍ مِّنْ کُتُبِ الْحَدِیْثِ وَلَا اَدْرِیْ مِنْ اَیْنَ جَاءَ بِہٖ اُخْتَیْنِ.

''اور صاحب ہدایہ نے جو یہ روایت بیان کی ہے نہیں پائی جاتی کسی حدیث کی کتاب میں۔ اور میں نہیں جانتا کہ وہ اس کو کہاں سے نقل کر کے لائے ہیں۔''

(۲۴) تنقید الہدایہ ص۲۹ میں ہے کہ:۔

وَ مَا ذَکَرَ صَاحِبُ الْھِدَایَۃِ مِنْ قَوْلِہٖ عَلَیْہِ السَّلَامُ اَلنِّکَاحُ اِلَی الْعَصَبَاتِ لَمْ یُوْجَدْ فِیْ شَیْءٍ مِّنْ کُتُبِ الْحَدِیْثِ وَ

ظَاهِرُ لَفْظِهٖ يَدُلُّ عَلٰى اَنَّهٗ مَوْضُوْعٌ وَّ لَيْسَ مِنْ كَلَامِ الرَّسُوْلِ الْمَأْمُوْنِ ﷺ

''اور صاحب ہدایہ جو یہ حدیث لائے ہیں۔اَلنِّكَاحُ اَلَى الْعَصَبَاتِ اس کا بھی کتب حدیث میں پتہ نہیں۔اور اس کے لفظ تو بناوٹی ہونے پر دلالت کرتے ہیں۔نہیں ہیں کلام رسول ﷺ محفوظ سے۔''

(۲۵) تنقید الہدایہ ص ۲۶۵ میں ہے کہ:۔

وَ مَا ذَكَرَ صَاحِبُ الْهِدَايَةِ فِىْ رِوَايَةِ عُمَرَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ لِلْمُطَلَّقَةِ الثَّلَاثِ النَّفَقَةُ وَالسُّكْنٰى لَمْ يُوْجَدْ فِىْ كِتَابٍ مِّنْ كُتُبِ الْحَدِيْثِ فَهُوَ اِفْتِرَآءٌ عَلٰى عُمَرَ عَفَا اللّٰهُ عَنْ صَاحِبِ الْهِدَايَةِ.

''جو کچھ صاحب ہدایہ نے روایت ذکر کی ہے عمر رضی اللہ عنہ سے (سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ لِلْمُطَلَّقَةِ الثَّلَاثِ النَّفَقَةُ وَالسُّكْنٰى) نہیں پائی جاتی کسی کتاب میں حدیث کی کتابوں سے۔سو وہ افترا ہے عمر رضی اللہ عنہ پر۔اللہ معاف کرے صاحب ہدایہ کو۔ یہ ہدایہ وہ ہے جس کی شان میں یہ شعر مقدمہ ہدایہ میں منقول ہے ؎

اِنَّ الْهِدَايَةَ كَالْقُرْاٰنِ قَدْ نَسَخَتْ
مَا صَنَّفُوْا قَبْلَهَا فِى الشَّرْعِ مِنْ كُتُبِ

''ہدایہ قرآن کی طرح ہے جس نے تمام پہلی کتابوں کو جو شرح میں لکھی گئیں منسوخ کر دیا ہے''۔

شریعت کا مدار قرآن و حدیث پر ہے

(۲۶) شریعت اور دین کا مدار قرآن و حدیث پر ہے۔لیکن اس تقلید نے دونوں کو

معطل کر دیا۔ قرآن تو یوں معطل ہوا کہ اس کو بغیر مجتہد کے کوئی سمجھ نہیں سکتا۔ رہی حدیث تو وہ ظنی ہے۔ چنانچہ نورالانوار ص ۱۶ میں ہے کہ:۔

فَمَا ثَبَتَ بِالْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ يَكُوْنُ فَرْضًا وَمَاثَبَتَ بِالسُّنَّةِ يَكُوْنُ وَاجِبًا لِاَنَّهٗ ظَنِّيٌّ.

''پس جو قرآن وحدیث سے ثابت ہے وہ فرض ہوگا کیونکہ وہ قطعی اور جو کچھ حدیث سے ثابت ہو وہ واجب ہوگا کیونکہ وہ ظنی ہے''۔

ظن کے متعلق اللہ پاک ارشاد فرماتا ہے۔ کہ: ﴿اِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْئًا﴾ [۵۳النجم:۲۸] (بیشک ظن نہیں بے پرواہ کرتا حق سے کچھ بھی) چلو اللہ اللہ خیر سلا۔ اب اگر شریعت ڈھونڈیں تو کہاں؟ جواب ملتا ہے کہ قدوری' ہدایہ' منیۃ المصلے' کنز الدقائق' شرح وقایہ' درمختار' فتاوی عالمگیری' مالا بدمنہ' بہشتی زیور۔ وغیرہ یہ اس لئے کہ حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے مذہب کا مدار انہیں کتب معتبرہ پر ہے۔ جب ان کی اوراق گردانی کی جاتی ہے تو لکھا ملتا ہے۔ قَالَ اَبُوْحَنِيْفَةَ (ابوحنیفہ نے فرمایا) اس سے خیال ہوتا ہے کہ امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا قول بیان کیا جاتا ہے جب ان کے مؤلفین اور وقت تالیف کی طرف نظر کی جاتی ہے تو نقشہ مندرجہ ذیل سامنے آتا ہے:

نام کتاب	مصنف کا نام	سنہ وفات سنہ تالیف	کس صدی میں تالیف ہوئی	کس حوالہ سے لکھا گیا
قدوری	احمد بن محمد بن احمد بغدادی	۴۲۸ھ	پانچویں صدی	حدائق الحنفیہ
ہدایہ	برہان الدین علی بن ابی بکر مرغینانی	۵۹۳ھ	چھٹی صدی	کشف الظنون جلد ثانی ص ۶۴۸

منیۃ المصلی	بدرالدین کاشغری	۵۹۳ھ	تقریباً ساتویں صدی	کشف الظنون ج ۲، ص ۱۸۸۶
کنزالدقائق	ابوالبرکات عبداللہ بن احمد المعروف حافظ الدین نسفی	۷۱۰ھ	آٹھویں صدی	کشف الظنون جلد ثانی ص ۱۵۱۵
شرح وقایہ	عبیداللہ بن مسعود المحبوبی	۷۴۵ھ	آٹھویں صدی	حالات مصنفین درس نظامی، ص ۱۶۶
درمختار	محمد علاؤ الدین بن شیخ علی حصکفی	۱۰۷۱ھ	گیارھویں صدی	درمختار جلد ۴ ص ۵۱۷
فتاوی عالمگیری	پنج صد علماء بحکم بعہد شاہ اورنگ زیب عالمگیر	۱۱۱۸ھ	مابین گیارھویں وبارھویں صدی	مرأۃ الانساب ص ۱۳۶
مالابدمنہ	قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتی	۱۲۲۵ھ	تیرھویں صدی	الروض المطور ص ۱۷
بہشتی زیور	مولوی اشرف علی صاحب تھانوی		چودھویں صدی	

جب اسناد کی طرف نظر پڑتی ہے تو لاکھوں مسئلوں میں سے ایک مسئلہ کی بھی سند باقاعدہ صاحب کتاب سے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ تک نہیں پہنچتی۔ رفع اشتباہ کے لئے فتوے طلب کئے گئے۔ سوال مع جوابات درج ذیل ہیں:۔

علماء ومفتیان سے ایک سوال

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ درمختار وہدایہ وشرح وقایہ وفتاویٰ عالمگیری وکنزالدقائق وقدوری ومنیۃ المصلی وغیرہ کتب فقہ میں

مسائل جو بلفظ قال ابو حنیفة و عند ابی حنیفة منقول ہیں کیا ان کی اسناد بقاعدہ محدثین صاحب کتاب سے ابو حنیفہ تک پہنچتی ہیں۔ اگر پہنچتی ہیں تو ایک دو مسئلوں کی سند بطور مثال پیش فرما دیں؟ فقط

نمبر شمار	نام مفتیان	خلاصۂ جوابات۔ متعلق سوال
۱	مولوی حبیب الرحمٰن، حیدر آبادی	محدثانہ اسناد کی ضرورت نہیں۔
۲	مولوی مرشد علی صاحب، رامپوری	نقل کے طریقے بیان کر کے لکھتے ہیں کہ کوئی ایسا مسئلہ نہیں ہے کہ جس کی سند پہنچے۔
۳	محکمہ شرع شریف از ٹونک	مستند استناد کی نفی کر کے لکھتے ہیں کہ عدالت ایسے جواب میں تضیع وقت نہیں کرنا چاہتی۔
۴	مولوی برکات احمد صاحب ٹونکی	(جواب نہیں آیا)
۵	مولوی اشرف علی صاحب تھانوی	اس کے جواب کے لئے مراجعت کتب کی ضرورت ہے میرے پاس کتب نہیں ہیں۔
۶	مولوی خلیل احمد صاحب انبہٹوی	فقہ مدون ہونے کے بعد اسناد بیان کرنے کی ضرورت نہیں
۷	مولوی عزیز الرحمٰن صاحب دیوبندی	مجموعی مسائل کی سند درمختار و شامی وغیرہ کے دیباچہ میں مذکور ہے وہاں دیکھیں
۸	مولوی عبداللطیف صاحب فتح پوری دہلی	نقل کے طریقہ اسناد تلمیذی بیان کر کے لکھتے ہیں کہ ہر جزئی مسئلہ کی سند الگ لکھنا بے سود ہے۔
۹	ایڈیٹر سراج الاخبار جہلم	(جواب نہیں آیا)
۱۰	بڈیٹر اخبار الفقیہ امرتسر	نقل کے طریقے تحریر کر کے لکھتے ہیں کہ امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ تک سند پہنچانے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔
۱۱	مولوی ابوالخیر صاحب دہلوی	(جواب نہیں آیا)

۱۲	مولوی محمد احکم صاحب دہلوی	اسناد تلمیذی نقل کی ہیں۔
۱۳	مولوی کفایت اللہ صاحب دہلوی	سند پہنچانا ضروری نہیں۔
۱۴	مولوی کرامت اللہ صاحب دہلوی	احقر علیل ہے اور نیز جھگڑے کے مسائل سے محترز۔
۱۵	مولوی محمد ابراہیم صاحب دہلوی	(کوئی جواب نہیں آیا)
۱۶	مولوی احمد علی صاحب میرٹھی	(کوئی جواب نہیں آیا)
۱۷	مولوی مرتضیٰ حسین مرادآبادی	(کوئی جواب نہیں آیا)
۱۸	مولوی عبداللہ صاحب از کالج علی گڑھ	اس اسناد پر مدار نہیں جس کا التزام آثار واحادیث میں کیا گیا ہے۔
۱۹	مولوی دیدار علی الوری صاحب ازاکبرآباد	(کوئی جواب نہیں آیا)
۲۰	مولوی عبدالہادی صاحب لکھنوی	ہر ہر مسئلہ کی سند مثل حدیث کی سند کے نہیں ہے۔
۲۱	مولوی احمد رضا خان صاحب بریلوی	تلمیذی اسناد نقل کر کے لکھتے ہیں کہ ہر مسئلہ کے لئے جدا سند کی حاجت نہیں۔
۲۲	مولوی عمر کریم صاحب پٹنہ عظیم آبادی	جس فن کا جو مسئلہ ہوتا ہے اسی سے جواب دیا جاتا ہے چونکہ سوال غیر متعلق ہے اس لئے جواب نہیں۔
۲۳	مولوی ابوالخیر صاحب شمس العلماء اعظم گڑھی	(کوئی جواب نہیں آیا)
۲۴	مولوی رکن الدین صاحب الوری	تلمیذی اسناد نقل کی ہیں۔
۲۵	مولوی معین الدین صاحب اجمیری	قال ابوحنیفہ کو حدیث معلق کا درجہ دینا چاہئے۔

۲۶	مولوی عبدالکریم صاحب بگڑا اسلامپوری	(جواب ندارد) [1]

تنبیہ:

تمام جوابوں کا خلاصہ اس کے علاوہ نہیں۔ کہ اسانید استاذی موجود ہیں۔ مگر ہر ایک مسئلہ امام صاحب تک بسند نہیں پہنچ سکتا۔ علمائے فقہ شاگرد ہونے سے جو کچھ لکھیں اُستاذ کا قول بعینہٖ ہونا لازم نہیں آتا۔ کتب ظاہر الروایۃ کا متواتر یا مشہور ہونا ادعاء محض ہے۔ یہ تاریخ سے بتایا جائے کہ کس زمانہ میں یہ کتابیں مشہور ہوئیں۔ اور کہاں کہاں رواج پایا۔ آج ان کا پتہ کیوں نہیں لگتا۔ حنفیہ میں کیوں رواج نہیں۔ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ و ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ نے جو کتابیں لکھیں اُن کو خود امام رحمۃ اللہ علیہ صاحب نے ملاحظہ کیا ہے یا نہیں۔ تا کہ تصدیق ہو خود یہ دونوں شاگرد امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے بہت سے مسائل میں مختلف روایات کرتے ہیں۔ اگر سب ثقہ ہیں تو وجہ ترجیح کیا؟ علیٰ ہذا لقیاس کتب فقہ کی مختلف نقول بھی قابل غور ہیں۔ جبکہ مدار کتب مؤلفہ امام محمد ابو یوسفؒ وغیرہما ہیں۔ تو وہی اختلاف پایا جانا لازمی ہے۔ اس کے رفع کی کیا صورت ہے۔ کیا ترجیح بلا مرجح نہیں ہے ہزاروں مسائل وقف وغیرہ میں امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا کوئی قول نہیں ہے۔ تو وہ کس مذہب کے اقوال ہوں گے۔

---

[1] جناب ایڈیٹر صاحب سراج الاخبار جہلم کو تاریخ ۲۱ صفر ۱۳۳۷ھ و مولوی محمد ابراہیم صاحب دہلوی و مولوی مرتضیٰ حسین صاحب مراد آبادی و مولوی دیدار علی صاحب الوری عبدالکریم صاحب بگڑا اسلامپوری کو تاریخ ۲ ربیع الاول ۱۳۳۷ھ کو استفتا بذریعہ رجسٹری بھیجا گیا جس کی رسید وقت پر موصول ہو چکی تھی۔ مگر اب محرم ۱۳۴۲ھ تک جواب نہیں آیا اور نیز جناب مولوی برکات احمد صاحب ٹونکی و مولوی ابوالخیر صاحب اعظم گڑھی و دہلوی و مولوی احمد علی صاحب میرٹھی کو بتاریخ ۳۰ ربیع الثانی بذریعہ لفافہ رجسٹرڈ شدہ ارسال کیا گیا تھا۔ مگر ان حضرات کی طرف سے بھی جوابات ابھی تک وصول نہ ہوئے حالانکہ ہر ایک لفافہ میں جواب کے لئے ٹکٹ آدھ آدھ آنہ کا بھی رکھ دیا گیا تھا۔ جس کا استعمال غالباً اس کے غیر محل پر جائز نہ ہوگا۔ اور ردی کر دینا اور بھی ناجائز ہے۔

الحاصل جو اختلاف فقہاء کے خود اقوال میں ہے اُس سے کتاب و سنت کا (وہی) اختلاف کیونکر رفع ہوسکتا ہے۔ اور کتاب و سنت کو چھوڑ کر۔ ان آرائے رجال کی اقتداء وتقلید کیوں کر جائز ہوسکتی ہے۔ نقشہ مذکور سے بخوبی واضح ہو گیا۔ کہ مسائل فقہیہ کی اسناد مسلسل فرداً فرداً ہوتی تو علمائے کرام ضرور تحریر فرماتے۔

غرض کہ کتب مذکور جن کی یہ حالت ہو کہ ایک مسئلہ کی سند بھی با قاعدہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ تک نہ پہنچتی ہو وہ تو امام صاحب کا مذہب قرار دے کر قابل عمل ہوں۔ اور احادیث مرفوعہ صحیحہ جن کی اسناد با قاعدہ صاحب کتاب سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک فرداً فرداً بعد تنقید و جرح تعدیل پہنچتی ہوں وہ نا قابل عمل ٹھہریں۔ تو اب خدا سے ڈر کر انصاف کرنے کی ضرورت ہے کہ ان میں سے کون قابل عمل ہے۔

احناف عقائد میں امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے مقلد نہیں

(۲۷) فقہ حنفیہ کا وجود کسی ایک شخص متدین یا کسی ایک مذہب حق پر محدود نہیں ہے' چنانچہ مولانا عبدالحیٔ مرحوم حنفی فرماتے ہیں کہ:۔

وَ تَوضِيحُهُ اَنَّ الْحَنَفِيَّةَ عِبَارَةٌ عَنْ فِرْقَةٍ تُقَلِّدُ الْإِمَامَ اَبَا حَنِيْفَةَ فِى الْمَسَائِلِ الْفَرْعِيَّةِ وَ تَسْلُكُ مَسْلَكَهُ فِى الْاَعْمَالِ الشَّرْعِيَّةِ سَوَاءٌ وَّافَقَتْهُ فِى اُصُوْلِ الْعَقَائِدِ اَمْ خَالَفَتْهُ فَاِنْ وَّفَقَتْهُ يُقَالُ لَهَا الْحَنَفِيَّةُ الْكَامِلَةُ وَ اِنْ لَّمْ تُوَافِقْهُ يُقَالُ لَهَا الْحَنَفِيَّةُ مَعَ قَيْدٍ يُّوْضِحُ مَسْلَكَهُ فِى الْعَقَائِدِ الْكَلَامِيَّةِ فَكَمْ مِّنْ حَنَفِيٍّ حَنَفِىٌّ فِى الْفُرُوْعِ مُعْتَزِلِىٌّ عَقِيْدَةً كَالزَّمَخْشَرِيِّ جَارِ اللّٰهِ مُؤَلِّفِ الْكَشَّافِ وَغَيْرِهٖ كَمُؤَلِّفِ الْقِنْيَةِ وَ الْحَاوِيِّ وَالْمُجْتَبٰى شَرْحِ مُخْتَصَرِ الْقُدُوْرِيِّ نَجْمِ الدِّيْنِ الزَّاهِدِيِّ وَ قَدْبَسَطْنَا تَرْجَمَتَهُمَافِى الْفَوَائِدِ الْبَهِيَّةِ

فِی تَرَاجِمِ الْحَنَفِیَّةِ وَ کَعَبْدِ الْجَبَّارِ وَ اَبِی هَاشِمٍ وَ الْجَبَائِیِّ وَ غَیْرِهِمْ وَ کَمْ مِنْ حَنَفِیٍّ حَنَفِیٌّ فَرْعًا مُرْجِیٌّ اَوْ زَیْدِیٌّ اَصْلًا وَ بِالْجُمْلَةِ فَالْحَنَفِیَّةُ لَهَا فُرُوْعٌ بِاعْتِبَارِ اِخْتِلَافِ الْعَقِیْدَةِ فَمِنْهُمُ الشِّیْعَةُ وَ مِنْهُمُ الْمُعْتَزِلَةُ وَ مِنْهُمُ الْمُرْجِئَةُ فَالْمُرَادُ بِالْحَنَفِیَّةِ هٰهُنَا هُمُ الْحَنَفِیَّةُ الْمُرْجِئَةُ الَّذِیْنَ یَتَّبِعُوْنَ اَبَا حَنِیْفَةَ فِیْ الْفُرُوْعِ وَ یُخَالِفُوْنَهٗ فِی الْعَقِیْدَةِ بَلْ یُوَافِقُوْنَ فِیْهَا الْمُرْجِئَةَ الْخَالِصَةَ. [1]

''توضیح اس کی یہ ہے کہ حنفیہ سے مراد وہ فرقہ ہے کہ جو مسائل فروعات میں امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی تقلید کرتا ہے۔ اور اعمال شرعیہ میں ان کے طریقہ پر چلتا ہے خواہ اصول عقائد میں ان کے موافق ہو یا مخالف۔ پھر اگر موافق ہو تو اس کو کامل حنفی کہا جاتا ہے اور اگر موافق نہ ہو تو اس کو حنفی کہا جاتا ہے۔ ایک ایسی قید کے ساتھ کہ جو عقائد کلامیہ میں اس کا مسلک ظاہر کر دے۔ پس کتنے حنفی فروع میں حنفی ہیں اور عقیدہ میں معتزلی۔ جیسے زمخشری جاراللہ مؤلف کشاف وغیرہ۔ اور جیسے مؤلف قنیہ و حاوی اور مجتبیٰ شرح مختصر قدوری نجم الدین زاہدی۔ اور تحقیق ان دونوں کا حال ہم نے فوائد البہیہ فی تراجم الحنفیہ میں بسط کے ساتھ لکھ دیا ہے۔ اور جیسے عبدالجبار اور ابی ہاشم اور جبائی وغیرہ ہیں۔ اور کتنے حنفی فروعات میں حنفی ہیں اور اصول میں زیدی یا مرجی۔ حاصل کلام یہ کہ حنفیہ کی باعتبار اختلاف عقیدہ کئی شاخیں ہیں۔ پس ان میں شیعہ ہیں اور معتزلی ہیں اور مرجیہ ہیں پس مراد حنفیہ سے وہ حنفیہ مرجیہ ہیں کہ جو ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے تابع ہیں فروعات میں اور مخالف

---

[1] مجموعۃ رسائل اللکنوی الرفع والتکمیل ج ۵/ ۱۸۹

ہیں ان کے عقیدہ میں۔ بلکہ اس (عقیدہ) میں مرجیہ خالصہ کے موافق ہیں۔''

پس ان وجوہات سے ناظرین کو بخوبی ثابت ہوگیا کہ موجودہ فقہ حنفیہ ایک غیر مستند ذخیرہ ہے اور جس میں اہل بدعت وضلالت کا پورا دخل ہوا ہے۔

فقہ کے متعلق مولوی ولایت علی صاحب کا فیصلہ

(۲۸) رسالہ عمل بالحدیث ص ۹ میں فرماتے ہیں کہ:۔

پس اگر شخصے مسئله را ازین کتب مشهور بسبب مخالف قرآن و حدیث یا استنباط ناپسند ساقط از نظر نموده درحقیقت آن نقصانے نیست.

''اگر کوئی شخص ان کتب (فقہ) مشہورہ میں سے کسی مسئلہ کو قرآن و حدیث کی مخالفت کے سبب یا استنباط ناواجب کے باعث نظر انداز کر دے تو حقیقت میں کوئی حرج نہیں ہے۔''

فقہ کے متعلق امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کا فیصلہ

(۲۹) احیاء العلوم مطبوعہ نولکشور ص ۲۱۳ میں فرماتے ہیں کہ:۔

بَلْ جَمِيعُ دَقَائِقِ الْفِقْهِ بِدْعَةٌ لَمْ يَعْرِفْهَا السَّلَفُ وَ اَمَّا اَدِلَّةُ الْاَحْكَامِ فَيَشْتَمِلُ عَلَيْهَا عِلْمُ الْمَذْهَبِ وَهُوَ كِتَابُ اللّٰهِ وَ سُنَّةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَ فَهْمُ مَعَانِيْهِمَا وَ اَمَّا حِيَلُ الْجَدَلِ مِنَ الْكَسْرِ وَالْقَلْبِ وَفَسَادِ الْوَضْعِ وَالتَّرْكِيْبِ وَالتَّعْدِيَةِ فَاِنَّمَآ اُبْدِعَتْ لِاِظْهَارِ الْغَلَبَةِ وَالْاِنحامِ وَاِقَامَةِ سُوْقِ الْجَدَلِ بِهَا وَ غُرُوْرُهٰؤُلَآءِ اَشَدُّ كَثِيْرًا وَّ اَقْبَحُ مِنْ غُرُوْرِ مَنْ قَبْلَهُمْ.

''فقہ کے جتنے نکات اور باریکیاں ہیں یہ ایجاد کردہ بدعت ہے۔ سلف

یہ باتیں نہیں جانتے تھے اور لیکن احکام کی دلیلیں کہ جن پر مذہب کا جاننا موقوف ہے اور مدار ہے۔ جس کا نام علم المذہب ہے وہ کتاب وسنت ہے اور ان کے معانی کا سمجھنا۔ لیکن یہ جو کچھ چالبازیاں ہیں یہ استدلال کے اقسام ہیں۔ کہ جن کی رعایت سے مقابل پر غالب ہوتے ہیں۔ کسر' قلب' فساد وضع' ترکیب' تعدیہ' یہ سب بدعت ہیں اس لئے ایجاد ہوئیں کہ اختلاف پیدا ہو۔ اور جھگڑے کا بازار گرم ہو۔ دشمن لاجواب ہو جائے۔ ان لوگوں نے پہلے لوگوں سے جن کا ذکر ہو چکا سخت دھوکا کھایا ہے اور برے پھنسے ہیں۔''

لیجیئے صاحب۔ یہ حقیقت فقہ کی ہے جس پر ہمارے حنفی بھائیوں کو بڑا ناز ہے۔

مسائل فقہ کے اختلاف کے متعلق ایک مغالطہ کا ازالہ

(۳۰) حضرات مقلدین سے جب کہا جاتا ہے کہ بلا واسطے اپنے امام کی حدیث پر عمل کیوں نہیں کرتے۔ تو جواب میں کہتے ہیں کہ احادیث میں تو اختلاف ہے کوئی ناسخ ہے کوئی منسوخ، کوئی صحیح ہے تو کوئی ضعیف۔ ان کی تطبیق اور رفع اختلاف ہمارے امکان (طاقت) سے باہر ہے۔ اس کے جواب میں جب کہا جاتا ہے کہ فقہ میں بھی تو امام صاحب اور ان کے شاگردوں میں بکثرت اختلاف پایا جاتا ہے۔ اور اختلاف بھی مباح غیر مباح۔ راجح اور مرجوح میں نہیں بلکہ حلت وحرمت اور پاک و ناپاک میں۔ فروعی اختلافات سے تمام کتب فقہ بھری ہوئی ہیں جس میں کسی کو مطلق کلام کی گنجائش نہیں ہے علاوہ اس کے اصولی اختلاف بھی بہت پایا جاتا ہے۔

(۱) چنانچہ علامہ تاج الدین سبکی، طبقات سبکی جلد ا ص ۲۴۳ میں لکھتے ہیں:۔

فَاِنَّهُمَا (اَیْ اَبَایُوْسُفَ وَ مُحَمَّدٌ) یُخَالِفَانِ اُصُوْلَ صَاحِبِهِمَا.

''امام ابو یوسف ومحمد امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے اصول میں بھی مخالفت کرتے تھے۔''

(۲) مولانا عبدالحی صاحب لکھنوی لکھتے ہیں کہ:۔

اِنَّهُمْ اَدْرَجُوْا اَبَايُوسُفَ وَ مُحَمَّدًا فِیْ طَبَقَةِ مُجْتَهِدِی الْمَذْهَبِ الَّذِیْنَ لَايُخَالِفُوْنَ الْاِمَامَ فِی الْاُصُوْلِ وَ لَيْسَ كَذٰلِكَ فَاِنَّ مُخَالَفَتَهُمَا لِاِمَامِهِمَا فِی الْاُصُوْلِ غَيْرُ قَلِيْلَةٍ حَتّٰى قَالَ الْاِمَامُ الْغَزَالِیُّ فِیْ كِتَابِهِ الْمَنْخُوْلِ اِنَّهُمَا خَالَفَا اَبَا حَنِيْفَةَ فِیْ ثُلُثَیْ مَذْهَبِهٖ. [1]

”علماء طبقات نے ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ اور محمد رحمۃ اللہ علیہ کو مجتہد فی المذہب میں شمار کیا ہے جو اپنے امام کے اصول مقررہ میں اختلاف نہیں کرتے تھے حالانکہ یہ بات صحیح نہیں کیونکہ ان دونوں کی اپنے امام سے اصول میں جو مخالفت ہے وہ بہت زیادہ ہے۔ یہاں تک کہ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب منخول میں کہا ہے کہ ان دونوں (ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ اور محمد رحمۃ اللہ علیہ) نے اپنے امام سے دو ثلث مذہب میں اختلاف کیا ہے۔“

علامہ عبیداللہ بن عمرو دبوسی حنفی نے جو سمرقند و بخارا کے بڑے فقیہ تھے۔ اپنی کتاب تاسیس النظر مطبوعہ مصر میں وہ اصول مختلفہ بیان کئے ہیں جو امام صاحب اور صاحبین (ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ اور محمد رحمۃ اللہ علیہ) میں یا شیخین (امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ وابوحنیفہ) میں یا طرفین یا ثلاثہ (ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ، ابو محمد رحمۃ اللہ علیہ) اور امام زفر میں مختلف ہیں جس کی تفصیل کتاب مذکور یا مولانا مولوی ثناء اللہ صاحب فاضل امرتسری کی نادر تصنیف رسالہ تقلید شخصی اور سلفی میں ملاحظہ فرمائیں۔

فرمایئے حضرت حدیث پر عمل کرنے سے تو اختلاف مانع تھا۔ فقہی اختلاف جو اصول اور فروع میں بکثرت ہے اس پر عمل کرنے کی کون شے اجازت دیتی ہے۔ اور اس کے رفع کی کیا صورت ہے۔ آخر جو صورت ہوگی وہ حدیث میں

---

[1] مقدمہ عمدۃ الرعایہ، الدراسۃ الثانیہ ذکر طبقات الحنفیہ، ج ۱ص ۸۔

بھی ممکن ہے۔ پھر حدیث پر عمل کیوں نہیں۔ کیا فقہ کا مرتبہ حدیث سے زیادہ ہے۔ عیاذ أباللہ۔ (اللہ ہی سمجھ دے)

فقہ کی تدوین کے متعلق ایک مغالطہ اور اس کا ازالہ

(۳۱) ہمارے برادران احناف اکثر فرمایا کرتے ہیں کہ فقہ حنفیہ امام صاحب کے زمانہ میں بڑے اہتمام سے مدون ہوئی چنانچہ مولانا شبلی نعمانی تحریر فرماتے ہیں:۔

"کہ (فقہ کی) تدوین کا طریقہ یہ تھا کہ کسی خاص باب کا کوئی مسئلہ پیش کیا جاتا تھا اگر اس کے جواب میں سب لوگ متفق الرائے ہوتے تو اسی وقت قلمبند کر لیا جاتا ورنہ نہایت آزادی سے بحثیں شروع ہوتیں کبھی کبھی بہت دیر تک بحث قائم رہتی۔ امام صاحب غور اور تحمل کے ساتھ سب کی تقریریں سنتے اور بالآخر ایسا جچا تلا فیصلہ کرتے کہ سب کو تسلیم کرنا پڑتا۔" [1]

ایضاً ص ۱۳۷ پر لکھتے ہیں کہ:۔

"امام محمد رحمۃ اللہ علیہ، امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ، قاضی ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ، امام زفر رحمۃ اللہ علیہ، یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ بن زائدہ، حفص بن غیاث، مندل، حبان وغیرہ وغیرہ۔ امام صاحب نے ان لوگوں کی شرکت سے ایک مجلس مرتب کی اور باقاعدہ طور سے فقہ کی تدوین شروع ہوئی۔ اس کام میں کم وبیش تیس برس کا زمانہ صرف ہوا یعنی ۱۲۱ھ سے ۱۵۰ھ تک [انتہی ملخصا]"

جواب یہ ہے کہ اگر فقہ کی تدوین فی الواقع اسی طرح ہوتی تو صاحبین کا امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے دو ثلث مسائل میں اختلاف منقول نہ ہوتا۔ (ملاحظہ ہو مسئلہ نمبر ۲۰ حصہ اول) جب اختلاف بدیہی ہے تو انعقاد مجلس اور مسائل کا محقق ہو کر لکھا جانا غیر صحیح ہے۔

دوم یہ بات ممکن بھی نہیں ہے۔ اس لئے کہ امام محمد۔ علی الاختلاف روایات

[1] سیرۃ النعمان: ص ۱۳۸۔

۱۳۵ھ یا ۱۳۲ھ یا ۱۳۱ھ میں پیدا ہوئے۔ چنانچہ تاریخ ابن خلکان مطبوعہ ایران جلد ۲ ص ۲۷ میں ہے کہ:۔

مَوْلِدُهٗ سَنَةَ خَمْسٍ وَّثَلٰثِیْنَ. وَ قِیْلَ اِحْدٰی وَثَلٰثِیْنَ. وَ قِیْلَ اثْنَیْنِ وَ ثَلٰثِیْنَ وَ مِائَةٍ.

ناظرین غور فرمائیں کہ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کی شرکت اس مجلس میں کہ جو ۱۲۱ھ میں مرتب کی گئی تھی کیسے ممکن ہے جبکہ ان کا وجود ہی دنیا میں اس مجلس کے انعقاد کے دس یا گیارہ یا چودہ سال کے بعد ہوا تھا۔ شاید روحانی حالت میں شرکت رکھتے ہوں گے۔

امام طحاوی ۲۳۸ھ میں پیدا ہوئے۔ ابن خلکان جلد ۱ ص ۱۹ وَ کَانَتْ وِلَادَتُهٗ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّ ثَلٰثِیْنَ وَ مِائَتَیْنِ۔ ان کی شرکت بھی اُس مجلس میں کہ جو ۱۲۱ھ میں مرتب کی گئی کیونکر ممکن ہے جبکہ ان کا وجود ہی دنیا میں ایک سو سترہ ۱۱۷ سال بعد ہوا۔ شاید انکی شرکت بھی روحانی طریق پر ہوگی۔

امام قاضی ابو یوسف ۱۱۳ھ میں پیدا ہوئے ہیں۔ تاریخ ابن خلکان جلد ۲ ص ۴۶۶ میں ہے کہ:۔

كَانَتْ وِلَادَةُ الْقَاضِیْ اَبِیْ یُوْسُفَ سَنَةَ ثَلٰثَ عَشَرَةَ وَ مِائَةٍ بِبَغْدَادَ.

اس حساب سے ان کی عمر آٹھ برس کی تھی۔

امام زفر ۱۱۰ھ میں پیدا ہوئے۔ ابن خلکان (اردو) جلد ۲ ص ۲۶۸ میں ہے:۔

مَوْلِدُهٗ سَنَةَ عَشَرٍ وَ مِائَةٍ. ''اس حساب سے ۱۲۱ھ میں گیارہ برس کے تھے۔''

یحییٰ بن زکریا بن ابی زائدہ ۱۱۹ھ میں پیدا ہوئے۔ میزان الاعتدال مطبوعہ انوار میں ہے کہ:۔

مَاتَ سَنَةَ اِثْنَیْنِ وَ ثَمَانِیْنَ وَ مِائَةٍ وَّلَهٗ ثَلٰثٌ وَّ سِتُّوْنَ سَنَةً. [1]

---

[1] میزان الاعتدال: ج ۱، ص ۳۷۴، رقم: ۹۵۰۵۔

''اس حساب سے ۱۲۱ھ میں دو برس کے تھے۔''

حفص بن غیاث۔ تقریباً ۱۱۵ھ میں پیدا ہوئے۔

مَاتَ سَنَةَ اَرْبَعٍ اَوْ خَمْسٍ وَّ تِسْعِيْنَ وَ قَدْ قَارَبَ الثَّمَانِيْنَ. 1

اس حساب سے ۱۲۱ھ میں قریباً چھ سال کے تھے۔

مندل بن علی الغزی۔ ۱۰۳ھ میں پیدا ہوئے۔

وُلِدَ سَنَةَ ثَلٰثٍ وَّمِائَةٍ. 2

اس حساب سے ۱۲۱ھ میں اٹھارہ سال کے تھے۔

حبان علی الغزی۔ ۱۱۱ھ یا ۱۱۲ھ میں پیدا ہوئے۔

مَاتَ سَنَةَ اِحْدٰى اَوْ اِثْنَتَيْنِ وَ سَبْعِيْنَ وَ لَهٗ سِتُّوْنَ سَنَةً. 3

اس حساب سے ۱۲۱ھ میں نو یا دس سال کے تھے۔ وقس علیٰ ہذا۔

غرضیکہ ایسی مہتمم بالشان مجلس میں دو برس، چھ برس، آٹھ برس، نو دس برس، گیارہ برس، اٹھارہ برس کی عمر کے ممبر مقرر ہونے خلاف عقل ہیں اور بفرض محال تسلیم بھی کرلیا جائے تو جو مسائل یا احکامات ایسی پارلیمنٹ سے پاس ہو کر صادر ہوں گے وہ اہل انصاف کے نزدیک کیا وقعت رکھیں گے اور ضروری اس کا نتیجہ یہی ہوگا کہ مسائل حصہ اول مندرجہ حقیقۃ الفقہ جیسے صادر ہوں۔ اب مقام غور ہے کہ جس فقہ کی یہ حالت ہو اس کو اپنا مایہ ناز سمجھنا بلکہ اس پر فخر کرنا کہاں تک اقتضاء دیانت اور قرین عقل ہے اس موقع پر مولانا روم مرحوم نے کیا خوب فرمایا ہے۔ مثنوی میں ؎

مرغ چوں برآب شورمی تند | آب شیریں راندیدست مدد

---

1 تقریب التہذیب: ص ۱۱۹۔ 2 تقریب التہذیب: ص ۵۰۶۔

3 تقریب التہذیب: ص ۹۲۔

شریعت کیا ہے

(۳۲) شریعت کی تعریف کتب اصول فقہ حنفیہ میں یوں کی گئی ہے۔

اَلشَّرِیْعَةُ مَا لَا تُدْرَکُ لَوْ لَاخِطَابُ الشَّارِعِ. [1]

''شریعت خطاب شارع کا ہی ہے اور بس''

نورالانوار میں ہے کہ:۔

وَ الْاَ وْلٰی اَنْ یَّکُوْنَ الشَّرْعُ اِسْمًالِّلدِّیْنِ فَلَا یَحْتَاجُ اِلَی التَّاوِیْلِ. [2]

''شرع نام ہے دین کا جو تاویل کا محتاج نہیں۔''

ایضاً اسی کے حاشیہ پر ہے کہ:۔

وَالْمُرَادُ الدِّیْنُ الْقَوِیْمُ اَیْ دِیْنُ الرَّسُوْلِ.

''مراد دین قویم سے دین رسول اللہ ﷺ ہے۔''

اب کتب فقہ میں نظر کرتے ہیں تو اس میں قَالَ اَبُوْحَنِیْفَةَ (ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے کہا) قَالَ اَبُوْیُوْسُفَ (ابو یوسف نے کہا) قَالَ مُحَمَّدٌ (محمد رحمۃ اللہ علیہ نے کہا) قَالَ زُفَرُ (زفر نے کہا) قَالَ حَسَنُ بْنُ زِیَادٍ (حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ نے کہا) قَالَ اَبُو اللَّیْثِ (ابواللیث نے کہا) قَالَ شَمْسُ الْاَئِمَّةِ السَّرْخَسِیُّ (شمس الائمہ سرخسی نے کہا) قَالَ شَمْسُ الْاَئِمَّةِ الْحَلْوَائی (شمس الائمہ حلوائی نے کہا) قَالَ مَشَائِخُ الْبُلْخِ (مشائخ بلخ نے کہا) وغیرہ وغیرہ جا بجا لکھا ہوا ہے۔

تو ان اقوال اور تعریف شریعت کو ملحوظ رکھ کر کیا کہہ سکتے ہیں کہ کتب فقہ کے مسائل تمام شرعی ہیں؟ فَاعْتَبِرُوْا یَآ اُولِی الْاَبْصَارِ.

---

[1] توضیح تلویح: ص ۴۴۔

[2] نورالانوار: ادلۃ الشرع واصولہ، ص ۵۔

شاہ ولی اللہ صاحب فرماتے ہیں کہ:۔

لَمْ نُؤْمِنْ بِفَقِيْهٍ اَيًّا كَانَ أَنَّهُ اَوْحَى اللّٰهُ اِلَيْهِ الْفِقْهَ وَ فَرَضَ عَلَيْنَا طَاعَتَهُ وَّاَنَّهُ مَعْصُوْمٌ فَاِنِ اقْتَدَيْنَا بِوَاحِدٍ مِّنْهُمْ فَذٰلِكَ لِعِلْمِنَا بِاَنَّهُ عَالِمٌ بِكِتَابِ اللّٰهِ وَ سُنَّةِ رَسُوْلِهٖ. [1]

''کوئی فقیہ (امام ہو یا مجتہد) ہو ہم کسی پر ایمان نہیں لائے کہ اللہ نے اُس پر فقہ وحی کے (طور پر بھیج دی ہے) اور ہم پر اس کی اطاعت فرض کردی ہے اور وہ (خطا سے) معصوم ہے پس اگر ہم اُن میں سے کسی کی پیروی کریں تو یہ اس وجہ سے ہے کہ وہ کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ کا صلی اللہ علیہ وسلم عالم ہے۔''

غرض کتب شریعت قرآن وحدیث ہی ہیں اور بس۔

شانِ حدیث

(۱) اللہ تبارک وتعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔

﴿اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَآ اَرٰىكَ اللّٰهُ.﴾ [۴/النساء۱۰۵]

''(اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم) بے شک ہم نے یہ کتاب (قرآن) تمہاری طرف حق کے ساتھ اتاری ہے کہ تم لوگوں میں اس کے موافق فیصلہ کرو۔ جو تم کو خدا سمجھائے۔''

(۲) اس آیت کے تحت میں امام فخر الدین رازی تفسیر کبیر جلد۳ ص ۳۱۷ میں فرماتے ہیں کہ:۔

قَالَ الْمُحَقِّقُوْنَ هٰذِهِ الْاٰيَةُ تَدُلُّ عَلٰى اَنَّهُ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ

---

[1] حجۃ اللہ البالغۃ الکلام علی حال الناس قبل المائۃ الرابعۃ، ج۱ص۱۵۶۔

وَالسَّلَامُ مَاكَانَ يَحْكُمُ اِلَّا بِالْوَحْيِ وَالنَّصِّ.

”محققین نے کہا ہے کہ یہ آیت اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ آنحضرت ﷺ سوائے وحی اور نص کے فیصلہ نہیں کرتے تھے۔“

(۳) اتقان فی علوم القرآن مطبوعہ مصر جلد۲ ص۱۸۲ میں علامہ جلال الدین سیوطی فرماتے ہیں کہ:۔

فَاِنْ اَعْيَاهُ ذٰلِکَ (اَیْ طَلَبُهٗ مِنَ الْقُرْاٰنِ) طَلَبَهٗ مِنَ السُّنَّةِ فَاِنَّهَا شَارِحَةٌ لِّلْقُرْاٰنِ وَ مُوَضِّحَةٌ لَّهٗ وَ قَدْ قَالَ الشَّافِعِیُّ كُلُّ مَاحَكَمَ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فَهُوَ مِمَّا فَهِمَهٗ مِنَ الْقُرْاٰنِ قَالَ تَعَالٰی ﴿اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْکَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَآ اَرَاکَ اللّٰهُ﴾ [۴/النساء۱۰۵] وَ فِی اٰيَاتٍ اُخَرَ وَ قَالَ ﷺ ”اَلَا اِنِّیْ اُوْتِيْتُ الْقُرْاٰنَ وَ مِثْلَهٗ مَعَهٗ ❶“ يَعْنِی السُّنَّةَ فَاِنْ لَّمْ يَجِدْهُ مِنَ السُّنَّةِ رَجَعَ اِلٰی اَقْوَالِ عِنْدَ نُزُوْلِهٖ وَ لَمَّا اخْتُصُّوْا بِهٖ مِنَ الْفَهْمِ التَّامِّ وَالْعِلْمِ الصَّحِيْحِ وَالْعَمَلِ الصَّالِحِ وَ قَدْ قَالَ رَوَی الْحَاكِمُ فِی الْمُسْتَدْرَکِ اِنَّ تَفْسِيْرَ الصَّحَابِیِّ الَّذِیْ شَهِدَ الْوَحْیَ وَالتَّنْزِيْلَ حُكْمُ الْمَرْفُوْعِ.

”اگر یہ بات ان کو مشکل ہو جائے یعنی قرآن سے اس کا تلاش کرنا۔ تو اس کو سنت میں ڈھونڈے۔ کیونکہ سنت قرآن کی شرح و تفسیر ہے اور اس کو واضح کرنے والی ہے اور (امام) شافعی نے بھی کہا ہے کہ جو کچھ رسول اللہ ﷺ نے احکام بیان فرمائے ہیں تو وہ یا تو معانی قرآن ہیں جو اس سے سمجھے ہیں جیسا کہ فرمایا کہ ”ہم نے تمہاری طرف بھیجی کتاب کہ تم لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو۔ وہی جو کچھ کہ اللہ نے تم کو سمجھایا اور سوجھایا۔“ دوسری آیتوں میں

---

❶ مشکوٰۃ: کتاب الایمان باب الاعتصام، رقم ۱۶۳۔

بھی یہی مضمون ہے اور فرمایا رسول اللہ ﷺ نے ”مجھ کو قرآن عنایت ہوا اور اُس جیسی ایک چیز اور یعنی حدیث۔“ اگر کوئی بات سنت سے نہ ملے تو صحابہ رضی اللہ عنہم کے قول کی طرف متوجہ ہو کیونکہ وہ اس سے خوب واقف ہیں اس وجہ سے کہ وہ قرآن کے اترتے وقت موجود تھے اور اس کے شانِ نزول سے واقف تھے اور وہ خاص کئے گئے ہیں پوری پوری سمجھ اور ٹھیک ٹھیک علم اور عمل صالح کے لئے اور حاکم نے مستدرک میں روایت کی ہے کہ صحابی رضی اللہ عنہ کی تفسیر جو وقت وحی اور نزول کے حاضر تھے بمنزلہ حدیث مرفوع کے ہے۔“

(۴) اور سورہ اعراف میں ارشاد باری ہے:۔

﴿اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ لَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ.﴾ [۷الاعراف۳]

”(فرمایا اے لوگو!) تابعداری کرو تم اُس چیز کی جو تمہاری طرف اتاری گئی ہے رب تمہارے کی طرف سے اور مت تابعداری کرو سوائے اس کے اور دوستوں کی۔“

(۵) اس آیت کے تحت علامہ علاؤ الدین علی بن محمد رحمۃ اللہ علیہ اپنی تفسیر خازن جلد۲ ص ۷۱ میں فرماتے ہیں کہ:۔

اِتَّبِعُوا الْقُرْاٰنَ وَ مَآ اَتٰى بِهِ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم.

”تابعداری کرو تم قرآن کی اور اُس چیز کی جو نبی ﷺ لائے (یعنی حدیث)“

(۶) اور دارمی مطبوعہ رحمانی ص ۵۵ میں ہے کہ:۔

عَنْ حَسَّانَ قَالَ كَانَ يَنْزِلُ جِبْرِيْلُ عَلَى النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم بِالسُّنَّةِ كَمَا يَنْزِلُ عَلَيْهِ بِالْقُرْاٰنِ. [1]

”حضرت حسان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جبرئیل علیہ السلام جس طرح قرآن لے کر

[1] سنن الدارمی، باب السنۃ قاضیۃ علی کتاب اللہ، ج۱ ص ۱۵۳ رقم: ۵۸۸۔

آپ ﷺ کے پاس نازل ہوتے تھے۔اسی طرح حدیث لے کر (بھی) آپ ﷺ کے پاس نازل ہوتے تھے۔''

(۷) مشکوۃ مطبوعہ انصاری ص۴۰ میں ہے کہ:۔

اَلَآ اِنِّی اُوْتِیْتُ الْقُرْاٰنَ وَ مِثْلَهٗ مَعَهٗ. [1]

''فرمایا خبردار ہو! بیشک میں دیا گیا ہوں قرآن اور مثل اس کے ساتھ (یعنی حدیث)۔''

(۸) اور دارمی میں ہے کہ:۔

قَالَ السُّنَّةُ قَاضِيَةٌ عَلَى الْقُرْاٰنِ وَ لَيْسَ الْقُرْاٰنُ بِقَاضٍ عَلَى السُّنَّةِ. [2]

''فرمایا حدیث قاضی ہے قرآن پر اور قرآن قاضی (فیصلہ کرنے والا) نہیں ہے حدیث پر۔''

الحاصل حدیث بھی منزل من اللہ ہے پس جو حکم قرآن کا ہے وہی حکم حدیث صحیح کا ہے یعنی اگر قرآن قطعی ہے تو حدیث بھی قطعی ہے۔

(۹) تفسیر لباب التاویل فی معانی التنزیل مطبوعہ مصر جلد۳ص ۱۱۷ میں ہے کہ:۔

قَالَ بَعْضُهُمْ مَتٰى وَقَعَ تَعَارُضٌ بَيْنَ الْقُرْاٰنِ وَالْحَدِيْثِ وَجَبَ تَقْدِيْمُ الْحَدِيْثِ لِاَنَّ الْقُرْاٰنَ مُجْمَلٌ وَّالْحَدِيْثُ مُبَيَّنٌ وَّقَالَ بَعْضُهُمُ الْقُرْاٰنُ مِنْهُ مُحْكَمٌ وَّ مِنْهُ مُتَشَابِهٌ فَالْمُحْكَمُ يَجِبُ اَنْ يَّكُوْنَ مُبَيِّنًا وَّالْمُتَشَابِهُ هُوَ الْمُجْمَلُ وَ يُطْلَبُ بَيَانُهٗ مِنَ السُّنَّةِ لِقَوْلِهٖ تَعَالٰى ﴿لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَانُزِّلَ اِلَيْهِمْ.﴾[۱۶/النحل:۴۴]

''بعض نے کہا کہ جب قرآن وحدیث میں تعارض ہو تو حدیث کو مقدم کرنا

---

[1] ابوداود، کتاب السنۃ، باب فی لزوم السنۃ، رقم:۴۶۰۴۔ مشکوۃ: کتاب الایمان، باب الاعتصام بالکتاب والسنہ، رقم ۱۶۳ [2] سنن الدارمی، باب السنۃ قاضیۃ علی کتاب اللہ، ج۱ص ۱۵۳ رقم: ۵۸۷۔

واجب ہے کیونکہ قرآن مجمل ہے اور حدیث مفصل۔ بعض نے کہا قرآن کا بعض حصہ محکم ہے بعض متشابہ۔ محکم کا مفصل ہونا ضروری ہے اور متشابہ وہی مجمل ہے اُس کا بیان حدیث میں طلب کیا جائے گا۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا تا کہ تو بیان کر دے لوگوں کو جو ان کی طرف اتارا گیا۔"

(۱۰) میزان شعرانی میں ہے کہ:۔

وَ مِنْ هُنَا تَعْلَمُ يَاوَلَدِیْ اَنَّ السُّنَّةَ قَاضِيَةٌ عَلٰى مَا نَفْهَمُهُ مِنْ اَحْكَامِ الْكِتَابِ وَ لَا عَكْس فَاِنَّهُ ﷺ هُوَالَّذِیْ بَيَّنَ لَنَا اَحْكَامَ الْكِتَابِ بِاَلْفَاظِ شَرِيْعَتِهٖ ﴿وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰىO اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْیٌ يُّوْحٰى﴾ [۵۳/النجم ۳-۴] وَفِی الْقُراٰنِ الْعَظِيْمِ ﴿فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِیْ شَیْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ﴾ [۴/النساء ۵۹] يَعْنِیْ اِلَى الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ وَاعْمَلُوْا بِمَا وَافَقَهُمَآ اَوْ وَافَقَ اَحَدَهُمَا. [1]

"اور یہیں سے معلوم ہو گیا اے لڑکے تحقیق سنت حاکم و فیصلہ کرنے والی ہے کتاب (قرآن) پر اور اس کا عکس نہیں ہے (یعنی قرآن حدیث پر حاکم نہیں ہے) کیونکہ رسول اللہ ﷺ ہی ہیں جنہوں نے قرآن کے حکم کھولے اور ان کی تفسیر کی الفاظ شریعت کے ساتھ۔ اور آپ ہی ہیں یہاں ہوا وہوس کو دخل نہیں اور جو کچھ آپ ﷺ کی زبان مبارک سے نکلا ہے سب کا سب وحی ہے۔ اور قرآن شریف میں بھی ہے کہ "اگر تم میں کسی امر میں نزاع ہو جائے تو اس کو اللہ اور رسول ﷺ کی طرف لے جاؤ۔" یعنی قرآن و حدیث کی کسوٹی پر جانچ لو۔ اور اسی کو مانو جو دونوں یا ایک کے موافق ہو۔"

خاص کر صحیحین کہ ان میں ایک ایک حدیث بسند متعدد منقول ہے الا ماشاء اللہ

[1] میزان الشعرانی: فصل و مما یدلک علی صحۃ ارتباط جمیع اقوال علماء الشریعہ ج ۱ ص ۴۷۔

اسی لئے اجلہ محدثین اس کے قائل ہوئے ہیں کہ بخاری کی حدیثوں میں ہر طبقہ میں دو راوی سے کم نہیں ہیں جن کا بمقتضائے آیت کریمہ

﴿وَاسْتَشْهِدُوْا شَهِيْدَيْنِ مِنْ رِّجَالِكُمْ.﴾ [۲/البقرة:۲۸۲]

”(اور گواہ کر لو تم دو گواہ مردوں اپنے میں سے) ماننا ضروری ہے۔“

(۱۱) فتح المغیث ج ۱، ص ۴۷ میں حاکم و بیہقی سے منقول ہے کہ:۔

مِنْ أَنَّ شَرْطَهُمَا اَنْ يَّكُوْنَ لِلصَّحَابِيِّ الْمَشْهُوْرِ بِالرِّوَايَةِ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ رَاوِيَانِ فَصَاعِدًا ثُمَّ يَكُوْنُ لِلتَّابِعِيِّ الْمَشْهُوْرِ رَاوِيَانِ ثِقَتَانِ ثُمَّ يَرْوِيْهِ عَنْهُ مِنْ اَتْبَاعِ التَّابِعِيْنَ الْحَافِظُ الْمُتْقِنُ الْمَشْهُوْرُ وَ لَهُ رُوَّاةٌ ثِقَاتٌ مِنَ الطَّبَقَةِ الرَّابِعَةِ ثُمَّ يَكُوْنُ شَيْخُ الْبُخَارِيِّ اَوْمُسْلِمٍ حَافِظًا مُتْقِنًا مَّشْهُوْرًا بِالْعَدَالَةِ فِيْ رِوَايَتِهِ وَ لَهُ رُوَّاةٌ ثُمَّ يَتَدَاوَلُهُ اَهْلُ الْحَدِيْثِ بِالْقَبُوْلِ اِلٰى وَقْتِنَا هٰذَا كَالشَّهَادَةِ عَلَى الشَّهَادَةِ.

”بخاری مسلم کی شرط یہ ہے کہ رسول خدا ﷺ سے جو صحابی رضی اللہ عنہ روایت کرے وہ روایت میں مشہور ہو اور دو شخص یا دو سے زیادہ سے روایت کرتا ہو۔ پھر تابعی راوی بھی مشہور ہو اور دو راوی ثقہ ہوں پھر تبع تابعین رحمہ اللہ میں بھی اُس کو روایت کریں وہ جو حفظ و اتقان میں مشہور ہو اور دو راوی ثقہ ہوں پھر تبع تابعین رحمہ اللہ میں بھی اس کو روایت کریں وہ جو حفظ و اتقان میں مشہور ہوں اور ان کے بہت ثقہ راوی ہوں۔ چوتھے طبقے والوں میں سے پھر بخاری مسلم کے استاذ ایسے لوگ ہوں جو حفظ و اتقان اور عدالت فی الروایۃ میں مشہور ہوں۔ پھر محدثین اس کو قبول کر کے ہاتھوں ہاتھ لیتے چلے آئے اس وقت تک جیسے گواہی پر گواہی۔“

بعد بخاری و مسلم کے وہ احادیث جو بخاری و مسلم کی شرط پر ہوں۔ پھر وہ جو محض

بخاری کی شرط پر ہوں۔ اور پھر وہ جو صرف مسلم کی شرط پر ہوں۔ پھر وہ جو دوسرے ائمہ کی حدیث کی شرط پر ہوں جنہوں نے تصحیح کا التزام کیا ہے۔

احادیث کا التزام واہتمام

احادیث کی تین قسمیں ہیں۔ ''قولی، فعلی، تقریری'' قولی وہ جو آپ ﷺ نے فرمایا ہو۔ فعلی وہ جو آپ ﷺ نے کیا ہو۔ تقریری وہ جو آپ ﷺ کے سامنے کیا گیا ہو اور آپ ﷺ نے اس پر سکوت فرمایا ہو۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آنحضرت ﷺ کے سچے عاشق تھے جو کچھ آپ کو کرتے دیکھتے خود اس پر عامل ہو جاتے۔ اور ایک دوسرے کو بتاتے یہی حال تابعین و تبع تابعین کا رہا۔ غرضکہ جو احادیث فعلی و تقریری تھیں ان کو تو چنداں یاد کرنے کی ضرورت نہ تھی خود عمل ان کے اس پر شاہد تھے رہی احادیث قولی وہ ان کو خوب یاد کرتے۔ اور جن کو اپنی یاد پر بھروسہ نہ تھا وہ ان کو قلمبند کر لیتے چنانچہ مندرجہ ذیل دلائل سے بخوبی روشن ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ۔

گردان احادیث

(۱۲) دارمی میں ہے کہ:۔

عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ قَالَ قَالَ عَلِيٌّ تَذَاكَرُوْا هٰذَا الْحَدِيْثَ وَتَزَاوَرُوْا فَاِنَّكُمْ اِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا يُدْرَسْ. [1]

''ابن بریدہ رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم لوگ اس حدیث میں گفتگو کرتے رہو اور آپس میں ملتے رہو کیونکہ اگر تم (ایسا) نہ کرو گے تو علم مٹ جائے گا۔''

(۱۳) دارمی ص ۵۶ میں ہے کہ:۔

[1] سنن الدارمی! باب مذاکرۃ العلم ج ۱ ص ۱۵۸ رقم: ۶۲۶۔

عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ تَذَاكَرُوْا هٰذَاالْحَدِيْثَ لَايَنْفَلِتُ مِنْكُمْ فَاِنَّهُ لَيْسَ مِثْلُ الْقُرْاٰنِ مَجْمُوْعٌ مَّحْفُوْظٌ وَّ اِنَّكُمْ اِنْ لَّمْ تَذَاكَرُوْا هٰذَا الْحَدِيْثَ يَنْفَلِتُ مِنْكُمْ وَ لَا يَقُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ حَدَّثْتُ اَمْسِ فَلَآ اُحَدِّثُ الْيَوْمَ بَلْ حَدِّث اَمْسِ وَلْتُحَدِّثِ الْيَوْمَ وَ لْتُحَدِّثْ غَدًا. 1

''سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ (عبداللہ) بن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تم لوگ اس حدیث میں گفتگو کرو تا کہ تم سے کہیں جاتی نہ رہے کیونکہ وہ قرآن کی طرح اکٹھی محفوظ نہیں ہے اور تم لوگ اگر اس حدیث میں گفتگو نہ کرتے رہو گے تو وہ تم سے جاتی رہے گی اور تم میں سے کوئی شخص یہ نہ کہے کہ میں نے کل حدیث بیان کی لہذا آج نہیں بیان کروں گا بلکہ گزشتہ کل کو بھی بیان کرو اور آج بھی بیان کرو اور آئندہ کل کو بھی بیان کرو۔''

(۱۴) دارمی میں ہے کہ:۔

عَنْ عَطَآءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِذَاسَمِعْتُمْ مِنَّا حَدِيْثًا فَتَذَاكَرُوْهُ بَيْنَكُمْ. 2

''عطا رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ (عبداللہ) بن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جب تم لوگ ہم سے کوئی حدیث سنو تو اس کو آپس میں یاد کرو۔''

(۱۵) دارمی میں ہے کہ:۔

عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اِذَا اَرَادَ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّرْوِىَ حَدِيْثًا فَلْيُرَدِّدْهُ ثَلَاثًا. 3

---

1 سنن دارمی، باب مذکراۃ العلم، ج ا ص ۱۵۵، رقم: ۶۰۰۔ 2 سنن الدارمی، باب مذاکرۃ العلم، ج ا ص ۱۵۶ رقم: ۶۰۷۔ 3 سنن الدارمی، باب مذاکرۃ العلم، ج ا ص ۱۵۶۔۱۵۷ رقم: ۶۰۹۔

"نافع رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی شخص حدیث بیان کرنا چاہے تو چاہئے کہ اس کو تین مرتبہ لوٹا لے۔"

(١٦) دارمی میں ہے کہ:۔

عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِيْهِ رَوٰى هُنْ اَبِیْ الْاَحْوَصِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ تَذَاكَرُوْا هٰذَاالْحَدِيْثَ فَاِنَّ حَيَاتَهٗ مُذَاكَرَتُهٗ. ❶

"عطاء بن سائب رحمۃ اللہ علیہ اپنے والد یا ابوالاحوص رحمۃ اللہ علیہ سے نقل کرتے ہیں کہ عبداللہ رضی اللہ عنہ (ابن مسعود) نے فرمایا کہ تم لوگ اس حدیث میں گفتگو کرتے رہو کیونکہ حدیث کی زندگی یہی ہے کہ اس میں گفتگو کی جائے۔"

(١٧) دارمی میں ہے کہ:۔

عَنْ اَبِیْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدْرِیِّ قَالَ تَذَاكَرُوْا الْحَدِيْثَ فَاِنَّ الْحَدِيْثَ يُهَيِّجُ الْحَدِيْثَ. ❷

"ابونضرہ رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے فرمایا حدیث میں گفتگو کرو کیونکہ ایک حدیث دوسری حدیث کو یاد دلاتی ہے۔"

(١٨) دارمی میں ہے کہ:۔

عَنِ الْاَعْمَشِ قَالَ كَانَ اِسْمٰعِيْلُ بْنُ رَجَاءٍ يَجْمَعُ صِبْيَانَ الْكُتَّابِ يُحَدِّثُهُمْ يَتَحَفَّظُ بِذَاكَ. ❸

"اعمش کہتے ہیں کہ اسمٰعیل بن رجاء مدرسہ کے لڑکوں کو جمع کرا کے ان سے حدیث بیان کرتے تھے۔ اس طریقے سے حفظ کرتے تھے۔"

---

❶ سنن الدارمی: باب مذاکرۃ العلم، ج١ص١٥٨ رقم:٦١٩۔

❷ سنن الدارمی: باب مذاکرۃ العلم، ج١ص١٥٥۔ رقم:٥٩٧۔

❸ سنن دارمی: باب مذاکرۃ العلم، ج١ص١٥٦، رقم:٦٠٥۔

(۱۹) دارمی میں ہے کہ:۔

عَنْ اَبِیْ عَبْدِاللّٰهِ الشَّقَرِیِّ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ قَالَ حَدِّثْ حَدِیْثَکَ مَنْ یَّشْتَهِیْهِ وَ مَنْ لَّا یَشْتَهِیْهِ فَاِنَّهٗ یَصِیْرُ عِنْدَکَ کَاَنَّهٗ اِمَامٌ تَقْرَاُهٗ. [1]

''ابو عبداللہ شقری رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ تم اپنی حدیث لوگوں سے بیان کرو خواہ وہ اس کی خواہش رکھتے ہوں یا نہ رکھتے ہوں کیونکہ وہ تمہارے نزدیک ایسا ہے کہ گویا کہ وہ ایک کتاب ہے جس کو تم پڑھ رہے ہو۔''

(۲۰) دارمی میں ہے کہ:۔

عَنْ یَّزِیْدَ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ لَیْلٰی قَالَ اِحْیَآءُ الْحَدِیْثِ مُذَاکَرَتُهٗ فَقَالَ لَهٗ عَبْدُاللّٰهِ ابْنُ شَدَّادٍ یَّرْحَمُکَ اللّٰهُ کَمْ مِّنْ حَدِیْثٍ اَحْیَیْتَهٗ فِیْ صَدْرِیْ کَانَ قَدْمَاتَ. [2]

''یزید رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ حدیث کا زندہ رکھنا یہ ہے کہ اس میں گفتگو کی جائے تو ان سے عبداللہ بن شداد رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ اللہ تعالیٰ آپ پر رحم کرے بہت سی حدیثیں جو مرگئی تھیں (یعنی میں بھول گیا تھا) آپ نے ان کو میرے سینے میں زندہ کردیا۔ (یعنی یاد کرادیں)''

(۲۱) دارمی میں ہے کہ:۔

اَخْبَرَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ سَمِعْتُ اللَّیْثَ بْنَ سَعْدٍ یَّقُوْلُ تَذَاکَرَ ابْنُ شِهَابٍ لَیْلَةً بَعْدَ الْعِشَآءِ حَدِیْثًا وَّ هُوَ جَالِسٌ مُتَوَضِّئًا قَالَ فَمَا زَالَ ذٰلِکَ مَجْلِسُهٗ حَتّٰی اَصْبَحَ قَالَ

---

[1] دارمی: باب مذاکرۃ العلم، ج ۱ ص ۱۵۶، رقم ۶۰۶۔

[2] سنن الدارمی: باب مذاکرۃ العلم، ج ۱ ص ۱۵۷ رقم: ۶۱۰۔

مَرْوَانُ جعَلَ يَتَذَاكَرُ الْحَدِيْثَ. [1]

''مروان بن محمد رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ میں نے لیث بن سعد رحمۃ اللہ علیہ سے سنا کہتے تھے کہ ابن شہاب رحمۃ اللہ علیہ نے ایک مرتبہ رات کو ایک حدیث کا ذکر کیا اور وہ وضو کر کے بیٹھے ہوئے تھے تو وہ اُن کا جلسہ برابر رہا یہاں تک کہ صبح ہوگئی۔ مروان کہتے ہیں کہ وہ برابر حدیث کا ذکر کرتے رہے۔''

کتابت احادیث

(۲۲) مسند دارمی میں ہے کہ:۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وانَّهُ اَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اِنِّي اُرِيْدُ اَنْ اَرْوِيَ مِنْ حَدِيْثِكَ فَارَدْتُّ اَنْ اَسْتَعِيْنَ بِكِتَابِ يَدِيْ مَعَ قَلْبِيْ اِنْ رَاَيْتَ ذٰلِكَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِنْ كَانَ حَدِيْثِيْ ثُمَّ اسْتَعِنْ بِيَدِكَ مَعَ قَلْبِكَ. [2]

''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے پاس جا کر کہا: یا رسول اللہ ﷺ! میں چاہتا ہوں آپ کی حدیثیں (لوگوں سے) بیان کروں اور میں چاہتا ہوں کہ اپنے دل کے ساتھ اپنے ہاتھ کے لکھنے سے بھی مدد لوں۔ اگر آپ اس کو مناسب سمجھیں۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اگر میری حدیث ہو تو اپنے دل کے ساتھ اپنے ہاتھ سے بھی مدد لو۔ (یعنی لکھ لو)''

(۲۳) دارمی میں ہے کہ:۔

كَتَبَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِالْعَزِيْزِ اِلٰى اَبِيْ بَكْرِبْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو

---

[1] سنن الدارمی: باب مذاکرۃ العلم، ج۱،ص ۱۵۷، رقم:۶۱۶۔

[2] سنن الدارمی: باب من رخص فی کتابۃ العلم، ج۱ص۱۶۳ رقم:۴۸۵ ورواہ الحاکم وقال ھذا حدیث حسن صحیح الاسناد۔

بُنِ حَزْمٍ اَنِ اكْتُبْ اِلَيَّ بِمَاثَبَتَ عِنْدَكَ مِنَ الْحَدِيْثِ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَ مَا بِحَدِيْثِ عُمَرَ فَاِنِّيْ قَدْ خَشِيْتُ دَرْسَ الْعِلْمِ وَ ذَهَابَهُ. [1]

''وہب بن منبہ رحمۃ اللہ علیہ اپنے بھائی سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا کہتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں مجھ سے زیادہ کسی کو آپ کی حدیثیں یاد نہیں تھیں سوائے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے کیونکہ وہ لکھتے تھے اور میں نہیں لکھتا تھا۔''

(۲۵) دارمی میں ہے کہ:۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ كُنْتُ اَكْتُبُ كُلَّ شَيْءٍ اَسْمَعُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ اُرِيْدُ حِفْظَهُ. [2]

''عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں جو کچھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنتا تھا اس کو یاد کرنے کی غرض سے لکھ لیا کرتا تھا۔''

(۲۶) دارمی میں ہے کہ:۔

سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ يَّقُوْلُ كُنْتُ اَسِيْرُ مَعَ ابْنِ عَبَّاسٍ فِيْ طَرِيْقِ مَكَّةَ لَيْلًا وَّكَانَ يُحَدِّثُنِيْ بِالْحَدِيْثِ فَاَكْتُبُهُ فِيْ وَاسِطَةِ الرَّحْلِ حَتّٰى اَصْبَحَ فَاَكْتُبُهُ. [3]

''سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ میں عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کے ساتھ مکہ کے راستے میں رات کو چلتا تھا اور وہ مجھ سے حدیث کرتے تھے تو میں اس کو سواری کے کجاوے کے آگے لکھ لیتا تھا یہاں تک کہ جب جمع ہوتی تھی

---

[1] سنن الدارمی: باب من رخص فی کتابۃ العلم، ج ۱ص ۱۳۷ رقم: ۴۸۷۔

[2] سنن الدارمی: باب من رخص فی کتابۃ العلم، ج ۱ص ۱۳۶ رقم: ۴۸۴۔

[3] سنن الدارمی: باب من رخص فی کتابۃ العلم، ج ۱ص ۱۳۸ رقم: ۴۹۹۔

تو اس کو نقل کرتا تھا۔"

(۲۷) دارمی میں ہے:۔

وَ كَانَ سُفْيَانُ يَكْتُبُ الْحَدِيْثَ بِاللَّيْلِ فِي الْحَائِطِ فَإِذَا اَصْبَحَ نَسَخَهُ ثُمَّ حَكَّهُ. [1]

"مبارک بن سعید رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ سفیان رحمۃ اللہ علیہ رات کو حدیث دیوار پر لکھ لیا کرتے تھے اور جب صبح ہوتی تھی تو اس کو نقل کر لیتے تھے پھر دیوار کو صاف کر دیتے تھے۔"

غرضیکہ احادیث قبل مدون ہونے کے اس کی حفاظت کے لئے نہایت درجہ اہتمام کیا جاتا تھا۔ جیسا کہ مذکور ہوا۔ یہ بات فقہ حنفیہ کو کہاں میسر آ سکتی تھی بلکہ کسی اور علم کو بھی نہیں۔ اور نیز تصرف سے بچنے کے لئے ایک خاص علم مدون ہوا جس کو علم رجال کہتے ہیں۔ خلاصہ کلام یہ ہے کہ جو احادیث مرفوعہ بعد تنقید و جرح تعدیل کے صحیح ثابت ہوں ان کے مثل قرآن کے قطعی ہونے میں کیا کلام ہے۔ **فَهُوَ الْمُرَاد**

فتاوے حدیث کے متعلق

(۲۸) اعلام الموقعین مطبوعہ اشرف المطابع جلد ۲ ص ۴۷۲ میں ہے کہ:۔

اِذَاصَحَّ الْحَدِيْثُ وَجَبَ عَلَيْهِ الْعَمَلُ بِهٖ حِجَازِيًّا كَانَ اَوْعِرَاقِيًّا اَوْ شَامِيًّا اَوْ مِصْرِيًّا اَوْ يَمَنِيًّا. [2]

"جب کوئی حدیث صحیح ثابت ہو تو اس پر عمل واجب ہے حجازی ہو یا عراقی، شامی ہو یا مصری یا یمنی (غرضیکہ کسی ملک کی ہو۔)"

(۲۹) ہدایہ میں ہے کہ:۔

وَ لَوْ بَلَغَهُ الْحَدِيْثُ فَاعْتَمَدَ فَكَذٰلِكَ عِنْدَ مُحَمَّدٍ لِاَنَّ قَوْلَ

---

[1] دارمی: باب من رخص فی کتابۃ العلم، رقم: ۵۰۸۔

[2] اعلام الموقعین: القول فی التمذہب بمذہب معین ج ۴/ ۲۳۳۔

الرَّسُوْلِ ﷺ لَا یَنْزِلُ عَنْ قَوْلِ الْمُفْتِیِ.

''اور اگر اس کو حدیث ملے اور اس پر اعتماد کیا تو امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اسی طرح ہے' اس واسطے کہ رسول اللہ ﷺ کا فرمودہ مفتی کے قول سے کم درجہ نہیں ہوتا۔'' [1]

(۳۰) مکتوبات امام ربانی مجدد الف ثانی نقشبندی سرہندی نے (دفتر دوم، مکتوبات ۱۹ ص ۶۹) میں سنت سنیہ کی تابعداری کرنے اور بدعت نامرضیہ سے بچنے اور اس کے مناسب بیان میں میر محبّ اللہ کی طرف صادر فرمایا۔ حمد صلوٰۃ اور تبلیغ دعوات کے بعد برادر عزیز میر محبّ اللہ کی خدمت میں فقیر عرض کرتا ہے کہ اس طرف کے فقراء کے احوال واوضاع حمد کے لائق ہیں۔ اور آپ کی سلامتی اور استقامت اللہ تعالیٰ سے مطلوب ومسئول ہے۔ سب سے اعلیٰ نصیحت یہی ہے کہ حضرت سید المرسلین ﷺ کا دین اور متابعت اختیار کریں۔ سنت سنیہ کو بجالائیں اور بدعت نامرضیہ سے پرہیز کریں۔ اگرچہ بدعت صبح کی سفیدی کے مانند روشن ہو۔ لیکن درحقیقت اس میں کوئی روشنی نہیں ہے اور نہ ہی اس میں کسی بیماری کی دوا اور بیماری کی شفا ہے۔ کیونکہ بدعت دو حال سے خالی نہیں۔ یا سنت کی رافع ہوگی یا رافع سنت سے ساکت ہوگی۔ ساکت ہونے کی صورت میں بالضرور سنت پر زائد ہوگی۔ جو درحقیقت اس کو منسوخ کرنے والی ہے کیونکہ نص پر زیادتی نص کی ناسخ ہے۔ پس معلوم ہوا کہ بدعت خواہ کسی قسم کی ہو۔ سنت کی رافع اور اس کی نقیض ہوتی ہے۔ اور اس میں کسی قسم کی خیر اور حسن نہیں۔ ہائے افسوس انہوں نے دین کامل اور اسلام پسندیدہ میں جبکہ نعمت تمام ہو چکی بدعت محدثہ کے حسن ہونے کا کس طرح حکم دیا۔ یہ نہیں جانتے کہ اکمال واتمام اور رضا کے حاصل ہونے کے بعد دین میں کوئی نیا کام پیدا کرنا حسن سے کوسوں دور ہے۔ ﴿فَمَا ذَا بَعْدَ الْحَقِّ اِلَّا الضَّلَالُ﴾ (حق کے بعد گمراہی ہے) اگر یہ لوگ

---

[1] معیار الحق: باب دوم تقلید ائمہ اربعہ ص ۷۲۔

جانتے کہ دین میں محدثہ امر کو حسن کہنا دین کے کامل نہ ہونے کو مستلزم ہے اور نعمت کے ناتمام رہنے پر دلالت کرتا ہے تو ہرگز اس قسم کے حکم پر دلیری نہ کرتے۔ ﴿رَبَّنَا لَاتُؤَا خِذْنَا اِنْ نَّسِيْنَا اَوْ اَخْطَاْنَا﴾ [۲/البقرة:۲۸۶] (یا اللہ تو ہماری بھول چوک پر مواخذہ نہ کر) وَالسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَ عَلٰى مَنْ لَّدَيْكُمْ.

(۳۱) میزان شعرانی میں ہے کہ:۔

وَ كَانَ الشَّافِعِيُّ يَقُوْلُ الْحَدِيْثُ عَلٰى ظَاهِرِهٖ لٰكِنَّهٗ اِذَا احْتَمَلَ عِدَّةَ مَعَانٍ فَاَوْلٰهَا مَا وَافَقَ الظَّاهِرَ. [1]

"امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ حدیث اپنے ظاہری معنی پر ہے لیکن جب اس میں مختلف معانی کا احتمال پیدا کر دیا جائے تو لائق عمل وہی معنی ہے جو ظاہر ہے۔"

محدثین کی تعریف

(۳۲) میزان شعرانی میں ہے کہ:۔

وَ كَانَ يَقُوْلُ اَهْلُ الْحَدِيْثِ فِيْ كُلِّ زَمَانٍ كَالصَّحَابَةِ فِيْ زَمَانِهِمْ وَ كَانَ يَقُوْلُ اِذَارَاَيْتُ صَاحِبَ حَدِيْثٍ فَكَاَنِّيْ رَاَيْتُ اَحَدًا مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ. [2]

"(امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ) فرماتے تھے کہ اہلحدیث کی مثال ہر ایک زمانہ میں ایسی ہے جیسے صحابہ رضی اللہ عنہم اپنے زمانہ میں تھے اور یہ بھی فرماتے تھے کہ میں جب کسی محدث کو دیکھ لوں تو گویا میں نے صحابی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے کسی کو دیکھا۔"

(۳۳) میزان شعرانی میں ہے کہ:۔

[1] میزان الشعرانی: فصل فیما نقل عن الامام الشافعی من ذم الرأی، ج ۱ ص ۷۳۔

[2] میزان الشعرانی: فصل فی ما نقل عن الامام الشافعی من ذم الرأی، ج ۱ ص ۷۳۔

و كـان احـمـد بن سريج يقول اهل الحديث اعظم درجة من الفقهاءِ لا عتنائِهم بضبط الاصول. [1]

''احمد بن سریج کہتے ہیں کہ اہل حدیث کا درجہ فقہاء سے زیادہ ہے کیونکہ انہوں نے اصول شریعت کو محفوظ رکھا۔''

(۳۴) مولانا عبدالحی صاحب لکھنوی، امام الکلام میں فرماتے ہیں کہ:۔

مَـنْ نَـظَرَ بِنظَرِ الْاِنْصَافِ وَ غَاصَ فِيْ بِحَارِ الْفِقْهِ وَا لْاُصُوْلِ مُتَـجَنِّباً عَنِ الْاِعْتِسَافِ يَعْلَمُ عِلْماً يَّقِيْنًا اَنَّ اَكْثَرَ الْمَسَائِلِ الْـفَـرْعِيَّةِ وَالْاَصْـلِيَّةِ الَّتِـىْ اِخْتَـلَفَ الْـعُـلَمَاءُ فِيْهَا فَمَذْهَبُ الْـمُـحَدِّثِيْنَ فِيْهَا اَقْوٰى مِنْ مَّذَاهِبِ غَيْرِهِمْ وَاِنِّى كُلَّمَا اَسِيْرُ فِـى شُـعَـبِ الْاِخْتِلَافِ اَجِـدُ قَـوْلَ الْـمُـحَدِّثِيْنَ فِيْهِ قَرِيْبًا مِّنَ الْاِنْـصَـافِ فَـلِـلّٰهِ دَرُّهُمْ وَ عَلَيْهِ شُكْرُهُمْ كَيْفَ لَاوَهُمْ وَرَثَةُ الـنَـبِيِّ ﷺ حَـقًـا وَ نَـوَّابُ شَـرِيْـعَتِهٖ صِـدْقًـا حَشَرَنَا اللّٰهُ فِيْ زُمْرَتِهِمْ وَ اَمَاتَنَا عَلٰى حُبِّهِمْ وَ سِيْرَتِهِمْ. [2]

''جس نے انصاف کی نظر سے دیکھا ہے اور فقہ واصول کے دریا میں غوطہ لگایا ہے اگر اس میں کجروی نہیں ہے تو وہ یقیناً جانتا ہے کہ اکثر ایسے مسائل فرعیہ واصلیہ جن میں علماء مختلف ہوتے ہیں محدثین ہی کا مذہب اُن میں اوروں کے مذہب سے قوی تر ہے اور میں جہاں تک اختلافی باتوں کو دیکھتا ہوں محدثین ہی کا قول اس میں ٹھیک پاتا ہوں۔ اللہ ہی کے واسطے ہے خوبی انکی اور اسی کے ذمہ ہے جزا ان کی۔ کیوں نہیں وہی لوگ رسول خدا ﷺ کے سچے وارث اور شریعت محمدی ﷺ

[1] میزان الشعرانی: فصل فی بیان ماورد فی ذم الرأي عن الشارع، ج۱، ص۷۰۔

[2] الارشاد الی سبیل الرشاد: ص۲۹۰۔

کے سچے نواب ہیں۔ اللہ میرا حشر ان کے زمرہ میں کرے۔ اور مجھ کو ان کی محبت اور خصلت پر دنیا سے اٹھائے۔"

فتاوے متعلق محدثین وکتب احادیث

(۳۵) طحطاوی حنفی شرح درمختار مطبوعہ مصر ص ۱۵۳ میں لکھتے ہیں کہ:۔

وَ عُلَمَآءُ اَهْلِ الْحَدِيْثِ الَّذِيْنَ جَمَعُوْا صِحَاحَ الْاَحَادِيْثِ فِی اُمُوْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَاَقْوَالِهٖ وَ اَفْعَالِهٖ وَ حَرَكَاتِهٖ وَ سَكَنَاتِهٖ وَ اَقْوَالِ الصَّحَابَةِ وَالْمُهَاجِرِيْنَ وَ الْاَنْصَارِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا هُمْ بِاِحْسَانٍ مِثْلُ الْاِمَامِ الْبُخَارِیِّ وَ مُسْلِمٍ وَ غَيْرِهِمَا مِنَ الثِّقَاتِ الْمَشْهُوْرِيْنَ الَّذِيْنَ اتَّفَقَ اَهْلُ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ عَلٰى صِحَّةِ مَآ اَوْرَدُوْا فِیْ كُتُبِهِمْ مِنْ اُمُوْرِ النَّبِیِّ ﷺ وَ اَصْحَابِهٖ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ.

"علماء اہلحدیث وہ ہیں کہ جنہوں نے صحیح حدیثیں جمع کیں جو کہ رسول اللہ ﷺ کے اخبار میں آئی ہیں' اور جو آپ کے اقوال اور آپ کے افعال اور آپ کے نشست و برخاست میں آئی ہیں اور صحابہ و مہاجرین و انصار رضی اللہ عنہم اور تابعین رحمۃ اللہ علیہم کے متعلق آئی ہیں جیسے امام بخاری و مسلم اور ان کے سوا اور بھروسہ کے مشہور محدثین کہ ان کی روایتوں پر جو اُن کی کتابوں میں رسول اللہ ﷺ کے احوال ہیں۔ یا صحابہ رضی اللہ عنہم کے متعلق اہل مشرق و مغرب نے بھروسہ کر لیا ہے اور ان کو صحیح مان لیا ہے۔"

سوال

ہم لوگ حنفی المذہب کے نزدیک کتب احادیث مسند امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ، موطا امام محمد رحمۃ اللہ علیہ، آثار امام محمد رحمۃ اللہ علیہ، صحیح بخاری' صحیح مسلم' ابوداؤد' ترمذی' نسائی' ابن

ماجہ‘ مشکوٰۃ، بلوغ المرام‘ مسند امام احمد، مؤطا امام مالک‘ دار قطنی‘ دارمی مستند و مسلم ہیں یا نہیں اور مؤلفین کتب مذکورہ اہلسنت سے تھے یا نہیں۔

جواب (۱)

(۳۶) کتب مندرجہ بالا سب مستند و مسلم عندالحنفیہ ہیں اور مصنفین ان کتب کے اہلسنت والجماعت سے تھے۔ فقط حررہ عبدالہادی از لکھنو

جواب (۲)

(۳۷) کتب مذکورہ کے مصنفین اہلسنت والجماعت سے تھے۔ اور بعض کتابیں ان میں ایسی ہیں جن میں صحیح حدیثیں مروی ہیں۔ مثلاً صحیح بخاری و صحیح مسلم۔ اور دیگر کتب میں صحیح وضعیف دونوں قسم کی روائتیں ہیں۔ فقط واللہ اعلم شیخ محمد بن شیخ حسین عرب مرحوم از ندوہ لکھنؤ

جواب (۳)

(۳۸) تمام جماعت اہل سنت والجماعت کے نزدیک یہ سب کتابیں معتبر ہیں۔ ہاں ان کے درجہ میں فرق ہے۔ مثلاً بخاری شریف سب سے زیادہ مستند ہے۔ اس کے بعد مسلم شریف‘ اس کے بعد ترمذی‘ ابوداؤد ونسائی وغیرہ۔ بعض محدثین نے صحیحین کے بعد مؤطا امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کو رکھا ہے۔ بہر حال یہ کتابیں معتبر ہیں اور ان کے مصنفین اجلّۂ اہلسنت والجماعت میں سے ہیں۔ فقط کتبہ محمد کفایت اللہ غفر لہ مدرس مدرسہ امینیہ دہلی

جواب (۴)

(۳۹) یہ کتب احادیث حنفیہ کے نزدیک معتبر اور مستند ہیں۔ یعنی ان کتابوں میں زیادہ تر وہ احادیث ہیں جن کا پایۂ اعتبار بہت بلند ہے۔ اگر حنفیہ ان کتابوں کی کسی حدیث پر عمل نہیں کرتے ہیں تو اس کی یہ وجہ ہے کہ اور احادیث ان سے زوردار مانی گئی ہیں۔ جنکی تنقیح ائمہ حدیث نے کردی ہے ان کتب احادیث کے جامعین اہلسنت والجماعت

ہیں۔اور امت مرحومہ کے مایہ ناز ہیں۔فقط کتبہ محمد عبداللہ انصاری ناظم دینیات ازعلی گڑھ الجواب الصحیح کتبہ المذنب عبدالباقی اصلح اللہ تعالیٰ حالہ

جواب مندرجہ ذیل کے سوال میں کچھ فرق ہے وہ یہ کہ زید کہتا ہے کہ کتب احادیث مذکور عندالحنفیہ مستند و مسلم ہیں اور انکے مؤلفین اہلسنت سے تھے عمرو کہتا ہے کہ نہ یہ کتابیں مستند و مسلم ہیں اور نہ ان کے مؤلفین اہلسنت سے تھے اب دریافت طلب یہ امر ہے کہ ان ہر دو میں سے کس کا قول معتبر ہے۔

جواب(۵)

(۴۰) زید کا قول صحیح ہے۔عمرو نے درحقیقت کتب مندرجہ سوال ہی پر حملہ نہیں کیا بلکہ ائمہ ثلاثہ امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ وامام مالک رحمۃ اللہ علیہ وامام احمد رحمۃ اللہ علیہ ودیگر ائمہ مثلاً امام محمد رحمۃ اللہ علیہ وامام بخاری وغیرہم رضی اللہ عنہم کو دائرہ سنیت سے نکال کر خود جماعت اہلسنت سے خارج ہوگیا۔جب اکابر دین عمرو کے نزدیک سنی نہ رہے۔جن کی مبارک ذاتوں کی بدولت سنت کی بنیاد پڑی اور کرۂ ارض میں اس کا شیوع ہوا۔تو پھر کیا ایران کے روافض اور قادیان کا طائفہ طاغیہ اور مسقط کے خوارج اور بنارس و متھرا کے پنڈت و سادھو سنی قرار پائیں گے۔اور جب انہیں کی کتابیں مستند و مسلم نہ رہیں تو پھر کاشی و بنارس کی پستکیں مستند و مسلم ہوں گی۔عمرو کو قرآن پاک کی یہ آیت سنا دی جائے کہ ﴿وَ مَنْ یَّتَّبِعْ غَیْرَ سَبِیْلِ الْمُؤْمِنِیْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰی وَ نُصْلِهٖ جَهَنَّمَ وَسَآءَتْ مَصِیْرًا﴾ [۴/النساء۱۱۵] اس پر بھی باز نہ آئے تو پھر اس کے لئے وہی ٹھکانا ہے جس کا ذکر اس آیت کریمہ میں ہے۔فقط کتبہ العبد المسکین معین الدین الاجمیری کان اللہ لہ ناظم انجمن جمعیۃ انوار خواجہ رحمۃ اللہ علیہ صدر مدرس دار العلوم معینیہ عثمانیہ اجمیر ھٰذا هُوَ الْحَقُّ. اَلْجَوَابُ صَحِیْحٌ محمد عبدالمجید عفی عنہ اَلْجَوَابُ صَوَابٌ عبدالحی عفی عنہ

صَحَّ الْجَوَابُ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ حامد حسین عفی عنہ

واقعی ان جوابات کے متعلق کس کو کلام ہے مگر مولانا مولوی عزیز الرحمٰن صاحب مفتی دیوبند کا مشرب ہی نرالا ہے۔آپ کا جواب سب علماء کے خلاف ہے۔

جواب(٦)

کتب مذکورہ میں ہر ایک قسم کی احادیث ہیں۔نہ تمام صحیح ہیں نہ تمام ضعیف۔اور نہ تمام معمول بہا ہیں نہ غیر معمول بہا بیشتر اور اکثر مؤلفین مذکورین شافعی المذہب ہیں۔ پس حنفی المذہب کو اپنے مذہب کی فقہ کی کتابیں معمول بہا بنانی چاہئیں اور مسائل فقہیہ پر عمل کرنا چاہئے۔فقط کتبہ عزیز الرحمٰن عفی عنہ مفتی دارالعلوم دیوبند۔

مجید صاحب چونکہ حنفی ہیں یقین کرتا ہوں کہ تمام مسائل کتب فقہ پر جوذیل کے حصہ اول میں درج کئے جاتے ہیں خود تو ضرور عامل ہوں گے۔

حصہ اوّل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَ کَفٰی وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی

بعد حمد وصلوٰۃ کے اس قدر عرض کر دینا مناسب خیال کرتا ہوں کہ ہمارے حنفی بھائی مسائل فقہیہ کے متعلق کہا کرتے ہیں۔ کہ ہمارا کوئی مسئلہ قرآن وحدیث کے خلاف نہیں ہے بلکہ قرآن وحدیث کا ہی مغز وعطر ہے۔ اس لئے (۶۱۹) مسائل مندرجہ ذیل حصہ اول ہدیۂ ناظرین کر کے انصاف کا خواستگار ہوں۔ کہ واقعی یہ مسائل قرآن وحدیث کے مغز وعطر ہیں یا کیا؟ اور جن کتب فقہیہ مترجمہ کا ان ہر دو حصوں میں اقتباس لیا گیا ہے ان کا مطبع وسنہ طبع قلمبند کئے دیتا ہوں تا کہ ناظرین کو اصل کتاب سے مقابلہ کرنے میں آسانی ہو۔

نام کتاب	نام مطبع	کون سی بار طبع ہوئی
عین الہدایہ ترجمہ ہدایہ	نولکشور	باراول ۱۸۹۶ء
نور الہدایہ ترجمہ شرح وقایہ	مجیدی کانپور	۱۹۱۴ء
غایۃ الاوطار ترجمہ درمختار	نولکشور	بار چہارم ۱۹۰۰ء
فتاوی ہندیہ ترجمہ فتاوی عالمگیری اول	نولکشور	بار دوم ۱۸۹۹ء
حصہ دوم، حصہ سوم وحصہ چہارم	نولکشور	۱۸۹۹ء ۱۹۰۰ء
احسن المسائل ترجمہ کنز الدقائق	مجتبائی دہلی	بار سوم ۱۹۰۷ء
ضروری ترجمہ قدوری	مجتبائی دہلی	بار دوم ۱۹۰۸ء
صلوۃ الرحمٰن ترجمہ منیۃ المصلی	مصطفائی لاہور	۱۸۶۵ء

کشف الحاجۃ ترجمہ مالا بدمنہ	نولکشور	۱۸۸۴ء
بہشتی زیور حصہ اول	بالالی ساڈھورہ	ایضاً
// حصہ دوم وحصہ سوم	رزاقی کانپور	ایضاً
// حصہ چہارم	عمدۃ المطابع	ایضاً
// حصہ ششم، دہم، یازدہم	بلالی ساڈھورہ	ایضاً

ضروری گزارش

اول:۔ سبب تالیف میں بصراحت گزارش کر چکا ہوں کہ جن کتب فقہیہ کا ترجمہ اردو میں ہو گیا ہے ان سے مسائل اخذ کر کے دو حصوں میں تقسیم کرتا ہوں۔ چونکہ تراجم غیر مشہور تھے اور بعض کتب کے متعدد ترجمے بھی ہو چکے تھے اس لئے مناسب یہی معلوم ہوا کہ اصل کتب مشہورہ (یعنی ہدایہ، شرح وقایہ منیہ، کنز عالمگیری، درمختار) کے حوالہ پر ہی اکتفا کیا جائے۔ ناظرین مطلع رہیں اور مغالطہ میں نہ پڑیں۔

دوم:۔ مسائل مندرجہ ہر دو حصص ترجمہ متون اور شروح سے اخذ کئے گئے ہیں۔

سوم:۔ حتی الامکان الفاظ کا التزام کیا گیا ہے لیکن بچند وجوہ، وجہ اول متعدد کتب سے اقتباس کرنا۔ وجہ دوم عبارات غیر عام فہم کو عام فہم کرنا، وجہ سوم عبارات طویلہ کو مختصر کرنا۔ ان ہر وجوہات کو مدنظر رکھ کر الفاظ کا التزام غیر ممکن سا تھا۔ اس لئے نہ ہو سکا۔ باجود اس قدر اہتمام کے بشریت کے سبب سے کوئی غلطی یا سہو سرزد ہو جائے تو اس کی اصلاح فرمائیں۔

﴿وَ اِنْ تَعْفُوْا وَ تَصْفَحُوْا وَ تَغْفِرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ﴾ [۶۴/التغابن:۱۴]

تنبیہ

قبل اس کے کہ مسائل مرقوم ہوں۔ ان کے متعلقات کتاب الشتی کے ذیل میں بہ ترتیب ابواب درج کئے جاتے ہیں۔

کتاب الشتی

باب حضرت ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ کے حیلوں کے بیان میں

تنبیہ

آپ حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے استاذ الاستاذ ہیں۔آپ کے محامد وتعریف میں ایک جم غفیر رطب اللسان ہے اور فی الواقع آپ ایسے ہی تھے۔مگر کتب فقہ میں آپ کے متعلق جو کچھ نقشہ دکھایا گیا ہے وہ قابل ملاحظہ ہے۔

(۱) آپ جب سونے جاتے تو خادم سے فرماتے کہ جو شخص گھر میں آنے کی اجازت مانگے تو کہنا کہ یہاں نہیں ہیں۔اور یہ مراد لینا کہ جہاں تو کھڑا ہے وہاں کھڑے نہیں ہیں۔ [1]

(۲) جو شخص آپ سے ملنا چاہتا اور آپ کو ملنا منظور نہ ہوتا تو تکیہ وغیرہ پر سوار ہو جاتے اور خادم سے کہتے کہہ دے وہ تو سوار ہو گئے۔ [2]

(۳) جو شخص آپ سے کوئی چیز مستعار مانگتا اور آپ کو دینی نہ ہوتی تو ہاتھ زمین پر رکھ کر فرماتے کہ یہاں نہیں ہے۔ [3]

باب حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے مناقب کے بیان میں

تنبیہ

لوگوں نے اس معاملہ میں افراط وتفریط سے کام لیا ہے۔کسی نے تو انتہائی افراط میں یہاں تک غلو کیا کہ آپ کی مدح میں احادیث وضع کر لیں۔کسی نے در پردہ

---

[1] عین الھدایۃ: کتاب الحیل فصل ۱۹ معاریض کے بیان میں، ج۴ص ۹۴۴۔

[2] عین الھدایۃ: کتاب الحیل، فصل ۱۹، معاریض کے بیان میں جلد۴ص ۹۴۴۔

[3] عین الھدایۃ: کتاب الحیل، فصل ۱۹، معاریض کے بیان میں جلد۴ص ۹۴۴۔

یہاں تک تفریط کی کہ بہت سے گندے مسائل وضع کر کے آپ کے ذمے لگا دیئے۔
اس لئے وہ حالات درج کرنا چاہتا ہوں کہ جو افراط و تفریط سے محفوظ ہوں اس کو جناب امام رحمۃ اللہ علیہ کی کسر شان پر محمول نہ فرمائیں ورنہ میرے نزدیک تو آپ اس سے بھی بڑھ کر ہیں جیسا کہ امام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب تذکرۃ الحفاظ میں نقل فرمایا ہے۔

اَبُوْ حَنِیْفَۃَ الْاِمَامُ الْاَعْظَمُ فَقِیْہُ الْعِرَاقِ کَانَ اِمَامًا وَّرِعًا عَالِمًا عَامِلًا مُتَعَبِّدًا کَبِیْرَ الشَّانِ قَالَ ابْنُ الْمُبَارَکِ اَفْقَہُ النَّاسِ وَ قَالَ الشَّافِعِیُّ النَّاسُ فِی الْفِقْہِ عِیَالٌ عَلٰی اَبِیْ حَنِیْفَۃَ وَ قَالَ یَزِیْدُ مَارَاَیْتُ اَحَدًا اَوْرَعَ وَ لَا اَعْقَلَ مِنْ اَبِیْ حَنِیْفَۃَ. [1]

''حضرت ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ بڑے امام ہیں۔ عراق کے فقیہ ہیں۔ آپ امام تھے پارسا تھے عالم تھے عامل تھے عبادت کرنے والے تھے بڑی شان والے تھے ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ نے کہا بڑے فقیہ تھے لوگوں میں۔ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ لوگ عیال تھے فقہ میں ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے۔ کہا یزید نے کہ نہیں دیکھا میں نے کسی کو زیادہ پارسا اور عقل والا امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے۔''

(۴) حدیث:۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ میری امت کا چراغ ہے۔ [2]

ملا علی قاری حنفی رحمۃ اللہ علیہ اس حدیث کے متعلق فرماتے ہیں کہ:۔

مَوْضُوْعٌ بِاِتِّفَاقِ الْمُحَدِّثِیْنَ. [3]

''یہ حدیث باتفاق محدثین موضوع ہے۔''

(۵) حدیث:۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمام نبی میرے سبب سے فخر کرتے ہیں اور میں ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے سبب سے فخر کرتا ہوں۔ [4]

---

[1] تذکرۃ الحفاظ: الطبقۃ الخامسۃ، ج۱ص ۱۲۶۔ [2] درمختار: مقدمۃ فی فضائل امام اعظم ج۱ص ۳۱۔
[3] موضوعات کبریٰ: ص ۴۷۔ [4] درمختار: مقدمۃ فی فضائل امام اعظم ج۱ص ۳۱۔

(۶) جرجانی سے مروی ہے کہ اگر امت موسوی علیہ السلام اور عیسوی علیہ السلام میں ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ جیسے عالم ہوتے تو وہ لوگ یہودی اور نصرانی نہ ہوتے۔ [1]

''ان دونوں حدیثوں کے متعلق وہی لکھ دینا کافی ہے جو مولانا عبدالحی صاحب اپنے رسالہ تحفۃ السعادۃ مطبوعہ مجتبائی لکھنؤ ص ۱۹ میں تحریر فرماتے ہیں کہ قسم ششم وہ لوگ ہیں جن کو تعصب مذہبی اور تجمد تقلیدی نے حدیث وضع کرنے پر آمادہ کیا ہے جیسے کہ مامون ہروی۔ اس نے حدیثیں امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی مذمت اور امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی مدح میں بنائی ہیں۔''

(۷) امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے سو بار اللہ کو خواب میں دیکھا۔ [2]

''فتاوی قاضی خاں جلد چہارم فصل التسبیح والتسلیم میں لکھا ہے کہ جو شخص یہ کہے کہ میں نے اللہ کو خواب میں دیکھا تو وہ شخص اور بتوں کی پوجا کرنے والا برابر ہے۔'' ''یہ دونوں متضاد قول قابل غور ہیں۔''

(۸) امام رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے آخر حج میں کعبہ شریف کے خادموں سے ایک رات داخل ہونے کی اجازت لی تو کھڑے ہوئے نماز میں بیت اللہ کے دوستونوں کے درمیان داہنے پاؤں پر اور بایاں پاؤں داہنے کی پشت پر رکھا۔ یہاں تک کہ آدھا قرآن ختم کیا۔ پھر رکوع اور سجدہ کیا۔ پھر کھڑے ہوئے بائیں پاؤں پر اور داہنا پاؤں اس کی پشت پر رکھا یہاں تک کہ قرآن کو ختم کیا۔ پھر جب سلام پھیرا تو روئے اور مناجات کی اپنے رب سے اور کہا الٰہی تیرے اس بندۂ ضعیف نے تیری عبادت نہیں کی جیسی کہ تجھ کو لائق ہے لیکن تجھ کو جانا جیسے کہ تیرے جاننے کا حق ہے۔ تو اس کی خدمت کے نقصان کو اس کے کمال معرفت کے سبب سے بخش دے۔ یعنی کمال عرفان کو نقصان خدمت کا کفارہ کر۔ تو بیت اللہ کے ایک جانب سے آواز غیبی آئی کہ اے ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ تو

---

[1] درمختار: مقدمۃ فی فضائل امام اعظم، ج۱ص۳۱۔

[2] درمختار: مقدمۃ فی فضائل امام اعظم ج۱ص۲۹۔

نے ہم کو جانا جیسا کہ حق معرفت تھا اور البتہ تو نے ہمارے خدمت کی تو خوب ہی خدمت کی۔ اور مقرر ہم نے تجھ کو بخشا۔ اور اس کو بخشا جو تیرا تابع ہوا ان لوگوں میں سے جو تیرے مذہب پر ہیں قیامت تک۔ ❶

(ایسی باتوں سے جب لوگوں کو بخشش کا پتہ مل گیا تو پھر عمل کی ضرورت کیوں سمجھیں گے۔)

(۹) حضرت ثابت رحمۃ اللہ علیہ اپنے بیٹے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس لے گئے اور دعا کروائی۔ ❷

''یہ امر حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ۴۰ھ میں وفات پانا اور امام ابوحنیفہ کا ۸۰ھ میں پیدا ہونا مسلمہ ہے مگر یہ مولف تہذیب کی تاریخ دانی اور صحت روایت کا نمونہ ہے۔''

(۱۰) حضرت عیسی علیہ السلام (نازل ہوکر) امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے مذہب پر حکم کریں گے۔ ❸

''آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تو یہ فرمائیں کہ کسی نبی کا رتبہ مجھ سے مت گھٹاؤ۔ مگر ان لوگوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو امام کا مقلد بنادیا۔''

ببین تفاوت رہ از کجاست تا بہ کجا

(۱۱) حضرت خضر علیہ السلام نے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے تیس برس میں علم حاصل کیا۔ پھر حضرت خضر علیہ السلام سے امام قشیری رحمۃ اللہ علیہ نے تین برس میں حاصل کر کے ہزاروں کتابیں تصنیف کیں۔ پھر ان کو صندوق میں ہر جوں میں امانت رکھا۔ حضرتِ عیسیٰ علیہ السلام ان کتابوں کو نکال کر عمل کریں گے۔ ❹

''اس کے مقابلے میں ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ حنفی کا قول (مطمع نظر جاہلوں کا فرط تعصب اور عناد سے کچھ نہیں مگر ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی تفضیل۔ اگرچہ بے

---

❶ درمختار: مقدمۃ فی فضائل امام اعظم، ج۱ص۳۰۔ ❷ درمختار: مقدمۃ فی فضائل امام اعظم، ج۱ص۳۶۔
❸ درمختار: مقدمۃ فی فضائل امام اعظم، ج۱ص۳۳۔ ❹ درمختار: مقدمۃ فی فضائل امام اعظم، ج۱ص۳۴۔

اصل چیز سے ہو۔ گو وہ کلام مؤدی الی الکفر ہو۔)'' ❶

باب: فقہاء حنفیہ رحمۃ اللہ علیہم کے بیان میں

(۱۲) امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ قاضی تھے بعضوں نے آپ کو سخت ست لکھا ہے۔ ❷

(۱۳) امام حسن بن زیاد محدثین کے نزدیک متروک الحدیث ہے اور ضعیف ہے۔ ❸

(۱۴) محمود بن عمر زمخشری مؤلف تفسیر کشاف معتزلی تھے۔ ❹

(۱۵) ناصر بن عبدالستار معتزلی حنفی تھے۔ ❺

(۱۶) مختار بن محمود مؤلف قنیۃ المنیہ معتزلی حنفی تھے۔ ❻

(۱۷) امام زاہدی معتزلی تھے اور فروع میں حنفی تھے۔ ❼

(۱۸) معتزلہ فروع میں حنفی ہیں۔ ❽

''سنیہ کا نکاح معتزلی یا رافضی سے جائز نہیں اس لئے کہ کے کفر میں شک نہیں''۔ ❾

باب: متعلق اختلاف اقوال

(۱۹) شعر

فَلَعْنَةُ رَبِّنَا اَعْدَادَ رَمْلٍ   عَلٰی مَنْ رَدَّ قَوْلَ اَبِیْ حَنِیفَةَ

---

❶ درمختار: مقدمۃ فی فضائل امام اعظم، ج ۱ ص ۳۳۔

❷ مقدمۃ عالم گیری الوصل تذکرہ ابی حنیفہ وغیرہ ج ۱ ص ۵۳۔

❸ مقدمۃ عالم گیری الوصل تذکرہ ابی حنیفہ وغیرہ ج ۱ ص ۵۴۔

❹ مقدمۃ عالم گیری الوصل تذکرہ ابی حنیفہ وغیرہ ج ۱ ص ۷۶۔

❺ مقدمۃ عالم گیری الوصل تذکرہ ابی حنیفہ وغیرہ ج ۱ ص ۸۲۔

❻ مقدمۃ عالم گیری الوصل تذکرہ ابی حنیفہ ج ۱ ص ۸۴۔

❼ مقدمۃ عمدۃ الرعایۃ الدراسۃ الرابعۃ، ج ۱ ص ۱۱۔

❽ درمختار جلد ۱ ص ۹۵۔ ❾ درالمختار، کتاب النکاح فصل فی المحرمات ج ۲ ص ۲۲ غور کی ضرورت ہے۔

"لعنت ہو ہمارے رب کی بقدر شماریت کے اس شخص پر کہ جو
ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے قول کو رد کرے یعنی قبول نہ کرے۔" ❶

(۲۰) صاحبین یعنی امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے شاگردوں امام محمد رحمہ اللہ وابو یوسف رحمہ اللہ نے دوثلث سے زیادہ مسائل میں امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ سے اختلاف کیا ہے۔ ❷

(۲۱) امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا کوئی قول اس قسم کا نہیں کہ جس کی دلیل قرآن وحدیث سے نہ ہو۔ ❸

(۲۲) جب صاحبین (ابو یوسف رحمہ اللہ ومحمد رحمہ اللہ) اور ابوحنیفہ رحمہ اللہ باہم مختلف ہوں تو ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے قول پر فتویٰ ہوگا۔ اگرچہ دوسرے کی دلیل قوی ہو۔ پھر ابو یوسف رحمہ اللہ کے قول پر۔ پھر محمد رحمہ اللہ کے قول پر۔ پھر حسن رحمہ اللہ بن زیاد کے قول پر۔ ❹

(۲۳) جب طرفین (ابوحنیفہ رحمہ اللہ ومحمد رحمہ اللہ) وابو یوسف رحمہ اللہ مختلف ہوں تو ابو یوسف کے قول کو لیں گے بسبب آسانی کے۔ ❺

(۲۴) جس کو اہلیت نظر ہے اس پر مطلقاً ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے قول پر فتویٰ دینا واجب نہیں ہے۔ ❻

(۲۵) عبادات میں ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے قول پر اور وقف وقضا میں ابو یوسف رحمہ اللہ کے قول پر فتویٰ دیا جائے۔ ❼

(۲۶) سترہ مسائل میں امام زفر کے قول پر فتویٰ ہے۔ ❽

---

❶ مقدمۃ درالمختار: فضائل امام اعظم، ج ۱ص ۳۶۔
❷ مقدمۃ عمدۃ الرعایۃ: الدراسۃ الثانیۃ فی ذکر طبقات الحنفیۃ، ج ۱ص ۸۔
❸ مقدمۃ شرح الوقایۃ: جواب مطاعن غیر مقلدین، ج ۱ص ۱۴۔
❹ مقدمۃ عمدۃ الرعایۃ: الدراسۃ الرابعۃ، ج ۱ص ۱۳۔ ❺ درمختار، کتاب الطہارت، ج ۱ص ۹۲۔
❻ مقدمۃ عین الہدایۃ: طریقۃ فتوی، ج ۱ص ۱۰۳۔۱۰۴۔
❼ مقدمۃ عین الہدایۃ: طریقۃ فتوی، ج ۱ص ۱۰۴۔
❽ مقدمۃ عین الہدایۃ: طریقۃ فتوی، ج ۱ص ۱۰۴۔ مقدمۃ عمدۃ الرعایۃ: الدراسۃ الرابعۃ، ص ۱۴۔

(۲۷) سوا مجتہد کے کسی کو لائق نہیں کہ مسائل اختلافیہ میں جس کا قول چاہے اختیار کرے۔ ❶

(۲۸) جب باہم اختلاف ہو تو جس پر عمل آسان ہو یا جو قوی ہو اس پر عمل کرے اور تمیز اس کی ہر زمانہ میں صاحب علم کر سکتے ہیں۔ ❷

(۲۹) قوت دلیل کو سمجھنا مجتہد ہی کا کام ہے۔ ❸

(۳۰) جب صاحبین اور امام باہم مختلف ہوں تو مفتی مختار ہے۔ ❹

(ان اقوال کو مدنظر رکھ کر انصاف سے فرمائیں کہ مفتی بہ کی کیا تعریف ہے۔)

(۳۱) امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ وصاحبینؒ کا قول صحیح حدیث کے خلاف ہو تو اپنے ائمہ کے قول پر عمل ہوگا حدیث پر نہیں۔ ❺ [کیا ہی انصاف ہے]

(۳۲) فتویٰ طلب کرنے والا پوچھے کہ اس مسئلہ میں شافعی رحمہ اللہ کا کیا قول ہے تو مفتی جواب میں ابو حنیفہ رحمہ اللہ کا قول بیان کردے۔ ❻ [دیانتداری کا تقاضا بھی یہی ہے]

(۳۳) ہمارا مذہب حق ہے دوسرے کا مذہب خطا۔ ❼ (یہ سارے کرشمے تقلید کے ہیں۔)

باب: متعلق تقلید واجتہاد

(۳۴) اگرچہ مفتی نے خطا کی ہو جب بھی عامی کو اس کی تقلید لازم ہے۔ ❽ (دلیل کیا)

---

❶ شرح وقایہ: ص۴۲۶۔

❷ مقدمہ عین الهدایہ: کیفیۃ الاجتہاد ج۱ ص۹۴۔ ❸ درمختار جلد۲ ص۸۲۔

❹ مقدمہ عمدۃ الرعایہ: الدراسۃ الرابعۃ، ج۱ ص۱۳۔

❺ مقدمہ عین الهدایہ: طریقہ فتویٰ، ج۱ ص۱۱۷۔

❻ درمختار: جلد۳ ص۳۳۳۔

❼ مقدمہ درالمختار: تحصیل کے احکام ج۱ ص۲۶۔

❽ مقدمہ شرح وقایہ: جواب مطاعن غیر مقلدین، ج۱ ص۱۳۔

(۳۵) اجماع ہے عوام کے لئے کہ تقلید صحابہ کی ائمہ کے مقابلہ میں نہ کی جائے۔

❶ (کیا ہی انصاف ہے)

(۳۶) مفتی مجتہد ہی ہو۔ ❷

(جبکہ مجتہد مقلد نہیں ہوتا تو پھر مقلد مفتی کیسے)

(۳۷) ایک مجتہد دوسرے مجتہد کی تقلید نہیں کرسکتا بلکہ اس کو حرام ہے۔ ❸

(کیوں اگر مذموم ہے تو ہر ایک کے لئے حرام ہے خواہ مجتہد ہو یا نہ ہو۔ اور اگر محمود ہے تو تقلید سے غیر مجتہد کو کیوں مستثنیٰ کیا جاتا ہے۔)

باب: متعلق فقہ

(۳۸) فقہ کا کھیت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بویا، علقمہ رحمۃ اللہ علیہ نے سینچا، ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ نے کاٹا، حماد رحمۃ اللہ علیہ نے بھوسی جدا کی، ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے پیسا، ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ نے گوندھا، محمد رحمۃ اللہ علیہ نے روٹیاں پکائیں اور سب کھانے والے ہیں۔ ❹

(۳۹) امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ شاگردوں سے خوب ردوبدل کرتے یہاں تک کہ مہینہ مہینہ گزر جاتا۔ جب محقق ہو جاتا تو ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ لکھ لیتے۔ ❺ (پھر اختلاف کیوں)

(۴۰) فقہ کا سیکھنا افضل ہے باقی قرآن کے سیکھنے سے ❻

(۴۱) پورے قرآن پڑھنے سے فقہ پڑھنا افضل ہے۔ ❼

(۴۲) کتاب درمختار باذن نبوی صلی اللہ علیہ وسلم تالیف ہوئی۔ ❽

---

❷ مقدمہ عین الھدایہ: کیفیۃ الاجتہاد ج۱ ص۹۹۔

❸ مقدمہ عین الھدایہ: فی کیفیت الاجتہاد ج۱ ص۹۰۔

❹ مقدمہ درمختار: فضائل امام اعظم ج۱ ص۲۷۔

❺ مقدمہ درمختار: فقہ حنفی کا طریقہ تدوین، ج۱ ص۳۹۔

❻ درمختار: کتاب الصلوۃ، باب صفۃ الصلوۃ ج۱ ص۲۷۸۔

❼ فتاویٰ عالم گیری: کتاب الکراھیۃ الباب الرابع فی الصلوۃ والتسبیح والقراۃ، ج۵ ص۳۶۷۔۳۶۸۔

❽ درالمختار: خطبہ مؤلف، ج۱ ص۱۱۔

درمختار کی بابت لکھا ہے کہ یہ بوجہ ایجاز قابل افتاء نہیں۔ ❶

(۴۳) خواب میں آنحضرت ﷺ نے اپنی زبان ماتن[صاحب متن] کے منہ میں داخل کی اُس کے بعد تالیف اس متن کی شروع کی۔ ❷

(۴۴) درمختار کی اسناد آنحضرت ﷺ کے واسطے سے اللہ تک پہنچتی ہیں۔ ❸

ایک مسئلہ کی سند بھی تو امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ تک نہیں پہنچتی ہے اللہ تک ضرور ہی پہنچے گی۔

گویا اسی موقع پر کسی شاعر نے کہا ہے۔

تو کارِ زمیں رانکو ساختی
کہ برآسماں نیز پر داختی

(۴۵) مصنف درمختار کے استاذ کا نام عبدالنبی تھا۔ ❹

(عبدالنبی وغیرہ نام رکھنا ظاہر کفر ہے۔) ❺

(۴۶) فتاوی عالمگیری بانصرام شیخ نظام صاحب بہمراہی جماعت عظیم جن کی تعداد کمتر پانچ سو ہے اتمام کو پہنچا۔ ❻

(اس مجموعہ کے عطر کی مہک عنقریب آنے والی ہے)(اس فتاویٰ عالمگیری کے متعلق مولوی عبدالہادی صاحب لکھنوی ایک استفتا مورخہ ۲۱ صفر ۱۳۲۳ھ کے جواب میں تحریر فرماتے ہیں کہ فتاوی عالمگیری کسی ایک شخص کی تصنیف نہیں ہے اور مصنفین کا پتہ کامل طریقہ سے نہیں چلتا ہے۔ اس لئے اس کی سندیں بھی مجہول ہیں۔)

---

❶ مقدمۃ عین الھدایۃ: طریقہ فتویٰ، ج۱،ص۱۰۶۔

❷ درمختار: خطبہ مؤلف، ج۱ص۱۲۔

❸ درمختار: خطبہ مؤلف، ج۱،ص۱۳۔

❹ درمختار: خطبہ مؤلف ج۱ص۱۳۔

❺ مقدمۃ عین الھدایۃ: باب اقوال وافعال کفرج۱ص۸۶۔

❻ مقدمۃ عالمگیری: خاتمہ مترجم ج۱ص۲۰۸۔

باب: متعلق عقائد

(۴۷) ایمان ❶ اہل آسمان واہل زمین کا نہ بڑھتا ہے نہ گھٹتا ہے۔ ❷

(۴۸) مومن ایمان اور توحید میں برابر ہیں۔ ❸

(معاذ اللہ انبیاء اور ادنیٰ درجہ کے ایمان والے کا ایمان اور توحید کیسے برابر ہو سکتی ہے۔ کجا نبی علیہ السلام کجا ادنیٰ امتی۔)

چہ نسبت خاک رابا عالم پاک

(۴۹) مسلمان فاسق عام فرشتوں سے افضل ہے ۔ ❹

(۵۰) جو اہل قبلہ صحابہ رضی اللہ عنہم کو گالی دینا جائز سمجھے وہ کافر نہیں۔ ❺ [انصاف]

(۵۱) جو اللہ کی صفات اور دیدار کے منکر ہیں وہ کافر نہیں۔ ❻

(نہ معلوم پھر کافر کون ہوں گے)

(۵۲) حدیث مشہور کا منکر بقول صحیح کافر نہیں۔ ❼

---

❶ ایمان ہر ایک مومن کا اس کے مدارجِ عمل وعقیدہ کے موافق کم وزیادہ ہوتا ہے۔ جیسا کہ قرآن مجید میں درج ذیل مقامات میں واضح بیان کیا گیا ہے کہ (۳/ آل عمران: ۱۷۳) (۹/ التوبۃ: ۱۲۴) (۸/ الکہف: ۱۳) (۱۹/ مریم: ۷۶) (۳۳/ الاحزاب: ۲۲) (۴۷/ محمد: ۱۷) (۴۸/ الفتح: ۴) کتب احادیث میں کثرت سے اس مسئلہ میں روایات ہیں۔ غرض یہ مسئلہ قرآن وحدیث کے بالکل خلاف ہے۔

❷ مقدمۃ عین الھدایۃ: مترجم اردو، ج۱ص۲۱۔

❸ مقدمۃ عین الھدایۃ مترجم اردو، ج۱ص۲۱۔

❹ درالمختار: کتاب الصلوۃ، باب صفۃ الصلوۃ، ج۱ص۲۷۲۔

❺ درالمختار: کتاب الصلوۃ، باب الامامۃ، ج۱ص۲۹۲۔

❻ درالمختار: کتاب الصلوۃ، باب الامامۃ، ج۱ص۲۹۲۔

❼ درالمختار: کتاب الجہاد، باب المرتدین، ج۲ص۵۹۲۔

کتاب الطہارات

باب: متعلق وضو

(۵۳) طہارت میں نیت شرط نہیں۔ 1

(۵۴) بلا نیت وضو سے نماز ادا ہو جائے گی۔ 2

(۵۵) بے ترتیب وضو کرے (پہلے پاؤں دھوئے پھر منہ پھر کلی وغیرہ) تو جائز ہے۔ 3

(۵۶) اعضائے وضو پر مکھیوں کا گو لگا ہو اور پانی اس کے نیچے نہ پہنچے تو وضو جائز ہے۔ 4

(۵۷) جس پر بارش کا پانی گرا یا، بہتی نہر میں داخل ہوا تو وضو ہو گیا۔ 5

(۵۸) سر کا مسح بھول گیا اور سر پر پانی پڑ گیا تو مسح ہو گیا۔ 6

(۵۹) سر کو منہ کے ساتھ دھو لیا تو مسح کے مقام ہو جائے گا۔ 7

(۶۰) وضو میں کوئی عضو دھونا بھول جائے تو بایاں پیر دھو لے تو وضو درست ہے۔[مارو گھٹنہ پھوٹے آنکھ]

(۶۱) مستحب ہے سورہ ﴿اِنَّـآ اَنْـزَلْنَا﴾ کا پڑھنا وضو کے بعد۔ شارح منیہ نے اس پر بہت ثواب کا ذکر کیا ہے۔ 8

(۶۲) کپڑوں پر وضو کا پانی نہ گرنے دے۔ 9

---

1 درالمختار: کتاب الطہارت، ج ۱ ص ۴۸۔ 2 درالمختار: کتاب الطہارۃ ج ۱ ص ۴۶۔

3 عین الھدایہ: کتاب الطہارت، اختلاف فی ترتیب الوضوء ج ۱ ص ۳۲۔

4، 5 عالمگیری: کتاب الطہارت، باب الاول، ج ۱، ص ۵۔

6 شرح الوقایہ: کتاب الطہارت، باب المسح علی الخفین، ج ۱ ص ۵۸۔

7 عالمگیری: کتاب الطہارۃ، باب فصل دوم، ج ۱ ص ۶۔

8 درالمختار: کتاب الطہارت، مستحباب وضوء، ج ۱ ص ۴۷۔ بہشتی زیور حصہ ۱، وضو کا بیان، مسئلہ ۱۳، ص ۶۳

9 عالمگیری: کتاب الطہارت، باب اول فصل سوم مستحبات وضوء، ج ۱ ص ۱۱۔

(۶۳) نبیذ تمر یعنی بھیگے ہوئے چھوارے کا پانی جو شیریں ہو گیا ہو تو اس سے وضو جائز ہے۔ ❶

(۶۴) نبیذ تھوڑا اپکا ہوا ہو اگر چہ نشہ آور ہو تب بھی وضو جائز ہے۔ اور یہی زیادہ صحیح ہے۔ ❷

(۶۵) انگور کے پانی مقطر سے وضو جائز ہے۔ ❸

(۶۶) چنا یا باقلا پانی میں بھگویا گیا اور پانی کا رنگ یا بو یا مزہ بدل گیا تو وضو جائز ہے۔ ❹

باب: متعلق مسواک

(۶۷) مسواک لیٹ کر کرنے سے تلی بڑھ جاتی ہے۔ ❺

(۶۸) مسواک کو مٹھی بھر پکڑنے سے بواسیر پیدا ہوتی ہے۔ ❻

(۶۹) مسواک کو چوسنے سے آدمی اندھا ہو جاتا ہے۔ ❼

(۷۰) مسواک کے نہ دھونے سے شیطان مسواک کرتا ہے۔ ❽

(۷۱) مسواک ایک بالشت سے زیادہ لمبی رکھنے سے شیطان سوار ہوتا ہے۔ ❾

(۷۲) مسواک پڑی رکھنے سے جنون کا خوف ہے۔ ❿

---

❶ عین الھدایہ: کتاب الطہارات، باب الماء الذی یجوز الوضوء بہ و ما لا یجوز، ج۱ص۱۰۱۔

❷ عالمگیری: کتاب الطہارت، باب سوم فصل دوم حکم آب، ج۱ص۳۳۔

❸ عین الھدایہ: کتاب الطہارات، باب الماء الذی یجوز بہ الوضوء و ما لا یجوز، ج۱ص۹۶۔

❹ عین الھدایہ: کتاب الطہارات، باب ماء الذی یجوز بہ الوضوء و ما لا یجوز، ج۱ص۱۰۰۔

❺ درمختار: کتاب الطہارۃ، باب فی سنن الوضوء، ج۱ص۲۶۔

❻ درمختار: کتاب الطہارۃ، باب فی سنن الوضوء، ج۱ص۲۶۔

❼ درمختار: کتاب الطہارۃ، باب فی سنن الوضوء، ج۱ص۲۶۔

❽ درمختار: کتاب الطہارۃ، باب فی سنن الوضوء، ج۱ص۲۶۔

❾، ❿ درالمختار: کتاب الطہارۃ، باب فی سنن الوضوء، ج۱ص۲۶۔

باب: اُن چیزوں کے بیان میں جن سے وضو نہیں ٹوٹتا

(۷۳) باہم ننگے مرد اور عورت کی شرمگاہیں مل جانے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ (محمد عجل اللہ فرجہ علیہ)۔ [1]

(۷۴) انگلی مقعد میں داخل کی اگر خشک نکلی تو وضو نہیں ٹوٹتا۔ [2]

(۷۵) مرد عورت کو اور عورت مرد کو مساس کرے تو وضو فاسد نہیں ہوتا۔ [3]

(۷۶) اپنے ذکر کو یا دوسرے کے ذکر کو پکڑنے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ [4]

(۷۷) زندہ یا مردہ جانور یا کم عمر لڑکی سے جماع کیا تو وضو نہیں ٹوٹتا۔ [5]

باب: اُن چیزوں کے بیان میں کہ جن سے وضو ٹوٹ جاتا ہے یا جو مستحب ہیں

(۷۸) اگر آنکھیں اٹھی ہوں اور کھٹکتی ہوں تو آنسو نکلنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔ [6]

(۷۹) جھوٹ بولنے اور غیبت کرنے اور شعر خوانی کے بعد اور عالموں کے اختلاف سے بچنے کی غرض سے وضو کرنا مستحب ہے۔ [7]

---

[1] درالمختار: کتاب الطہارۃ، مستحبات وضو، ج۱ص۸۲۔

[2] درالمختار: کتاب الطہارۃ، مستحبات الوضو، ج۱ص۸۳۔

[3] فتاویٰ عالمگیری: کتاب الطہارت، باب اول، فصل پنجم، ج۱ص۱۸۔

[4] عالم گیری: کتاب الطہارت، باب اول، فصل پنجم نواقض الوضو، ج۱ص۸۔

[5] عالمگیری: جلد۱ص۱۶۔

[6] درالمختار: کتاب الطہارۃ، ج۱ص۸۳۔

[7] درالمختار: کتاب الطہارت، مقامات استحباب وضو، ج۱ص۵۱۔

باب: اُن چیزوں کے بیان میں کہ جن سے غسل لازم نہیں ہوتا

(۸۰) جماع کے بعد غسل کرلے اور پھر مرد کی منی سفید گاڑھی فرج سے نکلے تو عورت پر غسل فرض نہیں۔ 1

(۸۱) بوجھ اٹھانے سے منی بلاشہوت نکلے تو غسل فرض نہیں۔ 2

(۸۲) منی شہوت سے جدا ہو اور ذکر پکڑ لے بعد درد ہونے شہوت کے منی نکلے تو غسل فرض نہیں۔[ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ] 3

(۸۳) منی اپنی جگہ سے بلاشہوت جدا ہو اور باہر نکلے تو غسل فرض نہیں۔ 4

(۸۴) کسی نے جلق لگائی یا عورت سے سوا فرج کے صحبت کی اور منی نکلنے پر سرِ ذکر کو پکڑ لیا۔ بعد جانے شہوت کے ذکر کو چھوڑنے پر منی نکلے تو غسل واجب نہیں۔[ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ] 5

(۸۵) شہوت سے نظر کی اور منی اپنی جگہ سے جدا ہوئی پھر ذکر کو دبایا کہ شہوت جاتی رہی۔ پھر بدون شہوت کے منی نکلی تو غسل واجب نہیں۔[ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ] 6

(۸۶) پیشاب کرنے یا سونے سے پہلے غسل کیا اور پھر منی نکلی تو غسل فرض نہیں۔[ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ] 7

(۸۷) جنابت کے بعد بغیر پیشاب اور بغیر سوئے نہایا اور نماز پڑھی پھر باقی منی نکلی

---

1 درالمختار: کتاب الطہارۃ، مسائل الغسل ج ۱ ص ۹۱۔

2 درالمختار: کتاب الطہارۃ، مسائل الغسل، ج ۱ ص ۹۱۔

3 درالمختار: کتاب الطہارۃ، مسائل الغسل، ج ۱ ص ۹۲۔

4 بہشتی گوہر: جن صورتوں میں غسل فرض نہیں، ص ۱۷۔

5 عین الهدایۃ: کتاب الطہارات، فصل فی الغسل، ج ۱ ص ۸۲۔

6 عالم گیری: کتاب الطہارۃ، باب دوم۔ فصل سوم، موجبات غسل، ج ۱ ص ۲۰۔

7 درالمختار: کتاب الطہارۃ، مسائل الغسل ج ۱ ص ۹۲۔

تو غسل واجب نہیں ۔[ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ] [1]

(۸۸) بول یا نیند و مستی کے بعد منی نکلے تو غسل واجب نہیں ۔ [2]

(۸۹) جانور یا مردہ یا کم عمر لڑکی سے جماع کرے اور انزال نہ ہو تو غسل فرض نہیں ۔ [3]

(۹۰) دس برس کا لڑکا عورت بالغہ سے جماع کرے تو غسل فرض نہیں ۔ [4]

(۹۱) ذکر کسی عورت یا مرد کے ناف میں داخل کرے تو غسل فرض نہیں ۔ [5]

(۹۲) اپنی دبر میں حشفہ داخل کرے تو غسل فرض نہیں [شرم شرم] [6]

(۹۳) مرد اپنی دبر میں اور عورت اپنی فرج میں مردہ کا ذکر یا انگلی یا لکڑی داخل کرے تو غسل نہیں ۔ [7]

(۹۴) خنثیٰ مشکل کی قبل یا دبر میں حشفہ داخل کرے تو غسل فرض نہیں ۔ [8]

(۹۵) خنثیٰ مشکل اپنے ذکر کو کسی عورت کی فرج میں یا دبر میں داخل کرے تو دونوں پر غسل نہیں ۔ [9]

(۹۶) ذکر پر کپڑا لپیٹ کر قبل یا دبر میں داخل کیا اگر لذت و حرارت نہ پائے تو غسل فرض نہیں ۔ [10]

---

[1] عالمگیری: کتاب الطہارت، باب دوم، فصل سوم، ج ۱ ص ۲۰۔

[2] درالمختار: کتاب الطہارت، مسائل الغسل، ج ۱ ص ۹۲۔ [3] درالمختار: کتاب الطہارۃ، مسائل الغسل، جلد ۱ ص ۹۵۔ عالمگیری: کتاب الطہارت، باب ۲، فصل ۳، ج ۱ ص ۲۲۔

[4] بہشتی زیور: غسل کا بیان، حصہ ۱ ص ۸۹۔ عالمگیری: کتاب الطہارت، باب ۲، فصل سوم، ج ۱ ص ۲۲۔

[5] بہشتی گوہر: کتاب الطہارت، جن صورتوں میں غسل فرض نہیں، ص ۱۸۔

[6] درالمختار: کتاب الطہارت، مسائل الغسل، ج ۱ ص ۹۳۔ [7] عین الھدایۃ: کتاب الطہارات، فصل فی الغسل، ج ۱ ص ۸۸۔ [8] درالمختار: کتاب الطہارۃ، مسائل غسل، ج ۱ ص ۹۳۔ عالمگیری، کتاب الطہارت، باب دوم، فصل سوم، ج ۱، ص ۲۲۔ [9] عالمگیری: کتاب الطہارۃ، واجبات غسل، باب دوم فصل سوم، ج ۱ ص ۲۲۔

[10] درالمختار: کتاب الطہارۃ، مسائل الغسل، ج ۱ ص ۹۵۔ عالمگیری، کتاب الطہارۃ، باب ۲، فصل ۳، واجبات غسل، ج ۱ ص ۲۲۔

(۹۷) ذکر کو سر سے کم داخل کرے تو غسل فرض نہیں۔ 1

(۹۸) کسی جانور کا ذکر فرج یا دبر میں داخل کرے تو غسل لازم نہیں۔ 2

(۹۹) خنثیٰ اور میت کے ذکر کو فرج یا دبر میں داخل کرے تو غسل لازم نہیں۔ 3

(۱۰۰) بے شہوت لڑکے کے ذکر کو فرج یا دبر میں داخل کرے تو غسل فرض نہیں۔ 4

(۱۰۱) لکڑی کا یا کسی چیز کا ذکر بنا کر داخل کرے تو غسل واجب نہیں۔ 5

(۱۰۲) کم عمر لڑکی سے جماع کرنے کے بعد ذکر دھونا بھی ضروری نہیں۔ [ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ] 6

(۱۰۳) باکرہ سے جماع کرے اور بکارت قائم رہے تو غسل لازم نہیں۔ 7

(۱۰۴) فرج کے باہر مجامعت کی اور منی رحم میں داخل ہوئی۔ عورت خواہ باکرہ (کنواری) ہو یا ثیبہ (مدخولہ) تو غسل واجب نہیں۔ 8

(۱۰۵) ایک شخص جاگا، ذکر پر تری معلوم ہوئی، احتلام یاد نہیں۔ اگر سونے سے پہلے ذکر کھڑا تھا تو غسل لازم نہیں۔ 9

(۱۰۶) ایک شخص نے جاگ کر تری پائی۔ احتلام یاد نہیں اور شک ہے کہ منی ہے یا مذی تو غسل واجب نہیں۔ [ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ] 10

---

1 بہشتی گوہر: کتاب الطہارت، جن صورتوں میں غسل فرض نہیں، ص ۱۷۔

2 ، 3 درالمختار: کتاب الطہارۃ، مسائل الغسل، ج ۱ ص ۹۵۔

4 ، 5 درالمختار: کتاب الطہارت، مسائل الغسل، ج ۱ ص ۹۵۔

6 ، 7 درالمختار: کتاب الطہارت، مسائل الغسل، ج ۱ ص ۹۶۔

8 فتاویٰ عالمگیری: کتاب الطہارت، باب دوم، فصل سوم، ج ۱ ص ۲۲۔

9 عین الہدایۃ: کتاب الطہارات، فصل موجبات الغسل، ج ۱ ص ۸۳۔

10 عین الہدایۃ: کتاب الطہارات، فصل موجبات الغسل، ج ۱ ص ۸۳۔

(۱۰۷) چوپایہ کے فرج یاران میں وطی کی اگر انزال نہ ہو تو غسل واجب نہیں۔ ❶

(۱۰۸) حیض کے دن پورے ہونے پر بغیر غسل صحبت جائز ہے۔[ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ] ❷

(۱۰۹) نفاس والی کے چالیس دن گزرنے کے بعد بغیر غسل کے صحبت جائز ہے۔ ❸

باب: غسل لازم ہونے اور دیگر مسائل کے بیان میں

(۱۱۰) بغیر جماع کے منی فرج میں داخل ہوگئی اور عورت حاملہ ہوگئی تو اسی وقت غسل لازم ہوگا۔ ❹ [عقلی لحاظ سے بھی محال ہے اگر دلیل ہے تو پیش کریں]

(۱۱۱) جنبی بوقت غسل بجائے کلی کے پانی پی جائے تو کافی ہے۔ ❺

(۱۱۲) حوض میں گر کر بھیگ گیا۔ کلی اور ناک میں پانی دے لیا تو غسل درست ہے۔ ❻

(۱۱۳) حیض و نفاس کی حالت میں دعا کی نیت سے الحمد پڑھے تو درست ہے۔[ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ] ❼

(۱۱۴) حالت جنابت میں آیت سے کم پڑھنا جائز ہے۔ ❽

(۱۱۵) جنبی بطور دعا کے سورہ فاتحہ پڑھے تو کچھ ڈر نہیں۔ ❾

(۱۱۶) کافر کو قرآن چھونا بعد غسل کے جائز ہے۔[محمد رحمۃ اللہ علیہ] ❿

---

❶ عین الهدایہ: کتاب الطہارات، فصل موجبات الغسل، ج۱ص۸۷۔
❷ عین الهدایہ: کتاب الطہارات، فصل موجبات الغسل، ج۱ص۸۸۔
❸ شرح الوقایہ: کتاب الطہارت، فصل موجبات غسل، ج۱ص۳۵۔
❹ عین الهدایہ: کتاب الطہارات، فصل موجبات الغسل، ج۱ص۸۴۔
❺ بہشتی زیور: حصہ۱، غسل کا بیان، مسئلہ ۱۶، ص۴۷۔
❻ بہشتی زیور: حصہ۱، غسل کا بیان، مسئلہ ۶، ص۱۷۔
❼ شرح وقایہ: کتاب الطہارت، باب حیض، ج۱ص۶۴۔
❽ بہشتی زیور: حصہ۲باب ۲۹، نفاس اور حیض کے احکام، ص۱۷۱۔
❾ بہشتی زیور: حصہ۲باب۲۹ حیض ونفاس کے احکام، ص۱۷۱۔
❿ درالمختار: کتاب الطہارت، فصل فی مسائل الغسل، ج۲ص۱۰۲۔

باب: پانی کے بیان میں

(۱۱۷) دس مربع گز حوض میں آدمی کا پیشاب یا نجاست پڑ جائے تو وہ پاک ہے۔ [1]

(۱۱۸) دہ دردہ یعنی دس گز طول اور دس گز عرض میں ہو۔ ایک گز کی مقدار چھ مٹھی یا چوبیس انگل گہرائی اس قدر ہو کہ چلو بھرنے سے زمین نہ کھلے۔ [2]

(۱۱۹) دہ دردہ حوض میں شیرہ انگور بھرا ہوا اور پیشاب پڑ گیا تو وہ پاک ہے۔ [3]

(۱۲۰) دہ دردہ حوض میں کتا مرا پڑا ہو تو اس کی دوسری طرف وضو جائز ہے۔ [4]

(۱۲۱) جاری پانی سے طہارت جائز ہے گو نجاست پڑی ہو۔ [5]

(۱۲۲) جاری پانی کی تعریف یہ ہے کہ جو خشک تنکا بہا لے جاوے۔ [6]

(۱۲۳) جاری پانی میں کسی نے پیشاب کیا تو نشیب کی طرف وضو جائز ہے۔ [7]

(۱۲۴) کتا بہتے پانی میں بیٹھے تو نشیب کی طرف وضو جائز ہے اگر وصف نہ بدلے۔ [8]

(۱۲۵) حوض میں کتا گر کر مر گیا اگر تہ میں بیٹھ گیا تو وضو جائز ہے۔ [9]

(۱۲۶) حوض میں جس جگہ نجاست گرے اسی جگہ سے وضو جائز ہے۔ [10]

---

[1] بہشتی زیور: حصہ ا، کس پانی سے وضوٗ درست اور کس پانی سے درست نہیں ہے۔ ص ۴۷۔

[2] بہشتی زیور: حصہ ا، کس پانی سے وضو درست اور کس پانی سے درست نہیں ہے، ص ۴۷۔

[3] بہشتی زیور: حصہ ا، کس پانی سے وضو درست اور کس پانی سے درست نہیں ہے، ص ۴۷۔

[4] بہشتی زیور: کس پانی سے وضوٗ درست ہے اور کس سے نہیں ص ۴۷۔

[5] عین الھدایۃ: کتاب الطہارت، باب ماء الذی یجوز الوضوٗ بہ و مالا یجوز، ج ۱ ص ۱۱۱۔

[6] عین الھدایۃ: کتاب الطہارت، باب ماء الذی یجوز الوضوٗ بہ و مالا یجوز، ج ۱ ص ۱۱۲۔

[7] عین الھدایۃ: کتاب الطہارت، باب ماء الذی یجوز بہ الوضوٗ، و مالا یجوز، ج ۱ ص ۱۱۱۔

[8] عالمگیری: کتاب الطہارت، باب سوم، فصل اول حکم آب، ج ۱ ص ۲۶۔

[9] درالمختار: کتاب الطہارت، باب المیاہ، ج ۱ ص ۱۱۲۔

[10] عالمگیری: کتاب الطہارت باب سوم فصل اول، حکم آب، ج ۱ ص ۲۶۔

(۱۲۷) نہر میں نجاست پڑی ہے اگر نجاست کے قریب سے پانی لے تو وہ پاک ہے۔ ❶

(۱۲۸) حوض کا پانی ناپاک تھا۔ ایک طرف سے پانی داخل ہوکر دوسری طرف نکل گیا تو وہ پانی پاک ہے۔ ❷

(۱۲۹) حوض میں نجاست گری اگر لوگ بلا توقف پانی نکال رہے ہوں تو پانی پاک ہے۔ ❸

(۱۳۰) مردار جانور نہر میں پڑا ہوا اگر تھوڑا پانی نجاست سے ملا جاتا ہو تو پانی پاک ہے۔ ❹

(۱۳۱) پرنالہ سے ہٹی ہوئی متفرق نجاست چھت پر پڑی ہوئی ہے وہ پرنالہ بہے تو نجس نہیں۔ ❺

(۱۳۲) نصف سے کم نجاست پرنالہ میں بارش سے بہہ کر آئے تو نجس نہیں۔ ❻

(۱۳۳) پیپ کو روئی میں لے کر پانی میں ڈالا جائے تو پانی پاک ہے۔ ❼

(۱۳۴) زخم کا گوشت یا کیڑا زخم سے نکلا ہوا پانی میں گرے تو پانی پاک ہے۔ ❽

(۱۳۵) نجاست سے پانی نجس ہونے کا مدار متوضی کی رائے پر ہے۔ [ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ] ❾

(۱۳۶) جنبی کا مستعمل پانی یعنی دھوون پاک ہے [محمد رحمۃ اللہ علیہ] ❿

---

❶، ❷ عالمگیری: کتاب الطہارت، باب سوم، فصل اول حکم آب جلد ۱ ص ۲۵۔

❸ عالمگیری: کتاب الطہارت، باب سوم فصل اول، حکم آب، ج ۱ ص ۲۵۔

❹ درالمختار: کتاب الطہارت، باب الانجاس، ج ۱ ص ۱۶۹۔

❺ عین الہدایۃ: کتاب الطہارت، باب پانیوں کا بیان، ج ۱ ص ۱۱۲۔

❻ بہشتی زیور: حصہ ۱، کس پانی سے وضو کرنا درست ہے، مسئلہ ۱۳، ص ۴۷۔

❼ عین الہدایۃ: کتاب الطہارت، فصل فی نواقض الوضو، ج ۱، ص ۵۳۔

❽ عین الہدایۃ: کتاب الطہارت، فصل فی نواقض الوضو، ج ۱، ص ۶۵۔

❾ عین الہدایۃ: کتاب الطہارت، باب المیاہ، ج ۱ ص ۱۰۳۔ ❿ درالمختار: کتاب الطہارت، باب المیاہ، ج ۱، ص ۱۱۵۔ عالمگیری: کتاب الطہارت باب سوم فصل دوم، حکم آب، ج ۱ ص ۳۴

(۱۳۷) آب مستعمل وہ ہے جس سے نجاست دور کی گئی ہو۔ ❶

(۱۳۸) جس پانی سے نجاست دور کی گئی ہو وہ پاک ہے۔ ❷

(۱۳۹) بلی نے چوہا کھایا اگر تھوڑی دیر بعد پانی میں منہ ڈالے تو پانی نجس نہیں۔ ❸

(۱۴۰) سوا سور کے، سب کے بال اگر پانی میں گر جائیں، تو پانی پاک ہے۔ ❹

(۱۴۱) سور کا بال تھوڑے پانی میں گر جائے، تو پانی پاک ہے۔[محمد رحمۃ اللہ علیہ] ❺

(۱۴۲) مردار کی ہڈی پانی میں گر جائے تو پانی پاک ہے۔ ❻

(۱۴۳) پیشاب کی چھینٹیں اس قدر پانی میں گریں کہ پانی نہ ملے تو پاک ہے۔ ❼

(۱۴۴) پانی کے کٹورے میں چوہا گر جائے تو پانی پاک ہے۔ ❽

(۱۴۵) رِستے مٹکے کو کتا چاٹے تو اس کا پانی پاک ہے۔ ❾

(۱۴۶) پیوسی بکری مری ہوئی کی پانی میں گر جائے، تو پانی پاک ہے۔ ❿

باب: کنویں کے متعلق

(۱۴۷) کنویں میں کتا گر جائے اگر منہ نہ ڈوبے تو پانی پاک ہے۔ ⓫

(۱۴۸) چوہے کی دم کٹ کر گر پڑے تو سارا پانی کنویں کا نکالا جائے۔[یہ دونوں قول قابل غور ہیں۔] ⓬

---

❶ عین الھدایۃ: کتاب الطہارۃ، باب ماء الذی یجوز بہ الوضوٗ ج ا ص ۱۲۶۔ ❷ عین الھدایۃ: کتاب الطہارات، فصل فی الماء المستعمل، ج ا، ص ۱۲۴۔ ❸ بہشتی زیور: حصہ ا، جانوروں کے جھوٹے کا بیان، مسئلہ ۶، ص ۹۷۔ ❹ درالمختار: کتاب الطہارت باب المیاہ ج ا ص ۱۱۸۔

❺ ہدایہ: جلد ۳ ص ۸۷۔ ❻ عین الھدایۃ: کتاب الطہارات، باب المیاہ، ج ا ص ۱۳۸۔

❼ درالمختار: کتاب الطہارت، باب الانجاس، ج ا ص ۱۶۹۔ ❽ عین الھدایۃ: کتاب الطہارات، باب المیاہ، ج ا، ص ۱۳۹۔ ❾ عالمگیری: کتاب الطہارت باب سوم، فصل دوم، حکم آب ج ا ص ۳۵، ۳۶۔

❿ منیۃ المصلی ص ۱۴۱۔ ⓫ درالمختار: کتاب الطہارۃ، باب المیاہ، ج ا، ص ۱۱۹۔

⓬ بہشتی زیور: حصہ ا باب فی البئر ص ۸۷۔

(۱۴۹) درندے کنویں میں گر جائیں اور زندہ نکالے جائیں۔ اگر منہ نہ ڈوبے تو پانی پاک ہے۔ [1]

(۱۵۰) غسل شدہ مردہ کنویں میں گرے تو پانی پاک ہے۔ [2]

(۱۵۱) جنبی نے ڈول ڈھونڈنے کے لئے غوطہ لگایا تو جنبی اور پانی دونوں پاک ہیں [محمد رحمۃ اللہ علیہ] [3]

(۱۵۲) شیر کا گوشت درم کے برابر پانی میں گر جائے تو پانی پاک ہے۔ [4]

(۱۵۳) کنویں میں بکری کا پیشاب گرے تو پاک ہے۔ [محمد رحمۃ اللہ علیہ] [5]

(۱۵۴) کنویں میں چوہے کا پیشاب پڑ جائے تو پانی نکالنے کی ضرورت نہیں۔ [6]

(۱۵۵) پیشاب کی باریک چھینٹیں کنویں میں پڑ جائیں تو پانی نکالنے کی ضرورت نہیں [7]

باب استنجے کے متعلق

(۱۵۶) استنجا کرنے سے پہلے اور پیچھے بسم اللہ پڑھے۔ [8]

(۱۵۷) استنجا کرنے والے کا ہاتھ نجاست کی جگہ کے دھونے سے پاک ہو جاتا ہے [9]

(۱۵۸) پتھر سے بڑا استنجا کیا ہوا ہو اور مقعد سے پسینہ کپڑے پر لگے تو کپڑا پاک ہے [10]

(۱۵۹) پتھر سے بڑا استنجا کر کے نہ دھویا تو مکروہ بھی نہیں ہے۔ [ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ و ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ] [11]

---

[1] در المختار: کتاب الطہارت، باب المیاہ، فصل فی البیر، ج ا، ص ۱۲۱۔ [2] در المختار: کتاب الطہارت، باب المیاہ، فصل فی البیر، ج ا، ص ۱۲۰۔ [3] عین الھدایۃ: کتاب الطہارت، باب المیاہ، ج ا، ص ۱۲۹۔

[4] عین الھدایۃ: کتاب الطہارت، باب المیاہ، ج ا، ص ۱۳۶۔ [5] عین الھدایۃ: کتاب الطہارت، فصل فی البیر، ج ا ص ۱۴۳۔ [6] در المختار: کتاب الطہارت، باب المیاہ، ج ا ص ۱۲۴۔ [7] در المختار: کتاب الطہارت، باب المیاہ، ج ا ص ۱۲۴۔ [8] عالمگیری: کتاب الطہارت باب اول، فصل دوم، وضو کی سنتوں کے بیان میں، ج ا، ص ۷۔ [9] در المختار: کتاب الطہارت، باب المیاہ، فصل فی البیر، ج ا ص ۱۲۱۔

[10] عالمگیری: کتاب الطہارت، باب ہفتم، فصل سوم، استنجا کے بیان میں، ج ا ص ۷۵۔

[11] عالمگیری: کتاب الطہارت، باب ہفتم، فصل سوم، استنجا کے بیان میں، ج ا ص ۷۵۔

باب: پیشاب کے متعلق

(۱۶۰) پتلی نجاست (آدمی کا پیشاب) ہتھیلی کی گہرائی کے برابر معاف ہے۔ ❶

(۱۶۱) مغلظ نجاست یعنی پاخانہ، منی، مذی، بقدر ساڑھے تین ماشہ کپڑے کو لگ جائے تو کپڑا ناپاک ہے۔ ❷

(۱۶۲) سینکڑوں پیشاب کی چھینٹیں سوئی کے نوک کے برابر پڑیں تو کپڑا پاک ہے۔ ❸

(۱۶۳) پیشاب اور خون پینا اور مردار کھانا بیمار کو جائز ہے۔ حکیم حاذق کے کہنے سے۔ ❹

(۱۶۴) جو گیہوں پیشاب میں پھول گیا وہ بھگو کر تین بار خشک کیا جائے تو پاک ہے۔ ❺

(۱۶۵) پیشاب مٹی سے ملا ہوا اگر خشک ہو تو رگڑنے سے پاک ہو جاتا ہے۔ ❻

(۱۶۶) صغیر بچہ جو کھاتا نہ ہو اس کا پیشاب نجس ہے [ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ] ❼

(۱۶۷) جن جانوروں کا گوشت حلال ہے ان کے پیشاب میں چوتھائی سے کم کپڑا بھر جائے تو معاف ہے۔ ❽

(۱۶۸) جن جانوروں کا گوشت کھایا جاتا ہے ان کے پیشاب میں چوتھائی کپڑا تک بھر جائے تو نماز جائز ہے۔ ❾

---

❶ درالمختار: کتاب الطہارت، باب الانجاس، ج ۱ ص ۱۶۷۔ ❷ عالمگیری: کتاب الطہارت، باب ہفتم نجاسات، ص ۷۔ ❸ درالمختار: کتاب الطہارت، باب الانجاس، ج ۱ ص ۱۶۹۔ ❹ درالمختار: کتاب الحصر والاباحۃ فصل فی البیع، ج ۴ ص ۲۴۹۔ ❺ درالمختار: کتاب الطہارت، باب الانجاس، ج ۱ ص ۱۷۲۔ ❻ درالمختار، کتاب الطہارت، باب الانجاس، ج ۱ ص ۱۶۴، ۱۶۵۔ ❼ بہشتی زیور: حصہ ۲ باب الانجاس ص ۱۱۸۔ ❽ درالمختار: کتاب الطہارت، باب الانجاس، ج ۱ ص ۱۶۸۔ ❾ عین الهدایہ: کتاب الطہارت باب الانجاس ج ۱ ص ۲۸۹۔ اصح النوری شرح اردو، مختصر قدوری، کتاب الطہارت، باب الانجاس، ص ۹۴۔

(۱۶۹) جن جانوروں کا گوشت کھایا جاتا ہے ان کے پیشاب میں کل کپڑا تر ہو جائے تو پاک ہے ❶

(۱۷۰) ماکول اللحم (جن جانوروں کا گوشت کھانا حلال ہے) کا پیشاب پاک ہے۔[محمد رحمۃ اللہ علیہ] ❷

(۱۷۱) جن جانوروں کا گوشت کھایا جاتا ہے ان کا پیشاب پینا بلا عذر جائز ہے [محمد رحمۃ اللہ علیہ]۔ ❸

(۱۷۲) پیشاب اور دودھ حلال جانوروں کا نجاست دور کرنے والا ہے۔ ❹

(۱۷۳) گدھے نے اینٹ پر پیشاب کیا اس پر شبنم اور دھوپ تین مرتبہ پڑ گئی تو وہ اینٹ پاک ہے۔ ❺

(۱۷۴) بکری کا پیشاب پاک ہے[محمد رحمۃ اللہ علیہ] ❻

(۱۷۵) چمگادڑ کا پیشاب پاک ہے۔ ❼

(۱۷۶) چوہے کا پیشاب پاک ہے۔ ❽

(۱۷۷) بلی کا پیشاب پانی کے برتنوں کے سوا معاف ہے۔ ❾

باب: پاخانہ وگوبر ومینگنی کے متعلق

(۱۷۸) جسم دار نجاست (پاخانہ) ایک مثقال (۴ ماشہ) تک معاف ہے۔ ❿

(۱۷۹) غلیظ نجاست (پاخانہ، خون، شراب) ایک درم (۳ ماشہ) تک معاف ہے۔ ⓫

---

❶ مختصر قدوری: کتاب الطہارۃ باب الانجاس ص ۱۴۔ مالا بدمنہ: کتاب الطہارۃ فصل فی النجاستہ ص ۱۶۔۱۷۔
❷ عین الھدایۃ کتاب الطہارت، فصل فی البیرج اص ۱۴۳۔ ❸ عین الھدایۃ: کتاب الطہارت، فصل فی البیرج اص ۱۴۵۔ ❹ درالمختار: کتاب الطہارت باب الانجاس ج اص ۱۶۴۔ ❺ منیہ ص ۵۹۔
❻ عین الھدایۃ: کتاب الطہارت، باب المیاہ، ج اص ۱۲۷۔ ❼ درالمختار: کتاب الطہارت، باب الانجاس ،ج اص ۱۶۷۔ ❽ درالمختار: کتاب الطہارت، باب الانجاس، ج اص ۱۶۷۔ ❾ درالمختار: کتاب الطہارت، باب الانجاس، ج اص ۱۶۷۔ ❿ مالا بدمنہ: کتاب الطہارۃ، فصل فی النجاسہ، ص ۱۷۔
⓫ قدوری: کتاب الطہارۃ، باب الانجاس، کنز الدقائق، کتاب الطہارۃ، باب الانجاس۔ ص ۱۵، ۱۶۔

(۱۸۰) آدمی کا پاخانہ جلا ہوا پاک ہے۔[محمد رحمۃ اللہ علیہ] ❶

(۱۸۱) حیض کے حالت میں قرآن اگر حرف توڑ توڑ کر پڑھے تو پڑھ سکتا ہے۔ ❷

(۱۸۲) پاخانہ یا لید لگ کر خشک ہوگئی۔ تو رگڑنے سے پاک ہے۔ ❸

(۱۸۳) موزہ پاخانہ میں بھر جائے تو مٹی سے رگڑنے سے پاک ہے۔ ❹

(۱۸۴) حرام پرند جانوروں کی بیٹ پاک ہے۔[محمد رحمۃ اللہ علیہ] ❺

(۱۸۵) حرام پرندوں کی بیٹ میں چوتھائی سے کم کپڑا بھر جائے تو پاک ہے۔ ❻

(۱۸۶) نجاست کا دھواں نجس نہیں۔ ❼

(۱۸۷) چمگادڑ کا پاخانہ پاک ہے۔ ❽

(۱۸۸) گوبر کی لپی زمین پر، تر کپڑا رکھنے سے ناپاک نہیں ہوتا۔ ❾

(۱۸۹) مٹی میں گوبر ملایا جائے تو مٹی نجس نہیں۔ ❿

(۱۹۰) چوہے کی مینگنی ناپاک نہیں کرتی جب تک کہ اس کا اثر ظاہر نہ ہو۔ ⓫

(۱۹۱) چوہے کی مینگنی اگر گیہوں کے ساتھ پس جائیں تو جب تک مزہ نہ بدلے تو ناپاک نہیں۔ ⓬

---

❶ عالمگیری: کتاب الطہارت، باب ہفتم نجاسات، ج ۱، ص ۶۹۔ ❷ شرح الوقایہ: کتاب الطہارۃ باب الحیض، ج ۱ ص ۶۴ / ۶۵۔ ❸ عالمگیری: کتاب الطہارت، باب ہفتم نجاسات کا بیان، ج ۱، ص ۶۸۔ ❹ شرح الوقایہ: کتاب الطہارۃ، باب الانجاس، ج ۱ ص ۶۹۔

❺ منیہ ص ۴۸۔ ❻ شرح الوقایہ: کتاب الطہارۃ، باب الانجاس، فصل فی نجاسۃ الخفیفۃ والغلیظۃ، ج ۱ ص ۶۹۔ ❼ درالمختار: کتاب الطہارت، باب الانجاس، ج ۱ ص ۱۶۹۔ ❽ بہشتی زیور: حصہ ۲، باب الانجاس ص ۱۱۸، درالمختار: کتاب الطہارت، باب الانجاس، ج ۱ ص ۱۶۷۔ ❾ شرح الوقایہ: کتاب الطہارت، باب الانجاس، فصل نجاسۃ غلیظۃ وخفیفۃ، ج ۱ ص ۶۹۔

❿ عین الہدایہ: کتاب الطہارات باب المیاہ، ج ۱، ص ۱۰۱۔

⓫ درالمختار: کتاب الطہارت، باب الانجاس، ج ۱ ص ۱۶۷۔

⓬ فتاویٰ عالمگیری: کتاب الطہارت، باب ہفتم، فصل دوم، نجاستوں کے بیان میں، ج ۱ ص ۴۷۔

باب: عام نجاستوں کے متعلق

(۱۹۲) فرج کی رطوبت پاک ہے بالاتفاق جیسے رینٹ اور تھوک وغیرہ [ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ] ❶

(۱۹۳) کپڑے کا کوئی کونہ نجس ہو گیا مگر یاد نہیں کہ کون سا تھا تو کوئی سا کونہ دھو ڈالے تو کپڑا پاک ہو جائے گا۔ ❷

(۱۹۴) رال سے نجاست پاک ہو جاتی ہے۔ ❸

(۱۹۵) جس عضو پر نجاست لگی ہو وہ تین بار چاٹنے سے پاک ہو جاتی ہے۔[منہ ناپاک ہو تو بلا سے] ❹

(۱۹۶) نجاست بھرا کپڑا اس قدر چاٹے کہ نجاست کا اثر جاتا رہے تو پاک ہے۔ ❺

(۱۹۷) چھری پر نجاست لگے تو چاٹنے سے پاک ہے۔ ❻

(۱۹۸) جو انگلی یا پستان ناپاک ہو جائے تو چاٹنے سے پاک ہو جاتی ہے۔ ❼

(۱۹۹) خون سے سورہ فاتحہ (سورہ اخلاص) ماتھے پر لکھنا جائز ہے اگر امتحاناً معلوم ہو کہ خون بند ہو جائے گا۔ ❽

(۲۰۰) جو نکسیر بند نہ ہوتی ہو تو قرآن کی آیت کو خون سے پیشانی پر لکھنا جائز ہے۔ ❾

(۲۰۱) فاسق اور کافر ذمیوں کے کپڑے پاک ہیں اور پاجامہ میں کراہت ہے۔ ❿

---

❶ درالمختار: کتاب الطہارت، باب الانجاس، ج ۱ ص ۱۷۷۔ ❷ درالمختار: کتاب الطہارت، باب الانجاس، ج ۱ ص ۱۷۰۔ ❸ درالمختار: کتاب الطہارت، باب الانجاس، ج ۱ ص ۱۶۴۔ ❹ عالمگیری: کتاب الطہارت، باب ۷ نجاسات، ج ۱ ص ۷۰۔ بہشتی زیور: حصہ ۲ باب اول نجاسات کے پاک کرنے کا بیان، ص ۱۲۱۔
❺ عالمگیری: کتاب الطہارت، باب ۷ نجاسات، ج ۱ ص ۷۰۔ ❻ عالمگیری، کتاب الطہارت، باب ۷ نجاسات، ج ۱ ص ۷۰۔ ❼ درالمختار: کتاب الطہارت، باب الانجاس، ج ۱ ص ۱۶۴۔ ❽ درالمختار: کتاب الطہارت، باب الانجاس، ج ۱ ص ۱۲۰۔ ❾ عالمگیری: کتاب الکراھیۃ باب ۱۸، تداوی و معالجات ج ۹ ص ۹۱۔ ❿ درالمختار: کتاب الطہارت، باب الانجاس، ج ۱ ص ۱۷۷۔

(۲۰۲) بچھونے پر خشک منی لگی ہو اس پر سویا اور پسینہ سے بچھونا تر ہو گیا۔ تو اگر بدن پر اثر ظاہر نہ ہو تو بدن پاک ہے۔ ❶

(۲۰۳) گیلے نجس کپڑے کے ساتھ پاک کپڑا لپیٹا گیا کہ وہ تر ہو گیا۔ اگر نچڑ نہ سکے تو پاک ہے۔ ❷

(۲۰۴) گیلی نجس زمین پر پاک خشک کپڑا بچھایا گیا اور وہ تر ہو گیا۔ اگر نچڑ نہ سکے تو پاک ہے۔ ❸

(۲۰۵) تر پاؤں نجس زمین یا نجس بچھونے پر رکھے تو وہ نجس نہ ہو گا۔ ❹

(۲۰۶) نجس دودھ تین بار جوش دینے سے پاک ہے۔ ❺

(۲۰۷) نجس شہد تین بار جوش دینے سے پاک ہے۔ ❻

(۲۰۸) نجس شیرہ خرما تین بار جوش دینے سے پاک ہے۔ ❼

(۲۰۹) نجس تیل تین بار جوش دینے سے پاک ہے۔ ❽

(۲۱۰) گھی ناپاک ہو گیا جتنا گھی ہو اتنا پانی ڈال کر پکائے جب پانی جل جائے تین دفعہ اسی طرح کرے تو پاک ہو جائے گا۔ ❾

(۲۱۱) گوشت کے شوربے میں نجاست پڑی جوش کی حالت میں تو تین بار ابال آنے سے پاک ہو جائے گا۔ ❿

(۲۱۲) پانی میں نجاست گری اُس سے چھینٹیں اچھل کر کپڑے پر لگیں۔ اگر رنگ و بو ظاہر نہ ہو تو کپڑا پاک ہے۔ ⓫

---

❶ عالمگیری: کتاب الطہارت، باب ۷ نجاسات، ج ۱ ص ۴۷۔ ❷ در المختار: کتاب الطہارت، باب الانجاس، ج ۱ ص ۱۷۶۔ ❸ عالمگیری: کتاب الطہارت، باب ۷ نجاسات، ج ۱ ص ۴۷۔

❹ عالمگیری: کتاب الطہارت، باب ۷ نجاسات ج ۱ ص ۴۷۔ ❺ در المختار: کتاب الطہارت، باب الانجاس، ج ۱ ص ۱۷۲۔ ❻ بہشتی زیور: حصہ ۲ بیان تطہیر النجاسۃ ص ۱۹۔ ❼ بہشتی زیور: حصہ ۲ بیان تطہیر النجاسۃ ص ۱۲۱۔ ❽ در المختار: کتاب الطہارت، باب الانجاس، ج ۱ ص ۱۷۲۔

❾ بہشتی زیور: حصہ ۲، باب اول، نجاست کے پاک کرنے کا بیان، ص ۱۲۱۔ ❿ در المختار: کتاب الطہارت، باب الانجاس، ج ۱ ص ۱۷۲۔ ⓫ عالمگیری: کتاب الطہارت، باب ۷ نجاسات، ج ۱ ص ۴۷۔

(۲۱۳) نجس سرمہ لگا ہو تو دھونا واجب نہیں۔ [1]

(۲۱۴) نجس تیل صابون میں ڈالا گیا ہو تو وہ پاک ہے۔ [2]

(۲۱۵) نجاست جلا کر اُس سے نوشادر بنایا جائے تو وہ پاک ہے۔ [3]

(۲۱۶) جب تک نجاست درہم برابر نہ ہو ستر نہ کھولے اور اگر زیادہ ہو تو کھول دے خواہ پردہ ہو یا نہ ہو۔ [4]

(۲۱۷) عورت نے دیگچہ دھویا، یا ہاتھ سے میل، یا مٹی چھڑائی تو وہ دھوون پاک ہے اور پاک کرتا ہے۔ [5]

(۲۱۸) مسافر کا ہاتھ نجس ہو۔ اگر مٹی پر مل دے تو پاک ہو جائے گا۔[محمد رحمۃ اللہ علیہ] [6]

(۲۱۹) کافر کا جھوٹا پاک ہے۔ [7]

(۲۲۰) خشک خون رگڑنے سے پاک ہو جاتا ہے۔ [8]

(۲۲۱) حرام چیز سے دوا کرنا اگر شفا کا یقین ہو تو جائز ہے۔ [9]

(۲۲۲) کعبہ کا غلاف حائضہ اور جنبی پہنے تو جائز ہے۔ [10]

(۲۲۳) جنبی کو قرآن لکھنا درست ہے بشرطیکہ چھوا نہ جائے۔ [11]

(۲۲۴) شراب کا سرکہ بن جائے تو پاک ہے۔[محمد رحمۃ اللہ علیہ] [12]

---

[1] عالمگیری: جلد ا ص ۸۷، ہدایہ جلد ا ص ۲۱۴، ۳۱۱۔ [2] عین الھدایۃ: کتاب الطہارت، باب الانجاس، ج ا ص ۲۸۶۔ [3] بہشتی گوہر: کتاب الطہارۃ، پاکی ناپاکی کے بعض مسائل، ص ۸۔

[4] منیہ ص ۸۔ [5] منیہ ص ۴۸۔ [6] منیہ ص ۵۶۔

[7] الھدایۃ: کتاب الطہارت باب الماء الذی یجوز بہ الوضوء ومالا یجوز ج ا ص ۱۵۵۔

[8] عین الھدایۃ: کتاب الطہارات باب الانجاس، ج ا ص ۲۷۸۔ [9] عین الھدایۃ: کتاب الطہارات، باب پانیوں کے بیان میں، ج ا ص ۱۳۹۔ [10] درمختار: جلد ا ص ۶۱۹۔

[11] شرح الوقایۃ: کتاب الطہارۃ، باب حیض کے بیان میں، ج ا ص ۶۵۔

[12] شرح الوقایۃ: کتاب الاشربۃ، ج ۴ ص ۶۸۔ بہشتی زیور حصہ ۳ باب ۳۵ نشہ کی چیزوں کا بیان، ص ۲۵۱۔

(۲۲۵) پیاسے کو شراب پینا ضرورتاً جائز ہے۔ [1]

(۲۲۶) شراب کا مٹکہ سرکہ ہو جانے کے بعد پاک ہے۔ [2]

باب: شراب کے متعلق

(۲۲۷) جو گوشت شراب میں پکایا گیا ہو وہ تین بار جوش دینے اور خشک کرنے سے پاک ہے۔ [ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ] [3]

(۲۲۸) جو مرغی پیٹ چاک کرنے سے پہلے پر اکھاڑنے کی غرض سے جوش دی گئی ہو تو وہ تین بار دھونے اور خشک کرنے سے پاک ہے۔ [4]

(۲۲۹) جو گیہوں شراب میں پکایا گیا وہ کئی بار جوش دے کر سوکھانے سے پاک ہو جاتا ہے۔ [ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ] [5]

(۲۳۰) شراب میں آٹے گوندھے ہوئے کی روٹی پکائی گئی ہو اگر اس قدر سرکہ ڈالا جائے کہ شراب کا اثر جاتا رہے تو پاک ہے۔ [6]

(۲۳۱) شراب میں چوہا گر کر مرا اور پھٹنے سے پہلے نکالا گیا پھر شراب سرکہ ہوگئی ہو تو وہ پاک ہے۔ [7]

(۲۳۲) ایک قطرہ شراب سرکے میں گرے تو ایک ساعت کے بعد کھانا حلال ہے اور اگر کوزہ بھر گرے تو فی الحال حلال ہے۔ [8]

(۲۳۳) شرابی شراب پینے کے بعد کئی بار تھوک نگل جائے تو اس کا منہ پاک ہے۔ [9]

---

[1] عین الھدایہ: کتاب الطہارت، باب پانیوں کے بیان میں، ج ۱ ص ۱۳۹۔ درالمختار: کتاب الاشربۃ، ج ۴ ص ۲۹۲۔ شرح الوقایۃ: کتاب الاشربۃ، ج ۴ ص ۶۸۔ [2] عالمگیری: کتاب الاشربۃ باب الاول، ج ۹ ص ۱۸۳۔ [3] فتاویٰ عالمگیری: کتاب الاشربۃ، باب الاول فی تفسیر الاشربۃ، ج ۹ ص ۱۸۳۔ [4] درالمختار: کتاب الطہارۃ، باب الانجاس، ج ۱ ص ۱۷۲۔ [5] درالمختار: کتاب الطہارۃ، باب الانجاس، ج ۱ ص ۱۷۲۔ [6] درالمختار: کتاب الطہارۃ، باب الانجاس، ج ۱ ص ۱۷۲۔ [7] فتاویٰ عالمگیری: کتاب الاشربہ، باب الاول فی تفسیر الاشربۃ، ج ۹ ص ۱۸۳، ۱۸۴۔ درالمختار: کتاب الطہارت باب الانجاس، ج ۱ ص ۱۷۶۔ [8] درالمختار: کتاب الطہارۃ، باب الانجاس، ج ۱ ص ۱۷۶۔ [9] عالمگیری: کتاب الطہارت، باب ۳ فصل دوم حکم آب، ج ۱ ص ۳۵۔

(۲۳۴) گیہوں شراب میں بھیگ کر پھول جائے تو تین مرتبہ پانی میں بھگو کر خشک کیا جائے تو وہ پاک ہے۔[ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ] [1]

(۲۳۵) شراب کا کوزہ تین بار پانی بھرنے سے پاک ہو جاتا ہے۔ [2]

(۲۳۶) شراب کا پرانا مٹکا تین بار دھونے سے پاک ہو جاتا ہے۔ [3]

(۲۳۷) کلچہ شراب میں گرا پھر شراب سرکہ ہو گئی تو وہ کلچہ پاک ہے اگر بو نہ رہے۔ [4]

(۲۳۸) عورت ہانڈی پکا رہی تھی مرد نے شراب کا پیالہ ہانڈی میں ڈال دیا۔ عورت نے اوپر سے سرکہ ڈال دیا کہ شوربا کھٹا ہو گیا تو حلال ہے۔ کھانے میں کچھ ڈر نہیں۔ [5]

(۲۳۹) شراب سے اگر شفا کا یقین ہو تو پینا جائز ہے۔ [6]

(۲۴۰) گیہوں شراب میں گرے اگر بو مزہ نہ پایا جائے تو کھانے میں مضائقہ نہیں [7]

(۲۴۱) شوربے میں شراب پڑی پھر اوپر سے سرکہ ڈالا جائے کہ ترشی آ جائے تو پاک ہے۔ [8]

(۲۴۲) شراب یا پیشاب لگے تو مٹی ڈال کر رگڑنے سے پاک ہو جاتا ہے۔ [9]

(۲۴۳) انگلی شراب میں بھر گئی شرابی کو چوسالے تو پاک ہے۔ [10]

(۲۴۴) شراب میں روٹی ملی اس پر سرکہ ڈالا کہ شراب کا اثر جاتا رہا تو وہ پاک ہے۔ [11]

---

[1] عین الھدایۃ: کتاب الطھارۃ، باب الانجاس، ج۱ص۳۰۷۔ [2] عالمگیری: کتاب الطھارت، باب ۷ ج۱ ص۶۷۔ [3] عالمگیری: کتاب الطھارت، باب ۷ نجاسات، ج۱ص۶۷۔ [4] عالمگیری: کتاب الطھارت ،باب ۷ نجاسات، ج۱ص۶۹۔ [5] عالمگیری: جلد۴ص۳۰۱۔ [6] عالمگیری: کتاب الکراھیۃ، باب۱۸، تداوی و معالجات، ج۹ص۹۰۔ [7] عالمگیری: کتاب الاشربۃ، باب الاول تفسیر الاشربۃ، ج۹ص۱۸۳۔ [8] عین الھدایۃ: کتاب الطھارات، باب الانجاس، ج۱ص۲۸۶۔ [9] عالمگیری: کتاب الطھارت، باب ھفتم نجاسات، ج۱ص ۶۸۔ [10] عین الھدایۃ: کتاب الطھارات، باب الانجاس، ج۱ص۲۷۵۔ [11] عین الھدایۃ: کتاب الطھارات، باب الانجاس، ج۱ص۲۸۵_۲۸۶۔

(۲۴۵) شراب میں پانی مل کر سرکہ بنا تو پاک ہے۔ ❶

(۲۴۶) فاسقوں کے کپڑے جو شراب سے پرہیز نہیں کرتے (نجس نہیں ہوتے) صحیح یہ ہے ان میں نماز مکروہ بھی نہیں۔ ❷

(۲۴۷) شراب مٹی سے ملی ہوئی ہو اگر خشک ہو تو رگڑنے سے پاک ہو جاتی ہے۔ ❸

(۲۴۸) تاڑی کا سرکہ کھانا درست ہے۔ ❹

باب: سور کے متعلق

(۲۴۹) سور نجس العین نہیں ہے [ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ] [جب یہی نجس العین نہیں تو نہ معلوم پھر کون ہوگا۔] ❺

(۲۵۰) سور نمک سار میں گر کر نمک ہو جائے تو پاک ہے [ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ و محمد رحمۃ اللہ علیہ] ❻

(۲۵۱) سور کی بیع جائز ہے۔ ❼

باب: کتے کے متعلق

(۲۵۲) کتا نجس العین نہیں ہے۔ [ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ] ❽

(۲۵۳) مٹی کے برتن میں کتا منہ ڈالے تو تین بار دھونے سے پاک ہے۔ ❾

(۲۵۴) بھیگے کتے کی چھینٹوں سے۔ اور اس کے کاٹنے سے کپڑا ناپاک نہیں ہوگا۔ ❿

---

❶ عین الھدایۃ: کتاب الطہارات، باب الانجاس، ج ا ص ۲۸۶۔ ❷ عین الھدایۃ: کتاب الطہارات، باب الانجاس، ج ا ص ۳۰۸۔ ❸ درالمختار: کتاب الطہارۃ، باب الانجاس، ج ا، ص ۱۶۴۔

❹ بہشتی زیور: حصہ ۳ نشہ کی چیزوں کا بیان ص ۲۵۱۔ ❺ درالمختار: کتاب الصید، ج ۴ ص ۳۰۲۔

❻ عین الھدایۃ: کتاب الطہارات، باب الانجاس، ج ا ص ۲۸۶۔ فتاویٰ عالمگیری (اردو) کتاب الطہارت، ج ا ص ۶۹۔ درمختار: کتاب الطہارت، باب الانجاس، ج ا ص ۱۷۰۔ ❼ منیہ ص ۴۷۔

❽ عین الھدایۃ: کتاب الطہارۃ، باب الماء الذی یجوز بہ الوضوء، ج ا ص ۱۳۴۔

❾ عین الھدایۃ: کتاب الطہارۃ، باب الماء الذی یجوز بہ الوضوء فصل فی الآسار، ج ا، ص ۱۵۷۔

❿ عین الھدایۃ: کتاب الطہارت، باب ماء الذی یجوز بہ الوضوء، ج ا ص ۱۳۵۔

(۲۵۵) کتے کی بیع جائز ہے۔ [1]

(۲۵۶) کتے کے بالوں کا تکمہ بنانے میں مضائقہ نہیں۔ [2]

(۲۵۷) کتے کی ہڈی اور بال اور پٹھے پاک ہیں۔ [3]

(۲۵۸) کتے کی کھال کا ڈول اور جائے نماز بنانا جائز ہے۔ [4]

(۲۵۹) کتے اور بھیڑیئے کی کھال ذبح کرنے سے پاک ہو جاتی ہے۔ [5]

باب: گدھے کے متعلق

(۲۶۰) گدھے کا جھوٹا پاک ہے۔[محمد رحمۃ اللہ علیہ] [6]

(۲۶۱) گدھے ذبح ہوئے کی چربی اور گوشت بالاتفاق پاک ہے۔ [7]

(۲۶۲) گدھی کا دودھ پاک ہے۔[محمد رحمۃ اللہ علیہ] [8]

باب: دباغت کے متعلق

(۲۶۳) جو کھال دباغت سے پاک ہوتی ہے وہ پاک ہو جاتی ہے جانور کے ذبح سے۔ [9]

(۲۶۴) سور کی کھال کے سوا ہر جانور کی کھال دباغت سے پاک ہو جاتی ہے۔ [10]

(۲۶۵) سور کی کھال بھی دباغت سے پاک ہو جاتی ہے۔ [11]

---

[1] شرح الوقایۃ: کتاب البیوع، فصل فی مسائل شتی فی البیع، ج ۳ ص ۳۷۔ عین الھدایۃ: کتاب لطہارت، باب الماء الذی یجوز بہ الوضوٗ، ج ا ص ۱۳۵۔ [2] عین الھدایۃ: کتاب الطہارت، باب الانجاس، ج ا ص ۲۹۲۔ [3] درالمختار: کتاب الطہارت باب المیاہ ج ا ص ۱۱۸ [4] عین الھدایۃ: کتاب الطہارت باب ماء الدی یجوز بہ الوضوٗ، ج ا ص ۱۳۵۔ [5] منیہ ص ۴۹۔ [6] عین الھدایۃ: کتاب الطہارت باب ماء الذی یجوز الوضوٗ بہ، ج ا ص ۱۶۲۔ [7] ہدایہ جلد ا ص ۱۱۹ [8] ھدایۃ: کتاب الطہارۃ باب ماء الذی یجوز بہ الوضوٗ، ج ا ص ۱۶۱۔ عالمگیری (اردو)، کتاب الطہارت، ج ا، ص ۲۷۔ [9] شرح الوقایۃ: کتاب الطہارۃ، فصل دباغت کے بیان میں، ج ا ص۔ عین الھدایۃ: کتاب الطہارۃ، باب ماء الذی یجوز الوضوٗ بہ و مالا یجوز، ج ا ص ۱۳۵۔ بہشتی زیور: حصہ ا، ماء الذی یجوز الوضوٗ بہ و مالا یجوز، ص ۷۵۔ [10] درالمختار: کتاب الطہارت باب المیاہ، ج ا ص ۱۱۷۔

[11] منیہ ص ۴۷۔

(۲۶۶) آدمی کی کھال دباغت سے پاک ہوجاتی ہے۔ 1

(۲۶۷) کتے اور ہاتھی کی کھال دباغت سے پاک ہوجاتی ہے۔ 2

(۲۶۸) مردار جانور کا چمڑا دھوپ یا ہوا میں سکھانے سے پاک ہوجاتا ہے۔ 3

(۲۶۹) مردار جانور کا چمڑا دھوپ یا ہوا میں سکھائے ہوئے پر نماز اور اس کے ڈول سے وضو جائز ہے۔ 4

باب: متفرقات نجاسات

(۲۷۰) مردار کی کھال جو دھوپ میں دباغت دی ہوئی ہو اگر تر ہوجائے تو پاک ہے۔ 5

(۲۷۱) جن جانوروں کا گوشت نہیں کھایا جاتا۔ ان کا گوشت ذبح کرنے سے پاک ہوجاتا ہے۔ 6

(۲۷۲) سوا سور کے حرام جانوروں پر بسم اللہ پڑھ کر ذبح کیا گیا تو اس کے کل اجزاء چربی، اور گوشت پاک ہے۔ 7

(۲۷۳) سوا سور کے سب کے بال پاک ہیں۔ 8

(۲۷۴) پٹھے مردار کے پاک ہیں۔ 9

(۲۷۵) مردار کا چستہ اور دودھ پاک ہے۔ [ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ] 10

---

1 عین الھدایۃ: کتاب الطہارۃ، باب ماء الذی یجوز الوضوٗ بہ، ج ا ص ۱۳۱۔ شرح الوقایۃ: کتاب الطہارۃ، فصل دباغۃ الاھاب، ج ا ص ۴۵۔ 2 درالمختار: کتاب الطہارۃ، باب السیاہ، ج ا ص ۱۱۷۔ 3 شرح الوقایۃ: کتاب الطہارۃ، باب طہارۃ الاھاب، ج ا ص ۴۶۔ عین الھدایۃ: کتاب الطہارات، باب ماء الذی یجوز الوضوٗ بہ ج ا ص ۱۳۵۔ 4 بہشتی زیور: حصہ ا ماء الذی یجوز الوضوٗ بہ و مالا یجوز ص ۷۵۔ 5 شرح الوقایۃ: کتاب الطہارۃ، باب فصل دباغۃ الاھاب، ج ا ص ۴۶۔ 6 عین الھدایۃ: کتاب الطہارۃ، باب ماء الذی یجوز الوضوٗ بہ، ج ا ص ۱۳۵۔۱۳۶۔ 7 عین الھدایۃ: کتاب الطہارۃ، باب ماء الذی یجوز الوضوٗ بہ، ج ا ص ۱۳۶۔ شرح الوقایۃ، کتاب الطہارۃ باب طہارۃ الاھاب، ج ا ص ۴۷۔ 8 درالمختار: کتاب الطہارت باب السیاہ ج ا ص ۱۱۸۔ 9 درالمختار: کتاب اطہارۃ باب السیاہ ج ا ص ۱۱۸۔ عالمگیری: کتاب الطہارت، فصل دباعت کے بیان میں، ج ا ص ۴۷۔ 10 درالمختار: کتاب الطہارت باب السیاہ، جلد ا ص ۱۱۸۔

(۲۷۶) آدمی کے کان پاک ہیں۔ ❶

باب: تیمّم کے بیان میں

(۲۷۷) تیمّم میں ترتیب شرط نہیں۔ ❷

(۲۷۸) صاف چکنے پتھر پر تیمّم جائز ہے اگرچہ دھلا ہوا ہو۔ ❸

(۲۷۹) کیچڑ سے تیمّم جائز ہے۔ ❹ [یہاں آیت فَتَیَمَّمُوْا صَعِیْدًا طَیِّبًا کا حکم کہاں چلا گیا]

(۲۸۰) تیمّم ہڑتال وسرمہ وگیرو وگندھک وسیندھے نمک اور پانی سے بنے ہوئے نمک اور کوئلے سے جائز ہے۔ ❺

(۲۸۱) جو غبار کی جگہ چہرہ گھسائے تیمّم کی نیت سے، تو تیمّم جائز ہے۔ ❻

(۲۸۲) سور یا کتے کی پیٹھ پر غبار ہو تو تیمّم جائز ہے۔ [ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ] ❼

(۲۸۳) جو تیمّم کا ارادہ کر کے زمین پر لیٹے اگر مٹی بازو اور ہتھیلیوں اور منہ تک پہنچے تو تیمّم جائز ہے۔ ❽

(۲۸۴) جنبی نے تیمّم وضو کی نیت سے کیا تو جنابت کیلئے بھی کافی ہے۔ ❾

(۲۸۵) نماز جنازہ وعید کے واسطے تیمّم کرنا جائز ہے اگرچہ پانی موجود ہو۔ ❿

---

❶ درالمختار: کتاب الطہارت، باب المیاہ، ج۱ ص۱۱۸۔ ❷ شرح الوقایۃ: کتاب الطہارۃ، باب التیمم، ج۱ ص۵۴۔ ❸ بہشتی زیور: حصہ۱ تیمم کا بیان ص۸۳۔

❹ بہشتی زیور: حصہ۱ تیمم کا بیان ص۸۳۔ عین الھدایۃ: کتاب الطہارت، باب التیمم، ج۱ ص۱۷۹۔

❺ عین الھدایۃ: کتاب الطہارۃ، باب التیمم، ج۱ ص۱۷۸، ۱۷۹۔ مالابدمنہ: کتاب الطہارۃ، فصل فی التیمم ص۲۰۔ بہشتی زیور: حصہ۱ فی بیان التیمم ص۸۲۔ درالمختار: کتاب الطہارت، باب التیمم، جلد۱ ص۱۳۲۔ عالمگیری: کتاب الطہارت، باب سوم، فصل اول مسائل تیمم، ج۱ ص۴۰۔ ❻ درالمختار: کتاب الطہارت، باب التیمم، ج۱ ص۱۳۱۔ ❼ عین الھدایۃ: کتاب الطہارت، باب التیمم، ج۱ ص۱۸۲۔

❽ عالمگیری: کتاب الطہارت، باب چہارم، فصل اول مسائل تیمم، ج۱ ص۳۹۔

❾ عین الھدایۃ: کتاب الطہارت باب التیمم ج۱ ص۱۸۴ ❿ عین الھدایۃ: کتاب الطہارۃ، باب التیمم، ج۱ ص۱۹۳، ۱۹۴۔ کنز الدقائق: کتاب الطہارۃ، باب التیمم، ص۱۰۔

باب: مسح کے بیان میں

(۲۸۶) موزے پر مسح بھول گیا اتفاقاً پانی موزے پر پڑ گیا تو مسح درست ہے۔ ❶

کتاب الصلوٰۃ

باب: اذان کے بیان میں

(۲۸۷) اذان فارسی وغیرہ ہر زبان میں جائز ہے' اگر لوگ یہ سمجھ لیں کہ اذان ہوئی ہے۔ ❷

باب: نماز کی کیفیت میں

(۲۸۸) نماز میں روزے کی نیت کرے تو درست ہے۔ ❸

(۲۸۹) ایک پیر کی جگہ بھی پاک ہو تو دوسرے پاؤں کو اٹھائے رہے تو کافی ہے۔ ❹

(۲۹۰) شروع کرنا نماز کا سوا عربی کے درست ہے اگرچہ عربی جانتا ہو۔ ❺

(۲۹۱) بجائے اللہ اکبر کے اللہ الا کبر یا اللہ کبیر یا اللہ الکبیر یا اللہ اکبار یا اللہ الا کبار کہنا جائز ہے۔[ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ] ❻

(۲۹۲) بجائے اللہ اکبر کے الحمد للہ یا تبارک اللہ یا اللہ اجل یا اللہ اعظم یا الرحمٰن اکبر کہے تو جائز ہے۔ ❼

---

❶ بہشتی زیور: حصہ ۱، مسح علی الخفین، ص ۸۶۔ ❷ عین الهدایۃ: کتاب الصلوۃ، باب صفۃ الصلوۃ، ج ۱، ص ۴۴۹۔ درمختار: کتاب الصلاۃ، باب صفۃ الصلاۃ، ج ۱ ص ۲۴۶۔ ❸ درالمختار: کتاب الصلوۃ، باب شروط الصلوۃ، ج ۱ ص ۲۲۴۔ ❹ بہشتی گوہر: نماز کی شرطوں کا بیان، ص ۳۰۔ ❺ درالمختار: کتاب الصلوۃ شروط الصلوۃ، ج ۱ ص ۲۳۰۔ عین الهدایۃ: کتاب الصلوۃ، صفۃ الصلوۃ، ج ۱ ص ۴۴۶۔ ❻ عین الهدایۃ: کتاب الصلوۃ، باب صفۃ الصلوۃ، ج ۱ ص ۴۴۳۔ عالمگیری: کتاب الصلوۃ، باب چہارم صفۃ الصلوۃ، ج ۱ ص ۱۰۶۔ درمختار: کتاب الصلاۃ، باب صفۃ الصلاۃ، ج ۱ ۲۴۶۔ ❼ عین الهدایۃ: کتاب الصلوۃ، باب صفۃ الصلوۃ، ج ۱ ص ۴۴۲۔ شرح الوقایۃ: کتاب الصلوۃ، باب صفۃ الصلوۃ، ج ۱، ص ۱۴۳۔

(۲۹۳) بجائے اللہ اکبر کے سبحان اللہ یا لا الہ الا اللہ کہے تو جائز ہے۔ ❶

(۲۹۴) اللہ اکبر کا لفظ فارسی میں پڑھے تو بھی جائز ہے۔ ❷

(۲۹۵) نماز کے سب اذکار اور خطبہ اور ثناء وغیرہ ہر زبان میں درست ہیں۔

[ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ] ❸

(۲۹۶) فارسی زبان فائق ہے۔ ❹

(۲۹۷) سب اذکار سوا قرأت کے باوجود عربی جاننے کے غیر زبان میں جائز ہیں۔[ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ] ❺

(۲۹۸) سلام یا جواب سلام اور تکبیر وقت ذبح کے اور قرأت غیر زبان میں جائز ہے۔ ❻

(۲۹۹) بقدر ضرورت قرأت عربی میں پڑھ کر فارسی میں پڑھے تو بلا خلاف درست ہے۔ ❼

(۳۰۰) نماز میں سبحانک پڑھتے وقت ہاتھ لٹکائے رکھے جب ختم کر چکے تو ہاتھ باندھ لے۔ ❽

(۳۰۱) عورت سینہ پر ہاتھ باندھے۔ ❾

---

❶ شرح الوقایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج اص ۱۴۳۔ درمختار: کتاب الصلاۃ، باب صفۃ الصلاۃ، ج ۱ ص ۲۴۵۔ ❷ شرح الوقایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج اص ۱۴۳۔ عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج ۱ ص ۴۴۶۔ ❸ عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ ج ۱ ص ۴۴۹۔ درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، فصل فی شروع الصلاۃ، ج اص ۲۴۶۔

❹ درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج اص ۲۴۶۔ ❺ درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، فصل الشروع فی الصلوٰۃ، ج اص ۲۴۷۔ ❻ درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، فصل الشروع فی الصلوٰۃ، ج اص ۲۴۶۔

❼ درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، فصل الشروع فی الصلوٰۃ، ج اص ۲۴۷۔ ❽ درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، فصل الشروع فی الصلوٰۃ، ج اص ۲۴۸۔ ❾ بہشتی زیور: حصہ ۲ باب ۷ طریقۃ اداء الفریضۃ من الصلوٰۃ ص ۱۳۱۔ مالا بد منہ: کتاب الصلوٰۃ ص ۳۴۔ عالمگیری: کتاب الصلاۃ، باب چہارم، صفت نماز، ج ۱، ص ۱۱۳۔ درمختار: کتاب الصلاۃ، باب صفۃ الصلاۃ، ج اص ۲۴۸۔

(۳۰۲) امام قرأت شروع کرے تو مقتدی سُبحَانَکَ اللّٰھُمَّ پڑھ لے۔ ❶

(۳۰۳) بسم اللہ کا منکر کافر نہیں۔ ❷ [کیا وہ قرآن نہیں]

(۳۰۴) مقتدی سورہ فاتحہ امام کے پیچھے پڑھے تو یہ ضعیف ہے۔ ❸

(۳۰۵) مقتدی کا قرأت فاتحہ کرنا مکروہ تحریمی ہے مگر نماز صحیح ہوگی [ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ و ابو یوسف]۔ ❹

(۳۰۶) نماز جنازہ میں سورہ فاتحہ بقصد ثنا پڑھے تو جائز ہے۔ ❺

(۳۰۷) بعض علماء نے کہا ہے کہ اگر میں مقتدی ہوں اور فاتحہ نہ پڑھوں تو امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ مجھ پر عتاب کریں اور پڑھوں تو ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ غصے ہوں۔ اس لئے میں نے امامت کو اختیار کیا۔ ❻

(۳۰۸) اگر پچھلی دو رکعتوں میں الحمد و تسبیح چھوڑ دے تو جرم نہیں۔ ❼

(۳۰۹) فاتحہ کی بجائے کوئی حصہ قرآن سے پڑھ لے تو فرض ادا ہو جائے گا۔ ❽

(۳۱۰) نماز سری و جہری میں مقتدی کچھ قرأت نہ پڑھے۔ ❾

(۳۱۱) امام کے پیچھے الحمد پڑھنے والے کے منہ میں انگارے اور پتھر ہیں۔ ❿

[حدیث لَا صَلٰوۃَ اِلَّا بِفَاتِحَۃِ الْکِتَابِ کے مقابلہ میں ایسا لکھنا کیا معنی رکھتا ہے۔ انصاف طلب]

---

❶ عالمگیری: کتاب الصلوٰۃ، فصل مسبوق اور لاحق کے بیان میں، ج ۱ ص ۱۴۱۔ (اب آیت وَ اِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰن کا حکم کہاں گیا) ❷ درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، فصل الشروع فی الصلوٰۃ، ج ۱ ص ۲۵۱۔

❸ درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، فصل فی القرأۃ، ج ۱ ص ۲۸۱۔

❹ درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج ۱ ص ۲۸۱۔

❺ درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الجنازۃ، ج ۱ ص ۴۵۸۔ ❻ درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، فصل فی القرأۃ، ج ۱ ص ۲۸۶۔ ❼ عالمگیری: جلد ۱ ص ۱۰۲۔

❽ عین الہدایہ: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، فصل فی القرأۃ، جلد ۱ ص ۴۶۵۔

❾ عین الہدایہ: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج ۱ ص ۵۴۸۔ درمختار: کتاب الصلاۃ، باب صفۃ الصلاۃ، ج ۱ ص ۲۸۱۔

❿ عین الہدایہ: کتاب الصلوٰۃ باب صفۃ الصلوٰۃ ج ۱ ص ص ۵۵۹۔

(۳۱۲) پچھلی دو رکعتوں میں بجائے الحمد کے تین دفعہ سبحان اللہ کہے تو درست ہے۔ ❶

(۳۱۳) پچھلی دونوں رکعتوں میں اگر کچھ بھی نہ پڑھے تو درست ہے۔ ❷

(۳۱۴) اگر امام مسافر قصر کرے تو مقتدی پوری کر لے مگر مقتدی بقیہ رکعات میں الحمد نہ پڑھے۔ ❸

(۳۱۵) آمین بالجہر مکروہ ہے۔ ❹

(۳۱۶) رفع الیدین قبل الرکوع و بعد الرکوع مکروہ ہے۔ ❺

(۳۱۷) سجدہ فقط ناک یا فقط پیشانی پر کرنا جائز ہے۔[ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ] ❻

(۳۱۸) عورت سجدے میں پیٹ کو اپنے دونوں زانوں سے ملا ہوا رکھے۔ ❼

(۳۱۹) التحیات سوا عربی کے ہر زبان میں جائز ہے[ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ] ❽

(۳۲۰) عورت التحیات کے وقت اپنے دونوں پاؤں کو دائیں طرف نکال کر چوتڑوں پر بیٹھے۔ ❾

(۳۲۱) درود پڑھنا ہمارے نزدیک فرض نہیں ہے۔ ❿

(۳۲۲) سلام کے وقت قصداً حدث کرے (پاد مارے) تو نماز فاسد نہیں ہوتی۔[سلام پھیرنے کی ضرورت نہیں۔] ⓫

---

❶ بہشتی زیور: حصہ ا باب ۸ فرض نماز پڑھنے کے طریقے، ص ۱۳۵۔ ❷ بہشتی زیور: حصہ ا باب ۸ فرض نماز پڑھنے کے طریقے، ص ۱۳۵۔ ❸ کنز ص ۵۹۔ ❹ عالمگیری: کتاب الصلوٰۃ، باب ہفتم مفسدات نماز ج ا ص ۱۷۱۔ (ملاحظہ ہو مسئلہ نمبر ۲۵۱ الغایت نمبر ۲۵۵ حصہ دوم) ❺ مینہ ص ۱۰۱۔

❻ عین الہدایہ: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج ا ص ۴۸۲۔ عالمگیری: کتاب الصلوٰۃ، باب چہارم، صفۃ الصلوٰۃ، ج ا ص ۱۰۹۔ ❼ کنز الدقائق: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ ص ۲۵۔ درالمختار: کتاب الصلوٰۃ باب صفۃ الصلوٰۃ، ج ا ص ۲۵۷ ❽ عین الہدایہ: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج ا، ص ۴۴۹۔

❾ عین الہدایہ: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج ا ص ۵۰۲۔

❿ عین الہدایہ: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج ا ص ۵۱۰۔ ⓫ شرح وقایہ: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج ا ص ۱۱۰۔

(۳۲۳) امام نے بعد تشہد کے باتیں کیں یا مسجد سے نکل گیا تو نماز جائز ہے۔ 1

(۳۲۴) مقتدی تشہد پڑھ کے امام سے بول پڑا تو نماز درست ہوگی۔ 2

(۳۲۵) سلام کے وقت عمداً قہقہہ کرے تو نماز نہیں ٹوٹتی۔ 3

باب: بیان میں ان امور کے کہ جن سے نماز فاسد نہیں ہوتی

(۳۲۶) پیشاب کی جگہ یا دبر پر نجاست لگی ہو گو بکثرت ہو تو نماز ہو جاتی ہے۔ 4

(۳۲۷) نمازی جب آدمی یا کتا منہ بندھا لے کر نماز پڑھے تو جائز ہے۔ 5

(۳۲۸) نمازی کے جسم پر کتا بیٹھ جائے۔ منہ سے لعاب نہ نکلے تو مضائقہ نہیں۔ 6

(۳۲۹) بلغار میں عشاء کا وقت معلوم نہ ہو تو نماز واجب نہیں۔ 7

(۳۳۰) نمازی گریبان کی طرف سے شرمگاہ کو دیکھے تو نماز فاسد نہیں ہوتی۔ 8

(۳۳۱) دبر یا ذکر فوطے چوتھائی سے کم کھل جائیں تو نماز جائز ہے۔ 9

(۳۳۲) ہاتھ اور زانو کی جگہ کا پاک ہونا ضروری نہیں۔ اگر ناپاک جگہ رکھے جائیں تو نماز فاسد نہیں ہوتی۔ 10

(۳۳۳) نماز میں کپڑا نجس جگہ پر پڑتا ہو تو حرج نہیں۔ 11

---

1 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الاستخلاف، ج۱ص ۳۲۰۔ عین الهدایہ: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج۱ ص۵۱۷۔ 2 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج۱ص۲۷۱۔

3 عین الهدایہ: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج۱ص ۵۱۷۔ 4 درالمختار: کتاب الطہارۃ باب الانجاس، ج۱ص۱۷۳۔ 5 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب شروط الصلوٰۃ، ج۱ص۲۰۴۔

6 بہشتی گوہر: نماز کی شرطوں کا بیان، ص۲۹۔ 7 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، ج۱ص۱۸۵۔

8 درالمختار: کتاب الطہارۃ، باب شروط الصلوٰۃ، ج۱ص ۲۰۷۔ 9 شرح وقایہ ص۹۰' منیہ ص ۶۵۔

10 درمختار: کتاب الصلاۃ، باب مایفسد الصلاۃ، ج۱ص۳۲۹۔

11 بہشتی گوہر: نماز کی شرطوں کا بیان، ص۳۰۔

(۳۳۴) ہجے کر کے نماز پڑھنے سے نماز فاسد نہیں ہوتی۔ 1

(۳۳۵) مردہ کے پیٹ پر نمدا پڑا ہے اور اس پر سجدہ کیا اگر سختی معلوم نہ ہوئی تو سجدہ جائز ہے۔ 2

(۳۳۶) نمازی سلام کا جواب اشارہ سے دے تو نماز فاسد نہیں ہوتی۔ 3

(۳۳۷) نماز میں پانی مانگنے کے لئے دو صف سے تجاوز کر جائے تو نماز فاسد نہیں ہوتی۔ 4

(۳۳۸) اگر مسبوق (مسبوق وہ ہے کہ جس کو امام کے ساتھ کچھ نماز نہ ملی ہو) کا امام تشہد کے بعد بول پڑا یا مسجد سے نکل گیا تو مسبوق کی نماز فاسد نہیں ہوتی۔ 5

(۳۳۹) کتے بلی کو بلانے یا گدھے کو ہانکنے سے نماز فاسد نہیں ہوتی۔ 6

(۳۴۰) امام کی قرأت مقتدی کو اچھی معلوم ہو اور رو کر کہے کیوں نہیں یا ہاں یا البتہ تو نماز فاسد نہیں ہوتی۔ 7

(۳۴۱) نماز میں قبلہ سے منہ پھیر لینے سے اگر چہ سارا پھیر لے تو نماز فاسد نہیں ہوتی۔ 8

(۳۴۲) بے وضو ہونے کے گمان سے نماز میں منہ پھیر لے اور یاد آنے پر قبلہ کی طرف منہ کر لے تو نماز فاسد نہیں ہوتی۔ 9

(۳۴۳) نمازی قبلہ کی طرف منہ کئے چلا بقدر ایک صف کے اور ٹھہرا اور چلا اور پھر ٹھہرا تو جب کہ مسجد کے باہر نہ ہو تو نماز فاسد نہ ہوگی۔ 10

---

1 درالمختار: کتاب الطہارۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج اص ۲۴۷۔ 2 عالمگیری: جلد اص ۹۵۔

3 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب مایفسد الصلوٰۃ، ج اص ۳۲۳۔ ایضاً باب الاستخلاف، ص ۳۱۵۔

4 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الاستخلاف، ج اص ۳۱۶۔ 5 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الاستخلاف، ج اص ۳۲۰۔ 6 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب مایفسد الصلوٰۃ، ج اص ۳۲۲۔

7 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب مایفسد الصلوٰۃ، ج اص ۳۲۵۔ 8 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب مایفسد الصلوٰۃ، ج اص ۳۳۰۔ 9 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب مایفسد الصلوٰۃ، ج اص ۳۳۰۔

10 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب مایفسد الصلوٰۃ، ج اص ۳۳۰۔

(۳۴۴) مرد نماز پڑھ رہا ہے اور عورت نے بوسہ لیا تو نماز فاسد نہیں ہوتی۔ ہاں اگر مرد نے نمازی عورت کا بوسہ لیا تو عورت کی نماز فاسد ہوگی۔ ❶

(۳۴۵) پرندے پر پتھر پھینکنے سے نماز فاسد نہیں ہوتی۔ ❷

(۳۴۶) نمازی ہاتھ یا سر سے ہاں یا نہیں کا اشارے کرے تو نماز فاسد نہ ہوگی۔ ❸

(۳۴۷) جس عورت کو مرد طلاق رجعی دے چکا ہو اگر نماز میں اس کی فرج دیکھے تو نماز فاسد نہیں۔ ❹

(۳۴۸) اپنا ستر دیکھنے سے نماز فاسد نہیں ہوتی۔ ❺

(۳۴۹) کسی نے نماز پڑھنے والے سے پوچھا کہ کتنی رکعتیں ہوئیں تو یہ اشارہ سے بتا دے تو نماز فاسد نہیں ہوتی۔ ❻

(۳۵۰) تین کلموں سے کم لکھنے میں نماز فاسد نہیں ہوتی۔ ❼

(۳۵۱) نماز میں اذان دے دے مگر حی علی الصلوٰۃ نہ کہے تو نماز فاسد نہیں ہوتی۔ ❽

(۳۵۲) نماز میں لفظ اللہ سن کر بلا قصد جل جلالہ اور آنحضرت ﷺ کا نام سن کر درود پڑھے تو نماز فاسد نہیں۔ ❾

(۳۵۳) دل میں شعر بنائے تو نماز فاسد نہیں ہوتی۔ ❿

(۳۵۴) لکھے ہوئے پر نظر کی اور اس کے معنی دریافت کئے تو نماز فاسد نہیں ہوگی۔ ⓫

(۳۵۵) نماز میں ٹھہر ٹھہر کر ایک ایک رکن کے بعد ایک ایک جوں مارے تو نماز فاسد نہیں ہوتی۔ ⓬

---

❶ درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب مایفسد الصلوٰۃ، ج ۱ ص ۳۳۰۔
❷ درمختار: کتاب الصلاۃ، باب مایفسد الصلاۃ، ج ۱ ص ۳۳۰۔ ❸ عالمگیری: کتاب الصلوٰۃ، باب ہفتم، مفسدات نماز، ج ۱ ص ۱۵۵۔ ❹ عین الھدایہ کتاب الصلوٰۃ باب مایفسد الصلوٰۃ وما یکرہ فیہا ج ۱ ص ۶۵۰
❺ ہدایہ جلد ۱ ص ۳۱۲۔ ❻ منیہ ص ۱۱۶۔ ❼ منیہ ۱۱۶۔ ❽ منیہ ص ۱۱۶۔
❾ منیہ، ص ۱۱۶۔ ❿ منیہ ص ۱۱۰۔ ⓫ مالا بدمنہ: کتاب الصلوٰۃ فصل در مفسدات نماز، ص ۴۳۔
⓬ منیہ ص ۱۱۷۔

(۳۵۶) پنکھے سے ایک دو مرتبہ نماز میں ہوا کر لے تو نماز فاسد نہیں ہوتی۔ 1

باب: متعلقات نماز میں

(۳۵۷) جمائی دور کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ نمازی یہ سوچے کہ انبیاءؑ جمائی نہیں لیتے۔ 2

(۳۵۸) افعال نماز میں ترتیب شرط نہیں۔ 3

(۳۵۹) اگر قبلہ میں شک ہو تو چار رکعت چاروں طرف پڑھے۔ 4

(۳۶۰) جو نماز میں خلل ڈالتا ہو اس کی تنبیہ کے لئے قرآن اس ترکیب سے پڑھے کہ وہ باز آ جائے تو حرج نہیں۔ 5

(۳۶۱) نماز میں دروازہ بند کیا تو نماز فاسد نہ ہوگی اور کھولا تو ہوگی۔ 6

(۳۶۲) جب یقین ہو کہ صبح کی ایک رکعت مل جائے گی تو سنت مکروہ نہیں۔ 7

(۳۶۳) جو چاہے کہ فجر کے پہلے کی سنت پڑھے تو اس کا حیلہ یہ ہے کہ پہلے فرض کے سنت پڑھے پھر اس کو توڑ ڈالے تو اب بعد فرض کے سنت پڑھ لے۔ 8

(۳۶۴) مستحق امامت کا وہ ہے جس کی بیوی زیادہ اچھی ہو۔ 9

(۳۶۵) جو کافر با جماعت نماز پڑھ لے تو وہ مسلمان ہے۔ 10

(۳۶۶) عورتوں کی جماعت مکروہ تحریمی اور بدعت ہے۔ 11 [خلاف حدیث ہے]

---

1 منیہ، ص ۱۷۔ 2 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج ۱ ص ۳۴۲۔

3 عالمگیری: کتاب الصلوٰۃ، باب ۱۱، قضا نماز، ج ۱ ص ۱۹۴۔ 4 منیہ ص ۱۰۰۔ 5 عالمگیری: کتاب الصلوٰۃ باب ہفتم مفسدات نماز ج ۱ ص ۱۵۶۔ 6 عالمگیری: کتاب الصلوٰۃ، باب ہفتم، مفسدات نماز، ج ۱ ص ۱۶۴۔ 7 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، ص ۱۹۱۔ 8 عین الهدایۃ: کتاب الحیل، فصل دوم مسائل وضوء و نماز میں، ج ۴ ص ۹۳۲۔ 9 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ باب الامامۃ، ج ۱ ص ۲۹۰۔

10 عین الهدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، ج ۱، ص ۳۲۲۔

11 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الامامۃ، ج ۱ ص ۲۹۴

(۳۶۷) سجدہ تلاوت محض رکوع سے بھی ادا ہو جاتا ہے۔ ❶

(۳۶۸) قنوت میں درود نہ پڑھے۔ ❷ [خلاف حدیث ہے][نسائی باب الدعافی الوتر]

(۳۶۹) فوت شدہ نماز کے بدلے کفارہ دینا جائز ہے۔ ❸

(۳۷۰) اگر میت نے اس قدر مال نہ چھوڑا ہو کہ وہ کفارہ کے لئے کافی ہو تو اس کا حیلہ یہ ہے کہ وارث یہ تدبیر کرے کہ آدھا صاع گیہوں قرض لے اور فقیر کو دے دے۔ فقیر اس کو واپس ہبہ کر دے۔ غرض اسی طرح لوٹ پھیر کرتا رہے کہ کفارہ تمام ہو جائے گا۔ ❹

(۳۷۱) جو فقیر چاہے کہ اپنے باپ کی قضا نمازوں کا فدیہ ادا کرے تو یہ حیلہ کرے کہ دو سیر گیہوں فقیر کو دے پھر اس سے بطور ہبہ مانگ لے روزانہ ایسا کرے جب تک کہ سب نمازوں کا فدیہ نہ ہو لے۔ ❺

(۳۷۲) قنوت نہ پڑھے کسی نماز میں سوائے وتر کے ہدایہ جلد اص ۵۳۳ (آگے جا کے لکھا ہے) نماز فجر میں قنوت پڑھنا چاروں خلفائے راشدین اور اکثر صحابہ رضی اللہ عنہم سے ثابت ہے۔ ❻ [دونوں قول قابل غور ہیں]

باب: متعلق جمعہ

(۳۷۳) جمعہ کی شرطوں میں سے یہ ہے کہ شہر ہو کہ جہاں حدود شرعیہ قائم ہوں۔ ❼ [یہ شرط اس وقت دنیا بھر میں مفقود ہے لہذا جمعہ ناجائز]

(۳۷۴) جمعہ کی شرطوں میں بادشاہ یا نائب کا ہونا بھی ہے۔ ❽
[اکثر جگہ یہ بھی مفقود ہے]

---

❶ درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب سجود التلاوۃ، ج ا ص ۳۹۸۔ ❷ عالمگیری: کتاب الصلوٰۃ، باب ہشتم وتر، ج ا ص ۱۷۷ ❸ درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الفوائت، ج ا ص ۳۷۹۔
❹ درالمختار: کتاب الصلوٰۃ باب الفوائت ج ا ص ۳۷۹۔ ❺ عالم گیری: کتاب الصلوٰۃ باب ۱۱ قضا نماز ج ا ص ۲۲۰ ❻ عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ باب الوتر ج ا ص ۶۸۲، ۶۸۵۔ ❼ ھدایۃ، کتاب الصلوٰۃ باب الصلوٰۃ الجمعۃ ج ا ص ۱۶۸۔ ❽ ھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ باب صلوٰۃ الجمعۃ ج ا ص ۱۶۸۔

(۳۷۵) منجملہ شرائط جمعہ کے یہ بھی ہے کہ اذن عام ہو۔ 1 [بالعموم اہلحدیث کو روکا جاتا ہے تو جمعہ ناجائز ہوا]

(۳۷۶) جمعہ کے روز تمام مساجد بند کی جائیں سوا جامع مسجد کے 2 [عمل کی ضرورت ہے]

(۳۷۷) جمعہ متعدد جگہ نہ ہو اور احتیاطی ظہر پڑھی جائے۔ [ابوحنیفہ] 3

(۳۷۸) جمعہ کے دن سورہ سجدہ و سورہ دہر معین کر کے پڑھنا مکروہ ہے۔ 4

(۳۷۹) خطبہ بے وضو بھی پڑھنا درست ہے۔ 5

(۳۸۰) ابو یوسف جب خطیب سے دور ہوتے تو کتاب دیکھا کرتے اور قلم سے تصحیح بھی کرتے۔ 6

(۳۸۱) خطبہ ایک تسبیح (سبحان اللہ) کے برابر ہو۔ 7

(۳۸۲) جمعہ کا خطبہ بیٹھ کر بھی پڑھنا جائز ہے۔ 8

(۳۸۳) جمعہ کے روز روحیں اکٹھی ہوتی ہیں۔ 9

باب: متعلق عیدین

(۳۸۴) جو شرطیں جمعہ میں ہیں۔ وہی عیدین میں بھی واجب ہیں۔ 10 [محض بے اصل ہے]

(۳۸۵) تکبیرات عید الاضحیٰ جہر سے کہنا بدعت ہے۔ 11

کتاب الزکوٰۃ

(۳۸۶) کسی کو انعام کا نام لے کر زکوٰۃ دی اور دل میں نیت کر لی تو زکوٰۃ ادا ہو

---

1 در المختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الجمعہ، ج ۱ ص ۴۱۹۔ 2 در المختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الجمعۃ، ج ۱ ص ۴۲۲۔ 3 در المختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الجمعۃ، ج ۱ ص ۴۱۶۔ 4 در المختار: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ فصل فی القرأۃ، ج ۱ ص ۲۸۱۔ 5 ھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب صلاۃ الجمعۃ، ج ۱ ص ۸۲۷۔ قدوری: کتاب الصلوٰۃ، باب صلاۃ الجمعۃ، ص ۲۹۔ در المختار، کتاب الصلوٰۃ، باب الجمعۃ، ج ۱ ص ۴۱۸۔ 6 در المختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الجمعۃ، ج ۱ ص ۴۲۳۔ 7 در المختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الجمعۃ، ج ۱ ص ۴۱۷۔

8 ھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب صلوٰۃ الجمعۃ، ج ۱ ص ۱۶۹۔ مختصر قدوری: کتاب الصلوٰۃ، باب صلوٰۃ الجمعہ، ص ۲۹۔ 9 در المختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الجمعۃ، ج ۱ ص ۴۲۷۔ 10 در المختار: کتاب الصلوٰۃ، باب العیدین، ج ۱ ص ۴۲۸۔ 11 عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب العیدین، ج ۱ ص ۸۵۸۔ (ملاحظہ ہو مسئلہ ۴۰۳ و ۴۰۴ حصہ دوم)

جائے گی۔ 1

(۳۸۷) زکوٰۃ کا بیسواں حصہ کافر سے، شراب اور مردار کھالوں کی قیمت سے لینا چاہئے۔ 2

(۳۸۸) زکوٰۃ نہ دینے کا حیلہ یہ ہے کہ جس کے پاس مال ہو بقدر نصاب سال گزرنے سے پہلے ایک درم خیرات کردے یا بعض دراہم اپنی اولاد کو ہبہ کردے تاکہ مال نصاب سے کم ہوجائے تو زکوٰۃ واجب نہ ہوگی۔ [ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ] 3 ☆

(۳۸۹) جو شخص زکوٰۃ اپنے قرضہ میں وصول کرنا چاہے تو اس کا حیلہ یہ ہے کہ اپنے قرضدار محتاج کو زکوٰۃ حوالہ کرے پھر اس کو واپس اپنے قرضہ میں وصول کرلے۔ اور اگر وہ نہ دے تو چھین لے۔ 4

(۳۹۰) دوسرا حیلہ یہ ہے کہ قرضدار سے کہے کہ میرے خادم کو اپنا وکیل کرلے کہ وہ مجھ سے زکوٰۃ وصول کرکے واپس تیرے قرضہ میں مجھ کو دیدے۔ 5 [خیرات دے کر واپس لینے والے کی مثال حدیث میں کتے کی سی آئی ہے کہ جو قے کرکے خود چاٹتا ہے]

(۳۹۱) جو شخص چاہے کہ زکوٰۃ میں کفن دے تو اس کا حیلہ یہ ہے کہ زکوٰۃ محتاج کی ملک کرکے اور محتاج کفن دیدے۔ 6

(۳۹۲) جو شخص زکوٰۃ کو مسجد کی تعمیر میں لگانا چاہے تو اس کا حیلہ یہ ہے کہ زکوٰۃ کسی کو دے دے اور وہ مسجد میں لگادے۔ 7

---

1 بہشتی زیور: حصہ۳ باب۱۵، زکوٰۃ ادا کرنے کا بیان، مسئلہ۱۰۔ 2 درالمختار: کتاب الزکوٰۃ، باب العشر، ج۱ص۵۰۸۔ 3 عین الھدایۃ: کتاب الحیل، فصل فی مسائل الزکوٰۃ، ج۴ص۹۳۲۔

4 عین الھدایۃ، کتاب الحیل، فصل سوم مسائل الزکوٰۃ، ج۴ص۹۳۳۔ 5 عین الھدایۃ: کتاب الحیل فصل سوم مسائل الزکوٰۃ، ج۴ص۹۳۳۔ 6 عین الھدایۃ: کتاب الحیل، فصل سوم مسائل الزکوٰۃ، ج۱ص۹۳۳۔

7 عین الھدایۃ: کتاب الحیل، فصل سوم مسائل الزکوٰۃ، ج۱ص۹۳۳۔۹۳۴۔

☆......امام ابو یوسف آخر برس میں اپنی بی بی کو ھبہ کردیا کرتے تھے اور اس کا مال اپنے نام اسے ہبہ کروالیا کرتے تھے تاکہ زکوٰۃ ساقط ہوجائے۔ (احیاء العلوم کشوری جلد۱ص۱۱)

(۳۹۳) صاع۔ ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ و محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک آٹھ رطل عراقی کا ہے۔ اور ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک پانچ رطل اور تہائی رطل کا۔ [1]

کتاب الصوم

باب: شک کے روزہ کے متعلق

(۳۹۴) شک کے دن کا روزہ خواص رکھیں اس طرح کہ عوام کو نہ معلوم ہو۔ [2]

(۳۹۵) شک کے دن نفل کی نیت سے روزہ رکھنا بالاتفاق افضل ہے۔ [3]

باب: بیان میں ان چیزوں کا جن سے روزہ فاسد نہیں ہوتا یا کفارہ لازم نہیں آتا

(۳۹۶) عورت کی شرم گاہ کی طرف دیکھنے سے اگر انزال ہو جائے اگرچہ دیر تک دیکھنے اور فکر کرنے کے بعد ہو تو روزہ فاسد نہیں ہوتا۔ [4]

(۳۹۷) لکڑی دبر میں ڈالی گئی اگر ایک سرا باہر رہا تو روزہ فاسد نہیں۔ [5]

(۳۹۸) دبر یا فرج میں انگلی داخل کی اگر خشک نکلی تو روزہ فاسد نہیں۔ [6]

(۳۹۹) قبل فجر عمداً جماع کیا پھر فجر ہوتے ہی نکال لیا بعد اس کے منی نکلی تو روزہ فاسد نہیں۔ [7]

(۴۰۰) ناف یا ران میں جماع کرے اگر انزال نہ ہو تو روزہ فاسد نہیں۔ [8]

---

[1] ھدایۃ: کتاب الزکوۃ، باب صدقۃ الفطر، ج ۱ ص ۱۰۶۸۔ [2] درالمختار: کتاب الصوم، ج ۱ ص ۵۵۳۔
[3] درالمختار: کتاب الصوم، ج ۱ ص ۵۵۳۔ [4] درالمختار: کتاب الصوم، باب مایفسد الصوم و مالایفسد، ج ۱ ص ۵۶۴۔ [5] درالمختار: کتاب الصوم، باب مایفسد الصوم و مالایفسد، ج ۱ ص ۵۶۳۔ ہدایۃ، کتاب الصوم، باب مایوجب القضاء والکفارۃ، ج ۱ ص ۱۱۱۲۔ [6] درالمختار: کتاب الصوم باب مایفسد الصوم و مالایفسد ج ۱ ص ۵۶۳۔ ہدایۃ، کتاب الصوم، باب مایوجب القضاء والکفارۃ، ج ۱ ص ۱۱۱۲۔
[7] درالمختار: کتاب الصوم باب مایفسد الصوم و مالایفسد ج ۱ ص ۵۶۳۔ [8] درالمختار: کتاب الصوم، باب مایفسد الصوم و مالایفسد، ج ۱ ص ۵۶۴۔

(۴۰۱) روزہ میں ہاتھ سے منی نکالنے سے روزہ فاسد نہیں ہوتا۔ 1

(۴۰۲) اگر زنا کے خوف سے جلق لگا کر منی نکال دے تو توقع ہے کہ وبال نہ ہو۔ 2

(۴۰۳) چوپایہ کی فرج یا مردے سے جماع کرے اگر انزال نہ ہو تو روزہ فاسد نہیں۔ 3

(۴۰۴) جانور کی فرج کے ہاتھ لگایا یا منہ چوما اور انزال ہوا تو روزہ فاسد نہیں۔ 4

(۴۰۵) مردہ عورت سے وطی کی۔ چھوٹی لڑکی یا بہیمہ سے وطی کی یا ران میں یا پیٹ میں وطی کی یا بوسہ لیا تو روزہ فاسد نہیں۔ 5

(۴۰۶) منی اپنے ہاتھ سے نکالے یا عورت کے ہاتھ سے یا عورت و مرد باہم ننگے ہو کر شرم گاہیں ملائیں اگر انزال نہ ہو تو روزہ فاسد نہیں ہوتا۔ 6

(۴۰۷) سوتی عورت یا مجنونہ سے جماع کیا گیا تو روزے کا کفارہ نہیں۔ 7

(۴۰۸) روزہ میں عورت و مرد ننگے ہو کر شرم گائیں ملائیں تو مضائقہ نہیں۔ 8

(۴۰۹) عورت کو کپڑے کے اوپر سے مساس کیا اور انزال ہوا۔ اگر حرارت معلوم نہ ہوئی تو روزہ فاسد نہیں۔ 9

(۴۱۰) عورت نے شوہر کا مساس کیا اور شوہر کو انزال ہوا تو روزہ فاسد نہیں۔ 10

---

1 درالمختار: کتاب الصوم، باب مایفسد الصوم ج ۱ ص ۵۶۴۔ ہدایۃ: کتاب الصوم، باب ما یوجب القضاء والکفارۃ، ج ۱ ص ۱۱۱۲۔ 2 درالمختار: کتاب الصوم، باب مایفسد الصوم، ج ۱ ص ۵۶۴۔

3 درالمختار: کتاب الصوم، باب مایفسد الصوم ج ۱ ص ۵۶۴۔ عین الھدایۃ کتاب الصوم، باب ما یوجب القضاء والکفارۃ ج ۱ ص ۱۱۱۲۔ 4 درالمختار: کتاب الصوم، باب مایفسد الصوم ج ۱ ص ۵۶۴۔

5 درالمختار: کتاب الصوم، باب مایفسد الصوم و مالا یفسد، ج ۱ ص ۵۶۷۔ 6 درالمختار: کتاب الصوم، باب مایفسد الصوم و مالا یفسد، ج ۱ ص ۵۶۸۔ 7 درالمختار: کتاب الصوم، باب مایفسد الصوم و مالا یفسد، ج ۱ ص ۵۶۸۔ 8 درالمختار: کتاب الصوم، باب مایفسد الصوم و مالا یفسد، ج ۱ ص ۵۶۸۔ 9 درالمختار: کتاب الصوم، باب مایفسد الصوم و مالا یفسد، ج ۱ ص ۵۶۷۔ 10 عین الھدایۃ: کتاب الصوم، باب ما یوجب القضاء و الکفارۃ، ج ۱ ص ۱۱۱۳۔

(۴۱۱) عورتیں چپٹی لڑادیں اگر انزال نہ ہو تو روزہ فاسد نہیں۔ ❶

(۴۱۲) جو روزے میں زنا کے ڈر سے جلق لگائے اور منی نکال دے تو امید ثواب ہے۔ ❷

(۴۱۳) مقعد میں جماع (اغلام) کرنے سے کفارہ واجب نہیں ہوتا[ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ] ❸

(۴۱۴) روزے دار عورت یا مرد سے اغلام کرے تو روزہ کا کفارہ نہیں۔ ❹

(۴۱۵) ران وغیرہ میں جماع کرے اور انزال ہو جائے تو روزہ کا کفارہ نہیں۔ ❺

(۴۱۶) روزہ کی حالت میں بوسہ لینے سے منی نکل پڑے تو کفارہ نہیں۔ ❻

(۴۱۷) چنے سے کم کھانا عمداً نگل جائے تو روزہ فاسد نہیں۔ ❼

(۴۱۸) کسی نے بھولے سے کھانا کھایا یا پانی پیا یا جماع کیا۔ اگر اس کو گمان ہو کہ روزہ ٹوٹ گیا پھر اس نے کھالیا تو کفارہ لازم نہ ہوگا۔ ❽

(۴۱۹) جوار، باجرا کچا کھانے میں گنواروں کو باک نہیں۔ پس فتویٰ میں تامل ہوگا۔ مسور و ماش و مونگ کھانے میں کفارہ نہیں۔ ❾

(۴۲۰) رمضان میں روزہ کی نیت نہیں کی اور کھانا کھا لیا تو کفارہ واجب نہیں[ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ] ❿

---

❶ عین الھدایۃ: کتاب الصوم، باب مایوجب القضاء والکفارۃ، ج۱ص۱۱۱۲۔

❷ عین الھدایۃ: کتاب الصوم، باب مایوجب القضاء والکفارۃ، ج۱ص۱۱۱۲۔

❸ عین الھدایۃ: کتاب الصوم، باب مایوجب القضاء والکفارۃ، ج۱ص۱۱۲۶۔

❹ عین الھدایۃ: کتاب الصوم، باب مایوجب القضاء والکفارۃ، ج۱ص۱۱۲۶۔

❺ کنز الدقائق: کتاب الصوم، باب مایفسد الصوم ومالایفسدہ، ص۶۸۔

❻ قدوری ص۶۰۔

❼ درالمختار: کتاب الصوم، باب مایفسد الصوم ومالایفسد، ج۱، ص۵۶۲۔

❽ شرح الوقایۃ: کتاب الصوم باب موجبات الافساد والقضاء والکفارۃ، ج۱ص۲۴۷۔

❾ عین الھدایۃ: کتاب الصوم، باب مایوجب القضاء والکفارۃ، ج۱ص۱۱۲۴۔

❿ مالابدمنہ: کتاب الصوم، فصل فی موجبات القضاء والکفارۃ، ص۸۵۔

(۴۲۱) عمداً منہ بھر سے کم قے کی تو قضا ہے، کفارہ نہیں [محمد رحمۃ اللہ علیہ] 1 [کم وبیش کس دلیل سے]

(۴۲۲) عمداً قے کرنے سے روزہ فاسد نہیں ہوتا۔ 2

(۴۲۳) روزہ میں قصد سے تھوڑی قے کرلے تو روزہ فاسد نہیں۔ 3

(۴۲۴) ڈورے میں گوشت باندھ کر نگل گیا اور اسی وقت نکال لیا تو روزہ فاسد نہیں۔ 4

(۴۲۵) لکڑی کا ایک کنارہ نگل گیا اور دوسرا کنارہ ہاتھ میں ہے تو روزہ فاسد نہیں۔ 5

(۴۲۶) روزہ دار کسی غیر معشوق کی رال پی جائے تو کفارہ نہیں۔ 6

باب: فدیہ کے بیان میں

(۴۲۷) جو شخص چاہے کہ اپنے باپ کو قضا روزوں کا فدیہ نہ دوں تو اس کا حیلہ یہ ہے کہ دو سیر گیہوں فقیر کو دے پھر اس سے بطور ہبہ مانگ لے۔ روزانہ ایسا کرے، جب تک کہ سب روزوں کا فدیہ نہ ہو جائے۔ 7

باب: اعتکاف کے بیان میں

(۴۲۸) اعتکاف میں سوا فرج کے وطی کرے۔ اگر انزال نہ ہو تو اعتکاف باطل نہیں۔ 8

---

1 عین الھدایۃ: کتاب الصوم، باب مایوجب القضاء والکفارۃ، ج۱ص۱۱۲۲۔

2 مالابدمنہ: کتاب الصوم، فصل فی موجبات القضاء والکفارۃ ص۸۶۔

3 مالابدمنہ: کتاب الصوم، فصل فی موجبات القضاء، ص۸۶۔

4 عین الھدایۃ: کتاب الصوم، باب مایوجب القضاء والکفارۃ، ج۱ص۱۱۲۴۔

5 عین الھدایۃ: کتاب الصوم، باب مایوجب القضاء والکفارۃ، ج۱ص۱۱۲۴۔

6 درمختار: جلد۴ص۴۵۴۔ 7 عالمگیری: کتاب الحیل، فصل۴ درمسائل روزہ ج۱۰ص۳۳۴۔

8 شرح الوقایۃ: کتاب الصوم، باب فی بیان الاعتکاف، ج۱ص۱۷۸۔

کتاب الحج

(۴۲۹) مدینہ حرم نہیں [حنفیہ کے نزدیک] 1 [سراسر حدیث کے خلاف ہے]

کتاب النکاح

(۴۳۰) عورت کے وکیل نے بھولے سے لڑکی کی ولدیت میں فرق کر دیا اور عورت وہاں موجود نہیں ہے تو نکاح نہیں ہوا۔ 2

(۴۳۱) زوجہ کو بوقت صحبت کے ثیبہ (یعنی کنواری نہ تھی) پایا۔ مرد کے دریافت کرنے پر عورت نے کہا کہ ترے باپ نے ازالہ بکر (یعنی صحبت کی ہے) کیا ہے تو مرد اگر تصدیق نہ کرے تو نکاح قائم ہے۔ 3

(۴۳۲) عورت سے وطی کی اس کی فرج ومقعد (پیشاب اور پاخانہ کی جگہ) پھاڑ کر ایک کر دیا تو اس عورت کی ماں اس مرد پر حرام نہیں ہوگی۔ 4 [اسے یاد رکھ کے نیچے دیکھیں]

(۴۳۳) جس عورت کے سر کے بالوں کا بشہوت مساس کیا اگرچہ باریک کپڑا حائل ہو کہ گرمی محسوس ہو یا بوسہ لیا یا معانقہ کیا تو اس عورت کی ماں مرد پر حرام ہوگی۔ 5

(۴۳۴) جس عورت نے بشہوت مرد کو چھولیا یا ذکر کو بشہوت دیکھ لیا۔ عورت کی ماں مرد پر حرام ہوگی۔ 6

(۴۳۵) جس عورت کی فرج شیشہ یا پانی کی آڑ سے دیکھی تو اس عورت کی ماں مرد پر حرام ہوگی۔ 7

---

1 درمختار: جلد ۱ ص ۶۱۹۔ 2 درالمختار: کتاب النکاح، ج ۲ ص ۱۳۔

3 درالمختار: کتاب النکاح، باب المحرمات، ج ۲ ص ۱۶۔ 4 درالمختار: کتاب النکاح، باب المحرمات ج ۲ ص ۱۷۔

5 درالمختار: کتاب النکاح، فصل فی المحرمات، ج ۲ ص ۱۶۔

6 درالمختار: کتاب النکاح، فصل فی المحرمات، ج ۲ ص ۱۶۔

7 درالمختار: کتاب النکاح، فصل فی المحرمات، ج ۲ ص ۱۶۔

(۴۳۶) عورت کے مساس پر اگر انزال نہ ہو تو اس کی ماں حرام ہے اور انزال ہو جائے تو عورت کی ماں حرام نہیں۔ ❶

(۴۳۷) شب کو جگانے میں مرد کا ہاتھ اپنی بیٹی پر لگا یا عورت کا ہاتھ اپنے بیٹے پر لگا تو میاں بیوی باہم حرام ہیں۔ ❷

(۴۳۸) بشہوت ساس کے بوسہ لینے سے جورو حرام ہو جاتی ہے۔ ❸

(۴۳۹) ساس سے بشہوت مساس کرنے سے بیوی حرام ہو جاتی ہے۔ ❹

(۴۴۰) اپنی بیٹی کی شرمگاہ بشہوت دیکھنے سے جورو حرام ہو جاتی ہے۔ ❺

(۴۴۱) بیٹی ڈر کر بچھونے میں گھس گئی۔ باپ نے شہوت سے مساس کیا تو میاں بیوی باہم حرام ہیں۔ ❻

(۴۴۲) مساس خواہ عمداً ہو یا سہواً۔ خواہ باکرہ ہو تو عورت کی ماں مرد پر حرام ہوئی۔ ❼

(۴۴۳) عورت کے دبر میں صحبت کرنے سے اس کی ماں حرام نہیں ہوتی۔ ❽

(۴۴۴) نشہ میں اپنی بیٹی کو پکڑ کر بوسہ لیا لڑکی نے کہا کہ میں تیری بیٹی ہوں تو جورو حرام ہو جائے گی۔ ❾

(۴۴۵) لڑکے نے بدنیتی سے سوتیلی ماں پر ہاتھ ڈالا تو وہ عورت اپنے شوہر پر حرام ہے۔ ❿

(۴۴۶) عورت کے ساتھ اغلام کرنے سے حرمت نہیں آتی۔ ⓫

---

❶ درالمختار: کتاب النکاح، فصل فی المحرمات، ج ۲ ص ۱۷۔ ❷ درالمختار: کتاب النکاح، فصل فی المحرمات ج ۲ ص ۱۸۔ ❸ درالمختار: کتاب النکاح، فصل فی المحرمات، ج ۲ ص ۱۸۔ ❹ درالمختار: کتاب النکاح، فصل فی المحرمات، ج ۲ ص ۱۸۔ ❺ درالمختار: کتاب النکاح، فصل فی المحرمات، ج ۲ ص ۱۹۔ ❻ درالمختار: کتاب النکاح، فصل فی المحرمات، ج ۲ ص ۱۹۔ ❼ عالمگیری: کتاب النکاح، باب ۳ محرمات، ج ۲ ص ۱۴۰۔ ❽ عالمگیری: کتاب النکاح، باب سوم محرمات، ج ۲ ص ۱۴۲۔ ❾ عالمگیری: کتاب النکاح، باب سوم محرمات، ج ۲ ص ۱۴۳۔ ❿ بہشتی زیور: حصہ ۴ جن لوگوں سے نکاح کرنا حرام ہے، مسئلہ ۱۷، ص ۳۱۶۔ ⓫ درالمختار: کتاب النکاح فصل فی المحرمات، ج ۲ ص ۱۷۔ فتاوی عالمگیری: کتاب النکاح، باب سوم محرمات، ج ۲، ص ۱۴۲۔

(۴۴۷) جس بیوی سے مرد کم عمری میں صحبت کر چکا ہو اور پھر اس کو طلاق دیدے تو اس کی بیٹی سے اس مرد کا نکاح درست ہے۔ ❶

(۴۴۸) سات آٹھ برس کی لڑکی سے جماع کیا تو اس لڑکی کی ماں مرد پر حرام نہیں ہوگی۔ ❷

(۴۴۹) مرد کا آلہ منتشر ہوا اور اس نے بشہوت جورو کو طلب کیا اس درمیان میں اس نے اپنی بیٹی کی ٹانگوں میں داخل کیا تو اگر حرکت انتشار کی نہ بڑھی ہو تو جورو حرام نہیں اور اگر بڑھ گئی ہو تو جورو حرام ہے۔ ❸ [شرم]

(۴۵۰) ساس نے لڑائی میں اپنے داماد کا ذکر پکڑ لیا۔ پھر اس نے کہا کہ میں نے شہوت سے نہیں پکڑا تھا تو اس کے قول کی تصدیق کی جائے گی۔ ❹

(۴۵۱) عورت نے جھوٹے گواہ پیش کر کے دعویٰ کیا کہ میرا فلاں مرد سے نکاح ہو گیا اور قاضی نے تسلیم کر لیا تو مرد کو اس سے وطی کرنا جائز ہے۔ [ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ] ❺

(۴۵۲) اسی طرح مرد عورت پر جھوٹا دعوی کر کے ڈگری حاصل کر لے تو مرد کو اس عورت سے وطی کرنا جائز ہے۔ [ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ ومحمد رحمۃ اللہ علیہ] ❻

(۴۵۳) نکاح متعہ منعقد ہوگا جبکہ اس کی مدت اس قدر دراز ہو کہ آدمی اس مدت تک زندہ نہیں رہ سکتا۔ [ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ] ❼

(۴۵۴) متعہ درست ہے [زفر رحمۃ اللہ علیہ] ❽

---

❶ درالمختار: کتاب النکاح، فصل فی المحرمات، ج ۲ ص ۱۷۔۱۸۔ ❷ عالمگیری: کتاب النکاح، باب سوم محرمات، ج ۲ ص ۱۴۰۔ ❸ عالمگیری: کتاب النکاح، باب سوم محرمات، ج ۲ ص ۱۴۱۔

❹ عالمگیری: کتاب النکاح، باب سوم محرمات، ج ۲ ص ۱۴۴۔

❺ درالمختار: کتاب النکاح، فصل فی المحرمات، ج ۲ ص ۲۶۔

❻ درالمختار: کتاب النکاح، فصل فی المحرمات، ج ۲ ص ۲۶۔

❼ عالمگیری: کتاب النکاح، باب سوم محرمات، ج ۲ ص ۱۵۵۔

❽ عمدۃ الرعایۃ: حاشیہ شرح الوقایہ، کتاب النکاح، فی ما یصح نکاحھن وما لا یصح، ج ۲ ص ۱۸۔

باب: مہر کے متعلق

(۴۵۵) شراب اور سور مہر کے بدلے میں ہو تو نکاح صحیح ہے۔ 1

(۴۵۶) حالت کفر میں مہر سور یا شراب سے مقرر ہوا ہو تو مسلمان ہونے کے بعد بھی وہی ادا کرنا ہوگا۔ 2

(۴۵۷) بیٹے نے سوتیلی ماں کا بوسہ لیا تو بیٹا مہر کا ضامن ہوگا۔ 3

(۴۵۸) بیٹے نے سوتیلی ماں سے جماع کیا تو بیٹا مہر کا ضامن نہ ہوگا۔ 4

کتاب الرضاعۃ

(۴۵۹) رضاعت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ڈھائی برس ہے۔ 5 [صریح نص ﴿وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ﴾ کیخلاف ہے]

(۴۶۰) رضاعت امام زفر رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک تین برس ہے۔ 6 [یہ بھی خلاف ہے]

کتاب الطلاق

(۴۶۱) مرد کسی اجنبیہ عورت سے کہے کہ اگر میں نکاح کروں تو تجھ پر طلاق ہے۔ تو طلاق واقع ہو جائے گی۔ 7

(۴۶۲) حضرت علی رضی اللہ عنہ مست کی طلاق جائز رکھتے تھے۔ مگر بعض علماء کے نزدیک طلاق واقع نہ ہوگی۔ 8

(۴۶۳) نابالغہ کا نکاح باپ یا دادا نے کر دیا۔ لڑکی بالغ ہونے پر نکاح فسخ نہیں کرا سکتی۔ 9 [خلاف حدیث ہے۔ ملاحظہ ہو مسئلہ نمبر ۳۷۴ حصہ دوم]

---

1 شرح الوقایۃ: کتاب النکاح، باب المہر، ج ۲، ص ۳۱۔ 2 شرح الوقایۃ: کتاب النکاح، باب المہر، ج ۲ ص ۴۷۔ درمختار: کتاب النکاح، باب المہر، ج ۲ ص ۶۷۔ 3 درالمختار: کتاب النکاح، باب الرضاع ج ۲ ص ۹۸۔ 4 درالمختار: کتاب النکاح باب الرضاع ج ۲ ص ۹۸۔ 5 درالمختار: کتاب النکاح، باب الرضاع، ج ۲ ص ۸۸۔ 6 عمدۃ الرعایۃ حاشیہ شرح الوقایۃ: کتاب الرضاع، ج ۲ ص ۵۷ حاشیہ ۱۲۔ 7 ہدایہ جلد ۲ ص ۲۲۲۔ 8 نورالھدایۃ: کتاب الطلاق ج ۲ ص ۳۵۔ 9 ہدایہ جلد ۲ ص ۱۴۱۔

باب: نسب کے بیان میں

(۴۶۴) مرد انتہائے مغرب میں ہو اور عورت انتہائے مشرق میں اتنے فاصلہ پر کہ دونوں کے درمیان سال بھر کی راہ ہو۔ کسی طرح ان کا نکاح کر دیا گیا۔ اگر بعد تاریخ نکاح کے عورت چھ مہینے میں بچہ جنے تو یہ بچہ ثابت النسب ہوگا۔ حرامی نہ ہوگا۔ بلکہ یہ اس مرد کی کرامت تصور کیجائے گی۔ ❶

(۴۶۵) کسی نے اپنی بیوی کو طلاق رجعی دی۔ دو برس سے کم میں لڑکا پیدا ہوا تو لڑکا اسی شوہر کا ہے، حرامی نہیں۔ ❷

(۴۶۶) نکاح ہوگیا اور رخصت نہ ہوئی لڑکا پیدا ہوگیا تو شوہر ہی کا ہے حرامی نہیں۔ ❸

(۴۶۷) میاں پردیس میں ہے برسیں گزر گئیں۔ یہاں لڑا پیدا ہوگیا تو شوہر کا ہے حرامی نہیں۔ ❹

باب: عدت کے بیان میں

(۴۶۸) عورت کو ہر شوہر کے مرنے پر تین دن سیاہ ماتمی لباس پہننا جائز ہے۔

[رافضیوں اور عیسائیوں نے کیا قصور کیا] ❺

باب: حیلوں کے بیان میں

(۴۶۹) خاوند اپنی بیوی کو شہر کے باہر نہ لے جاسکے تو اس کا حیلہ یہ ہے کہ عورت اپنے اوپر اپنے باپ بھائی وغیرہ جس پر اطمینان ہو اس کے بہت سے قرضہ کا اقرار کرے اور گواہ کر دے۔ جب شوہر لے جانا چاہے تو جس کے قرضہ کا اقرار کیا ہے وہ مانع ہو

[ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ] ❻

---

❶ درمختار: کتاب النکاح، فصل فی المحرمات، ج۲ص۲۰۔ ❷ بہشتی زیور: حصہ۴ص۶۷۔

❸ بہشتی زیور: حصہ۴ص۶۹۔ ❹ بہشتی زیور: حصہ۴ص۶۹۔ ❺ درالمختار: کتاب الطلاق، فصل فی الحداد، ج۲ص۲۵۷۔ ❻ عین الھدایۃ: کتاب الحیل فصل ۶ حیلہ نکاح ج۴ص۹۳۶۔

(۴۷۰) اگر شوہر قرضہ کی بابت قسم دلوائے تو اس کا حیلہ یہ ہے کہ قرضہ کے عوض کپڑا وغیرہ اسی قیمت پر جتنا کہ شوہر پر قرضہ ظاہر کیا جاتا ہے۔ فروخت کر دے بعد اس کے وہ قسم کھا جائے تو شوہر نہیں لے جا سکے گا [ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ] ❶

کتاب الحدود

(۴۷۱) کم عمر لڑکا یا مجنوں بالغہ عاقلہ عورت سے وطی کرے تو عورت پر حد نہیں۔ ❷

(۴۷۲) گونگا زنا کرے تو اس پر حد نہیں اگر چہ خود اقرار کرے خواہ گواہ بھی گزر جائیں۔ ❸

(۴۷۳) اندھا زنا کرے پھر انکاری ہو اگر چہ بذریعہ شہادت کے اس کا زنا کرنا ثابت ہو جائے تو حد نہیں۔ ❹

(۴۷۴) کم عمر لڑکی یا مردہ یا جانور سے وطی کرے تو حد نہیں۔ ❺

(۴۷۵) دار الحرب اور دار البغی میں زنا کرے تو حد نہیں۔ اگر چہ دار الاسلام میں آ جائے۔ ❻

(۴۷۶) زنا کرنے والے کو اگر حرمت زنا کی معلوم نہ ہو تو حد نہیں۔ ❼

(۴۷۷) بیٹے یا پوتے کی لونڈی سے زنا کرے تو حد نہیں۔ ❽

(۴۷۸) دادا یا دادی کی لونڈی سے جماع کرے تو حد نہیں۔ ❾

(۴۷۹) کسی کی لونڈی رہن ہو اور وہ اس سے زنا کر لے تو حد نہیں۔ ❿

---

❶ عالمگیری: جلد ۴ ص ۱۰۴۶؛ ہدایہ جلد ۴ ص ۸۶۱۔ ❷ در المختار: کتاب الحدود، ج ۲ ص ۴۵۷۔

❸ در المختار: کتاب الحدود، ج ۲، ص ۴۵۷۔ ❹ در المختار: کتاب الحدود، ج ۲ ص ۲۵۸۔

❺ در المختار: کتاب الحدود، ج ۲ ص ۴۵۸۔ ❻ در المختار: کتاب الحدود، ج ۲ ص ۴۵۸۔

❼ در المختار: کتاب الحدود، ج ۲ ص ۴۵۸۔ ❽ در المختار: کتاب الحدود باب ما یوجب الحدود و ما لا یوجب، ج ۲ ص ۴۵۸۔ ❾ در المختار: کتاب الحدود، باب وطی الذی یوجب الحد والذی لا یوجبہ، ج ۲، ص ۴۷۰۔

❿ در المختار: کتاب الحدود، باب وطی الذی یوجب الحد و ما لا یوجبہ، ج ۲ ص ۴۷۱۔

(۴۸۰) منکوحہ بلا گواہ سے جماع کرنے میں حد نہیں ہے۔ 1

(۴۸۱) غیر کی منکوحہ سے نکاح کر کے صحبت کرے حلال جان کر یا اپنی مطلقہ عدت والی سے تو حد نہیں۔ 2

(۴۸۲) جو عورتیں ہمیشہ کے لئے حرام ہیں (ماں، بہن، بیٹی، خالہ پھوپھی وغیرہ) ان سے نکاح کر کے اور حلال جان کر صحبت کرے تو حد نہیں [ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ] 3

(۴۸۳) محرمات (جو عورتیں ہمیشہ کے لئے حرام ہیں) سے حرام جان کر کے بھی نکاح کرلے تو حد نہیں [ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ] 4

(۴۸۴) جس عورت کو اجارہ پر لیا ہو (خرچہ دیکر) زنا کرے تو حد نہیں۔ 5

(۴۸۵) زنا بالجبر کرنے سے حد نہیں۔ 6

(۴۸۶) زنا کے بارے میں مرد یا عورت دونوں میں سے کوئی انکار کرے تو حد نہیں۔ 7

(۴۸۷) جو آزاد عورت کو لونڈی کہہ کر زنا کرے تو حد نہیں۔ 8

(۴۸۸) کسی کی لونڈی کو غصب کر کے زنا کرے تو حد نہیں۔ 9

(۴۸۹) خلیفہ اور امام اور بادشاہ زنا کرے تو حد نہیں۔ 10

(۴۹۰) جو مرد عورت سے کہے کہ میں نے تجھ کو اس قدر مہر دیا تا کہ زنا کروں اور اس سے زنا کرے تو حد نہیں۔ 11

---

1 درالمختار: کتاب الحدود، باب وطی الذی یوجب الحد وما لا یوجبه، ج ۲ ص ۲۷۱۔ 2 درالمختار: کتاب الحدود، باب وطی الذی یوجب الحد والذی لا یوجبه، ج ۲ ص ۲۷۲۔ 3 درالمختار: کتاب الحدود، باب وطی الذی یوجب الحد والذی لا یوجبه، ج ۲ ص ۲۷۲۔ 4 درالمختار: کتاب الحدود، باب وطی الذی یوجب الحد والذی لا یوجبه، ج ۲ ص ۲۷۲۔ 5 درالمختار: کتاب الحدود، باب وطی الذی یوجب الحد والذی لا یوجبه، ج ۲ ص ۲۷۴۔ 6 درالمختار: کتاب الحدود، باب وطی الذی یوجب الحد والذی لا یوجبه، ج ۲ ص ۲۷۵۔ 7 درالمختار: کتاب الحدود، باب وطی الذی یوجب الحد والذی لا یوجبه، ج ۲ ص ۲۷۵۔ 8 درالمختار: کتاب الحدود باب وطی الذی یوجب الحد، ج ۲ ص ۲۷۵۔ 9 درالمختار: کتاب الحدود باب، وطی الذی یوجب الحد والذی لا یوجبه، ج ۲ ص ۲۷۵۔ 10 درالمختار: کتاب الحدود، باب وطی الذی یوجب الحد والذی لا یوجبه، ج ۲ ص ۲۷۶۔ 11 درالمختار: کتاب الحدود، باب وطی الذی یوجب الحد والذی لا یوجبه، ج ۲ ص ۲۷۴۔

(۴۹۱) عورت سوتے مرد سے وطی کرے تو دونوں پر حد نہیں۔ 1

(۴۹۲) لونڈی سے اس طرح وطی کی کہ اس کی بینائی جاتی رہی تو زانی پر بلا خلاف حد نہیں۔ 2

(۴۹۳) ماں اور جورو کی لونڈی سے حلال جان کر صحبت کرے تو حد نہیں۔ 3

(۴۹۴) باپ کی لونڈی سے حلال جان کر بھی وطی کرے تو حد نہیں۔ 4

(۴۹۵) حربی حربیہ سے زنا کرے تو دارالاسلام میں حد نہیں اور ابو یوسف کے نزدیک حد ہے۔ 5

(۴۹۶) جانور سے جماع کرنے پر حد نہیں آتی۔ 6

(۴۹۷) اغلام کرنے سے حد نہیں آتی۔ [ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ] 7

(۴۹۸) غلام یا لونڈی یا بیوی سے اغلام کرے تو بالاجماع حد نہیں۔ 8

(۴۹۹) اجنبیہ عورت سے فرج کے سوا وطی کرے تو حد نہیں۔ 9

(۵۰۰) لونڈے بازی کا جنت میں بھی وجود ہوگا۔ لیکن یہ ضعیف ہے۔ 10

(۵۰۱) اپنی بیوی یا لونڈی سے جلق لگوا لے تو نہ حد ہے نہ تعزیر۔ 11

(۵۰۲) گونگے شرابی پر حد نہیں اگرچہ اقرار کر لے۔ 12

---

1 عالمگیری: کتاب الحدود باب وطی الذی یوجب الحد، ج ۳ص ۲۶۷۔ 2 درالمختار: کتاب الحدود، باب وطی الذی یوجب الحد وما لا یوجبہ، ج ۲ص ۴۷۵۔ 3 درالمختار: کتاب الحدود، باب وطی الذی یوجب الحد والذی لا یوجبہ، ج ۲ص ۴۷۰۔ 4 کنزالدقائق: کتاب الحدود، باب الوطی الذی یوجب الحد والذی لا یوجبہ، ج ۲ص ۱۸۳۔ 5 شرح الوقایہ: کتاب الحدود، باب الوطی الذی یوجب الحد، ج ۲، ص ۲۵۱۔ 6 درالمختار: کتاب الحدود، باب وطی الذی یوجب الحد والذی لا یوجبہ، ج ۲ص ۴۷۲۔ 7 درالمختار: کتاب الحدود باب الوطی ج ۲ص ۴۷۳۔ عالمگیری، جلد ۲ص ۶۷۳۔ ہدایہ جلد ۲ص ۴۵۸۔ شرح وقایہ ص ۳۳۱۔ کنز ص ۱۹۲' قدوری ص ۲۲۶۔ 8 درالمختار: کتاب الحدود، باب وطی الذی یوجب الحد والذی لا یوجبہ، ج ۲ص ۴۷۳۔ 9 درالمختار: کتاب الحدود، باب وطی الذی یوجب الحد والذی لا یوجبہ، ج ۲ص ۲۷۳۔ 10 درالمختار: کتاب الحدود، باب وطی الذی یوجب الحد والذی لا یوجبہ، ج ۲ص ۲۷۴۔ 11 درالمختار: کتاب الحدود، باب وطی الذی یوجب الحد والذی لا یوجبہ، ج ۲ص ۲۷۳۔ 12 فتاوٰی عالمگیری: کتاب الحدود، باب ۵ فی حد الشرب، ج ۲ص ۲۸۴۔

(۵۰۳) شرابی نے بو جانے کے بعد شراب پینے کا اقرار کیا تو حد نہیں ماری جائے گی۔[ابو حنیفہؒ وابو یوسفؒ] 1

(۵۰۴) شراب کی بو جانے کے بعد گواہی گزر گئی تب بھی حد نہیں۔[ابو حنیفہؒ وابو یوسفؒ] 2

(۵۰۵) شراب پی کر قے کر دے تو حد نہیں ماری جائے گی۔ 3

(۵۰۶) چھوارے اور انگور کی شراب پی کر بیہوش ہو جائے تو حد نہیں۔ 4

(۵۰۷) شہد کی شراب اور گدھی کے دودھ سے نشہ میں ہو تو حد نہیں۔ 5

(۵۰۸) شراب کو پانی یا دودھ یا تیل سے مخلوط کر دیا۔ اگر شراب غالب نہ ہو اور اس میں سے قطرہ پی لیا تو جب تک نشہ نہ آئے تو حد نہیں۔ 6

(۵۰۹) بھنگ پینے والے پر حد نہیں اگر چہ نشہ ہو گیا ہو۔ 7

(۵۱۰) گونگے چور پر حد نہیں۔ 8

(۵۱۱) کفن چور پر حد نہیں۔ 9

(۵۱۲) کسی کا دودھ یا گوشت چرا لائے تو حد نہیں۔ 10

(۵۱۳) کسی کی لکڑیاں یا گھاس چرا لے تو حد نہیں۔ 11

(۵۱۴) میوہ یا کھڑی کھیتی چرا لے تو حد نہیں۔ 12

---

1 فتاویٰ عالمگیری: کتاب الحدود، باب السادس فی حد الشرب، ج ۲ ص ۱۵۹۔ 2 فتاویٰ عالمگیری: کتاب الحدود، باب السادس فی حد الشرب، ج ۲ ص ۱۵۹۔ 3 فتاویٰ عالمگیری: کتاب الحدود، باب ۵ فی حد الشرب، ج ۲ ص ۲۸۴۔ 4 فتاویٰ عالمگیری: کتاب الحدود، باب ۵ فی حد الشرب، ج ۲ ص ۲۸۴۔ 5 فتاویٰ عالمگیری: کتاب الحدود، باب ۵ فی حد الشرب، ج ۲ ص ۱۶۰۔ 6 فتاویٰ عالمگیری: کتاب الحدود، باب ۵ فی حد الشرب، ج ۲ ص ۲۸۵۔ 7 فتاویٰ عالمگیری: کتاب الحدود، باب السادس فی حد الشرب، ج ۲ ص ۲۸۴۔ 8 در المختار: کتاب السرقۃ، ج ۲ ص ۵۸۔ 9 فتاویٰ عالمگیری: کتاب السرقۃ، باب فیما یقطع وما لا یقطع، ج ۲ ص ۱۷۸۔ 10 شرح الوقایۃ: کتاب السرقۃ، من سرق الساج والقناج ۲ ص ۲۷۶۔ 11 شرح الوقایۃ، کتاب السرقۃ، ج ۲ ص ۲۷۷۔
12 شرح الوقایۃ: کتاب السرقۃ، ج ۲ ص ۲۷۷۔

(۵۱۵) مسجد کا دروازہ چرالائے تو حد نہیں۔ 1

(۵۱۶) کسی کا قرآن چرالائے تو حد نہیں۔ 2

(۵۱۷) کسی کا لڑکا چرالائے تو حد نہیں۔ 3

(۵۱۸) کسی کا مال لوٹ لائے تو حد نہیں۔ 4

(۵۱۹) بیت المال (شاہی خزانہ) میں سے چرالائے تو حد نہیں۔ 5

(۵۲۰) حنفی شافعی ہو جائے تو تعزیر دی جائے گی۔ 6

[اس کے باوجود کہا جاتا ہے کہ چاروں مذہب حق ہیں۔]

کتاب السیر

(۵۲۱) آنحضرت ﷺ کو گالی دینے سے ذمی کا عہد نہیں ٹوٹتا۔ 7

(۵۲۲) کافروں سے لڑائی کرنا واجب ہے گو وہ ابتدا نہ کریں۔ 8

(۵۲۳) ذمی مسلمان عورت سے زنا کرے تو بھی عہد نہیں ٹوٹتا۔ 9

کتاب المفقود

(۵۲۴) زوجہ مفقود الخبر نوے برس انتظار کرے۔ 10

(۵۲۵) جب مفقود کی عمر کے ایک سو بیس ۱۲۰ برس گزر جائیں تب مرنے کا حکم کیا جائے گا اور ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک سو برس ہیں۔ 11

---

1 شرح الوقایۃ: کتاب السرقۃ، ج۲ص۲۷۷۔ 2 شرح الوقایۃ: کتاب السرقۃ، ج۲ص۲۷۸۔

3 شرح الوقایۃ: کتاب السرقۃ، ج۲ص۲۷۸۔ 4 شرح الوقایۃ: کتاب السرقۃ، ج۲ص۲۷۸۔

5 شرح الوقایۃ: کتاب السرقۃ، ج۲ص۲۷۹۔

6 فتاوی عالم گیری: کتاب الحدود، باب السابع فصل فی التعزیر، ج۲ص۱۶۹۔

7 کنز الدقائق: کتاب السیر فصل فی احکام الجزیۃ، ص۲۱۲۔

8 قدوری: کتاب السیر، ص۲۲۴۔ 9 کنز الدقائق: کتاب السیر فصل فی احکام الجزیۃ، ص۲۱۲۔

10 فتاوی عالم گیری: المفقود ج۲ص۳۰۰۔ 11 قدوری: کتاب المفقود، ص۱۲۹۔

(۵۲۶) پھر عورت بعد مدت مذکورہ کے نکاح کر سکتی ہے۔ ❶ [کیا یہ ممکن ہے]

کتاب البیوع

(۵۲۷) مسلمان نے ذمی کو شراب وسور کی خرید وفروخت کے لئے وکیل کیا تو جائز ہے۔[ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ] ❷

(۵۲۸) شراب گھی یا گوندھے ہوئے آٹے میں جا پڑے تو اس کی بیع میں خوف نہیں۔ ❸

(۵۲۹) سوا شراب کے جتنی پینے کی چیزیں حرام ہیں سب کی بیع جائز ہے۔[ابوحنیفہؒ] ❹

(۵۳۰) شیرہ انگور شراب بنانے والے کو فروخت کرے تو جائز ہے۔ مکروہ نہیں۔ ❺

(۵۳۱) مسلمان دارالحرب میں حربی کو شراب یا سور یا مردار خون فروخت کرے تو جائز ہے۔ ❻

(۵۳۲) دو حربی دارالحرب میں مسلمان ہونے کے بعد باہم شراب یا سور وغیرہ بیع کریں تو جائز ہے۔[ابوحنیفہؒ ومحمدؒ] ❼

(۵۳۳) سور اور شراب کے بدلے غلام خرید لے تو اس کو بیچنا اور ہبہ کرنا جائز ہے۔ ❽

(۵۳۴) سوا شراب انگور کے دیگر شرابوں میں سے نصف حصہ سے زیادہ جل گیا تو ان کی بیع جائز ہے۔[ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ] ❾

---

❶ بہشتی زیور: حصہ ۴ باب ۱۸ حکم مفقود الخبر ص ۲۹۹] ❷ کنز الدقائق: کتاب البیوع، باب بیع الفاسد، ص ۲۴۱۔ ❸ فتاوی عالمگیری: کتاب البیوع، فصل الخامس بیع المحرمات، ج ۱ ص ۱۱۶۔ ❹ فتاوی عالمگیری: کتاب البیوع، فصل الخامس فی بیع المحرم، ج ۳ ص ۱۱۶۔ ❺ فتاوی عالمگیری: کتاب البیوع، فصل الخامس فی بیع المحرم، ج ۳ ص ۱۱۶۔ ❻ عالمگیری: جلد ۳، ص ۳۴۱۔ ❼ فتاوی عالمگیری: کتاب البیوع، فصل الخامس فی بیع المحرم ج ۳ ص ۱۱۵۔ ❽ ہدایہ: جلد ۴ ص ۳۹۸۔ ❾ عین الهدایة: کتاب الاشربہ، ج ۴، ص ۴۳۵۔

(۵۳۵) سوا شراب انگور کے دیگر شرابوں کی بیع جائز ہے۔[ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ] 1

(۵۳۶) کتا اور گدھا ذبح کر کے اس کا گوشت فروخت کرنا جائز ہے۔ 2

(۵۳۷) ذبح کئے ہوئے درندوں کا گوشت فروخت کرنا جائز ہے۔ 3

(۵۳۸) پاخانہ کی بیع اگر مخلوط ہو تو جائز ہے۔ 4

(۵۳۹) لونڈی کا دودھ فروخت کرنا جائز ہے۔[ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ] 5

(۵۴۰) زمین ایسے شخص کے ہاتھ بیچنے میں کہ جو اس کا کلیسا بنا دے گا کچھ ڈر نہیں۔ 6

(۵۴۱) بربط اور طبل اور مزمار اور دف اور نرد کا فروخت کرنا جائز ہے۔[ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ] 7

(۵۴۲) ہاتھی گھوڑے مصنوعی یعنی کھلونے کی بیع جائز ہے اور ان سے بچوں کا کھیلنا بھی جائز ہے۔[ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ] 8

(۵۴۳) کتا، ہاتھی، چیتا، بندر اور دیگر درندوں کی بیع جائز ہے۔ 9

(۵۴۴) سانپ کی بیع جائز ہے۔ 10

(۵۴۵) نجس تیل کی بیع جائز ہے۔ 11

(۵۴۶) جو شخص عیب دار چیز فروخت کرنا چاہے اور عیب بھی ظاہر نہ کرنا چاہے تو اس کا حیلہ یہ ہے کہ عیب کی جگہ پر ہاتھ رکھ کر کہے کہ میں اس کے عیب سے بری ہوں۔ 12

---

1 عین الھدایہ: کتاب الاشربہ، ج۴، ص۴۴۴۔ 2 فتاوی عالمگیری: کتاب البیوع، فصل الخامس فی بیع المحرم، ج ۳ ص ۱۱۵۔ 3 فتاوی عالمگیری: کتاب البیوع، فصل الخامس فی بیع المحرم، ج ۳ ص ۱۱۵۔ 4 فتاوی عالمگیری: کتاب البیوع، فصل الخامس فی بیع المحرم، ج ۳ ص ۱۱۶۔ 5 فتاوی عالمگیری: کتاب البیوع، فصل الخامس فی بیع المحرم، ج ۳ ص ۱۱۶۔ 6 فتاوی عالمگیری: کتاب البیوع، فصل الخامس فی بیع المحرمات، ج ۳ ص ۱۱۶۔ 7 فتاوی عالمگیری: کتاب البیوع فصل الخامس فی بیع المحرمات، ج ۳ ص ۱۱۶۔ 8 در المختار: کتاب البیوع، باب المتفرقات ج ۳ ص ۱۶۹ 9 کنز الدقائق: کتاب البیوع، باب المتفرقات، ص ۲۵۷۔ 10 در المختار: کتاب البیوع، باب فی المتفرقات، ج ۳ ص ۱۷۰۔ 11 در المختار: کتاب البیوع، باب فی المتفرقات، ج ۳ ص ۱۷۱۔ 12 عالمگیری: کتاب الحیل، فصل ۱۳ البیع والشراء، ج ۱۰ ص ۳۵۹۔

(۵۴۷) شفعہ کے باطل کرنے کا حیلہ یہ ہے کہ بائع اُس شے کو مشتری کو ہبہ کر دے اور گواہ کر لے مشتری قیمت بائع کو ہبہ کر دے اور گواہ کر لے۔ 1

باب: سود کے بیان میں

(۵۴۸) مسلمان مسلمان سے دار الحرب میں سود لے تو جائز ہے[ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ] 2

کتاب القضا

(۵۴۹) قاضی کا حکم نافذ ہے دنیا میں اور اللہ کے ہاں اگرچہ جھوٹی گواہی سے ہو۔ 3

(۵۵۰) قاضی مجتہد ہی ہو سکتا ہے۔ 4 [پھر عمل اسکے خلاف کیوں]

(۵۵۱) حدود میں گواہی پوشیدہ کرنا بہتر ہے۔ 5

کتاب الشھادۃ

(۵۵۲) جو حنفی ہو کر شافعی ہو جائے تو اس کی گواہی قبول نہیں[اتنی خفگی کیوں، مذہب تو چاروں حق ہیں] 6

(۵۵۳) نکاح کے وکیل کی گواہی قبول نہیں اگر اثبات نکاح کی گواہی دے۔ 7

کتاب الاجارہ

(۵۵۴) نوحہ گری اور راگ باجوں کی بلا شرط اجرت لینا مباح ہے۔ 8

---

1 عالمگیری: کتاب الحیل، فصل ۲۰ شفعہ کے بیان میں، ج ۱۰ ص ۳۸۴۔ 2 فتاویٰ عالمگیری: کتاب البیوع، الفصل السادس فی تفسیر الربوٰ واحکامہ، ج ۳ ص ۱۲۱۔ 3 شرح الوقایۃ: کتاب القضاء نفاذ القضاء ظاہرا و باطنا، جلد ۳ ص ۱۳۳۔ 4 مقدمۃ عین الھدایۃ: فصل فی کیفیت الاجتہاد، ج ۱ ص ۹۰۔ 5 قدوری: کتاب الشھادۃ، ص ۲۱۲۔ 6 درالمختار: کتاب الشھادات، باب القبول وعدمہ، ج ۳ ص ۳۲۸۔ 7 درالمختار: کتاب الشھادات، باب القبول وعدمہ، ج ۳ ص ۳۲۹۔ 8 درالمختار: کتاب الاجارۃ باب الاجارۃ الفاسد ج ۴ ص ۳۸۔

کتاب الذبائح

(۵۵۵) آگ سے ذبح کرنا جائز ہے۔ 1

(۵۵٦) گدی کی طرف سے ذبح کرنا مکروہ ہے۔ 2

(۵۵۷) اونٹ نے حملہ کیا اگر اس کو حلال کرنے کی نیت سے قتل کر ڈالا تو اس کا کھانا حلال ہے۔ 3

(۵۵۸) بسم اللہ وَ اللہ اکبر پڑھنا مکروہ ہے۔ 4 [خلاف حدیث ہے۔ مسلم]

(۵۵۹) تہلیل (لا الہ الا اللہ) و تسبیح (سبحان اللہ) و تحمید (الحمد اللہ) کہے تو ذبیحہ حلال ہے۔ 5

(۵٦۰) اللہ اعظم ' یا اللہ اجل ' یا اللہ الرحمٰن ' یا اللہ الرحیم یا فقط اللہ یا رحمٰن یا رحیم، وقت ذبح کے پڑھے تو ذبیحہ حلال ہے۔ 6

(۵٦۱) تسمیہ فارسی میں (اللہ بزرگ است) یا کسی زبان میں ہو جائز ہے۔ [ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ] 7

(۵٦۲) رومی زبان میں تسمیہ کہا خواہ وہ عربی ادا کر سکتا ہے یا نہیں تو جائز ہے۔ 8

(۵٦۳) جو جانور کہ کھائے جاتے ہیں ان کو شراب پلائی گئی پھر اسی وقت ذبح کر دیا تو حلال ہے۔ 9

(۵٦۴) بکری کو شراب پلائی گئی تو اس کا گوشت اور دودھ مکروہ نہیں۔ 10

---

1 درالمختار: کتاب لذبائح، ج۴ص۱۸۴۔ 2 درالمختار: کتاب الذبائح، ج۴ص۱۸۵ 3 فتاوٰی عالمگیری (عربی)، کتاب الذبائح الباب الاول فی رکنہ وشرائطہ ج ۵ص ۲۸۵۔ 4 فتاوٰی عالمگیری (عربی)، کتاب الذبائح الباب الاول فی رکنہ وشرائطہ ج ۵ص ۲۸۸۔ 5 فتاوٰی عالمگیری (عربی) کتاب الذبائح الباب الاول فی رکنیہ وشرائطہ ج ۵ص ۲۸۵۔ 6 فتاوٰی عالمگیری (عربی) کتاب الذبائح الباب الاول فی رکنہ وشرائطہ ج ۵ص ۲۸۵۔ 7 فتاوٰی عالمگیری (عربی)، کتاب الذبائح، الباب الاول فی رکنہ وشرائطہ ج ۵ص ۲۸۵۔ 8 فتاوٰی عالمگیری (عربی): کتاب الذبائح، الباب الاول فی رکنہ وشرائطہ ج ۵ص ۲۸۵۔ 9 درالمختار: کتاب الحظر والاباحۃ، ج۴ص ۲۱۷۔
10 عین الھدایۃ: کتاب الاشربۃ، ج۴، ص۴۴۴۔

(۵٦۵) جوحیوان سور کے دودھ سے پالا گیا ہووہ حلال ہے۔ ❶

(۵٦٦) جوکوا مردار اور دانہ کھاتا ہووہ حلال ہے[ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ] ❷

(۵٦۷) مسلمان نے مجوسی کی بکری آتشکدہ کے واسطے ذبح کی۔ یا کافر کی بکری ان کے معبودوں کے واسطے ذبح کی تو کھانا حلال ہے۔ ❸

(۵٦۸) ذبح کئے ہوئے جانور سے بچہ زندہ نکلا اور ذبح کرنے سے پہلے مر گیا تو حلال ہے۔[صاحبینؒ] ❹

(۵٦۹) ایک شخص نے گائے جنے کے وقت ہاتھ فرج میں ڈال کر بچے کو ذبح کر دیا۔ اگر ذبح کی جگہ سے ذبح ہوا تو حلال ہے۔ ❺

(۵۷۰) اگر غیر جگہ سے ذبح کیا پس وہ ذبح کی جگہ سے ذبح نہیں کرسکتا تھا تب بھی حلال ہے۔ ❻

(۵۷۱) وقت ذبح کے جانور حیات معلوم ہوا گرچہ حرکت نہ کرے اور خون نہ نکلے تو حلال ہے۔ ❼

(۵۷۲) چمگادڑ اور اُلو کا گوشت حلال ہے۔ ❽

(۵۷۳) گوہ کھانا مکروہ ہے۔ ❾

(۵۷۴) گونگے کا ذبیحہ خواہ مسلمان ہو یا کتابی کھایا جائے گا۔ ❿

---

❶ درالمختار: کتاب الحضر والاباحۃ، ج ۴ص ۲۱۷۔ ❷ عالم گیری (عربی) کتاب الذبائح الباب الثانی ج ۵ص ۲۹۰۔ ❸ فتاوٰی عالمگیری (عربی) کتاب الذبائح، باب الاول فی رکنہ وشرائطہ، ج ۵ص ۲۸٦۔ ❹ فتاوٰی عالمگیری: کتاب الذبائح، باب الاول فی رکنہ وشرائطہ، ج ۵، ص ۲۸۷۔ ❺ فتاوٰی عالمگیری: (عربی) کتاب الذبائح، باب الاول فی رکنہ وشرائطہ، ج ۵ص ۲۸۷۔ ❻ فتاوٰی عالمگیری (عربی) کتاب الذبائح، باب الاول فی رکنہ وشرائطہ، ج ۵ص ۲۸۷۔ ❼ کنز الدقائق: کتاب الذبائح، فصل فی ما یحل اکلہ، ص ۴۲۰۔ ❽ فتاوٰی عالمگیری (عربی)، کتاب الذبائح، باب فی مایؤکل ومالایؤکل، ج ۵ص ۲۹۰۔ ❾ عین الهدایہ فصل فما یحل اکلہ ومالایحل ج ۴ص ۱۸۱۔ ❿ فتاوٰی عالمگیری (عربی)، کتاب الذبائح، باب الاول فی رکنہ وشرائطہ، ج ۵ص ۲۸٦۔

(۵۷۵) اگر کتے نے بکری سے جفتی کی اور بچہ مشترک پیدا ہوا تو دیکھنا چاہئے کہ گوشت اور گھاس سامنے رکھ کر۔ اگر گھاس کھاتا ہے تو حلال ہے اور گوشت کھائے تو حرام۔ اگر دونوں کھائے تو اس کو مارا جائے گا اگر بھونکے تو کتے کے حکم میں ورنہ بکری کے۔ اگر دونوں آوازیں کرتا ہو تو ذبح کیا جائے اور اوجھری نکلے تو کھایا جائے ورنہ نہیں۔ ❶

کتاب الاضحیہ

(۵۷۶) غصب کے جانور کی قربانی جائز ہے۔ ❷

(۵۷۷) بھینس کی قربانی درست ہے جب دو کی ہو۔ ❸

(۵۷۸) گاؤں میں عیدالاضحیٰ سے پہلے اور صبح کی نماز کے بعد قربانی درست ہے۔ ❹

(۵۷۹) حیلہ نماز عیدالاضحیٰ سے پہلے قربانی کرنے کا یہ ہے کہ جانور کو گاؤں بھیج دے۔ اور وہاں قبل نماز قربانی کر دے تو درست ہے۔ ❺

کتاب الحظر والاباحۃ

(۵۸۰) مسلمان کا کافر ذمی کی شراب کو اپنی پیٹھ پر لادنا اور اس کی مزدوری کرنا جائز ہے۔ [ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ] ❻

(۵۸۱) آتشکدہ یا کلیسا بنانے کے لئے گھر کرایہ پر دینا یا شراب بیچنے کے لئے گھر کرایہ پر دینا جائز ہے۔ [ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ] ❼

(۵۸۲) کسی شخص نے مسلمان کے واسطے شراب رکھ چھوڑی تو مکروہ نہیں اور کافر کے لئے رکھے تو مکروہ ہے۔ ❽

---

❶ فتاویٰ عالمگیری (عربی)، کتاب الذبائح، الباب الثالث فی المتفرقات ج ۵ ص ۲۹۰۔ ❷ شرح الوقایۃ: کتاب الاضحیۃ ج ۴ ص ۵۳۔ ❸ بہشتی زیور، حصہ ۳ ص ۵۰۔ ❹ بہشتی زیور: حصہ ۳ باب ۱۸، قربانی کا بیان، ص ۲۳۰۔ ❺ بہشتی زیور، حصہ ۳ باب ۱۸، قربانی کا بیان، ص ۲۳۰۔ ❻ درمختار، جلد ۴ ص ۲۲۷' ہدایہ جلد ۴ ص ۴۱۱' شرح وقایہ ص ۵۶۸' کنز ص ۳۸۲۔ ❼ درالمختار: کتاب الحظر والاباحۃ، فصل فی البیع، ج ۴ ص ۲۵۲۔ ❽ عالمگیری: کتاب الکراھیۃ، باب ۳۰ تداوی، ج ۹ ص ۱۱۹۔

(۵۸۳) سور کے بال سے موزہ سینا جائز ہے۔[ابوحنیفہؒ] [1]

(۵۸۴) کتے کی ہڈی سے دوا کرنا جائز ہے۔ [2]

(۵۸۵) گدھے کا گوشت مکروہ ہے۔[ابوحنیفہؒ] [3]

(۵۸۶) مستعمل پانی سے آٹا گوندھنے میں ڈر نہیں[محمدؒ] [4]

(۵۸۷) مردار کھال پر قرآن لکھنا جائز ہے۔ [5]

(۵۸۸) مسجد کو گوبر مٹی سے لیپنا جائز ہے[محمدؒ] [6]

(۵۸۹) فقیہہ ابو جعفر نے کہا کہ میں نے اپنے شیخ ابوبکر سے سنا کہ وہ فرماتے تھے کہ ابراہیم سے دریافت کیا گیا کہ ایام تشریق میں بازار میں آواز سے تکبیر کہنا کیسا ہے؟ فرمایا یہ جولاہوں کی تکبیر ہے۔ [7] [کیا یہ سنت رسول اللہ ﷺ پر حملہ نہیں ہے۔]

(۵۹۰) مرد کا مرد سے معانقہ حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک مکروہ ہے[اور حدیث سے جائز ہے] [8]

(۵۹۱) امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ مکہ معظّمہ میں رہنا مکروہ جانتے تھے۔ [9]

(۵۹۲) زیرناف کے بال حجام آنکھیں بند کر کے مونڈے تو جائز ہے۔ [10]

(۵۹۳) مرد اپنی عورت کے منہ میں ذکر داخل کرے تو مکروہ ہے اور بعض کے نزدیک مکروہ بھی نہیں۔ [11]

---

[1] عالم گیری: کتاب الکراھیۃ، باب ۱۸ تداوی و معالجہ، ج ۹ ص ۸۸۔ [2] عالمگیری: کتاب الکراھیۃ: باب ۱۸ تداوی و معالجہ، ج ۹ ص ۸۸۔ [3] عین الھدایۃ: کتاب الکراھیہ ج ۴ ص ۲۳۴۔ [4] عالمگیری: کتاب الکراھیۃ، باب ۱۱ کھانے میں کراہیت، ج ۹ ص ۶۲۔ [5] عالمگیری: کتاب الکراھیۃ، باب ۱۸ تداوی و معالجات، ج ۹ ص ۹۱۔ [6] عین الھدایۃ: کتاب الکراھیہ ج ۴ ص ۲۳۴۔ [7] عالمگیری، کتاب الکراھیۃ، باب ۴ صلوٰۃ تسبیح و قرأت، ج ۹ ص ۲۴۔ [8] عین الھدایۃ کتاب الکراھیہ ج ۴ ص ۳۱۷۔ [9] عالمگیری: کتاب الکراھیۃ، باب ۵ آداب مسجد، ج ۹ ص ۳۴۔ [10] عالمگیری: کتاب الکراھیۃ، باب ۱۹، ج ۹ ص ۹۴۔ [11] عالمگیری: کتاب الکراھیۃ، باب ۳۰ ...قات، ج ۹ ص ۱۱۹۔

(۵۹۴) باکرہ عورت سے سوا فرج کے جماع کیا اور حمل رہ گیا بایں طور پر کہ نطفہ اس کی فرج میں ٹپک گیا پھر جب ایام ولادت قریب آئے تو اس کا پردہ بکارت انڈا وغیرہ ڈال کر توڑ دیا جائے گا کیوں کہ بدوں اس کے بچہ نہیں نکلے گا۔ ❶

(۵۹۵) کافر کا قول گوشت کے متعلق قابل قبول ہے۔ ❷

(۵۹۶) زمین کو غصب کر کے مسجد بنائے توڑ نہیں۔ [ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ] ❸

کتاب الاشربہ

(۵۹۷) ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ نے ایک قسم کی انگوری شراب خلیفہ ہارون رشید کے واسطے تیار کی تھی۔ اس شراب کو ابا یوسفی کہتے تھے۔ ❹

(۵۹۸) بختج ایک قسم کی شراب ہے جو ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ اکثر استعمال کیا کرتے تھے۔ ❺

(۵۹۹) شراب میں تھوڑی سے ترشی آ جائے تو پینا حلال ہے۔ [صاحبینؒ] ❻

(۶۰۰) مچھلی یا نمک بہ نسبت شراب کے کم ہو تو ترش ہونے پر پاک ہے۔

ابو یوسفؒ] ❼

(۶۰۱) کپڑا شراب میں گرا پھر سرکہ میں ڈالا گیا تو پاک ہے۔ ❽

(۶۰۲) شراب کی تلچھٹ پینا مکروہ ہے۔ ❾ [پینے والے کو حد نہ ماری جائے گی]

---

❶ عالمگیری جلد ۴ ص ۳۳۲۔ ❷ شرح وقایہ ص ۵۶۱' کنز ص ۳۷۹۔
❸ عالمگیری جلد ۴ ص ۲۶۹۔ ❹ درالمختار، کتاب الاشربۃ، ج ۴ ص ۲۹۰۔
❺ فتاوی عالمگیری: کتاب الاشربۃ، باب الاول فی تفسیر الاشربۃ، ج ۹ ص ۱۸۱۔
❻ فتاوی عالمگیری: کتاب الاشربۃ، باب الاول فی تفسیر الاشربۃ، ج ۹ ص ۱۸۲۔
❼ فتاوی عالمگیری: کتاب الاشربۃ، باب الاول فی تفسیر الاشربۃ، ج ۹ ص ۱۸۳۔
❽ فتاوی عالمگیری: کتاب الاشربۃ باب الاول فی تفسیر الاشربۃ، ج ۹ ص ۱۸۴۔
❾ فتاوی عالمگیری: کتاب الاشربۃ، باب الاول فی تفسیر الاشربۃ، ج ۹ ص ۱۸۴۔

(۶۰۳) شراب گیہوں وجو وشہد وجوار کی حلال ہے۔ [1]

(۶۰۴) شراب میں ایسی چیز ملائی جو نظر آتی ہو اگرچہ وہ چیز غالب ہو تو کھانے میں مضائقہ نہیں۔ [2]

(۶۰۵) شیرہ انگور کی دو تہائی جل جائے تو حلال ہے۔ [ابو یوسفؒ وابو حنیفہؒ] [3]

(۶۰۶) شراب سے گوندھے ہوئے آٹے کی روٹی کھانا مکروہ ہے۔ [4]

(۶۰۷) شراب میں دوا گوندھی گئی جس کا غلبہ ہو اسی کا اعتبار ہے۔ [5]

(۶۰۸) انگور کو پانی میں پکانے کے بعد جھاگ آ جائے تو پینا درست ہے۔ [ابو حنیفہؒ] [6]

(۶۰۹) شراب چھوارے اور منقّی کی حلال ہے۔ [7]

(۶۱۰) سرکہ شراب میں ڈالا گیا ترشی آنے پر کھانا جائز ہے اگرچہ شراب غالب ہو۔ [8]

(۶۱۱) نبیذ اور شہد اور انجیر اور گیہوں اور جوار اور جو کی شراب لہو ولعب کے لئے نہ پئے تو حلال ہے۔ [ابو حنیفہؒ وابو یوسفؒ] [9]

(۶۱۲) جس نے شراب کے نو پیالے پئے اور نشہ نہ ہوا پھر دسواں پیالہ پیا تو نشہ ہوا تو یہ دسواں پیالہ حرام ہے پہلے کے نو نہیں۔ [10]

(۶۱۳) سوا شراب کے دیگر مسکرات میں جب تک نشہ نہ ہو پینا حرام نہیں۔ [11]

(۶۱۴) تحقیق یہ ہے کہ بھنگ مباح ہے۔ [12]

---

[1] عین الھدایہ: کتاب الاشربہ، ج ۴ ص ۴۳۵۔ [2] عالمگیری: کتاب الاشربۃ، باب ۲ فی المتفرقات، جلد ۹ ص ۱۹۰۔ [3] فتاوی عالمگیری: کتاب الاشربۃ، باب الاول فی تفسیر الاشربۃ، ج ۹ ص ۱۸۵۔ [4] عین الھدایہ: کتاب الاشربہ، ج ۴ ص ۴۴۴۔ [5] عین الھدایہ: کتاب الاشربہ، ج ۴، ص ۴۳۶۔ [6] شرح الوقایۃ: کتاب الاشربۃ، فصل فی الشرب، ج ۴ ص ۶۸۔۶۹ [7] عین الھدایہ: کتاب الاشربہ، ج ۴ ص ۴۳۶۔ [8] فتاوی عالمگیری: کتاب الاشربۃ، باب الاول فی تفسیر الاشربۃ، ج ۹ ص ۱۸۲۔ [9] درالمختار: کتاب الاشربۃ، ج ۴ ص ۲۹۵۔ [10] درالمختار: کتاب الاشربۃ، ج ۴ ص ۲۹۴۔ [11] عین الھدایہ: کتاب الاشربہ، ج ۴، ص ۴۴۸۔ [12] درالمختار: کتاب الاشربۃ، ج ۴ ص ۲۹۷۔

(٦١٥) نان پاؤ میں کوئی مسکر [نشہ والی] چیز مل جائے تو کھانا درست ہے۔ [1]

(٦١٦) جائفل حرام ہے۔ [2]

کتاب الجنایات

(٦١٧) جو شخص زبان اور آلہ تناسل کو جڑ سے کاٹ ڈالے تو قصاص نہیں ہے۔ [3]

کتاب الصید

(٦١٨) سور کا شکار کرنا درست ہے۔ [4]

(٦١٩) سور کے علاوہ دیگر جانوروں کی کھال اور گوشت شکار کرنے سے پاک ہوتی ہے۔ [5]

---

[1] شرح وقایہ ص ٥٧٦۔

[2] در المختار: کتاب الاشربۃ، ج ۴ ص ٢٩٨۔

[3] در المختار: کتاب الجنایات، باب القود ما دون النفس ج ۴ ص ٣٧١۔

[4] [5] شرح وقایہ ص ٥٧٩۔

حصہ دوم

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ○

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ وَ كَفٰى وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيۡنَ اصۡطَفٰى

بعد حمد وصلوٰۃ کے حسب وعدہ دیباچہ مسائل ذیل (۶۳۷) درج کئے جاتے ہیں اوراحباب احناف کی خدمت میں بصد عجز و بہ نظر خیر خواہی و ہمدردی بمقتضائے حدیث بخاری ((لَا يُؤۡمِنُ اَحَدُكُمۡ حَتّٰى يُحِبَّ لِاَخِيۡهِ مَا يُحِبُّ لِنَفۡسِهٖ)) (ایماندار نہ ہوگا کوئی شخص تم میں سے یہاں تک کہ وہ پسند کرے اپنے بھائی کے لئے وہ چیز جو پسند کرتا ہے اپنے لئے) گزارش ہے کہ براہ انصاف بیجا تعصب سے خالی الذہن اور صاف دل ہوکر ذرا غور وتامل فرمائیں اور بلاخوف لومۃ لائم عمل کریں تو بہت ہی اولیٰ اور انسب ہے ورنہ کم از کم جو کدورتیں یعنی اہلحدیث کے متعلق دلوں میں جاگزیں ہورہی ہیں ان کوتو نکال کر اخوت اسلامی کے مطابق اُن سے اپنے بھائیوں کی طرح برتاؤ رکھیں۔ آئندہ اختیار بدست مختار۔ وَمَا عَلَيۡنَا اِلَّا الۡبَلَاغ.

وَ مَا تَوۡفِيۡقِيۡ اِلَّا بِاللّٰهِ عَلَيۡهِ تَوَكَّلۡتُ وَ اِلَيۡهِ اُنِيۡبُ وَاللّٰهُ يَهۡدِىۡ مَنۡ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسۡتَقِيۡمٍ○

کتاب الشتیٰ

باب: متعلق قرآن وحدیث

(۱) کتاب وسنت میں سب کچھ موجود ہے۔ [1]

(۲) آیۃ ﴿اَلۡيَوۡمَ اَكۡمَلۡتُ لَكُمۡ دِيۡنَكُمۡ﴾ سے دین قرآن وحدیث میں مکمل ہو چکا۔ [2]

---

[1] مقدمہ عالمگیری: الوصل فی الافتاء، ج ۱ ص ۱۱۷۔

[2] مقدمہ عالمگیری: الوصل تذکرۃ ابی حنیفہ، ج ۱ ص ۳۴۔

(۳) نصوص قرآن وحدیث کے اپنے ظاہر پر محمول رہیں گے جب تک کہ آیت از قسم متشابہات نہ ہو۔ [1]

(۴) دین اسلام کا مدار قرآن وحدیث واجماع پر ہے۔ [2]

(۵) نص کے ہوتے ہوئے قیاس ترک کیا جائے گا۔ [3]

(٦) کتاب وسنت کے موافق عمل کرے اور تعصب باطل اور کجروی سے بچے۔ اور یہ مراد نہیں کہ جو کہے میں حنفی ہوں اس کی مغفرت ہو جائے۔ [4]

(۷) فتوی میں یہ نہ لکھا کرو۔ کہ کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں۔ بلکہ یوں لکھا کرو کہ اس واقعہ میں اللہ و رسول کا حکم تم کو کیا معلوم ہے۔ [5]

(۸) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کا قول خلاف کتاب وسنت کے معتبر نہ ہوگا۔ [6]

باب: متعلق حدیث

(۹) حدیث وحی خفی ہے۔ [7]

(۱۰) حدیث حجت ہے۔ [8]

(۱۱) حدیث بھی قطعی ہے۔ اس لئے کہ موزہ کا مسح حدیث سے ثابت ہے بلا تامل اس کا منکر کافر ہے۔ [9]

(۱۲) حدیث سے قرآن پر زیادتی جائز ہے۔ [10]

(۱۳) علم حدیث کو وہ شرافت حاصل ہے کہ کوئی بھی اس کی برابری نہیں کرسکتا۔ [11]

---

[1] مقدمۃ عین الھدایۃ: باب ملحقات عقائد، ج۱ص ۳۵۔ [2] مقدمۃ عین الھدایۃ: فصل فی الحدیث، ج۱ص ۱۱۰۔ [3] ہدایہ: جلد۱ص ۵۴' وجلد۲ص ۶۴۸۔ [4] مقدمۃ درالمختار: فضائل امام اعظم، ج۱ص ۳۰۔ [5] مقدمۃ عالمگیری: الوصل فضائل علم وعلماء، ج۱ص ۱۴۔ [6] درمختار: جلد۲ص ۶۱۱' مقدمہ ہدایہ جلد۱ص ۳۵۔ [7] مقدمۃ عین الھدایۃ: فصل فی الحدیث ج۱ص ۱۱۰۔ [8] درمختار: جلد۱ص ۳۴۔ [9] عین الھدایۃ: کتاب الطہارات باب، المسح علی الخفین، ج۱ص ۲۰۱۔ [10] شرح وقایہ: ص ۶۱۔ [11] مقدمۃ عین الھدایۃ: فصل فی الحدیث، ج۱ص ۱۱۰۔

(۱۴) امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ نے آیت پر حدیث کو مقدم کیا۔ [1]

(۱۵) حدیث سے آیۃ منسوخ ہو جاتی ہے۔ [2]

(۱۶) حدیث کا رد کرنے والا گمراہ ہے[فقہ اکبر] [3]

(۱۷) جو بات آنحضرت ﷺ کے بال برابر خلاف ہو اس کو ترک کرے۔ [4]

(۱۸) سنت چھوڑنے پر ملامت کی جائے گی۔ [5]

(۱۹) آنحضرت ﷺ کی محبت محض زبان کے کہنے سے نہیں ہوتی بلکہ اتباع سے ہوتی ہے۔ [6]

(۲۰) حدیث امام کے قول پر مقدم ہے۔ [7]

(۲۱) عمل حرمین شریفین کا بمقابلہ حدیث کے حجت نہیں۔ [8]

(۲۲) حَتّٰی لَقِیَ اللّٰہَ کا مطلب یہ ہے کہ حدیث منسوخ نہیں ہے۔ [9]

(۲۳) حدیث صحیح و حسن قابل استدلال ہیں۔ [10]

(۲۴) جو حدیث شدید الضعف ہو اس پر عمل نہ کیا جائے۔ [11]

(۲۵) موضوع حدیث سے استدلال کرنا حرام ہے اور عمل کرنا بھی حرام ہے [12]

(۲۶) علم حدیث نہایت رتبہ کمال کو پہنچا۔ اس لئے کہ محدثین نے اسمائے رجال اور طبقات میں کتابیں تصنیف کیں اور جرح و تعدیل کی۔ بعض لاکھ، دو لاکھ، تین لاکھ حدیثوں کے حافظ تھے۔ [13]

---

[1] ہدایہ: جلد اص ۱۳۴۔ [2] درمختار: جلد اص ۴۷۵' جلد ۴ص ۳۹۸۔ [3] مقدمۃ عین الھدایۃ، ج اص ۳۰۔ [4] مالا بدمنہ: ص ۸۔ [5] ہدایہ: جلد ا، ص ۱۱۔ [6] شرح وقایہ: ص ۱۰۷۔ [7] ہدایہ: جلد اص ۳۹۱' ۹۳۶۔ [8] شرح وقایہ: ص ۸۶۔ [9] ہدایہ: جلد ا، ص ۱۶۳۔ [10] مقدمۃ عین الھدایۃ: بیان احادیث، ج ا ص ۱۱۶۔ [11] درالمختار: کتاب الطہارت، ج اص ۷۳ [12] مقدمۃ عین الھدایۃ: بیان احادیث، ج اص ۱۱۶۔ [13] مقدمۃ درالمختار: تحصیل علم کے احکام، ج اص ۲۷۔

باب: امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے اقوال

(۲۷) فرمایا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے جو پہنچے ہمارے سر آنکھوں پر ہے۔ ہم کو مخالفت کی مجال نہیں۔ اور جو صحابہ رضی اللہ عنہم سے پہنچے وہ بھی سر آنکھوں پر ہے۔ اور جو تابعینؒ سے پہنچے اس پر غور کریں گے۔ [1]

(۲۸) فرمایا کہ پہلے ہم قرآن پر حدیث سے معنی سمجھ کر عمل کرتے ہیں اور جب قرآن میں نہیں پاتے تو حدیث کو ڈھونڈتے ہیں اور حدیث میں بھی نہیں پاتے تو خلفاء راشدین کے قضایا پر عمل کرتے ہیں۔ پھر بقیہ صحابہ رضی اللہ عنہم کے فتووں پر۔ [2]

(۲۹) فرمایا لوگ ہمیشہ بہتری میں رہیں گے جب تک ان میں کوئی حدیث طلب کرنے والا رہے گا۔ [3]

(۳۰) فرمایا جو لوگ علم کو بغیر حدیث کے طلب کریں گے تو تباہ ہوں گے۔ [4]

(۳۱) فرمایا جب حدیث صحیح مل جائے وہی میرا مذہب ہے۔ [5]

(۳۲) فرمایا چھوڑ دو میرے قول کو حدیث کے سامنے۔ [6]

(۳۳) جب صحیح حدیث مل جائے اور وہ مذہب کے خلاف ہو تو حدیث پر عمل کیا جائے گا۔ حنفی حدیث پر عمل کرنے سے مذہب سے باہر نہ ہوگا۔ [7]

(۳۴) فرمایا کسی کو حلال نہیں کہ ہمارا قول اختیار کرے جب تک کہ اس کا ماخذ قرآن و حدیث و اجماع صحابہ رضی اللہ عنہم سے معلوم نہ کرلے۔ [8]

(۳۵) فرمایا حدیث کا سننا بھی عبادت ہے۔ [9]

---

[1] مقدمہ فتاوی عالمگیری: تذکرۃ الوصل ابی حنیفہ، ج ۱ ص ۴۵۔ [2] مقدمہ فتاوی عالمگیری: تذکرۃ ابی حنیفہ، ج ۱ ص ۴۵۔ [3] مقدمہ فتاوی عالمگیری: تذکرۃ ابی حنیفہ، ج ۱ ص ۴۶۔ [4] مقدمہ فتاوی عالمگیری: تذکرۃ الوصل ابی حنیفہ، ج ۱ ص ۴۶۔ [5] مقدمہ عین الھدایۃ: فی طریقۃ الفتوی، ج ۱ ص ۱۰۴۔ [6] مقدمہ شرح الوقایۃ: تقلید کا بیان، ج ۱ ص ۱۰۔ [7] مقدمہ عین الھدایۃ: فی طریقۃ الفتوی، ج ۱ ص ۱۰۴۔ [8] مقدمہ عین الھدایۃ: فی طریقۃ الفتوی، ج ۱ ص ۱۰۵۔ [9] مقدمہ عالمگیری: الوصل تذکرۃ ابی حنیفہ، ج ۱ ص ۴۶۔

(۳۶) فرمایا جب تک لوگ حدیث حاصل کرنے پر جھکے رہیں گے تو اچھے رہیں گے۔ جب ترک کریں گے تو برباد ہوں گے۔ 1

(۳۷) فرمایا لوگوں کی رائے سے مجھے ضعیف حدیث زیادہ محبوب ہے۔ 2

(۳۸) فرمایا کہ دین میں رائے سے بچو سنت کے تابع رہو۔ اور جو اس سے باہر ہے گمراہی ہے۔ 3

(۳۹) فرمایا اپنے اوپر آثار سلف کو لازم پکڑو۔ اور لوگوں کی رائے سے بچو اگرچہ کیسی ہی آراستہ ہو۔ 4

(۴۰) فرمایا بدعت سے بچو۔ سلف صالحین کی رسی مضبوط پکڑو۔ 5

(۴۱) فرمایا علم کلام بدعت ہے۔ 6

باب: امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

(۴۲) فرمایا جب ہمارا قول حدیث کے مخالف ہو تو اس کو دیوار پر دے مارو۔ 7

باب: ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ کا قول

(۴۳) فرمایا تو اے مخاطب اپنے اوپر اتباع سنت غراء لازم کر! کہ وہ پناہ ہے ہوا پرستی سے اور سپر ہے سہام شیطانی سے۔ اور چھوڑ تعصب اور ناحق جانب داری کو کہ وہ باب عظیم ہے ابواب شیطانیہ سے۔ 8

باب: متعلق کتب احادیث کے

(۴۴) مؤطا امام مالک قوی الاسناد اور صحیح متواتر ہے۔ 9

---

1 مقدمہ عالمگیری: الوصل فی الافتاء جلد ۱ ص ۱۳۹۔ 2 مقدمہ عالمگیری: الوصل تذکرۃ ابی حنیفہ، ج ۱ ص ۴۶۔ 3 مقدمہ عالمگیری: الوصل تذکرۃ ابی حنیفہ، ج ۱ ص ۴۶۔ 4 مقدمہ عالمگیری: الوصل تذکرۃ ابی حنیفہ، ج ۱ ص ۴۶۔ 5 مقدمہ عالمگیری: الوصل تذکرۃ ابی حنیفہ، ج ۱ ص ۴۶۔ 6 مقدمہ عالمگیری: الوصل تذکرۃ ابی حنیفہ، ج ۱ ص ۴۶۔ 7 مقدمہ عین الہدایۃ: طریقۃ الفتوی ج ۱ ص ۱۰۵۔ 8 مقدمہ در المختار: فضائل امام اعظم، ج ۱ ص ۳۳۔ 9 مقدمہ عین الہدایۃ: بیان احادیث، ج ۱ ص ۱۱۲۔

(۴۵) ((اَصَحُّ الْکُتُبِ بَعْدَ کِتَابِ اللّٰہِ الْبُخَارِی)) یعنی زیادہ صحیح کتاب قرآن کے بعد بخاری ہے۔ ❶

(۴۶) کتاب بخاری چھ لاکھ احادیث سے منتخب ہوئی۔ اور ہر حدیث پر دو رکعت نماز پڑھی گئی اور درمیان ممبر اور مزار شریف رسول اللہ ﷺ کے لکھی گئی۔ ❷

(۴۷) اجماع ہے کہ بعد قرآن کے بخاری ہے اور پھر مسلم۔ ❸

(۴۸) کتاب ابوداؤد پانچ لاکھ احادیث سے منتخب ہوئی۔ اس میں احادیث صحیح و قریب صحیح کے لکھی ہیں۔ ❹

(۴۹) امام ترمذی نے فرمایا کہ میری یہ کتاب یعنی جامع ترمذی جس کے گھر میں ہو گویا اُس میں پیغمبر ﷺ فرمارہے ہیں۔ ❺

(۵۰) طبقہ اول میں بخاری اور مسلم اور موطا امام مالک ہے اور یہ اصح ہیں۔ ❻

(۵۱) طبقۂ دوم میں ترمذی اور نسائی اور ابوداؤد ہے۔ ان کا مرتبہ بخاری مسلم سے کم ہے۔ مسند احمد میں اگرچہ احادیث ضعیف بھی ہیں لیکن اس طبقہ میں داخل ہوسکتی ہے۔ (مترجم کے نزدیک) سنن ابن ماجہ بھی اسی طبقہ میں شامل ہوسکتی ہے اگرچہ اس کی بعض احادیث ضعیف ہیں بلکہ بعض موضوع ہیں۔ ❼

(۵۲) طبقۂ سوم جن میں احادیث صحیح حسن اور متہم بموضوع سب طرح کی ہیں۔ وہ یہ ہیں۔ مسند شافعی، مصنف عبدالرزاق، مصنف ابن ابی شیبہ، مسند ابی داؤد طیالسی، مسند دارمی، مسند ابو یعلی، سنن ابن ماجہ، مسند عبد بن حمید، سنن دار قطنی، صحیح ابن حبان مستدرک حاکم، کتب بیہقی، کتب طحاوی، کتب طبرانی۔ ان کتابوں کی احادیث بغیر تنقید اعتبار کے قابل نہیں ہیں۔ ❽

---

❶ مقدمۃ عین الھدایۃ: بیان احادیث، ج۱ص۱۱۳۔ ❷ مقدمۃ عین الھدایۃ: بیان احادیث، ج۱ص۱۱۳۔

❸ مقدمۃ عین الھدایۃ: بیان احادیث، ج۱ص۱۱۳۔ ❹ مقدمۃ عین الھدایۃ: بیان احادیث، ج۱ص۱۱۳۔

❺ مقدمۃ عین الھدایۃ: بیان احادیث، ج۱ص۱۱۳۔ ❻ مقدمۃ عین الھدایۃ: بیان احادیث، ج۱ص۱۱۴۔

❼ مقدمۃ عین الھدایۃ: بیان احادیث، ج۱ص۱۱۴۔ ❽ مقدمۃ عین الھدایۃ: بیان احادیث، ج۱ص۱۱۴۔

(۵۳) طبقہ رابعہ کی احادیث اس قابل نہیں کہ ان سے کوئی عقیدہ یا عمل ثابت کیا جائے۔ اُن میں سے چند یہ ہیں۔ کتاب الضعفاء ابن حبان' تصانیف حاکم' کتاب الضعفاء عقیلی' کتاب کامل از ابن عدی' تصانیف ابن مردویہ' تصانیف خطیب بغدادی' تصانیف ابن شاہین، تفسیر ابن جریر' فردوس وغیرہ از دیلمی، تصانیف ابونعیم' تصانیف جوزقانی' تصانیف ابن عساکر' تصانیف ابوالشیخ' تصانیف ابن النجار وغیرہ۔ ان کتابوں میں احادیث موضوعہ وضعیفہ اکثر مناقب یا معائب میں واقع ہوئی ہیں۔ 1

(۵۴) شیخ عبدالحق (محدث دہلوی) کے مقدمہ میں ہے کہ جمہور محدثین کے نزدیک صحیح بخاری اصح ہونے میں مقدم ہے۔ باقی کتب احادیث پر اور صحت وقوت میں کوئی کتاب صحیح بخاری کے برابر نہیں بدلیل آنکہ صحت میں جو کمالی صفات معتبر ہیں سب اس کے رجال میں موجود ہیں۔ 2

(۵۵) جس حدیث پر بخاری ومسلم دونوں متفق ہیں وہ حدیث متفق علیہ کہلاتی ہے اور جمہور محدثین کے نزدیک یہ حدیث سب سے مقدم۔ پھر جو تنہا صحیح بخاری میں' پھر جو تنہا صحیح مسلم میں' پھر جو صحاح معتمد میں' برشرط بخاری ومسلم ہو۔ پھر جو بشرط مسلم پھر جو سوائے ان دونوں شیخین کے دوسرے ائمہ کی شرط پر ہو جنہوں نے تصحیح کا التزام کیا ہے۔ 3

(۵۶) ابن خزیمہ وابن حبان بہ نسبت حاکم کے امکن واقوی وبہتر والطف ہیں۔ 4

(۵۷) اگر امام تخریج کرنے والے مثلاً امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ یا مسلم رحمۃ اللہ علیہ یا ترمذی رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ نے کسی حدیث کی نسبت صحیح یا حسن یا ضعیف کہا تو شیخ ابن الصلاح رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ پچھلے لوگوں کی جرح وتعدیل مفید نہیں۔ 5 [ناظرین غور فرمائیں کہ مسند امام اعظم وموطأ امام محمد وآثار امام محمد ان چار طبقوں میں سے کسی طبقہ کے قابل نہ تھیں جو ان میں سے کسی میں بطور تذکرہ ہی داخل کی جاتیں۔]

---

1 مقدمۃ عین الھدایۃ: بیان احادیث، ج ۱ص ۱۱۵۔ 2 مقدمۃ عین الھدایۃ: بیان احادیث، ج ۱ص ۱۱۵۔

3 مقدمۃ عین الھدایۃ: بیان احادیث، ج ۱ص ۱۱۵۔ 4 مقدمۃ عین الھدایۃ: بیان احادیث، ج ۱ص ۱۱۵۔

5 مقدمۃ عین الھدایۃ: بیان احادیث، ج ۱ص ۱۱۷۔

باب: متعلق ائمہ حدیث

(۵۸) امام مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ: امام مدینہ، امام اہل حجاز، بلکہ امام جہاں ہیں اور یہی فخر کافی ہے کہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ و امام محمد رحمۃ اللہ علیہ آپ کے شاگرد ہیں۔ یحیٰی القطان نے فرمایا کہ مالک رحمۃ اللہ علیہ سے اصح حدیث میں کوئی نہیں ہے۔ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ علماء کے ذکر میں مالک رحمۃ اللہ علیہ ستارہ ہیں۔ مناقب امام مالک رحمۃ اللہ علیہ بیشمار ہیں۔ آپ سے بے شمار مخلوق نے (علم) حاصل کیا۔ آپ تعظیم حدیث میں بہت مبالغہ کرتے اور مدینہ کو ہرگز نہ چھوڑتے۔ اور کبھی سوار ہو کر خاک مدینہ پر نہ چلے اور شہر سے باہر قضاء حاجت کو جاتے اور کہتے کہ میں اللہ تعالیٰ سے شرم کرتا ہوں کہ اس خاک پر سوار چلوں جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ ولادت ۸۵ھ وفات ۱۷۹ھ۔ [1]

(۵۹) امام رحمۃ اللہ علیہ: شاگرد امام شافعی فقہ میں اور حدیث کو بہت سے شیوخ سے روایت کیا اور فضائل بے شمار ہیں اور سید عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ آخر عمر میں انہیں کے مذہب پر ہو گئے تھے اور آپ کی کتاب حدیث مسند احمد رحمۃ اللہ علیہ معروف ہے (ولادت ربیع الاول ص ۱۶۴ھ بغداد میں وفات ۱۲ ربیع الاول ۲۴۱ھ بغداد میں ہوئی اور وہیں مدفون ہوئے) [2]

(۶۰) امام بخاری محمد بن اسمٰعیل رحمۃ اللہ علیہ: امام ائمہ حدیث، حفظ و اتقان و نقدِ حدیث میں امت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں ایک معجزہ تھے۔ بچپن میں یتیم نابینا تھے۔ ان کی والدہ ماجدہ کو اس کا رنج رہتا۔ ایک روز خواب میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کو دیکھا کہ تیرے بیٹے کی آنکھیں اللہ تعالیٰ نے روشن کر دیں صبح کو دیکھا تو درحقیقت یہی ہوا۔ آپ نے طلب حدیث میں دور دراز کے سفر کئے اور بہت سے ائمہ ثقات حفاظ سے روایت کی۔ صحیح بخاری کو اُن سے حیات میں نوے ہزار آدمیوں نے سنا اور مناقب آپ کے مطولات میں بہت مذکور ہیں۔ ولادت بروز جمعہ ۱۳ شوال ۱۹۴ھ وفات شب عید الفطر ۲۵۶ھ [3]

---

[1] مقدمۃ عین الھدایۃ: فصل درشان وعظمت حدیث، ج ا ص ۱۱۲، ۱۱۳۔ [2] مقدمۃ عین الھدایۃ: فصل درشان وعظمت حدیث، ج ا ص ۱۱۳۔ [3] مقدمۃ عین الھدایۃ: فصل درشان وعظمت حدیث، ج ا، ص ۱۱۳۔

(۶۱) امام مسلم بن الحجاج قشیری: صحت و اتقان و شرائط میں مقدم ہیں۔ ولادت ۲۰۴ھ وفات ۲۶۱ھ ❶

(۶۲) امام ابو داؤد سلیمان بن الاشعث الازدی: نہایت پرہیز گار و متقی تھے۔ (ولادت ۲۰۲ھ وفات ۲۷۵ھ) ❷

(۶۳) امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ محمد بن عیسیٰ: امام حافظ ہیں۔ شان الٰہی میں اس قدر روتے کہ آنکھوں کے آنسوؤں سے چہرہ پر زخم آ گئے۔ (ولادت ۲۰۹ھ وفات ۲۷۹ھ) ❸

(۶۴) امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ احمد بن شعیب: امام، حافظ، متقن ہیں اپنے زمانہ میں مقدم تھے مناقب جلیلہ رکھتے تھے مناقب امیر المومنین میں بڑا رسالہ لکھا تو نواصب شام نے عداوت سے ان کو دمشق میں شہید کیا۔ ولادت ۲۱۵ھ وفات ۳۰۳ھ۔ ❹

باب: متعلق کتب فقہ

(۶۵) فقہ کے لئے اصل کتاب وسنت ہیں۔ ❺

(۶۶) خلاصہ کیدانی محض واہی اور غیر معتبر کتاب ہے۔ ❻

(۶۷) ہدایہ کے مصنف کا شغل حدیث سے کمتر رہا ہے۔ ❼

(۶۸) درمختار بوجہ ایجاز قابل افتاء نہیں۔ ❽

(۶۹) قنیۃ المنیہ غیر معتبر ہے۔ ❾

(۷۰) فقہ میں جو احادیث ہیں ان پر اعتماد کلی نہیں ہوسکتا (جب تک کہ کتب حدیث

---

❶ مقدمۃ عین الھدایۃ: فصل در شان وعظمت حدیث، ج۱ص۱۱۳۔ ❷، ❸ مقدمۃ عین الھدایۃ: فصل در بیان احادیث، ج۱ص۱۱۳۔ ❹ مقدمۃ عین الھدایۃ: فصل در بیان احادیث، ج۱ص۱۱۳-۱۱۴۔ ❺ مقدمۃ عالمگیری: الوصل فقہ کے بیان میں ج۱ص۲۶۔ ❻ مقدمۃ عین الھدایۃ: فصل طریقہ فتوی، ج۱ص۱۰۷۔ ❼ مقدمۃ عالمگیری: الوصل فی الافتاء، ج۱ص۱۴۰ ❽ مقدمۃ عین الھدایۃ: فصل طریقہ فتوی، ج۱ص۱۰۶۔ ❾ مقدمۃ عین الھدایۃ: فصل طریقہ فتوی، ج۱ص۱۰۷

سے تصحیح نہ کرلی جائے) حالانکہ فقہ میں احادیث موضوع بھی ہیں۔ [1]

باب: متعلق فرقہ اہل حدیث

(۷۱) امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ جب بغداد میں وارد ہوئے تو ایک اہل حدیث نے سوال کیا کہ رطب کی بیع تمر سے جائز ہے یا نہیں۔ [2] [ثابت ہوا کہ اہل حدیث کا وجود امام ابوحنیفہؒ کے زمانہ میں تھا۔]

(۷۲) اجماع ہے کہ اہل حدیث، اہلسنت والجماعت سے ہیں۔اور حق پر ہیں ان کی اقتدا حنفی کو جائز ہے۔ [3]

باب: متعلق اجماع

(۷۳) اصول فقہ میں ہے کہ خلاف ایک شخص کا بھی مانع انعقاد اجماع ہے۔ اور اجماع نہیں ہوتا مگر سب کے اتفاق سے۔ [4]

(۷۴) فَمَارَاٰہُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَسَنًا فَھُوَ عِنْدَ اللّٰہِ حَسَنٌ سے اجماع مومنوں کا مراد نہیں بلکہ اجماع صحابہ رضی اللہ عنہم کا مراد ہے۔اس لئے بدعت حسنہ حجت کے لائق نہ رہی۔ [5]

(۷۵) فَمَارَاٰہُ الْمُؤْمِنُوْنَ سے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے مومنوں کی صحابہ رضی اللہ عنہم سے تفسیر فرمائی ہے اسی واسطے کہ وہی بالقطع مومنین ہیں تو ان کے اجماع پر مومنین کا اجماع صادق ہے۔ [6]

(۷۶) فَمَارَاٰہُ الْمُؤْمِنُوْنَ قول عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا ہے۔حدیث نہیں ہے۔ [7]

(۷۷) ''لَا تَجْتَمِعُ اُمَّتِیْ عَلَی الضَّلَالَۃِ'' کے یہ معنی ہیں کہ میری امت کا اتفاق کسی گمراہی پر نہ ہوگا۔ [8]

---

[1] مقدمۃ عین الھدایۃ: فصل طریقہ فتوی، ج ۱ ص ۱۰۷۔ [2] درمختار، جلد ۳ ص ۱۳۰۔ [3] ہدایہ جلد ۱ ص ۵۳۸۔ [4] شرح وقایہ ص ۲۲۷۔ [5] مقدمہ عالمگیری جلد ۱ ص ۲۸۔ [6] مقدمۃ عالمگیری: الوصل فقہ کے بیان میں، ج ۱ ص ۲۹۔ [7] درالمختار: کتاب الاجارہ، باب الاجارہ الفاسدۃ ج ۱ ص ۳۶۔ [8] مقدمۃ عالمگیری: الوصل فقہ کے بیان میں، ج ۱ ص ۲۷۔

(۷۸) اسی واسطے بعض اکابرین نے سہرا ایسے قول وفعل سے انکار کر دیا ہے کہ جو عہد اول میں نہ تھا۔ [1]

باب: اہلسنت کی تعریف میں

(۷۹) افضل جاننا حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ وحضرت عمر رضی اللہ عنہ کو۔ محبت رکھنا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ وحضرت علی رضی اللہ عنہ سے۔ موزوں پر مسح کرنا۔ [ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ] [2]

باب: متعلق اجتہاد

(۸۰) **اَلْمُجْتَهِدُ يُخْطِئُ وَ يُصِيْبُ** یعنی مجتہد خطا کرتا ہے اور صواب بھی۔ [3]

(۸۱) بالاجماع کسی مجتہد کی نسبت قطعی کا دعوی نہیں [کسی مسئلہ میں کسی سے خطا ہوئی ہے اور کسی میں کسی سے] [4]

باب: متعلق تقلید

(۸۲) تقلید کے معنی پٹا گلے میں ڈالنا۔ [5]

(۸۳) تقلید کی صفت یہ ہے کہ جوتی کا ٹکڑا بدنہ (قربانی) کے گلے میں ڈالا جائے۔ [6]

(۸۴) حدیث میں ہے کہ "مَنْ قَلَّدَ بَدَنَةً فَقَدْ اَحْرَمَ" یعنی جس نے تقلید کی بدنہ کی سو وہ محرم ہو گیا۔ [7]

(۸۵) مقلد پر دلیل کا مطالبہ نہیں اس واسطے کہ دلیل قائم کرنا مجتہد کا کام ہے۔ [8]

(۸۶) مقلد پر دلائل سے بحث کی اجازت نہیں۔ [9]

---

[1] مقدمہ عالمگیری: الوصل فقہ کے بیان میں، جلد ا ص ۳۰۔ [2] درالمختار: کتاب الطہارت، باب المسح علی الخفین ج ص ۱۴۴۔ [3] مقدمہ عین الھدایۃ: ملحقات عقائد ج ا ص ۴۴۔ [4] ہدایہ: ص ۵۳۸۔ [5] درالمختار: کتاب الحج، باب الہدی، جلد ا ص ۶۷۱۔ [6] عین الھدایۃ: کتاب الحج، باب التمتع، ج ا ص ۱۳۲۶۔ [7] شرح الوقایۃ: کتاب الحج، ج ا ص ۱۹۳۔ [8] درالمختار: خطبہ مؤلف ج ا ص ۱۲۔ [9] مقدمہ عالمگیری: الوصل فی الافتاء، ج ا ص ۱۲۸۔

(۸۷) غالی مقلدین کودلائل سے بحث کی اجازت نہیں۔ 1

(۸۸) استنباط واعتبار مجتہد کا کام ہے۔ 2

(۸۹) ائمہ اربعہ آپس میں کسی کے مقلد نہ تھے۔ 3

(۹۰) چودہ مسئلوں میں امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے لَا اَدْرِی (میں نہیں جانتا) کہا ہے۔ ایسا ہی باقی ائمہ سے منقول ہے۔ 4

(۹۱) آفت تقلید سے پڑی ہے [بیشک] 5

(۹۲) اپنے امام کے سوا دوسرے امام کی تقلید کرنے میں مضائقہ نہیں۔ 6

(۹۳) تقلید دوسرے امام کی بدون ضرورت بھی جائز ہے۔ 7

(۹۴) یہ ضروری نہیں کہ جو بات مجتہد کی خلاف صریح نصوص پائے اس کو خواہ مخواہ اختیار ہی کرے اور تقلید بے جا کو فرض جانے۔ 8

(۹۵) عوام کے لئے اجتہادی مذاہب میں سے کوئی مذہب نہیں۔ 9

(۹۶) ﴿فَاسْئَلُوْآ اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ﴾ [۱۶/النحل:۴۳] سے مراد قرآن وحدیث کا حکم دریافت کرنا ہے۔ لوگوں کی باتیں مان لینے کا حکم نہیں ہے۔ 10

(۹۷) یہود ونصاریٰ اپنے مولویوں اور درویشوں کا کہنا مانتے تھے۔ اس لئے اللہ نے مشرک فرمایا۔ مومنوں کو حکم کیا کہ لوگوں کے قول مت پوچھو۔ بلکہ یہ پوچھو کہ اللہ و رسول کا کیا حکم ہے۔ 11

---

1 مقدمۃ عالمگیری: الوصل فی الافتاء، ج ا ص ۱۲۸۔ 2 مقدمۃ عین الھدایۃ: کیفیت اجتہاد، ج ا ص ۹۴۔ 3 درالمختار: مقدمۃ، مجتہدین کے سات طبقے، ج ا ص ۴۳۔ 4 درالمختار: کتاب الأیمان، باب الیمین فی الاکل والشرب، ج ۲ ص ۴۲۴۔ 5 عین الھدایۃ: کتاب الطہارت، ج ا ص ۱۴۔

6 مقدمۃ عین الھدایۃ: کیفیت اجتہاد، ج ا ص ۹۸، ۹۹۔ 7 درمختار جلد ا ص ۸۷ ا؛ ہدایہ جلد ا ص ۲۸۹۔

8 عالمگیری: کتاب الحیل، فصل سوم، مسائل زکوٰۃ میں، ج ۱۰ ص ۳۴۴۔ 9 مقدمۃ عالمگیری: الوصل فی الافتاء، ج ا ص ۱۲۳۔ 10 مقدمۃ عالمگیری: الوصل علم دین کے بیان میں، ج ا ص ۱۴۔ 11 مقدمۃ عالمگیری: الوصل علم دین کے بیان میں، ج ا ص ۱۴۔

(۹۸) مستقل مجتہد اب بھی ہوسکتا ہے۔ اجتہاد علامہ نسفی پر ختم ہوا۔ یہ بلا دلیل ہے اسی سبب سے ائمہ اربعہ رحمۃ اللہ علیہ کی تقلید واجب کی یہ سب ان لوگوں کی ہوسات بلا دلیل شرعی بلکہ علم غیب کے دعوے جو نہایت مذموم ہیں۔ ❶

(۹۹) مسلمان بادشاہ کی اطاعت امر موافق شرع میں واجب ہے نہ مخالف شرع میں۔ ❷

باب: متعلق بدعت

(۱۰۰) تعریف اہل بدعت یہ ہے جو لوگ دین میں خواہ اصول میں ہو یا فروع میں بدون دلیل شرعی کے کوئی نئی بات پیدا کریں۔ ان کو اہل ہوا بھی کہتے ہیں۔ ❸

(۱۰۱) اہل ہویٰ [نفس پرست] وہ ہے کہ مخالف سنت ہو۔ ❹

باب: متعلق عقائد

(۱۰۲) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین کفر پر مرے (فقہ اکبر) ❺

(۱۰۳) ابوطالب کفر پر مرے [فقہ اکبر] ❻

(۱۰۴) آیۃ ﴿مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْآ اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا﴾ [۹/التوبۃ:۱۱۳] اور آیۃ ﴿اِنَّكَ لَا تَهْدِيْ﴾ ابوطالب کے حق میں ہیں [فقہ اکبر] ❼

(۱۰۵) سوا انبیاء اور عشرہ مبشرہ کے اولیا صاحب کرامات اور علماء اصفیا [برگزیدہ وچنیدہ] کو قطعی جنتی نہیں کہہ سکتے ہیں۔ [ملا علی قاریؒ] ❽

(۱۰۶) نبی اور فرشتوں کے سوا کوئی معصوم نہیں۔ ❾

---

❶ مقدمۃ عالمگیری: الوصل در تذکرہ امام ابوحنیفہ، ج ا ص ۳۲۔ ❷ شرح وقایہ، ص ۴۲۹۔ ❸ عالمگیری جلد ا ص ۳۰۔ ❹ درمختار، جلد ۲ ص ۲۸۶۔ ❺ مقدمۃ عین الھدایۃ، ج ا ص ۲۸۔ ❻ مقدمۃ عین الھدایۃ، ج ا ص ۲۸۔ ❼ مقدمۃ عین الھدایۃ، ج ا ص ۲۹۔ ❽ مقدمۃ عین الھدایۃ، ج ا ص ۲۹۔
❾ مالابدمنہ: کتاب الایمان، ص ۸۔

(۱۰۷) اہل قبلہ کو کافر نہ کہنا چاہئے [ابوحنیفہؒ] 1

(۱۰۸) نماز ہر نیک و بد کے پیچھے ہے [فقہ اکبر] 2

باب: متعلق علم غیب

(۱۰۹) علم غیب سوا خدا کے کسی مخلوق کو نہیں ہے۔ 3

(۱۱۰) نکاح کیا کسی شخص نے خدا اور رسول کی گواہی سے تو نکاح درست نہ ہوگا۔ ابوالقاسم صنعار نے اس کے کفر کا فتویٰ دیا ہے کفر اس کا دو دلیلوں سے منقول ہے اول یہ کہ اس نے حرام کو حلال جانا اس واسطے کہ اللہ اور اس کے رسول نے گواہی آدمیوں پر مخصوص کی ہے۔ اس کے سوا اور کی گواہی کا حکم نہیں دیا۔ اور دوسری دلیل یہ ہے کہ جب اس نے رسول کو گواہ قرار دیا تو رسول کو علم غیب ثابت کیا اور حالانکہ علم غیب اللہ تعالیٰ کو خاص ہے۔ 4

باب: الفاظ کفریہ، عقائد و اعمالِ کفریہ کے متعلق

(۱۱۱) جس نے اللہ کی کسی صفت کو مخلوق کی کسی صفت کے مشابہ کیا تو وہ کافر ہے۔ [فقہ اکبر] 5

(۱۱۲) جو نص کا انکار کرے وہ کافر ہے۔ 6

(۱۱۳) جو کوئی قرآن کی ایک آیت کا انکار کرے یا قرآن میں سے کسی چیز میں عیب رکھے یا قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ یا قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ کے قرآن ہونے سے بلا تاویل منکر ہو تو کفر ہے۔ 7

---

1 مقدمۃ عین الہدایۃ: ملحقات عقائد ج ۱ ص ۷۸۔ 2 مقدمہ عین الہدایۃ، جلد ۱ ص ۱۸۔ 3 مقدمۃ عین الہدایۃ: ملحقات عقائد ج ۱ ص ۵۹۔ 4 درالمختار: کتاب النکاح، ج ۲ ص ۱۴۔ مالا بدمنہ: باب کلمات کفر از فتاوائے برھانی، ص ۱۲۵۔ 5 مقدمۃ عین الہدایۃ، ج ۱ ص ۴۔ 6 مقدمۃ عین الہدایۃ: ملحقات عقائد، ج ۱ ص ۴۱۔ 7 مقدمۃ عین الہدایۃ: ملحقات عقائد، ج ۱ ص ۸۴۔

(۱۱۴) جو خدا کے کسی حکم سے مسخرا پن کرے یا اس کے وعدہ اور وعید سے انکار کرے تو وہ کافر ہے۔ [1]

(۱۱۵) حدیث متواتر کا منکر کافر ہے۔ [2]

(۱۱۶) جو نص حدیث کی عقل وقیاس سے تاویل کرے تو وہ کافر ہے۔ [3]

(۱۱۷) ایک نے حدیث بیان کی دوسرے نے کہا کچھ نہیں تو وہ کافر ہے۔ [4]

(۱۱۸) ایک شخص کے سامنے حدیث کا ذکر ہوا۔ دوسرے نے کہا کہ کیا سب احادیث سچی ہیں جن پر عمل کیا جائے؟ تو وہ کافر ہے اگر توبہ نہ کرے تو قتل کیا جائے۔ اور تینوں ائمہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اس کی توبہ قبول نہیں۔ [5]

(۱۱۹) جو سنت کو ہلکا جان کر برابر ترک کرے وہ کافر ہے۔ [6]

(۱۲۰) جو سنت کو حقیر جانے گا وہ بھی کافر ہوگا۔ [7]

(۱۲۱) جو سنت کو حق نہ جانے گا وہ بھی کافر ہوگا۔ [8]

(۱۲۲) جو نبیوں کی کسی سنت کو ناپسند کرے وہ کافر ہے۔ [9]

(۱۲۳) کسی نے کہا کہ ناخن تراشنا سنت ہے دوسرا کہے کہ میں نہیں تراشوں گا تو کافر ہے۔ [10]

(۱۲۴) اگر کہے کہ سنت کیا کام آئے گی تو کافر ہو جائے گا۔ [11]

---

[1] مقدمۃ عین الهدایۃ: ملحقات عقائد، ج ۱ ص ۸۲۔ [2] درالمختار: کتاب الجهاد، باب المرتد، ج ۲ ص ۵۹۲۔ [3] مقدمۃ عین الهدایۃ: ملحقات عقائد، ج ۱ ص ۴۱۔ [4] درالمختار: کتاب الجهاد، باب المرتد، ج ۲ ص ۵۹۲۔ [5] درالمختار: کتاب الجهاد، باب المرتد، ج ۲ ص ۵۹۷۔

[6] مقدمۃ عین الهدایۃ: باب اقوال وافعال کفر، ج ۱ ص ۷۶۔ [7] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج ۱ ص ۲۳۹۔ [8] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج ۱ ص ۲۳۹۔ [9] درالمختار: کتاب الجهاد، باب المرتد، ج ۲ ص ۵۹۱۔ [10] مالا بدمنہ: باب کلمات، کفر، ص ۱۲۷۔ [11] مالا بدمنہ: باب کلمات

(۱۲۵) رافضی جب شیخین (ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہم) پر لعنت کرے تو وہ کافر ہے۔ 1

(۱۲۶) کوئی مقام بندے پر ایسا نہیں کہ احکام شرعی بندہ سے ساقط ہوں اس کا خلاف الحاد وزندقہ وکفر ہے۔ 2

(۱۲۷) جو عبادت کو معاف کہے وہ کافر ہے، زندیق ہے، ملحد ہے، گمراہ ہے۔ 3

(۱۲۸) جو شخص قرآن کو مخلوق کہے وہ کافر ہے۔ 4

(۱۲۹) جو شخص قرآن میں سے کسی آیت کا منکر ہو وہ کافر ہے۔ 5 بسم اللہ قرآن کی آیت ہے۔﴿اِنَّهٗ مِنۡ سُلَيۡمٰنَ وَ اِنَّهٗ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ﴾[۲۷/النمل:۳۰]

بسم اللہ کا منکر کافر نہیں۔ 6 [یہ دونوں قابل غور ہیں]

(۱۳۰) جو شخص مسخرا پن اور بے ادبی کسی آیت سے کرے وہ کافر ہے۔ 7

(۱۳۱) جو قرآن کو دف وغیرہ کی گت پر پڑھے وہ کافر ہے۔ 8

---

1 در المختار: کتاب الجہاد، باب المرتد، ج ۲ ص ۵۹۱۔ 2 مقدمۃ عین الہدایۃ: ملحقات عقائد، ج ۱ ص ۳۴۔
3 مقدمۃ عین الہدایۃ: ملحقات عقائد، ج ۱ ص ۳۴۔

4 در المختار: کتاب الجہاد، باب المرتد، ج ۲ ص ۵۹۲۔

(کتاب الاوائل للعسکری قلمی مولوی سید محمد یوسف صاحب ٹونکی سے نقل کیا جاتا ہے۔اَلْبَابُ السَّابِعُ فِیْ ذِکْرِ الْقُضَاۃِ وَالْعُلَمَآءِ میں امام عسکری فرماتے ہیں کہ اَوَّلُ مَا اخْتَلَفَ النَّاسُ فِیْ خَلْقِ الْقُرانِ اِمَامُ اَبُوْحَنِیْفَۃَ. فَسُئِلَ عَنْهُ اَبُوْحَنِیْفَۃَ فَقَالَ اِنَّهٗ مَخْلُوْقٌ لِاَنَّ مَنْ قَالَ وَالْقُرْانِ لَآ اَفْعَلُ کَذَا فَقَدْ حَلَفَ بِغَیْرِ اللّٰهِ وَ کُلُّ مَا هُوَ غَیْرُ اللّٰهِ فَهُوَ مَخْلُوْقٌ.

"پہلے جس نے قرآن کے مخلوق ہونے میں اختلاف کیا وہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ سے یہ دریافت کیا گیا تو وہ مخلوق کہنے سے منکر ہوئے اور امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے دریافت کیا گیا تو بولے قرآن مخلوق ہے کیونکہ جس نے کہا قسم قرآن کی ایسا نہ کروں گا تو اس نے غیر اللہ کی قسم کھائی اور جو چیز اللہ کے سوا ہے سب مخلوق ہے)
(تامل کی ضرورت ہے۔)"

5 در المختار: کتاب الجہاد، باب المرتد، ج ۲ ص ۵۹۲۔ 6 در المختار: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج ۱ ص ۳۵۱۔ 7 در المختار: کتاب الجہاد، باب المرتد، ج ۲ ص ۵۹۲۔ 8 در المختار: کتاب الجہاد، باب المرتد، ج ۲ ص ۵۹۲۔

(۱۳۲) ایک شخص نے دوسرے سے کہا کہ نماز پڑھ۔ اس نے جواب دیا کہ اس کو کون سر پر اٹھائے یا بولا کہ تم نے نماز پڑھ کے کیا کیا۔ یا یوں بولا کہ نماز پڑھنا نہ پڑھنا برابر ہے۔ یہ سب کفر ہے۔ [1]

(۱۳۳) جو شخص کہے ہم نے بہت نماز پڑھی، ہماری کوئی حاجت روا نہ ہوئی تو وہ کافر ہے۔ [2]

(۱۳۴) شریعت حقیقت سے باہر نہیں جو باہر جانے اس پر کفر کا خوف ہے۔ [3]

(۱۳۵) جس حقیقت کو شریعت رد کرے وہ کفر زندقہ ہے۔ [4]

(۱۳۶) رقص کرنے والے اور حلال جاننے والے اور حال کھیلنے [وجد میں آ کر اُودھم مچانے] والے کافر ہیں۔ [5]

(۱۳۷) گانے باجے سے لذت اٹھانا کفر ہے۔ [6]

(۱۳۸) صوفیا گانا سننے والے حال کھیلنے والے مفسد بے دین ہیں۔ [7]

(۱۳۹) جو صوفی رقص میں مشغول ہوتے ہیں وہ ﴿اِفْتَرَوْا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا﴾ ''یعنی ان لوگوں نے اللہ پر بہتان باندھا'' عام لوگوں کے فتنہ میں پڑ جانے کا خوف دور کرنے کے واسطے ایسے لوگ شہر سے دور کر دیئے جائیں۔ [8]

(۱۴۰) گانا اللہ کے نزدیک شرک ہے۔ [9]

(۱۴۱) یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ کہنا خوف کفر سے خالی نہیں۔ [10]

(۱۴۲) جو ولی کے واسطے طے مسافت کو کرے وہ جاہل و کافر ہے۔ [11]

---

[1] درالمختار: کتاب الجہاد، باب المرتد، ج ۲ ص ۵۹۲۔ [2] درالمختار: کتاب الجہاد، باب المرتد، ج ۲ ص ۵۹۲۔ [3] مقدمۃ: درالمختار، ج ۱ ص ۲۰۔ [4] درالمختار: کتاب الجہاد، باب المرتد، ج ۲ ص ۵۹۹۔ [5] درالمختار: کتاب الجہاد، باب المرتد، ج ۲ ص ۶۱۰۔ [6] درالمختار: کتاب الجہاد، باب المرتد، ج ۲ ص ۶۱۰۔ [7] عین الھدایہ: کتاب الکراھیہ، فصل الغناء والھوج ۱ ص ۳۱۶۔۳۱۷۔ [8] عالمگیری: کتاب الکراھیۃ، باب ۱۷، اللھو والغنا، ج ۹ ص ۸۴۔ عین الھدایۃ: کتاب الکراھیۃ، فصل فی اللھو وغیرہ من المعاصی ج ۴ ص ۳۱۶۔ [9] ہدایہ جلد ۴ ص ۲۲۳۔ [10] درالمختار: کتاب الجہاد، باب المرتد، ج ۲ ص ۶۱۰۔ [11] درالمختار: کتاب الجہاد، باب المرتد، ج ۲ ص ۶۱۰۔

(۱۴۳) کاہن کی خبر کی تصدیق کرنا کفر ہے۔ [1]

(۱۴۴) عبدالنبی وغیرہ نام رکھنا کفر ہے۔ [2]

(۱۴۵) حرام کھانے پر بسم اللہ پڑھے تو کفر ہے۔ [3]

(۱۴۶) جو بسم اللہ کہہ کر حرام کھائے تو کافر ہے۔ [4]

(۱۴۷) شراب پیتے وقت یا زنا کرتے وقت یا جوا کھیلتے وقت بسم اللہ کہے تو کافر ہے۔ [5]

(۱۴۸) جو حرام مال سے صدقہ دے اور ثواب کی امید رکھے تو کافر ہے۔ [6]

(۱۴۹) جو یہود و نصاریٰ سے تشبیہہ دے صورت یا سیرت میں اگرچہ خوشدلی سے ہو تو وہ کفر ہے۔ [7]

(۱۵۰) جو آتش پرستوں کی مانند ٹوپی پہنے یا ہندوؤں کی مانند لباس پہنے تو بعض کے نزدیک کافر ہوگا۔ [8]

(۱۵۱) دسہرہ، ہولی، دیوالی، بسنت وغیرہ میں شرکت کرنا کفر ہے۔ [9]

(۱۵۲) کفار کے میلے میں جا کر موافقت کی غرض سے کوئی چیز خریدے تو کافر ہوتا ہے۔ [10]

(۱۵۳) اس دن مشرکین کو بطریق تعظیم تحفہ دینے سے اگرچہ انڈا ہی ہو کافر ہو جاتا ہے۔ [11]

(۱۵۴) تحسین امر کفار سے باتفاق کافر ہو جاتا ہے۔ [12]

---

[1] مقدمہ عین الھدایۃ: ملحقات عقائد، ج ا ص ۵۶۔ [2] مقدمہ عین الھدایۃ: ملحقات عقائد، ج ا ص ۸۶۔ [3] مقدمہ عین الھدایۃ: ملحقات عقائد، ج ا ص ۸۴۔ [4] مالابد منہ: باب کلمات الکفر، ص ۱۳۵۔ [5] مالابد منہ: باب کلمات الکفر، ص ۱۳۵۔ [6] مالابد منہ: باب کلمات الکفر، ص ۱۳۳۔ [7] مقدمہ عین الھدایۃ: ملحقات عقائد، باب اقوال وافعال کفر، ج ا ص ۸۴۔ [8] مالابد منہ، باب کلمات الکفر، ص ۱۳۳۔ [9] درالمختار: کتاب الجہاد، باب المرتد، ج ۲ ص ۵۹۲۔ [10] درالمختار: کتاب الجہاد، باب المرتد، ج ۲ ص ۵۹۲۔ [11] درالمختار: کتاب الجہاد، باب المرتد، ج ۲ ص ۵۹۲۔ [12] درالمختار: کتاب الجہاد، باب المرتد، ج ۲ ص ۵۹۲۔

(۱۵۵) جو چیچک نکلنے کے وقت بھوانی کو پوجے وہ کافر ہے، اس کا نکاح ٹوٹ جاتا ہے۔ [1]

(۱۵۶) کوئی امر بالمعروف کرے دوسرا کہے کیوں شور مچاتے ہو تو کافر ہے۔ [2]

(۱۵۷) کوئی گناہ سے توبہ کرنے کو کہے۔ یہ کہے کہ میں نے کیا کیا ہے جو توبہ کروں؟ تو کافر ہو جائے گا۔ [3]

(۱۵۸) ﴿اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى﴾ میں تنہا بطور مذاق کہے تو کافر ہوگا۔ [4]

(۱۵۹) جو کہے کہ زر چاہئے علم کیا کام آئے گا۔ تو کافر ہوگا۔ [5]

(۱۶۰) جو کہے اس زمانہ میں بغیر خیانت اور دروغ گوئی کے گزر نہیں ہو سکتی۔ یا روٹی نہیں مل سکتی تو کافر ہے۔ [6]

(۱۶۱) لواطت کا حلال جاننے والا کافر ہے۔ [7]

باب: مسائل متفرقہ

(۱۶۲) سلف صالحین سے مراد خصوصاً صحابہ رضی اللہ عنہم ہیں اور عموماً صحابہ رضی اللہ عنہم وتابعینؒ۔ [8]

(۱۶۳) خلف سے مراد فقط تابعین ہیں۔ [9]

(۱۶۴) سنت وہ ہے جس پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مواظبت کی ہو مگر عذر سے۔ [10]

(۱۶۵) حدیث ضعیف پر عمل کیا جائے گا۔ [11]

(۱۶۶) معجزہ وہ ہے جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر ہو۔ کرامات وہ ہیں جو متقی کے ہاتھ پر ہو۔ استدراج وہ ہے جو فاسق کے ہاتھ پر ہو۔ [12]

---

[1] درالمختار: کتاب الجہاد، باب المرتد، ج ۲ ص ۵۹۳۔ [2] مالا بدمنہ: باب کلمات الکفر ص ۱۲۷۔ [3] مالا بدمنہ: باب کلمات الکفر، ص ۱۳۳۔ [4] مالا بدمنہ: باب کلمات الکفر، ص ۱۳۴۔ [5] مالا بدمنہ: باب کلمات الکفر، ص ۱۳۴۔ [6] درالمختار: کتاب الجہاد، باب المرتد، ج ۲ ص ۵۹۳۔ [7] درالمختار: کتاب الحدود، باب وطی الذی یوجب الحد و مالا یوجبہ، ج ۲ ص ۴۷۴۔ [8] مقدمہ عالمگیری: باب ذکر طبقات فقہا، ج ۱ ص ۹۲۔ [9] مقدمہ عالمگیری: باب ذکر طبقات فقہا، ج ۱ ص ۹۲۔ [10] عین الہدایہ: کتاب الطہارت، ج ۱ ص ۱۲۔ [11] فضائل اعمال میں۔ شرح وقایہ ص ۱۱۱۔ [12] درالمختار: کتاب الطلاق، فصل فی ثبوت النسب، ج ۲ ص ۲۶۹۔

(۱۶۷) امر وجوب کے لئے ہوتا ہے۔ 1

(۱۶۸) واجب اور سنت موکدہ کا مآل ایک ہی ہے۔ 2

(۱۶۹) اماموں کے نزدیک فرض واجب ایک ہے۔ 3

(۱۷۰) اہلحدیث واحناف میں اتفاق باہم ہونا چاہئے [ضرور] 4

(۱۷۱) حضرت پیران پیر سید عبدالقادر جیلانی حنبلی تھے۔ 5

(۱۷۲) مسند امام اعظم خوارزمی کی تالیف ہے۔ 6

(۱۷۳) کیدانی نے اپنے خلاصہ میں لکھا ہے کہ وقت التحیات مثل اہلحدیث کے انگلی اٹھانا حرام ہے۔ تو یہ قول کیدانی کا خطاء عظیم و جرم جسیم ہے اور واقعی وہ جاہل اور نادان ہے' اگر تاویل نہ کریں تو کفر صحیح وارتداد صریح ضرور ہے۔ [ملا علی قاریؒ] 7

(۱۷۴) کتاب صبح کے ستارے، کی روایات پکی نہیں ہیں۔ 8

(۱۷۵) کتاب وفات نامہ کی بعض روایات بے اصل ہیں۔ 9

(۱۷۶) کتاب ہزار مسئلہ' حیرت الفقہہ' گلدستہ معراج' نعمت ہی نعمت' دیوان لطف میں بہت مضمون شرع کے خلاف ہیں۔ 10

(۱۷۷) دعاء گنج العرش' عہد نامہ کی اسناد بالکل گھڑی ہوئی ہیں۔ 11

---

1 درمختار، جلد ۱ ص ۳۱۰۔ 2 درمختار، جلد ۱ ص ۲۵۶۔

3 مالابدمنہ: کتاب الصلوۃ، فصل فی واجبات الصلاۃ، ص ۳۲۔

4 ہدایہ، جلد ۱ ص ۳۹۰۔ 5 مقدمۃ: عین الهدایۃ: فصل در بیان حدیث، ج ۱ ص ۱۱۳۔

6 مقدمۃ درالمختار: فضائل امام اعظم ج ۱ ص ۳۶۔ 7 مقدمۃ عین الهدایۃ: طریقہ فتوی، ج ۱ ص ۱۰۵۔

8 بہشتی زیور: حصہ ۱۰ خاتمۃ الکتاب فی ذکر کتب النافعہ، ص ۷۰۴۔

9 بہشتی زیور: حصہ ۱۰ خاتمۃ الکتاب فی ذکر کتب النافعہ، ص ۷۰۴۔

10 بہشتی زیور: حصہ ۱۰ خاتمۃ الکتاب فی ذکر کتب النافعہ، ص ۷۰۴۔

11 بہشتی زیور: حصہ ۱۰ خاتمۃ الکتاب فی ذکر کتب النافعہ، ص ۷۰۴۔

(۱۷۸) دیوان۔غزلوں کی کتابیں، اندرسبھا' قصہ بدرمنیر' قصہ شاہ یمن' داستان امیر حمزہ، گل بکاولی' الف لیلہ' نقش سلیمانی' فالنامہ' قصہ ماہ رمضان' معجزہ آل نبی، چہل رسالہ جس میں بعض کتابیں محض جھوٹی ہیں۔ ❶

(۱۷۹) آرائش محفل' جنگ نامہ محمد حنیف میں بعض روایتیں کچی ہیں۔ ❷

کتاب الطہارۃ

باب: متعلق استنجا

(۱۸۰) پانی سے استنجا کرنا آنحضرت ﷺ کے زمانہ میں ادب تھا باجماع صحابہ رضی اللہ عنہم سنت ہوگیا۔ ❸

(۱۸۱) پانی سے استنجا کرنا افضل ہے۔ ❹

(۱۸۲) استنجا کرنا سنت موکدہ ہے۔ ❺

(۱۸۳) عمدہ یہ ہے کہ استنجا ڈھیلے اور پانی سے ہو، پھر فقط پانی سے، پھر فقط ڈھیلے سے۔ ❻

(۱۸۴) بعد پیشاب کے پانی سے استنجا کرنا مستحب ہے۔ ❼

(۱۸۵) اگر مخرج سے نجاست جاری ہو تو پانی ہی سے دھولے۔ ❽

باب: وضو کے متعلق

(۱۸۶) نیت دل کے ارادہ کو کہتے ہیں نہ زبان کے بولنے کو۔ ❾

---

❶ بہشتی زیور: حصہ۱۰ خاتمۃ الکتاب فی ذکر کتب النافعہ، ص۷۰۴۔ ❷ بہشتی زیور: حصہ۱۰ خاتمۃ الکتاب فی ذکر کتب النافعہ، ص۷۰۴۔ ❸ درالمختار: کتاب الطہارۃ، فصل فی سنن الطہارۃ، ج۱ص۷۰۔ ❹ درالمختار: کتاب الطہارت، مسائل الغسل، ج۱ص۸۸۔ ❺ درالمختار: کتاب الطہارت باب الانجاس ج۱ص۱۷۲۔ ❻ درالمختار: کتاب الطہارت، باب الانجاس، ج۱ص۱۷۳۔ ❼ عالمگیری: کتاب الطہارت، باب ہفتم فصل سوم استنجا کے بیان میں، ج۲ص۷۸۔ ❽ عین الھدایہ: کتاب الطہارت فصل فی الاستنجا، ج۱ص۳۱۷۔ ❾ درالمختار: کتاب الطہارۃ، ج۱ص۴۶۔

(۱۸۷) نیت زبان سے کرنا بدعت ہے۔ [1]

(۱۸۸) نیت زبان سے کرنا صحابہ رضی اللہ عنہم اور تابعینؒ سے منقول نہیں ہے۔ [2]

(۱۸۹) جس نے بسم اللہ نہ پڑھی اس کا وضو نہیں۔ [3]

(۱۹۰) ایک چلو سے کلی اور ناک میں پانی دینا جائز ہے۔[ابوحنیفہؒ] [4]

(۱۹۱) مسح میں ہاتھ آگے سے پیچھے اور پیچھے سے آگے لے جانا چاہئے۔ [5]

(۱۹۲) کانوں کے مسح کے لئے نیا پانی لے تو بہتر ہے۔ [6]

(۱۹۳) گردن کا مسح بدعت ہے اور اس کی حدیث موضوع ہے۔ [7]

(۱۹۴) عمامہ پر مسح جائز ہے۔ [8]

(۱۹۵) امام مالک رحمۃ اللہ علیہ واحمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک سارے سر کا مسح فرض ہے۔ شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ایک یا دو یا تین بال۔ ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک چوتھائی سر۔ [9]

(۱۹۶) وسوسہ سے بچنے کے لئے میانی پر چھینٹے دے لے۔ [10]

(۱۹۷) وضو کے بعد اشہد ان لآ الٰہ اللہ پڑھے۔ [11]

(۱۹۸) تشہد و دعا بعد وضو کے پڑھنا چاہئے۔ [12]

(۱۹۹) قہقہہ ناقض وضو ہے گو قیاس چاہتا ہے کہ ناقض نہ ہو مگر حدیث میں ہے۔ [13]

---

[1] درالمختار: کتاب الطہارۃ، فصل فی سنن الوضوٴ، ج۱ص ۶۱۔ [2] درالمختار: کتاب الطہارۃ، فصل فی مستحبات الوضوٴ، ج۱ص۷۲۔ [3] عین الھدایہ: کتاب الطہارت، ج۱ص۱۴۔ [4] درالمختار: کتاب الطہارۃ، فصل فی سنن الوضوٴ، ج۱ص۶۶۔ [5] عین الھدایہ: کتاب الطہارۃ، ج۱ص۲۹۔ [6] عالمگیری: کتاب الطہارت، باب اول، فصل دوم سنن الوضوٴ، ج ۱ص ۹۔ [7] درالمختار: کتاب الطہارت ذکر مستحبات الوضوٴ، ج ۱ص ۷۱۔ [8] عین الھدایہ: کتاب الطہارۃ، ج۱ص ۷۔ [9] عین الھدایہ: کتاب الطہارۃ، ج ۱ص ۷۔۸۔ کنز الدقائق، کتاب الطہارۃ، ص۴ حاشیہ۱۲۔ [10] عالمگیری: کتاب الطہارت، باب ہفتم نجاسات، ج۱ص ۷۶۔ [11] عین الھدایہ: کتاب الطہارات، ج ۱ص ۳۵۔ درالمختار، کتاب الطہارت، مستحبات الوضوء ج۱ص ۷۳۔ [12] درالمختار: کتاب الطہارت، ذکر مستحبات الوضوٴ، ج۱ص ۷۳۔ [13] درالمختار: کتاب الطہارت، ذکر مستحبات الوضوٴ، ج۱ص۸۱۔

باب: تیمّم کے متعلق

(۲۰۰) تیمّم میں ایک ضرب کی احادیث صحیحین میں بطریق کثیرہ ہیں اور صحیح ہیں۔ [1]

(۲۰۱) تیمّم میں دوضرب کی احادیث ضعیف ہیں اور موقوف بھی۔ [2]

باب: مسح کے متعلق

(۲۰۲) گاڑھی جرابوں پر مسح جائز ہے۔ (جراب وہ ہے جو سوت سے بنتے ہیں۔) [3]

(۲۰۳) امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ جرابوں کے مسح کے قائل نہ تھے اپنی آخر عمر میں رجوع کر کے قائل ہو گئے۔ [4]

(۲۰۴) اب اسی پر فتویٰ ہے۔ [5]

(۲۰۵) سنت مسح موزہ میں یہ ہے کہ انگلیاں تر کر کے پاؤں کی انگلیوں کے سرے سے پنڈلی تک اوپر کی طرف کھینچے۔ [6]

باب: پانی کے متعلق

(۲۰۶) مسئلہ دہ دردہ (دس مربع گز حوض) کا اصل مذہب میں نہیں ہے۔ [7]

کتاب الصّلوٰۃ

(۲۰۷) نماز کا منکر کافر ہے۔ [8]

---

[1] عین الھدایۃ: کتاب الطہارۃ، باب التیمم، ج اص ۱۷۵۔ [2] عین الھدایۃ: کتاب الطہارات باب التیمم، ج اص ۱۷۴۔ [3] درالمختار: کتاب الطہارت، باب المسح علی الخفین، ج اص ۱۳۶۔ [4] عین الھدایۃ: کتاب الطہارت، باب المسح علی الخفین، ج اص ۲۲۲۔ [5] عین الھدایۃ: کتاب الطہارت، باب المسح علی الخفین، ج ا ص ۲۲۲۔ [6] شرح الوقایۃ: کتاب الطہارت، باب مسح علی الخفین، ج ا ص ۵۸۔ [7] درالمختار: کتاب الطہارت، باب المیاہ، ج اص ۱۱۱۔ عین الھدایۃ: کتاب الطہارات باب المیاہ، ج اص ۱۱۶۔ [8] عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، ج اص ۳۲۲۔

(۲۰۸) حکم کیا جاتا ہے نماز پڑھنے والے کے مسلمان ہونے کا۔ [1]

(۲۰۹) بے نمازی کو نزدیک امام اعظم کے ہمیشہ قید رکھنا واجب ہے۔ [2]

(۲۱۰) امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک قتل کیا جائے۔ [3]

(۲۱۱) امام احمد کے نزدیک ایک نماز ترک کرنے والا کافر ہے۔ [4]

(۲۱۲) تارک الصلوٰۃ مارا جائے یہاں تک کہ اس کا خون جاری ہو۔ [5]

باب: اوقات کے متعلق

(۲۱۳) غلس (اندھیرا) میں نماز صبح پڑھنے کی احادیث کا ثبوت۔ [6]

(۲۱۴) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا عمل دوام غلس (اندھیرا) میں تھا اور صحابہ رضی اللہ عنہم کا اسفار میں۔ [7]

(۲۱۵) ظہر کا وقت دو مثل تک ہے [ابوحنیفہؒ] [8]

(۲۱۶) ظہر کا وقت ایک مثل تک ہے [صاحبینؒ] امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے بھی ایک روایت ہے۔ یہی مذہب زفر رحمۃ اللہ علیہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ، امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اور امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کا ہے۔ [9]

(۲۱۷) امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی ایک مثل کی روایت لائق تصحیح ہے۔ [10]

(۲۱۸) عصر کا وقت ایک مثل سے شروع ہوتا ہے (مذہب صاحبینؒ) [مطابق حدیث] [11]

---

[1] عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، ج۱ص۳۲۲۔ [2] مالابدمنہ: کتاب الایمان، فصل فی الصلوٰۃ، ص۱۲۔
[3] مالابدمنہ: کتاب الایمان، فصل فی الصلوٰۃ، ص۱۲۔ [4] مالابدمنہ: کتاب الصلوٰۃ، فصل فی الصلوٰۃ، ص۱۲۔
[5] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ ج۱ص۱۸۰۔ [6] عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب المواقیت، ج۱ص۳۲۷۔
[7] عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب المواقیت، ج۱ص۳۴۹۔
[8] عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب المواقیت، ج۱ص۳۲۸۔
[9] عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب المواقیت، ج۱ص۳۲۹۔
[10] عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب المواقیت، ج۱ص۳۳۰۔
[11] عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب المواقیت، ج۱ص۳۳۱۔

باب: اذان کے متعلق

(۲۱۹) اذان ٹھہر ٹھہر کر دے اور کلمے جدا جدا کہے۔ ❶

(۲۲۰) صحیح حدیث سے اذان کے کلمے دو دو بار، اور تکبیر کے ایک ایک بار ہیں۔ ❷

(۲۲۱) ترجیع حدیث سے ثابت ہے [ترجیع کہتے ہیں اشہدان لآ الہ الا اللہ واشہدان محمد ﷺ رسول اللہ دو دو بار آہستہ پھر دو دو بار بآواز بلند کہنے کو] ❸

(۲۲۲) نماز کے لئے صلوٰۃ کہہ کر (سوا اذان کے) بلانا بدعت ہے۔ ❹

(۲۲۳) جو شخص ایسی مسجد میں داخل ہو جس میں اذان دے دی گئی ہو تو اس کو نکلنا مکروہ ہے یہاں تک کہ نماز پڑھ لے۔ ❺

(۲۲۴) سترے کو ڈالدینا کافی نہیں نہ خط کھینچنا۔ ❻

(۲۲۵) جو سترے کے اندر سے گزرے تو نمازی ہٹادے۔ ❼

(۲۲۶) جب منہ کعبہ کی طرف ہے تو کعبے کی نیت نہ کرے تو جائز ہے۔ ❽

(۲۲۷) نماز فرض میں نیت تعدد رکعات کی فرض نہیں۔ ❾

(۲۲۸) لمبی چوڑی نیت کی ضرورت نہیں۔ ❿

(۲۲۹) سنت اور مستحب میں تعیین نیت شرط نہیں۔ مطلق نیت کافی ہے۔ ⓫

(۲۳۰) قیام فرض ہے۔ ⓬

---

❶ کنزالدقائق: کتاب الصلوٰۃ، باب الاذان، ص۱۹۔ ❷ عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب الاذان، ج۱ ص۳۷۴۔ ❸ عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب الاذان، ج۱ ص۳۷۴۔ ❹ کنزالدقائق: کتاب الصلوٰۃ، باب الاذان، ص۱۹ حاشیہ۹۔ ❺ کنزالدقائق: کتاب الصلاۃ، باب ادراک الفریضۃ، ص۳۶۔ ❻ مالابدمنہ: کتاب الصلوٰۃ فصل فی مفسدات الصلاۃ، ص۴۴۔ ❼ درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب ما یفسد الصلوٰۃ، ج۱ ص۳۳۵۔ ❽ منیہ ص۷۸۔ ❾ شرح وقایہ، ص۹۰۔ ❿ بہشتی زیور: حصہ۲ باب۵ فی شرائط الصلوٰۃ ص۱۲۹۔

⓫ بہشتی زیور: حصہ۲ باب۵ فی شرائط الصلوٰۃ ص۱۳۰۔

⓬ قدوری، کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ص۱۷۔

(۲۳۱) بجائے سُبحَانَکَ اللّٰھُمَّ کے اَللّٰھُمَّ بَاعِد پڑھنا زیادہ ترجیح ہے۔ 1

(۲۳۲) سُبحَانَکَ اللّٰھُمَّ اور اِنِّیْ وَ جَّھتُ کو نفل نماز میں ملانا جائز ہے۔ 2

(۲۳۳) اِنِّیْ وَجَّھتُ نماز کے اندر پڑھنا مسنون ہے [ابو یوسفؒ] 3

(۲۳۴) ناف کے نیچے ہاتھ باندھنے کی حدیث باتفاق ائمہ محدثین ضعیف ہے۔ 4

(۲۳۵) سینے پر ہاتھ باندھنے کی حدیث کی اسناد قوی ہے۔ 5

(۲۳۶) ناف کے نیچے ہاتھ باندھنے کی حدیث مرفوع نہیں ہے۔ وہ قول حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ہے اور ضعیف ہے۔ 6

(۲۳۷) حضرت میرزا مظہر جان جاناں رحمۃ اللہ علیہ مجددی حنفی سینہ پر ہاتھ باندھنے کی حدیث کو بسبب قوی ہونے کے ترجیح دیتے تھے اور خود سینے پر ہاتھ باندھتے تھے۔ 7

(۲۳۸) ابن المنذر نے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے ہاتھ باندھنا حکایت کیا ہے۔ 8

(۲۳۹) ''لَا صَلٰوۃَ اِلَّا بِفَاتِحَۃِ الْکِتَابِ'' یہ حدیث بسند صحیح صحاح ستہ و ابن حبان و سنن دار قطنی وغیرہ میں مروی ہے۔ 9

(۲۴۰) ابن ہمام نے ''ثقلت القراٰن'' والی حدیث کے راوی کو ثقہ بتا کر کہا کہ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جہری نماز میں امام کے پیچھے فاتحہ پڑھے۔ 10

(۲۴۱) امام کے پیچھے فاتحہ نہ پڑھنے کی احادیث ضعیف ہیں۔ 11

---

1 شرح الوقایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج۱ص۱۴۴ حاشیہ ۹۔ 2 در المختار: کتاب الصلوٰۃ باب صفۃ الصلوٰۃ، ج۱ص ۲۴۹۔ 3 شرح الوقایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج۱ص ۸۵۔ 4 عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج۱ص ۴۵۰۔ 5 عین الھدایۃ: کتاب الصلاۃ، ج۱ص ۴۵۰۔ 6 شرح الوقایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج۱ص ۸۵۔ 7 عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج۱ص ۴۵۰۔ 8 عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج۱ص ۴۵۰۔ 9 عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج۱ص ۴۶۴۔ 10 عین الھدایۃ: کتاب الصلاۃ۔ فصل فی القراءۃ، ج۱ص ۵۴۹۔

11 شرح الوقایۃ: کتاب الصلوٰۃ باب صفۃ الصلوٰۃ ج۱ص ۸۷۔

(۲۴۲) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کا اثر فاتحہ خلف امام نہ پڑھنے کا ضعیف ہے۔ 1

(۲۴۳) حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول بھی منع فاتحہ میں ضعیف ہے باطل ہے۔ 2

(۲۴۴) ''اِذا کَبَّرَ الْاِمَامُ فَکَبِّرُوْا'' حدیث ضعیف ہے۔ 3

(۲۴۵) مشرکین نے قرآن سننے سے پرہیز کیا۔ایک دوسرے سے کہتے ﴿لا تَسْمَعُوْا لِھٰذَا الْقُرْآن﴾ ''مت سنو اس قرآن کو'' تو اللہ نے ان کو نصیحت کی فرمایا ﴿وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْآن﴾ ''جب پڑھا جائے قرآن کو سنو اور چپ رہو۔'' 4

(۲۴۶) اور نیز اس کا شان نزول یہ ہے کہ لوگ نماز میں باتیں کرتے تھے یا سلام کرتے تھے یا وعظ کے متعلق ہے۔

(۲۴۷) مقتدی فاتحہ کو دل میں پڑھ لے اور یہ حق ہے۔ 5

(۲۴۸) فاتحہ خلف امام مقتدی کو مستحسن ہے۔ بطور احتیاط کے [محمدؒ] 6

(۲۴۹) ضؔ اور ظؔ کے بدلنے سے اکثر فقہا نماز کو باطل نہیں کہتے۔ یہ حروف قربت المخرج ہیں۔اور مشتبہہ الصوت۔ 7

(۲۵۰) ضؔ اور ظؔ صؔ اور سؔ طؔ اور تؔ حؔ اور ہؔ میں فرق بغیر مشقت نہیں ہو سکتا۔ اگر فرق نہ کر سکے تو نماز فاسد نہیں ہوتی۔ 8

(۲۵۱) آمین مہر قبولیت ہے۔ 9

(۲۵۲) احادیث آمین بالجہر کے اثبات میں۔ 10

---

1 شرح الوقایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، فصل فی القرأۃ، ج ۱ ص ۹۹۔ 2 شرح الوقایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، فصل فی القرأۃ، ج ۱ ص ۹۹۔ 3 شرح الوقایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، فصل فی القرأۃ، ج ۱ ص ۱۰۰۔ 4 ھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج ۱ ص ۵۵۰۔ 5 عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج ۱ ص ۵۵۶۔ 6 عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ باب صفۃ الصلوٰۃ، ج ۱ ص ۵۵۰۔ 7 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب مایفسد الصلوٰۃ، ج ۱ ص ۳۳۳۔ 8 عالمگیری: کتاب الصلوٰۃ، باب چہارم، فصل پنجم قاری کی لغزش کے بیان میں، ج ۱ ص ۱۲۲۔ 9 عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج ۱ ص ۴۶۷۔ 10 عین الھدایۃ: کتاب الصلاۃ، ج ۱ ص ۴۶۹۔

(۲۵۳) مقتدی امام کی آمین سن کر آمین کہیں۔ ❶

(۲۵۴) ایک دو آمیوں نے سنا تو جہر نہ ہوگا جہر جب ہے کہ سب سنیں۔ ❷

(۲۵۵) ابن ہمام نے آہستہ آمین والی حدیث کو ضعیف کہہ کر یہ فیصلہ کیا کہ آمین درمیانی آواز سے ہونی چاہئے۔ ❸

(۲۵۶) تصدیق احادیث رفع الیدین قبل رکوع وبعد رکوع۔ ❹

(۲۵۷) بیہقی کی روایت میں ابن عمر رضی اللہ عنہ سے جس کے آخر میں ہے کہ یہی آپ کی نماز رہی یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ سے ملاقی (یعنی وفات پائی) ہوئے۔ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔ ❺

(۲۵۸) رفع الیدین کرنے کی حدیثیں بہ نسبت ترک رفع کے قوی ہیں۔ ❻

(۲۵۹) رفع الیدین نہ کرنے کی حدیث ضعیف ہے۔ ❼

(۲۶۰) حق یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے رفع الیدین صحیح ثابت ہے۔ ❽

(۲۶۱) رفع الیدین کرنے سے نماز فاسد نہیں ہوتی۔ اور فساد کی روایت خلاف درایت وروایت ہے۔ ❾

(۲۶۲) جو رفع الیدین کرے اس سے مناقشہ حلال نہیں۔ ❿

(۲۶۳) رفع الیدین اکثر فقہا اور محدثین اس کو سنت ثابت کرتے ہیں۔ ⓫

---

❶ درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج ا ص ۲۵۲۔

❷ درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلاۃ فصل فی القرأۃ، ج ا ص ۲۷۷۔

❸ عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج ا ص ۴۶۷۔ ❹ عین الھدایۃ: کتاب الصلاۃ، ج ا ص ۴۹۶۔ ❺ عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج ا ص ۴۹۶۔ ❻ التعلیق الممجد علی مؤطا محمد، ص ۸۹۔ ❼ شرح الوقایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج ا ص ۹۳۔ ❽ عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج ا ص ۴۹۶۔ ❾ درمختار: کتاب الصلاۃ، باب مایفسد الصلاۃ، ج ا ص ۳۲۹۔ ❿ عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج ا ص ۴۹۹۔ ⓫ مالا بد منہ: کتاب الصلوٰۃ، فصل فی طریق اداء الصلوٰۃ، ص ۳۶۔

(۲۶۴) عصام ابن یوسف (امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے شاگردانِ شاگرد ہیں) رفع الیدین کرتے تھے۔ [1]

(۲۶۵) امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک قومہ وجلسہ فرض ہے امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک سنت [2]

(۲۶۶) جلسہ میں ''اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِی وَارْحَمْنِیْ وَاھْدِنِیْ وَارْزُقْنِیْ وَارْفَعْنِیْ وَاجْبُرْنِیْ'' پڑھے۔ [3]

(۲۶۷) جلسہ استراحت میں مضائقہ نہیں۔ [4]

(۲۶۸) جلسۂ استراحت نہ کرنے کی حدیث میں ابن ایاس راوی نزدیک محدثین کے ضعیف ہے۔ [5]

(۲۶۹) درمیانی قعدہ سے ہاتھ ٹیک کر اٹھنے میں مضائقہ نہیں۔ [6]

(۲۷۰) التحیات میں مٹھی باندھ کر انگلی اٹھائے [محمدؒ] [7]

(۲۷۱) انگلی سے حرکت دینا بھی جائز ہے۔ [8]

(۲۷۲) تورّک (آخری رکعت میں بایاں پاؤں بچا کر دائیں کو کھڑا کرنا اور سرین پر بیٹھنا) اچھا ہے حدیث سے ثابت ہے۔ [9]

(۲۷۳) امام بعد سلام کے داہنے یا بائیں یا مقتدیوں کی طرف بیٹھے۔ [10]

باب: متعلقات نماز کے بیان میں

(۲۷۴) پہلی دوسری رکعت میں ایک سورۃ چھوڑ کر پڑھے تو مکروہ نہیں۔ [11]

---

[1] مقدمۃ عالمگیری: تذکرۃ ابی حنیفہؒ، ج۱ص۵۴۔ [2] عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج۱ص۴۷۷۔ [3] مالابدمنہ: کتاب الصلوٰۃ، فصل فی طریق اداء الصلوٰۃ، ص۳۷۔ [4] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج۱ص۲۵۹۔ [5] عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ باب صفۃ الصلوٰۃ، ج۱ص۴۹۰۔ [6] عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج۱ص۴۹۰۔ [7] عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج۱ص۵۰۱۔ [8] عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج۱ص۵۰۱۔ [9] عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج۱ص۵۰۲۔ [10] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج۱ص۲۷۵۔

[11] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج۱ص۲۸۲۔

(۲۷۵) بھولے سے ترتیب سورۃ بدل جائے تو مضائقہ نہیں۔ 1

(۲۷۶) رکنے پر قراۃ ایک جگہ سے پڑھ کر دوسری جگہ سے پڑھنا جائز ہے۔ 2

(۲۷۷) جس غلطی سے معنی ایسے بگڑ جائیں کہ جن کا اعتقاد کفر ہے تو نماز فاسد ہوگی ورنہ نہیں۔ 3

(۲۷۸) صبح کے فرض کے بعد سنت پڑھ سکتا ہے۔ 4

(۲۷۹) صبح کی سنت پڑھنے کے بعد داہنی کروٹ پر لیٹے۔ 5

(۲۸۰) ظہر کی چار سنتیں دو سلام سے (بھی) ہیں۔ [مالکؒ وشافعیؒ واحمدؒ] 6

(۲۸۱) ظہر احتیاطی نہ پڑھنا بہتر ہے۔ 7

(۲۸۲) جس نے نماز فجر یا مغرب تنہا شروع کی اور پھر تکبیر کہی گئی تو نماز توڑ دے اگرچہ ایک رکعت پڑھ چکا ہو۔ 8

(۲۸۳) حدیث صحیح ہے کہ اقامت ہونے کے بعد سوا فرض کے کوئی نماز نہیں۔ 9

(۲۸۴) سنت کو جماعت کے درمیان پڑھنا مکروہ ہے۔ 10

(۲۸۵) مغرب سے پہلے دو رکعت ثابت ہیں۔ 11

(۲۸۶) نماز تحیۃ المسجد بیٹھنے سے پہلے پڑھے۔ 12

(۲۸۷) مستحب ہے وضو کے بعد دو رکعت کا پڑھنا سوائے وقت کراہت کے۔ 13

---

1 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، فصل فی القرأۃ، ج۱ص۲۸۳۔ 2 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، فصل فی القرأۃ، ج۱ص۲۸۳۔ 3 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، فصل فی القرأۃ، ج۱ ص۳۳۲۔ 4 عین الهدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب النوافل، ج۱ص۶۹۴۔ 5 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الوتر والنوافل، ج۱ ص ۳۵۵۔ 6 عین الهدایۃ: کتاب الصلوٰۃ باب النوافل، ج۱ ص ۶۹۸۔ 7 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الجمعۃ، ج۱ص۴۱۲۔ 8 شرح الوقایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب ادراک الفریضہ، ج۱ص۱۲۳۔ 9 عین الهدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب النوافل، ج۱ص۶۹۴۔ 10 درمختار جلد۱ص۳۱۴۔ 11 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الوتر والنوافل، ج۱ ص۳۵۳۔ 12 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الوتر والنوافل، ج۱ص۳۵۴۔ 13 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الوتر والنوافل، ج۱ص۳۵۶۔

(۲۸۸) نماز میں آیات کا جواب دینا ثابت ہے۔
(یعنی)﴿أَلَيْسَ اللّٰهُ بِأَحْكَمِ الْحَاكِمِيْنَ﴾(سورہ تین) کے بعد کہے۔ بَلٰى وَ اَنَا عَلٰى ذٰلِكَ مِنَ الشَّاهِدِيْنَ اور سورہ ملک ﴿بِمَاءٍ مَّعِيْنٍ﴾ کے بعد کہے اَللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ اور ﴿بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ﴾ (سورہ مرسلات) کے بعد کہے اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ اور ﴿فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ﴾ کے بعد کہے لَا بِشَيْءٍ مِّنْ نِّعَمِكَ رَبَّنَا نُكَذِّبُ فَلَكَ الْحَمْدُ وغیرہ۔ [1]
(۲۸۹) جوتے پہن کر نماز پڑھنا افضل ہے۔ [2]
(۲۹۰) نماز میں سانپ' بچھو مارنا مکروہ نہیں۔ اگر چہ عمل کثیر ہو۔ [3]
(۲۹۱) بسم اللہ ہر رکعت کے اول میں احتیاطاً پڑھے۔ [4]
(۲۹۲) امیر کاتب العمید متعصب حنفی تھا جس کو رفع الیدین کرتا دیکھتا نماز باطل ہونے کا فتویٰ دیتا۔ فاضل لکھنوی نے تردید کر کے کہا کہ رفع الیدین کی روایات صحیح بکثرت موجود ہیں۔ اس میں امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے کچھ مروی نہیں۔ [5]
(۲۹۳) مثل اِيَّاكَ نَعْبُدُ کے ایک حرف دوسرے کلمہ کے حرف (ک ن) سے مل جائے اگر چہ عمداً ہو تو نماز فاسد نہیں ہوتی۔ [6]
(۲۹۴) امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے جو کہا کہ فارسی میں نماز جائز ہے تو آپ نے اس سے رجوع کیا۔ [7]
(۲۹۵) دیکھ کر قرآن پڑھنے سے نماز فاسد نہ ہوگی (صاحبینؒ) [8]

---

[1] عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب فی صفۃ الصلوٰۃ فصل فی القرأۃ، ج ا ص ۵۶۳۔ [2] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب مایفسد الصلوٰۃ، ج ا ص ۳۴۴۔ [3] عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب الحدث فی الصلوٰۃ فصل فی المکروھات، ج ا ص ۶۶۱۔ [4] عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب فی صفۃ الصلوٰۃ، ج ا ص ۴۶۲۔ [5] عالمگیری: ج ا ص ۸۱۔ [6] عالمگیری: کتاب الصلوٰۃ، باب چہارم، صفۃ الصلوٰۃ، ج ا ص ۱۲۲۔ [7] مقدمہ عین الھدایۃ: ملحقات عقائد، ج ا ص ۵۹۔ [8] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب مایفسد الصلوٰۃ، ج ا ص ۳۲۸۔

(۲۹۶) انکساری کے لئے سر کھول کر نماز پڑھنا درست ہے۔ [1]

(۲۹۷) نماز میں عمامہ یا ٹوپی گر جائے تو سر پر رکھ لے۔ [2]

(۲۹۸) نماز میں عمامہ سر پر رکھنے اور اتارنے سے نماز فاسد نہیں ہوتی۔ [3]

(۲۹۹) ہر رکن کو اطمینان سے ادا کرنا واجب ہے۔ [4]

(۳۰۰) منہ میں بلغم آئے تو بائیں طرف تھوکے یا کپڑے میں لے کر مل دے۔ [5]

(۳۰۱) جماعت کے وقت بھوک لگی ہو اور کھانا سامنے ہو تو پہلے کھانا کھائے۔ [6]

(۳۰۲) تنہا فرض جہر سے پڑھنا افضل ہے جہری نماز میں سر (آہستہ) سے جائز۔ [7]

(۳۰۳) سورہ حجرات سے سورہ بروج تک ظہر میں پڑھنا مسنون ہے۔ [8]

(۳۰۴) نمازی کے سامنے سے عورت یا کتے کا گزرنا مفسد نہیں۔ [9]

(۳۰۵) ضرورتاً نماز میں بچے کو گود میں لے لینا جائز ہے۔ [10]

(۳۰۶) سات جگہوں میں نماز مکروہ ہے۔ کعبہ' راستہ' اونٹوں کے بیٹھنے کی جگہ' قبرستان' نجاست ڈالنے کی جگہ' کمیلہ' حمام۔ [11]

(۳۰۷) شرعاً نفل اس عبادت کو کہتے ہیں جس کے کرنے سے ثواب ہو اور نہ کرنے سے عذاب نہ ہو۔ [12]

---

[1] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب مایفسد الصلوٰۃ، ج ۱ ص ۳۳۷۔ بہشتی گوہر: مکروہات نماز کا بیان، ص ۶۶۔
[2] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب مایفسد الصلوٰۃ، ج ۱ ص ۳۳۷۔
[3] عالمگیری: کتاب الصلوٰۃ، باب ہفتم مکروہات نماز ج ۱ ص ۱۷۱۔ [4] بہشتی زیور: حصہ ۲ باب ۷ فرض نماز پڑھنے کا طریقہ ص ۱۳۳۔ [5] بہشتی زیور: حصہ ۲، باب ۱۰، بیان مکروہات نماز، ص ۱۴۰۔ [6] بہشتی زیور: حصہ ۲، باب ۱۰، بیان مکروہات نماز، ص ۱۴۰۔ [7] عین الھدایہ: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، فصل فی القرأۃ، ج ۱ ص ۵۲۸۔ [8] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، فصل فی القرأۃ، ج ۱ ص ۲۷۹۔ مالا بدمنہ: کتاب الصلوٰۃ، فصل طریق خواندن نماز، ص ۳۵۔ [9] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب مایفسد الصلوٰۃ، ج ۱ ص ۳۳۴۔ [10] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب مایفسد الصلوٰۃ، ج ۱ ص ۳۴۳۔ [11] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، ج ۱ ص ۱۹۲۔ [12] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الوتر والنوافل، ج ۱ ص ۳۴۸۔

(۳۰۸) نفل بیٹھ کر پڑھنے میں آدھا ثواب اور کھڑے ہو کر پڑھنے میں پورا ثواب ہے۔ [1]

(۳۰۹) چار رکعت قبل عشاء کے مستحب ہیں نہ سنت۔ [2]

(۳۱۰) قضا نماز کے لئے اذان و اقامت کہنا سنت ہے۔ [3]

(۳۱۱) فجر کی سنتوں کی قضا ہے نہ دیگر سنتوں کی۔ [4]

(۳۱۲) بعد نماز فجر و عصر قضا نماز پڑھ سکتا ہے۔ [5]

(۳۱۳) قضا نماز جہری پکار کر پڑھے۔ [6]

(۳۱۴) دو نمازوں کو سفر اور مینہ کے عذر سے جمع کرنا درست ہے [شافعیؒ] [7]

(۳۱۵) تین میل تک کی مسافت میں قصر جائز ہے [حدیث] [8]

(۳۱۶) سجدہ تلاوت دو تکبیروں کے ساتھ بغیر رفع یدین و تشہد و سلام کے۔ [9]

باب: امامت کے متعلق

(۳۱۷) جو شخص جماعت والوں میں سے سنت کا زیادہ عالم ہو وہ امامت کے لئے اولیٰ ہے۔ [10]

(۳۱۸) گنوار اندھے اور غلام اور ولد الزنا اور فاسق کی امامت جائز ہے۔ [11]

(۳۱۹) جو امامت مزدوری لے کر کرے تو اس کی امامت مکروہ ہے۔ [12]

---

[1] عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب النوافل، ج۱ص ۷۱۶۔ [2] عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب النوافل، ج۱ص ۶۹۶۔ [3] در المختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الاذان، ج۱ص ۱۹۸۔ [4] در مختار: جلد۱ص ۳۸۴۔
[5] در المختار: کتاب الصلوٰۃ، باب قضاء الفوائت، ج ۱ص ۳۷۶۔ [6] کنز ص ۳۸۔ [7] در المختار: کتاب الصلوٰۃ، ج ۱ص ۱۹۳۔ [8] شرح الوقایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب صلاۃ المسافر، ج۱ص ۱۳۲۔ [9] شرح الوقایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب سجدۃ التلاوۃ، ج۱ص ۱۳۰۔ [10] عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب الامامۃ، ج۱ص ۵۶۷۔
[11] عین الھدایۃ: کتاب الطہارت، باب الامامۃ، ج۱ص ۵۶۹۔ [12] در المختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الامامۃ، ج ۱ص ۲۹۳۔

(۳۲۰) اجرت پر حافظ مقرر کرنا مکروہ ہے۔ [1]

(۳۲۱) بدعتی کی امامت مکروہ ہے۔ [2]

(۳۲۲) کم عمر لڑکا اگر زیادہ عالم ہو تو اس کی امامت جائز ہے۔ [3]

(۳۲۳) امام مقتدیوں کو حکم کرے کہ ایک دوسرے سے ملے رہیں اور بیچ کی جگہ کو بند کردیں۔ [4]

(۳۲۴) حدث ہونے پر امام اپنا خلیفہ کردے۔ [5]

باب: جماعت کے متعلق

(۳۲۵) حنفی شافعی کی اقتدا کرے تو صحیح ہے۔ [6]

(۳۲۶) مختلف فیہ مسئلوں میں اقتدا غیر حنفی کی درست ہے۔ [7]

(۳۲۷) نماز میں اپنے امام کو لقمہ دے تو جائز ہے کسی طرح مفسد نہیں۔ [8]

(۳۲۸) امام کی لغزش ہونے پر مقتدی سبحان اللہ کہے۔ [9]

(۳۲۹) ایڑیاں برابر بھی ہوں گی تو اقتداء درست ہے۔ [10]

(۳۳۰) شارع عام کی مسجد میں تکرار جماعت کی مکروہ نہیں۔ [11]

(۳۳۱) ایک مقتدی امام کے برابر ہے اور دوسرا آیا تو امام آگے بڑھ جائے یا مقتدی پیچھے ہٹے۔ [12]

---

[1] عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب النوافل فصل فی قیام رمضان، ج ۱ ص ۷۲۵۔ [2] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الامامۃ، ج ۱ ص ۲۹۲۔ بہشتی گوہر: کتاب الصلوٰۃ، مقتدی اور امام کے متعلق مسائل، ص ۵۶۔ [3] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الامامۃ، ج ۱ ص ۲۹۳۔ [4] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الامامۃ، ج ۱ ص ۲۹۶۔ بہشتی گوہر: کتاب الصلوٰۃ، مقتدی اور امام کے متعلق مسائل، مسئلہ ۱۶، ص ۵۸۔ [5] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب استخلاف، ج ۱ ص ۳۱۳۔ [6] عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب الوتر، ج ۱ ص ۶۹۱۔ [7] درالمختار، کتاب الصلوٰۃ، باب الامامۃ، ج ۱ ص ۲۸۵۔ [8] عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب مایفسد الصلوٰۃ، ج ۱ ص ۶۳۳۔ [9] عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب مایفسد الصلوٰۃ، ج ۱ ص ۶۳۶۔ [10] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الامامۃ، ج ۱ ص ۲۸۵۔ [11] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الامامۃ، ج ۱ ص ۲۸۶۔ [12] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الامامۃ، ج ۱ ص ۲۹۵۔

(۳۳۲) دوسرا مقتدی بائیں طرف آ کھڑا ہو تو امام دونوں کو پیچھے ہٹنے کا اشارہ کر دے۔ [1]

(۳۳۳) صف کے پیچھے تنہا نہ کھڑا ہو بلکہ کسی مقتدی کو آگے کی صف سے کھینچ لے۔ [2]

(۳۳۴) صف کے بیچ میں جگہ ہو اس میں کھڑا ہو جائے تو اس کی مغفرت ہو گی۔ [3]

(۳۳۵) صف میں جگہ چھوڑنا جماعت کے ثواب کو فوت کرنا ہے۔ [4]

(۳۳۶) دو شخص امام و مقتدی ہوں تو برابر کھڑے ہوں۔ [5]

(۳۳۷) ایک لڑکا مردوں کی صف میں داخل ہو سکتا ہے۔ [6]

(۳۳۸) جس سے دین میں خصومت ہو وہ مقتدی ہو سکتا ہے۔ [7]

(۳۳۹) فرض تنہا پڑھ چکا ہو تو جماعت میں شریک ہو جائے سوائے فجر اور عصر کے۔ [8]

(۳۴۰) جس نے اقتدا کی اور امام رکوع میں ہے۔ اور ٹھہرا یہاں تک کہ امام نے سر اٹھالیا تو وہ رکعت اس کو نہیں ملی۔ [9]

(۳۴۱) جب مسافر امام اپنی دو رکعت پڑھ لے مقیم اپنی نماز کو چار رکعتیں کر لے۔ [10]

باب: وتر کے متعلق

(۳۴۲) وتر میں سورہ اعلیٰ اور سورہ کافروں، سورہ اخلاص پڑھنا مسنون ہے۔ [11]

---

[1] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الامامۃ، ج ا ص ۲۹۵۔۲۹۶۔ [2] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الامامۃ، ج ا ص ۲۹۶۔ [3] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الامامۃ، ج ا ص ۲۹۷۔ [4] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الامامۃ، ج ا ص ۲۹۶۔ [5] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الامامۃ، ج ا ص ۲۹۵۔ [6] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الامامۃ، ج ا ص ۲۹۸۔ [7] درمختار، جلد ا ص ۴۴۹۔ [8] عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب ادراک الفریضۃ، ج ا ص ۷۲۹۔ [9] شرح الوقایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب ادراک الفریضۃ، ج ا، ص ۱۲۵۔ [10] عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب صلوٰۃ المسافر، ج ا ص ۸۰۸۔ [11] شرح الوقایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب الوتر، ج ا ص ۱۱۳۔ مالا بدمنہ، کتاب الصلوٰۃ، مسئلۃ فی صلوٰۃ الوتر ص ۵۲۔ درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الوتر، ج ا ص ۳۴۹۔

(۳۴۳) وتر ایک رکعت بھی ہے۔ [1]

(۳۴۴) تین وتر پر مسلمانوں کا اجماع ہو چکا ہے۔ [2]

(۳۴۵) وتر ایک تین پانچ سات رکعت ہیں۔ [3]

(۳۴۶) تین وتر کی روایت ضعیف ہے۔ [4]

(۳۴۷) قنوت میں دونوں ہاتھ اٹھا کر چھاتی تک دعا مانگنے کی طرح ہتھیلیاں آسمان کی طرف رکھے [ابو یوسفؒ] [5]

(۳۴۸) بعد رکوع کے دعائے قنوت پڑھنے کی روایت چاروں خلفاء رضی اللہ عنہ سے ہے۔ [6]

(۳۴۹) ابن ہمام نے کہا کہ بعد رکوع کے قنوت پڑھنے کی نص صریح حدیث حسن بن علی رضی اللہ عنہ بروایت حاکم ہے۔ [7]

(۳۵۰) دعائے قنوت اَللّٰھُمَّ اھْدِ نِیْ حدیث سے ثابت ہے۔ [8]

(۳۵۱) امام قنوت جہر سے پڑھے تو مقتدی آمین کہے [ابو یوسفؒ] [9]

(۳۵۲) نماز فجر میں قنوت پڑھنا چاروں خلفائے راشدین وعمار بن یاسر، ابی بن کعب، ابو موسیٰ اشعری، ابن عباس، ابوہریرہ، براء بن عازب، انس، سہل بن سعد، معاویہ، عائشہ رضی اللہ عنہم سے ثابت ہے اور اسی طرف اکثر صحابہ رضی اللہ عنہم وتابعینؒ گئے ہیں۔ [10]

---

[1] شرح الوقایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب الوتر، ج ا ص ۱۱۳۔ [2] عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب الوتر، ج ا ص ۶۷۵۔ [3] عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب الوتر، ج ا ص ۶۷۵۔ شرح الوقایۃ، کتاب الصلوٰۃ، باب الوتر، ج ا ص ۱۱۸۔ [4] شرح الوقایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب الوتر والنوافل، ج ا ص ۱۱۳۔ [5] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الوتر والنوافل، ج ا ص ۳۴۹۔ [6] شرح الوقایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب الوتر، ج ا ص ۱۱۴۔

[7] عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب الامامۃ، ج ا ص ۶۷۸۔ درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الوتر والنوافل، ج ا ص ۳۴۹۔ شرح الوقایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب الوتر، ج ا ص ۱۱۴۔ [8] شرح الوقایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب الوتر والنوافل، ج ا ص ۱۱۴۔ مالابدمنہ: کتاب الصلوٰۃ، مسئلۃ فی صلاۃ، الوتر ص ۵۲ ذکرہ فی الحاشیہ۔

[9] عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب الوتر، ج ا ص ۶۹۱۔۶۹۲۔

[10] عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب الوتر، ج ا ص ۶۸۳۔

(۳۵۳) وتر کے قومہ میں قنوت پڑھنے والے کی حنفی کو متابعت کرنی چاہئے۔ [1]

(۳۵۴) قنوت نازلہ ہر سختی میں ہر نماز میں جائز ہے اور مقتدی آمین کہیں۔ [2]

باب: سجدہ سہو کے متعلق

(۳۵۵) سجدہ سہو دونوں طرف سلام پھیرنے کے بعد کرے۔ [3]

(۳۵۶) سجدہ سہو سلام سے پہلے بھی جائز ہے۔ [4]

(۳۵۷) دونوں طرف سلام کا قول صحیح ہے۔[ابوحنیفہؒ وابویوسفؒ] [5]

(۳۵۸) سجدہ سہو میں ایک سلام پھیرنے والا بدعتی ہے۔ [6]

(۳۵۹) مقتدی کے سہو سے مقتدی پر سجدہ سہو لازم نہیں۔ [7]

باب: نماز بدعت کے متعلق

(۳۶۰) صلوۃ رغائب یعنی رجب کے پہلے جمعہ کی شب میں نفل پڑھے جاتے ہیں۔ یہ نماز ۴۸۰ھ میں ایجاد ہوئی۔ جو کچھ اس باب میں ہے سب باطل اور موضوع ہے۔ [8]

(۳۶۱) صلوٰۃ برات۔ مراد اس سے پندرھویں شعبان کی نفل نماز ہے۔ مراد صلوٰۃ قدر سے ستائیسویں شب رمضان کی نفل نماز ہے۔ ان میں بھی جماعت مکروہ ہے۔ [9]

---

[1] شرح الوقایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب الوتر، ج ۱ص ۱۱۷۔ [2] عین الہدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب الوتر، ج ۱ ص ۶۷۷۔ درالمختار، کتاب الصلوٰۃ، باب الوتر والنوافل، ج ۱ص ۳۵۱۔ [3] درالمختار: کتاب الصلاۃ، باب سجود السہو، ج ۱ص ۳۸۱۔ [4] درالمختار: کتاب الصلاۃ، باب وسجود السہو، ج ۱ص ۳۸۲۔ عین الہدایۃ، کتاب الصلوٰۃ، باب سجود السہو، ج ۱ص ۷۴۸۔ [5] شرح الوقایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب سجود السہو، ج ۱ص ۱۲۷۔ عین الہدایۃ، کتاب الصلوٰۃ، باب سجود السہو، ج ۱ص ۷۵۰۔ [6] عین الہدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب سجود السہو، ج ۱ ص ۷۵۰۔ [7] عین الہدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب سجود السہو، ج ۱ص ۷۵۵۔ [8] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الوتر والنوافل، ج ۱ص ۳۸۹۔ [9] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الوتر والنوافل، ج ۱ص ۳۶۹۔

باب: مسجد کے متعلق

(۳۶۲) مسجد کا محراب منقش کرنا مکروہ ہے۔ 1

(۳۶۳) مال وقف سے نقش کرنا حرام ہے۔ 2

(۳۶۴) مشرک کی نجاست تو اس کے اعتقاد میں ہے تو اس کو مسجد میں آنے سے نہ روکا جائے [تعجب ہے کہ مشرک تو نہ روکا جائے اور مسلمان روکے جائیں۔ افسوس! اللہ تعالیٰ ہمارے حنفی بھائیوں کو سمجھ دے] 3

باب: تہجد کے متعلق

(۳۶۵) تہجد کی آٹھ رکعتیں ہیں۔ 4

باب: تراویح کے متعلق

(۳۶۶) تراویح بیس رکعت کی حدیث ضعیف ہے۔ 5

(۳۶۷) تراویح آٹھ رکعت کی حدیث صحیح ہے۔ 6

(۳۶۸) تراویح صحیح حدیث سے مع وتر کے گیارہ رکعت ثابت ہیں۔ 7

(۳۶۹) مع وتر کے تراویح گیارہ رکعت سنت رسول اللہ ﷺ ہیں اور بیس سنت خلفائے راشدین سے۔ 8

---

1 درمختار: کتاب الحظر والاباحۃ، فصل البیع، ج ۴ص ۲۴۶۔ عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، فصل فی احکام القبلہ والمساجد، ج ا ص ۶۶۸۔ بہشتی گوہر، مسجد کے احکام، مسئلہ ۴، ص ۱۰۳۔

2 عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب الحدث فی الصلوٰۃ، فصل فی احکام القبلۃ والمساجد، ج ا ص ۶۶۸۔

3 عین الھدایۃ: کتاب الکراھیۃ، فصل فی اھل الذمۃ، ج ا ص ۳۱۱۔ 4 درمختار، کتاب الصلاۃ، باب الوتر، ج ا ص ۳۵۷۔ 5 عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب النوافل، فصل فی قیام رمضان ج ا ص ۷۲۲۔ درمختار کتاب الصلوٰۃ، باب الوتر ج ا ص ۳۶۷۔ 6 شرح الوقایۃ: [مترجم] کتاب الصلاۃ، فصل تراویح کے بیان میں، ج ا ص ۱۲۲۔ 7 عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب النوافل، ج ا ص ۷۲۲۔ 8 شرح الوقایۃ: کتاب الصلوٰۃ، فصل تراویح کے بیان میں، ج ا ص ۱۲۲۔ عین الھدایۃ، کتاب الصلوٰۃ، باب النوافل فصل فی قیام رمضان، ج ا ص ۷۲۲۔

(۳۷۰) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جو نعم البدعۃ فرمایا ہے اس سے مراد معنی لغوی ہیں نہ شرعی۔ 1

(۳۷۱) تراویح آٹھ رکعت سنت ہیں اور بیس مستحب ہیں۔ 2

(۳۷۲) تراویح میں کم عمر لڑکے کی اقتدا جائز ہے۔ 3

(۳۷۳) جس نے فرض تنہا پڑھے تو تراویح کی جماعت میں شریک ہو۔ 4

(۳۷۴) جس نے تراویح نہ پائی یا دوسرے کے ساتھ پڑھی تو وتر میں اقتدا کر سکتا ہے۔ 5

(۳۷۵) صحیح یہ ہے کہ تراویح میں تین مرتبہ قل ھو اللہ پڑھنا مکروہ ہے۔ 6

باب: جمعہ کے متعلق

(۳۷۶) جمعہ جماعت سے مشتق ہے کم تر سوا امام کے تین شخص ہوں [امام ابوحنیفہؒ] صاحبینؒ کے نزدیک دو ہوں۔ 7

(۳۷۷) جن بڑے گاؤں میں بازار ہو تو وہاں جمعہ فرض ہے۔ 8

(۳۷۸) حاکم کی اجازت سے اگر گاؤں میں جامع مسجد بن جائے تو جمعہ جائز ہے۔ 9

(۳۷۹) جمعہ کو زوال کے وقت نفل پڑھنے جائز ہیں [ابو یوسفؒ] 10

(۳۸۰) حالت خطبہ میں دو رکعت پڑھنا ثابت ہے۔ 11

---

1 شرح الوقایۃ: کتاب الصلوٰۃ، فصل تراویح کے بیان میں، ج ۱ ص ۱۲۱۔ 2 شرح الوقایۃ: کتاب الصلوٰۃ، فصل تراویح کے بیان میں، ج ۱ ص ۱۲۲۔ 3 عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ باب الامامۃ، ج ۱ ص ۵۷۹۔ 4 عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب النوافل، فصل فی قیام رمضان، ج ۱ ص ۷۲۵۔ بہشتی گوہر تراویح کا بیان مسئلہ نمبر ۴، ص ۳۶۔۳۵۔ 5 عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب النوافل، فصل فی قیام رمضان، ج ۱ ص ۷۲۵۔ 6 بہشتی گوہر: تراویح کا بیان، مسئلہ نمبر ۱۱، ص ۳۶۔ 7 عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب الجمعۃ، ج ۱ ص ۸۳۰۔ در المختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الجمعۃ، ج ۱ ص ۴۱۹۔ 8 در المختار، کتاب الصلوٰۃ، باب الجمعۃ، ج ۱ ص ۴۱۳۔ 9 در المختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الجمعۃ، ج ۱ ص ۴۱۲۔ 10 در المختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الجمعۃ، ج ۱ ص ۴۲۷۔ 11 شرح الوقایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب الجمعۃ، ج ۱ ص ۱۳۵۔

(۳۸۱) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا قبل زوال کے خطبہ پڑھنا ثابت ہے۔ [1]

(۳۸۲) جمعہ کو ایک اذان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں تھی اور دوسری اذان حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانہ سے شروع ہوئی۔ [2]

(۳۸۳) خطیب جب ممبر پر بیٹھے تو سلام کرے [امام شافعیؒ] [3]

(۳۸۴) خطیب کو عصا رکھنا مسنون ہے۔ [4]

(۳۸۵) خطبہ میں خطیب حمد و ثنا درود اور وعظ و نصیحت اور قرأۃ قرآن کرے۔ [5]

(۳۸۶) خطیب کا خطبہ میں امر بالمعروف کے لئے بولنا جائز ہے۔ [6]

(۳۸۷) خطبہ کے وقت نہ کلام ہے نہ سبحان اللہ نہ امر بالمعروف، یہ سب سامع کو حرام ہے۔ [7]

(۳۸۸) خطیب سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا نام سن کر اپنے جی میں درود پڑھے۔ [8]

(۳۸۹) خطیب ایک سیڑھی اترے اور چڑھے تو یہ بدعت شنیع ہے۔ [9]

(۳۹۰) خطبہ میں شعر پڑھنا مکروہ تحریمی ہے۔ [10]

(۳۹۱) جب خطیب پہلے خطبہ کو پڑھ کر بیٹھے تو لوگ دعا نہ مانگیں۔ [11]

(۳۹۲) دعا کرنا (دونوں خطبوں کے درمیان) مکروہ تحریمی اور حرام ہے۔ [12]

---

[1] شرح الوقایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب الجمعۃ، ج ا ص ۱۳۴۔ [2] عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب الجمعۃ، ج ا ص ۸۴۱۔ شرح الوقایۃ، کتاب الصلوٰۃ، باب الجمعۃ، ج ا ص ۱۳۵۔ درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الجمعۃ، ج ا ص ۴۲۴۔ [3] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الجمعۃ، ج ا ص ۴۱۸۔ [4] درالمختار، کتاب الصلوٰۃ، باب الجمعۃ، ج ا ص ۴۲۶۔ [5] شرح الوقایۃ: کتاب الصلوٰۃ باب الجمعۃ ج ا ص ۱۳۴۔ [6] بہشتی زیور حصہ ۱۱ خطبہ جمعہ کے مسائل ص ۷۹۷۔ [7] بہشتی زیور: حصہ ۱۱ خطبہ جمعہ کے مسائل ص ۷۹۷۔ [8] بہشتی زیور: حصہ ۱۱، جمعہ کے خطبے کے مسائل ص ۷۹۷۔ [9] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الجمعۃ، ج ا ص ۴۲۵۔ عین الھدایۃ، کتاب الصلوٰۃ، باب الجمعۃ، ج ا ص ۱۷۱، حاشیہ ۸۔ [10] بہشتی زیور: حصہ ۱۱ خطبہ جمعہ کے مسائل ص ۷۹۷۔ [11] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الجمعۃ، ج ا ص ۴۱۸۔ [12] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الجمعۃ، ج ا ص ۴۱۸۔ بہشتی زیور: حصہ ۱۱ خطبہ جمعہ کے مسائل ص ۷۹۷۔ شرح الوقایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب الجمعۃ، ج ا ص ۱۳۶۔

(۳۹۳) دعا کرنا (دونوں خطبوں کے درمیان) نامشروع اور بدعت ہے۔ 1

(۳۹۴) حضرت عمارہ رضی اللہ عنہما نے جب بشیر ابن مروان کو دعا مانگتے دیکھا تو بددعا دی۔ 2

(۳۹۵) اس دعا کی بدعت خلفائے مروانیہ کے زمانے سے پیدا ہوئی۔ 3

(۳۹۶) رمضان کے آخری خطبہ میں الوداع پڑھنا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم وصحابہ رضی اللہ عنہم سے منقول نہیں نہ صحابہ رضی اللہ عنہم سے ثابت ہے اس لئے بدعت ہے۔ 4

(۳۹۷) خطبہ ہر زبان میں جائز ہے۔ [ابوحنیفہ] 5

(۳۹۸) جس شے کی حاجت ہو خطیب خطبہ میں بیان کردے۔ 6

(۳۹۹) نماز جمعہ میں سورہ جمعہ وسورہ منافقون یا سورہ اعلی وسورہ غاشیہ پڑھنا مسنون ہے۔ 7

(۴۰۰) بعد جمعہ کے چار رکعتیں سنت ہیں۔ 8

(۴۰۱) جمعہ کو سورہ کہف پڑھنا مسنون ہے۔ 9

(۴۰۲) جمعہ کے دن زیارت قبور افضل ہے۔ 10

باب: عیدین کے متعلق

(۴۰۳) عیدین میں تکبیر جہر سے کہے۔ یہی سنت ہے۔ 11

(۴۰۴) تکبیر بآواز بلند کہے راستہ میں اور عیدگاہ میں۔ 12

---

1 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الجمعۃ، ج اص ۴۱۸۔ بہشتی زیور حصہ: ۱۱ خطبہ جمعہ کے مسائل ص ۷۹۷۔
2 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الجمعۃ، ج اص ۴۱۸۔ 3 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الجمعۃ ج اص ۴۱۸۔
4 بہشتی زیور: حصہ ۱۱ خطبہ جمعہ کے مسائل ص ۷۹۷۔ 5 عین الھدایہ: کتاب الصلاۃ، باب صفۃ الصلوٰۃ، ج ۱ ص ۴۴۹۔ 6 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ باب، العیدین ہج اص ۴۳۳۔ 7 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ باب الجمعۃ، ج ۱ ص ۴۲۵۔ 8 منیہ ص ۹۳۔ 9 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الجمعۃ، ج ۱، ص ۴۲۷۔
10 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الجمعۃ، ج اص ۴۲۷۔ 11 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ باب الجمعۃ، ج اص ۴۳۰۔ عین ھدایہ کتاب الصلوٰۃ، باب العیدین، ج اص ۸۴۶۔ 12 درالمختار: کتاب، الصلوٰۃ، باب العیدین، ج اص ۴۳۴۔

(۴۰۵) نمازعیدین میں بارہ تکبیروں کی حدیث صحیح ہے۔ ❶

(۴۰۶) عیدین میں چھ تکبیروں کی بابت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا قول ہے۔ ❷

(۴۰۷) دونوں رکعتوں میں قبل قرأۃ تکبیرات کہے۔ ❸

(۴۰۸) عیدین میں سورہ اعلیٰ وغاشیہ پڑھنا مسنون ہے۔ ❹

(۴۰۹) عیدالفطر کے دن خطیب صدقۃ الفطر کے مسائل بیان کرے۔ ❺

(۴۱۰) مصافحہ بعدعید کے مکروہ ہے۔ یہ طریقہ رافضیوں کا ہے۔ ❻

(۴۱۱) معانقہ بھی بعدعید کے بے اصل اور مکروہ ہے۔ ❼

باب: نماز کسوف وخسوف کے متعلق

(۴۱۲) نمازکسوف (سورج گرہن) قرآن وحدیث واجماع سے ثابت ہے۔ ❽

(۴۱۳) نماز کسوف (سورج گرہن) اور نماز خسوف (چاند گرہن) جہر سے پڑھے۔ [صاحبینؒ] ❾

باب: نماز استسقا کے متعلق

(۴۱۴) نماز استسقا میں دعا کی جائے اور دوگانہ جہر سے پڑھا جائے۔ [صاحبینؒ] ❿

(۴۱۵) خطبہ میں چادر تبدیل کرنی جائز ہے۔ [محمدؒ] ⓫

---

❶ عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب العیدین، ج ۱ص ۸۵۰۔ ❷ عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب العیدین، ج ۱ص ۸۴۸۔ ❸ قدوری: کتاب الصلاۃ، باب صلوٰۃ العیدین، ص ۳۴۔ ❹ درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب العیدین، ج ۱ص ۴۳۲۔ ❺ درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب العیدین، ج ۱ص ۴۳۳۔

❻ درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب العیدین، ج ۱ص ۴۳۰۔ ❼ درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب العیدین، ج ۱ص ۴۳۰۔ ❽ درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الکسوف، ج ۱ص ۴۳۷۔ ❾ درالمختار، کتاب الصلوٰۃ، باب الکسوف، ج ۱ص ۴۳۷۔ ❿ درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الاستسقاء، ج ۱ص ۴۳۹۔ ⓫ درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الاستسقاء، ج ۱ص ۴۳۹۔

کتاب الجنائز

باب: مردے کے غسل دینے کے متعلق

(۴۱۶) شوہر کا بیوی کو نہلانا بعد مرنے کے تین اماموں کے نزدیک جائز ہے۔ [1]

(۴۱۷) بیوی شوہر کو نہلائے۔ [2]

باب: نماز جنازہ کے متعلق

(۴۱۸) تکبیرات جنازہ میں رفع الیدین جائز ہے۔[ائمہ اربعہؒ وفقہاء بلخ] [3]

(۴۱۹) نماز جنازہ میں الحمد پڑھنا اکثر عالموں کے نزدیک جائز ہے۔ [4]

(۴۲۰) بعد تکبیر اولیٰ الحمد دعا کی نیت سے پڑھنا جائز ہے۔ [5]

(۴۲۱) دعائے جنازہ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَهٗ حدیث سے ہے۔ [6]

(۴۲۲) اگر دونوں دعاؤں یعنی اللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَهٗ اور اللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِحَیِّنَا کو پڑھے تو بہت اچھا ہے۔ [7]

(۴۲۳) امام مرد کے جنازے پر سر کے مقابل اور عورت کے وسط میں کھڑا ہو۔ [8]

(۴۲۴) ولی کا نماز پڑھنا پیچھے غیر شخص کے گویا اس کو نماز پڑھانے کی اجازت دینا ہے [9]

(۴۲۵) اقتدا کرنے ہی سے اجازت ہو جاتی ہے۔ [10]

(۴۲۶) سب جنازوں کو خواہ ایک صف میں رکھے اور ان میں افضل کے مقابلے امام کھڑا ہو۔ یا سب جنازوں کو قبلہ کی جانب رکھیں۔ اس ترتیب سے کہ اول افضل پھر بڑی عمر والا۔ پھر لڑکا پھر عورت۔ [11]

---

[1] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الجنائز، ج۱ص ۴۴۹۔ [2] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الصلوٰۃ الجنائز ج۱ص ۴۴۹۔

[3] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الجنائز، ج۱ص ۴۵۷۔ [4] مالا بدمنہ: کتاب الجنائز، ص ٦٦۔ [5] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الجنائز، ج۱ص ۴۵۸۔ [6] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الجنائز، ج۱ص ۴۵۷۔ بہشتی گوہر: جنازے کے مسائل، مسئلہ ۱۳ص ۹۳۔ [7] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الجنائز، ج۱ص ۴۵۷۔ بہشتی گوہر: جنازے کے مسائل، مسئلہ ۱۳، ص ۹۳۔

[8] عین الھدایہ: کتاب الصلوٰۃ، باب الجنائز، ج۱ص ۹۰٦۔ [9] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الجنائز، ج۱ص ۴٦۲۔

[10] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الجنائز، ج۱ص ۴٦۲۔ [11] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الجنائز، ج۱ص ۴٦۰۔

(۴۲۷) آنحضرت ﷺ نے جنازہ غائب بادشاہ نجاشی اور معاویہ بن مزنی رضی اللہ عنہ اور زید بن حارثہ اور جعفر طیار رضی اللہ عنہم پر پڑھی۔ 1

باب: مردے کے لیجانے کے متعلق

(۴۲۸) جنازہ جلد لے چلیں، دوڑیں نہیں۔ 2

(۴۲۹) جنازہ کے آگے چلنا درست ہے۔ 3

(۴۳۰) ذکر اور قرأت قرآن جہر سے مکروہ ہے۔ 4

باب: دفن کے متعلق

(۴۳۱) قبر میں اتارتے وقت بِسْمِ اللّٰهِ وَ عَلٰى مِلَّةِ رَسُولِ اللّٰهِ پڑھے۔ 5

(۴۳۲) آنحضرت ﷺ پائنتی کی طرف سے قبر میں داخل کیے گئے۔ 6

(۴۳۳) مٹی دیتے وقت ﴿مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ﴾ پڑھے۔ 7

(۴۳۴) دفن کے بعد قبر پر کچھ ٹھہرنا جائز ہے۔ 8

(۴۳۵) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ دفن کے بعد قبر پر سورہ بقرہ کا اول و آخر پڑھنا مستحب جانتے تھے۔ 9

باب: قبور کے متعلق

(۴۳۶) قبر پر پانی چھڑکنے میں مضائقہ نہیں۔ 10

---

1 شرح الوقایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب صلوٰۃ الجنازۃ، ج ا ص ۱۴۳۔ 2 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الجنائز، ج ا ص ۴۶۶۔ 3 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الجنائز، ج ا ص ۴۶۷۔ 4 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب الجنائز، ج ا ص ۴۶۷۔ 5 عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب الجنائز، ج ا ص ۹۱۸۔ درالمختار، کتاب الصلوٰۃ، باب صلوٰۃ الجنازۃ، ج ا ص ۴۶۷۔ بہشتی گوہر: دفن میت کے مسائل، مسئلہ ۱۴، ص ۹۶۔ 6 عین الھدایۃ: کتاب الصلوٰۃ، باب الجنائز، فصل فی الدفن، ج ا ص ۹۱۷۔ 7 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ باب الجنازۃ، ج ا ص ۴۶۸۔ بہشتی گوہر: دفن میت کے مسائل، مسئلہ ۲۱، ص ۹۸۔ 8 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ باب صلوٰۃ الجنازۃ، ج ا ص ۴۶۸۔

9 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب صلوٰۃ الجنائز، ج ا ص ۴۶۸۔ 10 درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب صلوٰۃ الجنائز، ج ا ص ۴۶۸۔

(۴۳۹) عمارت بنانا قبر پر زینت کے لئے حرام ہے۔ [1]

(۴۴۰) اولیاءاللہ کی قبروں پر بلند مکان بنانا اور چراغ جلانا بدعت ہے اور حرام ہے [2]

(۴۴۱) انبیاءؑ اور اولیا رحمۃ اللہ علیہم کی قبروں کو سجدہ کرنا اور طواف کرنا اور مراد ماننا اور نذریں چڑھانا حرام اور کفر ہیں۔ [3]

(۴۴۲) قبر پر اذان دینا بدعت ہے۔ [4]

(۴۴۳) قبر کو بوسہ دینا جائز نہیں کہ نصاریٰ کی عادت ہے۔ [5]

باب: رسومات کے متعلق

(۴۴۴) سوگ، ترک زینت کو کہتے ہیں یعنی بناؤ سنگھار نہ ہو۔ [6]

(۴۴۵) مردے کی طرف سے اسقاط دینا مذموم ہے۔ [7]

(۴۴۶) تیجہ، دسواں، چالیسواں نہایت مذموم اور بدعت ہے۔ [8]

(۴۴۷) فاتحہ مرجبہ بدعت ہے۔ [9]

(۴۴۸) جو مباح وجوب کی نوبت کو پہنچ جائے تو وہ مکروہ ہے۔ [10]

کتاب الزکوٰۃ

(۴۴۹) آثار حضرت عمر و حضرت ابن مسعود و حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہم سے زیور پر زکوٰۃ ہے [11]

(۴۵۰) زیور مستعملہ و غیر مستعملہ دونوں پر زکوٰۃ ہے۔ [12]

---

[1] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب صلوٰۃ الجنائز، ج ۱ ص ۴۶۹۔ [2] مالا بدمنہ: کتاب الجنائز، ص ۶۸۔
[3] مالا بدمنہ: کتاب الجنائز، فصل فی زیارت القبور، ص ۷۱۔ [4] بہشتی گوہر: جنازے کے متفرق مسائل، ص ۱۰۱۔ [5] درالمختار: کتاب الحظر والاباحۃ، فصل فی زیارۃ القبور، ج ۴ ص ۲۷۰۔ [6] مالا بدمنہ: کتاب الجنائز، ص ۶۹۔ [7] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب قضاء الفوائت، ج ۱ ص ۳۷۹۔ [8] بہشتی زیور: حصہ ۶ ص ۸۹۔
[9] بہشتی زیور: حصہ ۶ ص ۸۰۔ [10] درالمختار: کتاب الصلوٰۃ، باب سجود التلاوۃ، ج ۱ ص ۴۰۲۔ [11] شرح وقایہ: کتاب الزکوٰۃ، باب زکوٰۃ الاموال، ج ۱ ص ۱۵۵۔ [12] درالمختار: کتاب الزکوٰۃ، باب زکوٰۃ المال، ج ۱ ص ۴۹۹۔ شرح الوقایۃ: کتاب الزکوٰۃ، باب زکوٰۃ الاموال، ج ۱ ص ۱۵۵۔

(۴۵۱) مال تجارت میں زکوٰۃ واجب ہے۔ [1]

(۴۵۲) سیّد کو زکوٰۃ دینی درست نہیں۔ [2]

(۴۵۳) فی سبیل اللہ میں طلبہ بھی داخل ہیں بلکہ کل خیرات مراد ہیں۔ [3]

(۴۵۴) جو مال صدقہ میں آئے اس کو ہدیہ دینا جائز ہے۔ [4]

کتاب الصوم

(۴۵۵) شک کے دن کا روزہ نہ رکھے۔ [5]

(۴۵۶) شک کے دن کا روزہ مکروہ تحریمی ہے۔ اہل کتاب کی مشابہت ہے۔ [6]

(۴۵۷) ہر شہر کی رویت جدا ہے اور اپنے شہر کی رویت معتبر ہے۔ [7]

(۴۵۸) روزہ میں تیل اور سرمہ لگانا مکروہ نہیں۔ [8]

(۴۵۹) روزے میں مسواک کرنا بعد زوال کے بھی مکروہ نہیں مگر بہتر ہے۔ [9]

(۴۶۰) افطار میں جلدی سحری میں دیر کرنا اور مسواک کرنا رسولوں کی سنت ہے۔ [10]

(۴۶۱) دعوت کے عذر سے نفل روزہ توڑنا مباح ہے۔ [11]

(۴۶۲) بغیر عذر کے نفل روزہ توڑنا مباح ہے۔ [12]

(۴۶۳) روزہ میں بیوی کا بوسہ لینے میں مضائقہ نہیں جبکہ اپنے نفس پر کنٹرول ہو [13]

---

[1] عین الھدایہ: کتاب الزکوٰۃ، باب زکوٰۃ المال فصل فی العروض، ج ۱ ص ۹۸۳۔۹۸۴۔ [2] بہشتی زیور: حصہ ۳ ص ۴۰۔ [3] درالمختار، کتاب الزکوٰۃ، ج ۱ ص ۵۲۷۔۵۲۶۔ [4] شرح الوقایۃ: کتاب الزکوٰۃ، باب المصارف، ج ۱ ص ۱۶۱۔ [5] درالمختار: کتاب الصوم، ج ۱ ص ۵۵۲ شرح الوقایۃ، کتاب الصوم، ج ۱ ص ۱۶۷۔ [6] درالمختار: کتاب الصوم، ج ۱ ص ۵۵۳۔ عین الھدایہ،: کتاب الصوم، ج ۱ ص ۱۰۸۹۔ [7] درالمختار: کتاب الصوم، ج ۱ ص ۵۵۲۔ [8] عین الھدایہ: کتاب الصوم، باب مایوجب القضاء، ج ۱ ص ۱۱۱۳۔ درالمختار: کتاب الصوم، باب مایفسد الصوم، ومالایفسدہ، ج ۱ ص ۵۶۲۔ [9] ھدایۃ: کتاب الصوم، باب مایوجب القضاء، ج ۱ ص ۲۲۱۔ [10] ھدایۃ: کتاب الصوم، باب مایوجب القضاء، ج ۱ ص ۲۲۵۔ [11] ھدایۃ: کتاب الصوم، باب مایوجب القضاء، ج ۱ ص ۲۲۳۔ [12] ہدایہ: کتاب الصوم، باب مایوجب القضاء والکفارہ، ج ۱ ص ۲۲۳، حاشیہ ۲۔ [13] ھدایۃ: کتاب الصوم، باب مایوجب القضاء، ج ۱ ص ۲۱۷۔

(۴۶۴) بعض حدیثوں میں آدھے شعبان کے بعد روزہ رکھنا منع آیا ہے۔ [1]

باب: اعتکاف کے متعلق

(۴۶۵) اخیر عشرہ کا اعتکاف سنت موکدہ ہے۔ [2]

(۴۶۶) اعتکاف ایک دن بھی ہے [ابو حنیفہؒ] [3]

(۴۶۷) اعتکاف آدھے دن سے زیادہ کا بھی ہے۔ [ابو یوسفؒ] [4]

(۴۶۸) اعتکاف کی قلیل مدت ایک ساعت بھی ہے [محمدؒ] [5]

کتاب الحج

(۴۶۹) زیارت روضہ شریف آں سرور کائنات ﷺ مندوب و مستحب و افضل ہے۔ [6]

(۴۷۰) جب زیارت کی نیت کرلے تو مسجد نبوی کی نیت کرے۔ [7]

کتاب النکاح

(۴۷۱) قبل نکاح کے عورت کا دیکھ لینا مستحب ہے۔ [8]

(۴۷۲) جو اللہ اور رسول ﷺ کو نکاح میں گواہ کرے تو نکاح درست نہیں بلکہ وہ کافر ہے۔ [9]

(۴۷۳) جو نکاح باپ کی ولایت سے ہوا ہو اور عورت ناخوش ہو تو نکاح فسخ ہوگا۔ [10]

(۴۷۴) اہل کتاب کی عورت سے نکاح درست ہے۔ [11]

---

[1] مالا بدمنہ، ص ٦٦۔ [2] ہدایہ: کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ج ۱ ص ۲۲۹۔ درالمختار: کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ج ۱ ص ۱۵٦۔ [3] درالمختار: کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ج ۱ ص ۱۵۸۔ مالا بدمنہ، کتاب الصوم، ص ۹۱۔ [4] مالا بدمنہ: کتاب الصوم، ص ۹۱۔ [5] درالمختار: کتاب الصوم، باب الاعتکاف ج ۱ ص ۵۹۴۔ مالا بدمنہ: کتاب الصوم، ص ۹۱۔ [6] فتاویٰ عالمگیری: کتاب الحج، باب ۱۷ زیارۃ قبر النبی ﷺ ج ۲ ص ۱۲۱۔ [7] فتاویٰ عالمگیری: کتاب المناسک، باب ۱۷ زیارۃ النبیؐ، ج ۲ ص ۱۲۱۔ [8] درمختار: کتاب النکاح، ج ۲ ص ٦۔ [9] درالمختار: کتاب النکاح، ج ۲ ص ۱۴۔ [10] ہدایہ جلد ۲ ص ۳۵، شرح وقایہ ص ۲۴۰، ۲۴۱۔ [11] درالمختار: کتاب النکاح، فصل فی المحرمات، ج ۲ ص ۲۲۔

(۴۷۵) نکاح حاملہ کا جس کا حمل زنا سے ہے صحیح ہے۔ ❶

(۴۷۶) زانیہ حاملہ سے زانی مرد نے نکاح کیا تو اس کو اس سے وطی کرنا حلال ہے۔[ابوحنیفہؒ وشافعیؒ] ❷

کتاب الطلاق

(۴۷۷) طلاق بدعی حرام ہے۔ وہ یہ کہ حیض میں طلاق دے۔ یا جس طہر میں وطی کی ہو اس میں طلاق دے یا یکبارگی تین طلاق دے۔ ❸

(۴۷۸) ایک طہر میں دو طلاق دینا بھی بدعت ہے۔ ❹

(۴۷۹) بعضوں کے نزدیک تین طلاق ایک جلسہ میں ایک طلاق ہوگی۔ ❺

(۴۸۰) اگر طلاق کسی شرط پر موقوف کرے تو شرط کے پیچھے ہی طلاق ہو جائے گی ❻

کتاب المفقود

(۴۸۱) زوجہ مفقود الخبر کو قاضی چار برس کے بعد تفریق کرادے۔[مالکؒ]۔ ❼

(۴۸۲) حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا بھی یہی فیصلہ ہے۔ ❽

(۴۸۳) حضرت علی وحضرت عثمان رضی اللہ عنہما کا بھی یہی فیصلہ ہے بلکہ اسی پر اجماع صحابہؓ ہے۔ ❾

کتاب الوقف

(۴۸۴) مسجد وہ ہے کہ جس میں کسی کو منع کرنے کا حق نہ ہو۔ ❿

---

❶ درالمختار: کتاب النکاح فصل فی المحرمات ج ۲ ص ۲۴۔ ❷ درالمختار: کتاب النکاح، فصل فی المحرمات، ج ۲ ص ۲۴۔ ❸ ھدایۃ: کتاب الطلاق، باب طلاق السنۃ ج ۲ ص ۳۵۵۔ ❹ ھدایۃ: کتاب الطلاق، باب طلاق السنۃ، ج ا ص ۳۵۵۔ ❺ شرح الوقایۃ: کتاب الطلاق ج ۲ ص ۳۴۔ ❻ ہدایہ جلد ۲ ص ۲۲۳۔ ❼ درالمختار: کتاب المفقود، ج ۲، ص ۶۲۸۔ عین الھدایۃ: کتاب المفقود، ج ۲، ص ۷۳۶۔ ❽ ھدایۃ: کتاب المفقود، ج ۲ ص ۷۳۶۔ ❾ عین الھدایۃ: کتاب المفقود، ج ۲ ص ۷۳۶۔ ❿ عین الھدایۃ: کتاب الوقف، فصل فی وقف المسجد، ج ۲ ص ۷۷۶۔

(۴۸۵) اور جو منع کرنے کا حق حاصل ہو تو وہ مسجد نہیں۔ [1]

کتاب الذبائح

(۴۸۶) جس جانور پر نام غیر اللہ کا پکارا گیا ہو۔ اگرچہ وقت ذبح کے بسم اللہ یا اللہ اکبر کہا ہو تو ذبیحہ حرام ہے۔ [2]

(۴۸۷) سید احمد کبیر کی گائے اور شیخ سدو کا بکرا اور اجالا شاہ کا مرغا حرام و مردار ہے۔ [3]

(۴۸۸) غیر اللہ کے نام پر ذبح کرنے والا بعضوں کے نزدیک گنہگار ہے اور بعضوں کے نزدیک کافر ہے۔ [4]

(۴۸۹) نبی ﷺ اور ولی رحمۃ اللہ علیہ کے نام سے ذبح کرنا حرام ہے۔ [5]

(۴۹۰) ذبح کے بعد پیٹ سے بچہ مردہ نکلا تو حلال ہے۔ [صاحبینؒ] [6]

(۴۹۱) کھٹیک سے گوشت لینا درست نہیں۔ بلکہ خریدنا حرام ہے۔ [7]

کتاب الاضحیہ

(۴۹۲) قربانی ہر وسعت والے پر واجب ہے۔ [8]

(۴۹۳) افضل دن قربانی کا عید الاضحیٰ کا دن ہے۔ [9]

(۴۹۴) قربانی اپنے ہاتھ سے کرنا بہتر ہے۔ [10]

(۴۹۵) خصی کی قربانی جائز ہے۔ بلکہ افضل ہے۔ [11]

---

[1] عین الہدایہ: کتاب الوقف، فصل فی وقف المسجد، ج۲ص۷۷۶۔ [2] درالمختار: کتاب الذبائح، ج۲ص۲۳۰۔
[3] درمختار: جلد۴ص۱۷۹، شرح وقایہ، ص۵۵۵۔ [4] درالمختار: کتاب الذبائح، ج۲ص۲۳۰۔
[5] شرح وقایہ: کتاب الذبائح ج۴ص۴۵۔ [6] درمختار: کتاب الذبائح، ج۴، ص۱۹۰۔
[7] شرح وقایہ: ص۵۶۱، بہشتی زیور حصہ:۳ص۸۰۔ [8] درالمختار: کتاب الاضحیۃ، ج۴ص۲۰۰۔
[9] درالمختار: کتاب الاضحیۃ، ج۴ص۲۰۱۔ [10] بہشتی زیور: حصہ۳، مسئلہ نمبر۹، ص۴۸۔
[11] درالمختار: کتاب الاضحیۃ، ج۴ص۲۰۵

(۴۹۶) آنحضرت ﷺ نے خصی ابلق سیاہ رنگ کے مینڈھے کی قربانی کی ہے۔ [1]

(۴۹۷) اونٹ نحر کیا جائے اور دوسرے جانوروں کا ذبح کرنا مسنون ہے۔ اس کے خلاف مکروہ ہے۔ [2]

(۴۹۸) قربانی کے جانور کی جھول یا نکیل خیرات کر دے۔ [3]

(۴۹۹) میت کی طرف سے قربانی جائز ہے۔ [4]

(۵۰۰) اہل کتاب کا ذبح کیا ہوا جانور حلال ہے بنا بر مذہب قوی کے [بقید تسمیہ] [5]

(۵۰۱) عورت کا ذبیحہ درست ہے۔ [6]

(۵۰۲) نذر والی قربانی کا گوشت خیرات کر دے۔ [7]

(۵۰۳) ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ گھوڑے کو حرام جانتے تھے مرنے سے پہلے آپ نے رجوع کیا۔ [8]

باب عقیقہ کے متعلق

(۵۰۴) عقیقہ میں سر پر استرا اور ذبح کے ایک ساتھ ہونے کی رسم مہمل ہے۔ [9]

(۵۰۵) عقیقہ کا گوشت باپ، دادا، دادی، نانا، نانی، سب کھائیں۔ [10]

کتاب الشھادۃ

(۵۰۶) جس فرض کا وقت معین ہے جیسے روزہ و نماز، جب اس میں بلا عذر تاخیر کرے گا عدالت ساقط ہو جائے گی۔ [11]

(۵۰۷) تارک جمعہ کی گواہی قبول نہیں۔ [12]

---

[1] درالمختار: کتاب الاضحیۃ، ج ۲ ص ۲۳۴ حاشیہ ۱۷۔ [2] درمختار: کتاب الذبائح، ج ۴، ص ۱۸۹۔ شرح وقایہ، کتاب الذبائح، ج ۴، ص ۳۵۔ [3] درمختار: کتاب الاضحیہ، ج ۴، ص ۲۰۸۔ بہشتی زیور حصہ ۳، مسئلہ نمبر ۲۸، ص ۵۳۔ [4] درالمختار: کتاب الاضحیۃ، ج ۴، ص ۲۱۱۔ [5] درمختار: کتاب الذبائح، ج ۴، ص ۱۸۵۔ [6] درالمختار: کتاب الذبائح، ج ۴، ص ۱۸۵۔ [7] درالمختار: کتاب الاضحیہ ج ۴ ص ۲۰۴۔ [8] درالمختار: کتاب الذبائح ج ۴ ص ۱۹۱۔ [9] بہشتی زیور: حصہ ۳ ص ۵۴۔ [10] بہشتی زیور: حصہ ۳ ص ۵۵۔ [11] عالمگیری: کتاب الشہادت، باب ۴ فصل دوم لائق گواہی، ج ۵ ص ۲۷۳۔ [12] عالمگیری: کتاب الشہادت، باب ۴ فصل دوم لائق گواہی، ج ۵ ص ۲۷۳۔

(۵۰۸) زکوٰۃ نہ دینے والے کی شہادت قبول نہ کی جائے۔ [1]

(۵۰۹) بلا عذر زکوٰۃ کی تاخیر سے عدالت ساقط ہو جاتی ہے۔ [2]

(۵۱۰) یتیم کا مال کھانے والے کی گواہی ایک بار کھانے سے رد کر دی جائے گی۔ [3]

[کیا تیجے چالیسویں میں جو یتیموں کا مال کھاتے ہیں وہ اس سے مستثنیٰ ہیں]

(۵۱۱) بدعتی کی گواہی اخبار اور دیانات میں قبول نہیں۔ [4]

(۵۱۲) جو بدعت کے پابند ہیں ان کی گواہی مقبول ہے بشرطیکہ اس کی بدعت کفر نہ ہو اور وہ شخص بے باک نہ ہو اور اپنے لین دین میں عادل ہو۔ [5]

(۵۱۳) گانے والی عورت کی گواہی قبول نہیں۔ [6]

(۵۱۴) طنبور بجانے والے کی گواہی قبول نہیں۔ [7]

(۵۱۵) راگ سننے والے کی گواہی قبول نہیں۔ [8]

(۵۱۶) شاعر اگر ہجو کیا کرتا ہے تو اس کی گواہی مقبول نہیں۔ [9]

(۵۱۷) مسخرہ اور ناچنے والا اور جانور کو گالی دینے والے کی گواہی قبول نہیں۔ [10]

(۵۱۸) جو شخص جھوٹ بولنے میں مشہور ہو اس کی گواہی مقبول نہیں۔ [11]

(۵۱۹) اجرت پر نوحہ کرنے والے کی گواہی قبول نہیں۔ [12]

(۵۲۰) ریشمی کپڑا پہننے والے کی گواہی قبول نہیں۔ [13]

---

[1] درالمختار: کتاب الشہادات، باب القبول وعدمہ، ج ۳ ص ۳۲۸۔ [2] عالمگیری: کتاب الشہادات، باب ۴، فصل دوم لائق گواہی، ج ۵ ص ۲۷۳۔ [3] عالمگیری: کتاب الشہادات، باب ۴ فصل دوم لائق گواہی، ج ۵ ص ۲۷۲۔ [4] قدوری، ص ۲۵۰۔ [5] عالمگیری: کتاب الشہادات، باب ۴ فصل دوم، ج ۵ ص ۲۷۶۔ [6] عالمگیری: کتاب الشہادات، باب ۴ فصل دوم، ج ۵ ص ۲۷۴۔ [7] درالمختار [عربی] کتاب الشہادات، باب القبول وعدہ، ج ۲ ص ۹۵۔ [8] درالمختار: کتاب الشہادات، باب القبول وعدمہ، ج ۳ ص ۳۳۱۔ [9] عالمگیری: کتاب الشہادات، باب ۴ فصل دوم، ج ۱ ص ۲۷۵۔ [10] درالمختار [عربی] کتاب الشہادات، باب قبول الشہادۃ، ج ۲ ص ۹۵۔ [11] عالمگیری: کتاب الشہادات، باب ۵ فصل ۲، ج ۵ ص ۲۷۴۔ [12] عالمگیری: کتاب الشہادات، باب ۴ فصل دوم، ج ۵ ص ۲۷۴۔ [13] درالمختار: کتاب الشہادات، باب القبول وعدمہ، ج ۳ ص ۳۲۸۔

(۵۲۱) جو شخص تصویروں کے کپڑے فروخت کرتا ہے۔ یا بُنتا ہے اس کی گواہی نامقبول ہے۔ [1]

(۵۲۲) نشہ باز کی گواہی قبول نہیں۔ [2]

(۵۲۳) جو شرابیوں اور بدکاروں کی مجلس میں بیٹھتا ہو اگرچہ خود بری ہو تو بھی گواہی قبول نہیں۔ [3]

(۵۲۴) چوسر کھیلنے والے کی گواہی قبول نہیں۔ [4]

(۵۲۵) رنڈی باز اور لونڈے باز کی گواہی قبول نہیں۔ [5]

(۵۲۶) کبوتر باز و مرغ باز کی گواہی قبول نہیں۔ [6]

(۵۲۷) شطرنج کھیلنے والے کی گواہی قبول نہیں۔ [7]

(۵۲۸) شطرنج سے غافل ہو کر نماز ترک کرے تو گواہی قبول نہیں۔ [8]

(۵۲۹) جو سرِ راہ شطرنج کھیلتا ہے اس کی گواہی مقبول نہیں۔ [9]

(۵۳۰) شعبدے باز کی گواہی قبول نہیں۔ [10]

(۵۳۱) سود خور کی گواہی قبول نہیں۔ [11]

(۵۳۲) جس شخص نے ختنہ کرانے کو حقیر جان کر نہ کرایا تو اس کی گواہی مقبول نہیں [12]

(۵۳۳) عامل اگر عادل نہ ہوں لوگوں سے ناحق لیتے ہوں انکی گواہی نامقبول ہے [13]

---

[1] عالمگیری: کتاب الشہادات، باب ۴ فصل دوم لائق گواہی، ج ۵ ص ۲۷۶۔ [2] درالمختار [عربی] کتاب الشہادات، باب القبول وعدمہ، ج ۲ ص ۹۶۔ [3] درالمختار [عربی] کتاب الشہادات، باب القبول وعدمہ، ج ۲ ص ۹۶۔ [4] درالمختار [عربی] کتاب الشہادات، باب القبول وعدمہ، ج ۲ ص ۹۶۔ [5] عین الہدایہ: کتاب الشہادات، باب من یقبل شہادتہ ومن لایقبل، ج ۳ ص ۳۰۶۔ [6] عالمگیری: کتاب الشہادات، باب ۴ فصل ۲، ج ۵ ص ۲۷۴۔ [7] درالمختار [عربی] کتاب الشہادات، باب القبول وعدمہ، ج ۲ ص ۹۶۔ [8] درالمختار [عربی] کتاب الشہادات، باب القبول وعدمہ، ج ۲ ص ۹۶۔ [9] عالمگیری: کتاب الشہادات، باب ۴ فصل ۲ لائق گواہی، ج ۵ ص ۲۷۴۔ [10] عالمگیری: کتاب الشہادات باب ۴ فصل دوم لائق گواہی، ج ۵ ص ۲۷۴۔

[11] عالمگیری: کتاب الشہادات، باب ۴ فصل دوم ج ۵ ص ۲۷۲۔ [12] عالمگیری: کتاب الشہادات، باب ۴ فصل دوم لائق گواہی، ج ۵ ص ۲۷۶۔ [13] عالمگیری: کتاب الشہادات باب ۴ فصل دوم، ج ۵ ص ۲۷۶۔

(۵۳۴) بخیل کی گواہی نامقبول ہے۔ 1

(۵۳۵) گزاف (یعنی بکواسی) بکنے والے کی گواہی بلاخلاف نامقبول ہے۔ 2

(۵۳۶) جو سلف کی بدگوئی کرے اس کی گواہی قبول نہیں۔ 3

(۵۳۷) جو صحابہ کی بدگوئی کرے اس کی گواہی قبول نہیں۔ 4

(۵۳۸) جو شخص حرام کھانے میں مشہور ہو اس کی گواہی مقبول نہیں۔ 5

(۵۳۹) فاسق جو لوگوں کی نظر میں وجیہ ذی مروت ہو اصح یہ ہے کہ اس کی گواہی مقبول نہیں۔ 6

(۵۴۰) جو اعلان کے ساتھ کبیرہ گناہ کرے اس کی گواہی قبول نہیں۔ 7

کتاب العلم

(۵۴۱) علم سے دنیا کمانا منع ہے۔ 8

(۵۴۲) حدیث میں ہے کہ آنحضرت ﷺ نے ایک صحابی کو یہودی زبان سیکھنے کا حکم کیا تھا۔ 9

باب: علماء کے متعلق

(۵۴۳) علماء کو امیروں کے پاس دنیا حاصل کرنے کو نہ جانا چاہئے۔ 10

(۵۴۴) قرآن حدیث وفقہ علم دین ہیں جو اس کو حاصل کر چکا ہو وہی عالم ہے خواہ عربی جانتا ہو یا نہ ہو۔ 11

---

1 عالمگیری: کتاب الشہادات، باب ۴ فصل دوم، ج ۵ ص ۲۷۶۔ 2 عالمگیری: کتاب الشہادات، باب ۴ فصل دوم، ج ۵ ص ۲۷۶۔ 3 درالمختار [عربی] کتاب الشہادات، باب القبول وعدمہ، ج ۲ ص ۹۶۔

4 درالمختار [عربی] کتاب الشہادات، باب القبول وعدمہ، ج ۲ ص ۹۶۔ 5 عالمگیری: کتاب الشہادات باب ۴ فصل دوم لائق گواہی، ج ۵ ص ۲۷۲۔ 6 عالمگیری: کتاب الشہادات، باب ۴ فصل دوم، ج ۵ ص ۲۷۲۔

7 عالمگیری: کتاب الشہادات، باب ۴ فصل دوم، ج ۵ ص ۲۷۲۔ 8 درالمختار: مقدمۃ الکتاب اسباب حصول علم ج ۱ ص ۲۳۔ 9 عالمگیری، جلد ۱ ص ۱۳۲۔ 10 درالمختار: مقدمۃ الکتاب، اسباب حصول علم، ج ۱ ص ۲۳۔

11 مقدمۃ عالمگیری: الوصل علم دین کے بیان میں، ج ۱ ص ۳۔

(۵۴۵) علم سے کشاف کے نحوی بلاغت اور تلویح کے مقدمات اربعہ اور ہدایہ کے مسائل مراد نہیں۔ [1]

(۵۴۶) جو خالی منطق فلسفہ جانے وہ عالم نہ ہوگا۔ [2]

(۵۴۷) مولوی محمد اسمٰعیل شہید دہلوی نے ایسے زمانہ میں جبکہ جہالت عالمگیر ہو رہی تھی رسول اللہ ﷺ کی سنت کو زندہ کیا اور احیاء سنت میں لومۃ لائم کا بالکل خیال نہ کیا۔ آپ کا زہد مشہور ہے۔ آپ علوم ظاہری و باطنی کے ایک کامل ماہر تھے۔ [3]

باب: فقیہ کے متعلق

(۵۴۸) فقاہت سمجھ کو کہتے ہیں۔ [4]

(۵۴۹) فقیہ ہونے کے لئے قرآن وحدیث کے احکام جاننا کافی ہے خواہ وہ عربی میں جانے یا اردو میں۔ [5]

(۵۵۰) جو تین مسائل جانتا ہو وہ فقیہ ہے۔ [6]

باب: مجتہد کے متعلق

(۵۵۱) مجتہد کی تعریف یہ ہے کہ دس سوالوں میں آٹھ کا جواب دے۔ [7]

(۵۵۲) مجتہد وہ ہے کہ جو ناسخ اور منسوخ اور محکم اور ماؤل جانتا ہو۔ [8]

(۵۵۳) قرآن میں سے فقط آیات احکام جاننا مجتہد کے لئے شرط ہے۔ [9]

(۵۵۴) مجتہد کے یہ شرائط معتبر ہیں کہ زبان عربی و بلاغت ضروری ولغت سے واقف ہو۔ اور موارد استعمال جانتا ہو۔ [10]

---

[1] مقدمۃ عالمگیری: الوصل علم دین کے بیان میں، ج ۱ ص ۴۔ [2] مقدمۃ عالمگیری: الوصل علم دین کے بیان میں، ج ۱ ص ۷۔ [3] شرح وقایہ، ص ۱۰۲۔ [4] مقدمۃ عالمگیری: الوصل علم دین کے بیان میں ج ۱ ص ۷۔ [5] مقدمۃ عالمگیری: الوصل علم دین کے بیان میں، ج ۱ ص ۶۔۷۔ [6] درالمختار: مقدمۃ الکتاب تحصیل علم کے احکام ج ۱ ص ۲۵۔ [7] مقدمۃ درالمختار، طریق تدوین فقہ حنفی، ج ۱ ص ۴۰۔ [8] مقدمۃ درالمختار: طریق تدوین فقہ حنفی، ج ۱ ص ۴۰۔ [9] عالمگیری، جلد ۱ و جلد ۳ ص ۳۰۸۔ [10] مقدمۃ عین الہدایہ: ملحقات عقائد، ج ۱ ص ۴۴۔

(۵۵۵) جس کی رائے میں صواب زیادہ ہو خطا سے اس کو اجتہاد حلال ہے۔ [1]

(۵۵۶) اجتہاد کے لئے بڑی عمر کا آدمی معتبر نہیں۔ [2]

(۵۵۷) مجتہد مطلق ہر زمانہ میں ہوسکتا ہے۔کوئی زمانہ مجتہد سے خالی نہیں۔ [3]

(۵۵۸) ختم اجتہاد کا دعویٰ رجم بالغیب اور معصیت ہے۔ [4]

(۵۵۹) اجتہاد کی تعریف یہ ہے کہ مقصود حاصل کرنے کے لئے کوشش کی جائے۔ [5]

باب: قاضی کے متعلق

(۵۶۰) قاضی صاحبِ حدیث ہو یا فقیہ جس کو حدیث کی معرفت حاصل ہو تا کہ وہ منصوص علیہ حکم میں قیاس کرنے میں مشغول نہ ہو کیونکہ جس مسئلہ میں نص موجود ہے تو قیاس متروک ہے۔ [6]

(۵۶۱) ادب قاضی کا یہ ہے عدل کو پھیلانا اور ظلم کو دور کرنا اور حق سے تجاوز نہ کرنا اور حدود شرع کی حفاظت کرنا اور سنت طریقہ پر چلنا اختیار کرے۔ [7]

(۵۶۲) قاضی کتاب اللہ کے موافق عمل کرے اور اگر اس میں نہ پائے تو حدیث کے موافق عمل کرے اور اگر اس میں بھی نہ پائے تو اجماع صحابہ رضی اللہ عنہم کے موافق عمل کرے۔ [8]

(۵۶۳) نص قرآنی کے خلاف جو مسئلہ ہو تو قاضی اس کو باطل کر دے۔ [9]

(۵۶۴) نص حدیث کے خلاف جو مسئلہ ہو تو قاضی اس کو باطل کر دے۔ [10]

(۵۶۵) (قاضی کو دلائل) سے کچھ بھی روایت نہ ہو پس اگر خود اہل اجتہاد سے ہے تو مشابہ احکام پر اجتہاد کر کے حکم دے۔ [11]

---

[1] عالمگیری: کتاب ادب القاضی، باب الاول اقسام وشرائط، جلد ۵ ص ۱۰۹۔ درالمختار: کتاب القضاء ج ۳ ص ۲۳۵۔ [2] عالمگیری: کتاب ادب القاضی باب الاول اقسام وشرائط ج ۵ ص ۱۱۰۔ [3] مقدمہ درالمختار: طریق تدوین فقہ حنفی، ج ۱ ص ۴۲۔ [4] مقدمہ عین الہدایہ: کیفیت الاجتہاد، ج ۱ ص ۹۴۔ [5] مقدمہ عالمگیری: الوصل فقہ کے بیان میں، ج ۱ ص ۳۰۔ [6] عین الہدایہ: کتاب ادب القاضی، ج ۳ ص ۳۳۸۔ [7] عین الھدایہ: کتاب ادب القاضی، ج ۳ ص ۳۳۵۔ [8] عالمگیری: کتاب ادب القاضی، باب ۳ دلائل پر عمل کرنا، ج ۵ ص ۱۱۲۔ [9]، [10] درالمختار: کتاب القضاء ج ۳ ص ۲۳۲۔ [11] عالمگیری: ادب القاضی باب ۳ دلائل پر عمل کرنا، ج ۵ ص ۱۱۳۔

کتاب الکراھۃ والاباحۃ

(۵۶۶) علم راگ حرام ہے۔ [1]

(۵۶۷) نئے کا راگ، باجوں اور بانسری کی آواز سننا حرام ہے۔ [2]

(۵۶۸) پہلا گانے والا شیطان ہے۔ [3]

(۵۶۹) گانا نفاق اگاتا ہے۔ [4]

(۵۷۰) گانا حرام ہے اور سننا معصیت، اسی طرح قوالی۔ [5] [مراقبہ کی ضرورت ہے]

(۵۷۱) گانا و قوالی و رقص جو ہمارے زمانہ کے صوفی لوگ کرتے ہیں حرام ہے۔ [6]

(۵۷۲) اس زمانے میں عورتوں کا ڈھول بجانا امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک مکروہ ہے۔ [7]

(۵۷۳) دعوت ولیمہ میں ناچ گانا اگر دسترخوان کے پاس ہو تو ہر ایک کو واپس آنا چاہئے۔ [8]

(۵۷۴) اگر جانے سے پہلے ناچ گانے کا علم ہو جائے تو وہاں نہ جائے۔ [9]

(۵۷۵) مولود میں راگنی سے اشعار سننا اور پڑھنا حرام ہے۔ [10] [مولود کے شیدائی غور کریں]

(۵۷۶) لحن و گٹکری کے ساتھ قرآن سننا معصیت ہے اور پڑھنے و سننے والا دونوں گنہگار ہیں۔ [11]

(۵۷۷) قرآن سے فال نکالنا حرام ہے۔ [12]

---

[1] درالمختار: مقدمۃ الکتاب تحصیل علم کے احکام، ج۱ ص ۲۵۔ [2] درالمختار: کتاب الحظر والاباحۃ، ج۴ ص ۲۲۲۔ [3] درالمختار: کتاب الحظر والاباحۃ، ج۴ ص ۲۲۲۔ [4] درالمختار: کتاب الحظر والاباحۃ، ج۴ ص ۲۲۲۔ [5] عالمگیری: کتاب الکراھیۃ، باب ۱۷ فی الغنا واللھو، ج۹ ص ۸۳۔ [6] عالمگیری: کتاب الکراھیۃ، باب ۱۷ فی الغنا واللھو، ج۹ ص ۸۴۔ [7] عالمگیری: کتاب الکراھیۃ باب ۱۷ فی الغنا واللھو، ج۹ ص ۸۴۔ عین الھدایہ، کتاب الکراھیۃ، فصل فی الغنا واللھو، ج۴ ص ۳۱۷۔ [8] درالمختار: کتاب الحظر والاباحۃ، ج۴ ص ۲۲۱۔ عین الھدایہ: کتاب الکراھیۃ، ج۴ ص ۲۴۵۔ [9] ھدایہ: کتاب الکراھیۃ، فصل فی الاکل والشرب ج۴ ص ۲۴۵۔ [10] عین الھدایہ، کتاب الکراھیۃ، ج۴ ص ۲۴۷۔ [11] عین الھدایہ: کتاب الکراھیۃ، ج۴ ص ۲۴۶۔ [12] مقدمہ عین الھدایہ: ملحقات عقائد، ج۱ ص ۵۷۔

(۵۷۸) نقش اور طلسم حرام ہیں۔ [1]

(۵۷۹) تعویذ بیچنا حلال نہیں۔ [2]

(۵۸۰) تعویذ قرآن یا حدیث یا عربی زبان میں ہو اور اس کو متاثر حقیقی نہ جانا جائے تو جائز ہے اور جس کے معنی معلوم نہ ہوں تو جائز نہیں۔ فرشتہ یا ولی یا مخلوقات عرش کے نام ہوں تو ترک کرنا بہتر ہے۔ [3]

(۵۸۱) قرآن گر جائے تو اس کے برابر اناج تولنا کوئی شرع کا حکم نہیں ہے۔ [4]

(۵۸۲) قرآن اونچی جگہ پر ہو تو اس طرف پاؤں پھیلانا مکروہ نہیں۔ [5]

(۵۸۳) مصحف (قرآن) بوسیدہ ہو جائے تو دفن کیا جائے۔ [6]

(۵۸۴) قرآن اگر دور رکھا ہو تو اس طرف پاؤں پھیلانا مکروہ نہیں۔ [7]

(۵۸۵) عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما دعائے استعاذہ اپنی اولاد کو سکھاتے اور صغیر کے گلے میں لکھ کر ڈال دیتے تھے۔ [8]

(۵۸۶) ایک روز میں قرآن ختم کرنا مکروہ ہے اور قرآن کی تعظیم کے واسطے تین روز سے کم میں ختم نہ کرے۔ [9]

(۵۸۷) تین دن سے کم پڑھنا مکروہ ہے۔ [10]

(۵۸۸) ادیب کا شعر پڑھنا جس میں ذکر فسق و شراب و امرد کا ہے مکروہ ہے۔ [11]

(۵۸۹) حکمت یونان (فلسفہ) رمل نجوم، شعبدہ کہانت سیکھنا حرام ہے۔ [12]

---

[1] درالمختار: مقدمہ تحصیل علم کے احکام، ج۱ص۲۵۔ [2] عین الہدایہ: کتاب الکراھیۃ، فصل فی بیان الکسب، ج۴ص۳۱۳۔ [3] درالمختار: کتاب الطہارۃ، تعویذ کون سا درست ہے، ج۱ص۱۰۳۔ [4] بہشتی زیور: حصہ۱۰ص ۷۹۔ [5] درمختار جلد۱ص۳۰۶۔ [6] درالمختار: کتاب الطہارۃ ص۱۰۲ وکتاب الحظر والاباحۃ، فصل فی البیع ج۴ ص۲۷۳۔ [7] درمختار جلد۱ص۳۰۶۔ [8] عین الھدلیۃ: کتاب الکراھیۃ، فصل بیان دواء و علاج ج۴ص ۳۲۳۔ [9] عین الھدلیۃ: کتاب الکراھیۃ، باب مسائل المتفرقہ، ج۴، ص۳۴۹۔ [10] عین الہدایہ: کتاب الکراھیہ، باب مسائل متفرقۃ ج۴ص۳۴۹۔ [11] عالمگیری: کتاب الکراھیہ، باب ۱۷ اغنا ولہو ج۹ص۸۳۔
[12] مقدمۃ درالمختار: تحصیل علم کے احکام، ج۱ص۲۴۔

(۵۹۰) منطق سیکھنا حرام ہے۔[مگر مخالفین کے جواب کے لئے] [1]
(۵۹۱) کیمیا حرام ہے۔ [2]
(۵۹۲) ریشمی کپڑا اور زیور بچے کو پہنانا حرام ہے۔ [3]
(۵۹۳) نوحہ کرنا اور پیٹنا اور کپڑے پھاڑنا حرام ہے۔ [4]
(۵۹۴) سلام کے وقت جھکنا مکروہ ہے اس کی حدیث میں ممانعت آئی ہے۔ [5]
(۵۹۵) سلطان وغیرہ کے سامنے جھکنا مکروہ ہے کہ یہ مجوس کے ساتھ مشابہت ہے۔ [6]
(۵۹۶) مصافحہ داہنے ہاتھ سے کرنے پر اتفاق ہے۔ [7]
(۵۹۷) مصافحہ ایک ہاتھ سے کرنا اکثر روایات صحاح سے ثابت ہے۔ [8]
(۵۹۸) بیعت میں عورت سے مصافحہ کرنا جائز نہیں۔ [9]
(۵۹۹) دوست سے ملاقات کے وقت اپنا ہاتھ چومنا جیسا یہاں لوگ کیا کرتے ہیں۔ بالاجماع مکروہ ہے۔ [10]
(۶۰۰) انگلیوں اور رکابی کا چاٹنا سنت ہے۔ [11]
(۶۰۱) سر برہنہ کھانے میں مضائقہ نہیں۔ [12]
(۶۰۲) شطرنج حرام ہے اور گنجفہ اور چوسر بالاجماع حرام ہے۔ [13]
(۶۰۳) کبوتر بازی اور مرغ بازی حرام ہے۔ [14]
(۶۰۴) کشتی کرنا بقصد حصول قوت اور جہاد جائز ہے اور بقصد بازی مکروہ۔ [15]

---

[1] مقدمۃ درالمختار: تحصیل علم کے احکام ج ۱ ص ۲۵۔ [2] مقدمۃ درالمختار: تحصیل علم کے احکام، ج ۱ ص ۲۵۔
[3] مالابدمنہ: کتاب التقوی، ص ۹۹۔ [4] مالابدمنہ: کتاب الجنائز، ص ۷۰۔ [5] عین الهدایة: کتاب الکراھیة، ج ۴ ص ۳۲۰۔ [6] عین الهدایة: کتاب الکراھیة، ج ۴ ص ۳۲۰۔ [7] عین الهدایہ: کتاب الکراھیہ ج ۴ ص ۳۲۰۔
[8] عین الهدایة: کتاب الکراھیة، ج ۴ ص ۳۲۰۔ [9] عین الهدایہ: کتاب الکراھیہ فصل فی الوطی ج ۴ ص ۲۶۷۔
[10] عالمگیری، جلد ۴ ص ۳۴۵۔ [11] درالمختار: کتاب الحظر والاباحۃ، ج ۴ ص ۲۱۶۔
[12] درالمختار: کتاب الحظر والاباحۃ، ج ۴ ص ۲۱۶۔ [13] عین الهدایة: کتاب الکراھیة، بیان شطرنج، ج ۴ ص ۳۱۸۔
[14] مالابدمنہ: کتاب التقوی، ص ۱۱۶۔ [15] عین الهدایة: کتاب الکراھیة، فصل فی الهو وغیرہ من المعاصی، ج ۴ ص ۳۱۸۔

(۶۰۵) ننگے ہوکر نہانا اگر پردہ ہو خواہ کھڑے ہوکر یا بیٹھ کر غسل خانہ کی چھت پھٹی ہو یا نہیں جائز ہے۔ [1]

(۶۰۶) خشک مٹی رگڑ ڈالنے سے پاک ہے۔ [2]

(۶۰۷) طاعون وہیضہ وغیرہ میں اذان دینا بے وقوفی ہے۔ [3]

(۶۰۸) فجر کی اذان آدھی رات سے دینی درست ہے۔ [4]

(۶۰۹) اذان اور اقامت پر اور تعلیم فقہ اور دیگر عبادات پر مزدوری لینا جائز نہیں۔ [ابوحنیفہؒ] [5]

(۶۱۰) چغل خور کی امامت مکروہ ہے۔ [6]

(۶۱۱) اصل ہر شے میں اباحت ہے۔ [7]

(۶۱۲) تمباکو کی حرمت پر کوئی دلیل نہیں۔ لیکن ترک اولیٰ ہے۔ [8]

(۶۱۳) بلی کا جھوٹا مکروہ نہیں۔ [ابو یوسفؒ] [9]

(۶۱۴) جوان مرد اپنی بیوی کا دودھ پی لے تو بیوی حرام نہیں ہوتی۔ [10]

(۶۱۵) خوجہ سے عورت کو پردہ کرنا چاہئے۔ [11]

(۶۱۶) چھینکنے والا جب ﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ﴾ کہے تو سننے والا ﴿یَرْحَمُکَ اللّٰہُ﴾ کہے اگرچہ دس دفعہ ہو۔ [12]

(۶۱۷) فطرت کی دس چیزوں میں سے داڑھی بڑھانا موچھیں کترانا ہے۔ [ہدایہ جلد اص ۱۰]

(۶۱۸) مونچھوں کا کترانا سنت ہے۔ [13]

---

[1] بہشتی زیور: حصہ ا فی بیان الغسل ص ۷۱۔ [2] بہشتی زیور، حصہ ۲ ص ۱۷۔ [3] ہدایہ جلد ۴ ص ۳۴۲۔ [4] شرح وقایہ، ص ۸۶، قدوری ص ۲۰۔ [5] مالا بدمنہ: کتاب التقوی، ص ۱۱۶۔ [6] شرح وقایہ: کتاب الصلوٰۃ فصل فی الجماعۃ، ج ا ص ۱۰۱۔ [7] درالمختار: کتاب الطہارت ج اص ۶۰۔ [8] عالمگیری، جلد اص ۱۱۸ ہدایہ، جلد ا ص ۸۹۷۔ [9] عین الہدایہ: کتاب الطہارات، فصل فی الآسار، ج اص ۱۵۸۔ [10] بہشتی زیور، حصہ ۴ باب ۹ دودھ پینے کا بیان، مسئلہ نمبر ۱۳، ص ۲۸۸۔ [11] درمختار، جلد ۴ ص ۲۱۲۔ [12] درمختار: جلد اص ۳۵۷۔ [13] درالمختار، کتاب الحظر والاباحۃ، ج ۴ ص ۲۶۱۔

(٦١٩) داڑھی منڈانا اور کتروانا حرام ہے۔ کفار اور مجوس کی رسم ہے۔ اور عورتوں سے تشبیہ ہے۔ [1]

(٦٢٠) داڑھی ایک مشت سے کم کتروانی حرام ہے۔ اور بڑھانی سنت ہے۔ [2]

(٦٢١) کسی نے عمداً یا خطاء داڑھی مونڈی۔ اگر پوری مونڈی ہو تو پوری دیت اور آدھی مونڈی تو آدھی دیت لی جائے۔ [ضروری لیجائے تا کہ نائیوں کو عبرت ہو] [3]

(٦٢٢) سر کچھ منڈانا اور کچھ چھوڑنا مکروہ ہے۔ [4]

(٦٢٣) لنگوری بال جو پیشانی پر بڑھائے جاتے ہیں جائز نہیں۔ [5]

(٦٢٤) اِزار آدمی پنڈلی تک پہنے۔ ٹخنوں تک جائز ہے ٹخنوں سے نیچے حرام ہے۔ [6]

(٦٢٥) دعا بحق ولی و نبی علیہ السلام مانگنا مکروہ ہے۔ اس واسطے کہ مخلوق کا کچھ حق اللہ پر نہیں ہے۔ [7]

(٦٢٦) شرعی احکام کا مدار خواب پر نہیں ہوسکتا۔ [8]

(٦٢٧) شرط یکطرفہ درست ہے۔ [9]

(٦٢٨) مردہ بدعتی کی برائی کرنا درست ہے۔ تا کہ اور لوگ بدعت سے باز رہیں۔ [10]

(٦٢٩) علانیہ گناہ کرنے والے اور بدعقیدہ کی غیبت جائز ہے۔ [11]

(٦٣٠) رات کے وقت درخت سوتے ہیں۔ یہ بات غلط ہے۔ [12]

(٦٣١) جو بھنگ کو حلال جانے وہ ملحد اور بدعتی ہے۔ اس کا قتل مباح ہے۔ [13]

---

[1] درالمختار: کتاب الحظر والاباحہ ج۴ص۲۶۲۔ [2] مالا بدمنہ: کتاب التقوی، ص۱۱۷۔ [3] درالمختار: کتاب الدیات، ج۴ص۳۹۰۔ [4] عین الہدایہ: کتاب الکراھیہ، فصل فی الاختنان، ج۴ص۳۲۵۔ [5] بہشتی گوہر: ص۱۴۲۔
[6] مالا بدص۲۷۔ [7] شرح الوقایہ: کتاب الکراھیۃ فصل فی البیع، ج۴ص۶۳۔ [8] درمختار: جلد۱ص۴۲۴۔
[9] درمختار، جلد۴ص۲۶۴' شرح وقایہ، ص۵۷۰' کنزص۴۴۹۔ [10] درمختار جلد۱ص۴۲۲۔
[11] درالمختار: کتاب الحظر والاباحۃ ج۴ص۲۶۳۔ [12] بہشتی زیور: حصہ۱۰ص۸۹۔ [13] درمختار، جلد۴ص۳۶۸۔

(۶۳۲) جس نے مولود پڑھوانے یا مزار پر چادر چڑھوانے یا عبدالحق کا توشہ یا سید کبیر کی گائے یا مسجد میں گلگلے چڑھانے یا اللہ میاں کے طاق بھرنے یا بڑے پیر کی گیارھویں یا مولا مشکل کشا کا روزہ یا آس بی بی کا کونڈا کرنے کی منت مانی ہو تو اس کو پورا کرنے کی ضرورت نہیں۔ بلکہ سب واہیات خرافات ہیں اور روزہ ماننا تو شرک ہے۔ [1]

(۶۳۳) مولود مروجہ بدعت ہے۔ [2]

(۶۳۴) بسم اللہ کی رسم بے اصل اور لغو ہے۔ [3]

(۶۳۵) شب برأت کا حلوہ اور دیگر رسومات اور رسومات محرم سب بدعت ہیں۔ [4]

(۶۳۶) غیر اللہ کی قسم کھانا قسم نہیں بلکہ شرک ہے۔ [5]

(۶۳۷) غیر اللہ کی منت ماننا شرک ہے اور اس چیز کا کھانا حرام ہے۔ [6]

نتیجہ وخاتمہ

الحمد للہ کہ آغاز رسالہ ہذا میں جو وعدہ کیا گیا تھا وہ پورا ہو گیا۔ اور اب یہ بضاعت مزجات ناظرین کے پیش نظر ہے۔ نیز اس کا فیصلہ خود ان کے انصاف پر موقوف اور منحصر ہے۔ ہاں یہ عرض کر دینا بیجا نہ ہوگا کہ اس کو بغور ملاحظہ فرمائیں گے تو انشاء اللہ اس نتیجہ پر ضرور پہنچیں گے کہ

① محض رسم ورواج آبائی کا پابند رہنا' پھر بمقابلہ حق اس پر اصرار وضد رکھنا۔ مزید براں جو کوئی راہ سنت اختیار کرے یا اس کی طرف رہنمائی کرے اس سے تکرار اور بدسلوکی کرنا شیوہ جاہلیت کا ہے۔

---

[1] بہشتی زیور، حصہ ۳ باب ۲۳، منت ماننے کا بیان، ص ۲۴۱۔ [2] بہشتی زیور حصہ ۶ مولد شریف کا بیان، ص ۴۴۸۔
[3] بہشتی زیور، حصہ ۶ مکتب یعنی بسم اللہ کے رسموں کا بیان، ص ۴۱۶۔
[4] بہشتی زیور، حصہ ۶ ص ۹۹۔ [5] بہشتی زیور، حصہ ۳ باب ۲۴ قسم کھانے کا بیان، ص ۲۴۳۔
[6] بہشتی زیور، حصہ ۳ باب ۲۳، منت ماننے کا بیان، ص ۲۴۲۔

② تقلید (بغیر تحقیق پیروی کرنا) کسی فرد امت کی خواہ امام ہو یا اور کوئی جائز نہیں اور جو امر جائز یا لازمی بلکہ فرض ہے وہ اتباع اور صرف اتباع نبی ﷺ کا ہے۔

③ آنحضرت ﷺ کے بعد خود صحابہ رضی اللہ عنہم نے کسی امتی کی (خواہ وہ خلیفہ وقت ہی تھا) تقلید نہیں کی نہ وہ صدیقی اور فاروقی وغیرہ نام سے مشہور ہوئے بلکہ امور خلاف سنت میں ادنیٰ سے ادنیٰ صحابی رضی اللہ عنہ بڑے جلیل القدر صحابہ سے برابر معارضہ رکھتے تھے اور یہ امر ان میں قابل ملامت نہیں بلکہ سزا اور تحسین خیال کیا جاتا تھا اور اس طرح سب نے اتباع سنت نبوی ہی کو صرف اپنا ایک مضبوط شعار بنا رکھا تھا۔

④ تقلید مروجہ کا وجود خیر القرون میں نہیں تھا۔ بلکہ یہ شر القرون میں بزور حکومت جاری ہوئی ہے۔ چنانچہ اسی طرح چوتھی صدی میں اس کا آغاز ہوا۔ پھر ساتویں صدی میں بادشاہِ وقت کے حکم سے مذاہب اربعہ کے چار قاضی جدا جدا مقرر ہوئے۔ بعد ازاں یہی مذاہب مختلف ممالک میں علیحدہ علیحدہ سلطنتوں کے قانونی مذاہب قرار پائے اس کے بعد نویں صدی میں ان ہی مذاہب کے چار مصلے منجانب سلطنت خانہ کعبہ میں قائم ہوگئے۔

⑤ خود امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور دیگر ائمہ ثلاثہ رحمۃ اللہ علیہم جن کی تقلید ان کے بعد اختیار کی گئی ہے اپنی تقلید سے منع اور صرف اتباع سنت رسول اللہ ﷺ کی ہدایت بلیغ فرما کر بری ہو چکے۔

⑥ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ بیشک ایک مسلم اور محتاط ذکی الفہم عابد زاہد متقی بزرگ تھے لیکن علم حدیث میں کہ جس پر بیشتر مدار دین کا ہے۔ ائمہ ثلاثہ یا دیگر خواص علماء امت سے کمتر پایہ رکھتے اور آپ زیادہ تر اقوال شیوخ خود سے مسائل استنباط کیا کرتے تھے۔ اسی وجہ سے امام اہل الرائے کے مشہور ہوئے نہ اہل حدیث کے۔

⑦ امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا پایہ علم تسلیم بھی کر لیا جائے تو آج کیا بلکہ پہلے سے دنیا میں ان کی کوئی تصنیف کا پتہ نہیں چلتا جیسا کہ علامہ محقق مولانا شبلی مرحوم حنفی اپنی کتاب

سیرۃ النعمان میں صاف اقرار کرتے ہیں کہ سچ یہ ہے کہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف کا ایک صفحہ بھی دنیا میں نہیں۔

⑧ موجودہ ذخائر فقہ حنفیہ رحمۃ اللہ علیہ کا کلیۃً امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے کوئی تعلق نہیں جس کی وجہ نقلی یہ کہ اس کی سند امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ تک نہیں پہنچتی۔ اور وجہ عقلی یہ کے امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ جیسے محتاط اور متقی بزرگ کی شان سے بعید ہے کہ ایسے بے وجود اور ناگفتنی مسائل بیان کریں جو مشتے نمونہ از خروارے رسالہ ہذا کے حصہ اول میں درج ہیں اور امام صاحب کی طرف اس کی نسبت کرنا بڑی زبردستی اور جرأت عظیمہ ہے۔

⑨ اس فقہ کے مصنفین بعض عقیدۃً معتزلی، شیعی اور مرجیہ وغیرہ فرقوں میں سے تھے یہی وجہ ہے کہ اس میں بے ثبوت اور دوراز کار مکروہ باتیں بھری پڑی ہیں اور امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی طرف اس کی نسبت کو صرف ایک ذریعہ قبول عام کیا گیا ہے اور کچھ نہیں۔

⑩ تقلید (بے دلیل کسی کی پیروی کرنا) انسان کو خواہ وہ علم رکھتا ہو تحقیق سے باز رکھتی ہے اسی وجہ سے وہ جائز اور ناجائز حلال یا حرام میں کبھی تمیز دار نہیں ہوتا اور بالکل لکیر کا فقیر بن جاتا ہے پھر لاکھ کوئی سمجھائے اس کی سمجھ میں نہیں آتا۔ بلکہ سیدھی سے سیدھی اور بدیہی بات کا انکار کر دیتا ہے جیسا کہ حال ابنائے زماں کا شاہد ہے کہ اس بے ثبوت فقہ پر اڑے ہوئے ہیں اور سخت سے سخت معاصی یا بدعات میں مبتلا ہیں۔ مگر ﴿كُلُّ حِزْبٍ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُونَ﴾ [۳۰/الروم:۳۲] ''ہر فرقہ جو اس کے پاس ہے اس پر خوش ہو رہے ہیں۔'' کسی کی نہیں سنتے اور اپنی کورانہ مختار باتوں کے مقابل قرآن وحدیث کے صاف ستھرے احکام کی تردید کھلے بندوں کر بیٹھتے ہیں۔ نَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنْ ذٰلِک

⑪ فقہ کے جو مسائل درست ہیں جیسے کہ حصہ دوم رسالہ ہذا میں درج ہیں ان کی بھی سند امام صاحب تک گو نہیں پہنچتی۔ لیکن چونکہ کتاب وسنت کے مطابق ہیں۔ اور دیگر تصانیف ائمہ کرام سے امام عالی مقام رحمۃ اللہ علیہ کا متبع سنت ہونا ثابت ہے۔ بلکہ خود امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے اقوال ((اِذَا ثَبَتَ الْحَدِیْثُ فَھُوَ مَذْھَبِیْ)) ''جو حدیث سے

ثابت ہے پس وہی میرا مذہب ہے" اور ((اِذَا صَحَّ الْحَدِيْثُ فَهُوَ مَذْهَبِیْ)) "جو صحیح حدیث ملے پس وہی میرا مذہب ہے" اور ((اُتْرُكُوْا قَوْلِیْ بِخَبَرِ الرَّسُوْلِ ﷺ)) "میرے قول کو چھوڑ دو حدیث کے آگے" بجائے خود اس بات کے قوی شاہد ہیں۔ اس لئے یہ مسائل قابل قبول اور لائق تسلیم ہیں۔

⑫ جو مسائل خاص اہلحدیث کے خیال کئے جاتے ہیں اور جن کی وجہ سے ان غربائے اسلام پر ہر طرح اور ہر جانب سے خفگی کا اظہار ہوتا رہتا ہے۔ اور بہر صورت نقصان رسانی سے بھی دریغ نہیں کیا جاتا۔ وہ مسائل بالکل قرآن وحدیث کے مطابق ہیں۔ اور فقہ حنفیہ بھی اس کی پوری تائید کرتی ہے۔ (جیسا کہ حصہ دوم سے اظہر ہے) اور ان پر عمل کرنے والے لامذہب اور بے دین نہیں ہوا کرتے۔ بلکہ خاص اہلسنت و الجماعت اور خالص مطیع خدا اور رسول کے یا ارباب فرقہ ناجیہ یہی لوگ ہیں۔ کیونکہ سبیل "مَآ اَنَا عَلَيْهِ وَ اَصْحَابِیْ" کے تابع ہیں۔

جب اس نتیجہ مندرجہ بالا تک ناظرین کی رسائی ہو جائے تو اس وقت ان کی خدمت میں مؤلف کی عرض ہے کہ یہ تقلید علاوہ ایک وسیلہ گمراہی کے ایک بڑا ذریعہ تعصب باہمی اور تفرقہ جماعت اسلام کا ہے۔ جس کی ممانعت اور وعید قرآن وحدیث میں جا بجا وارد ہوئی ہے اور اسی کی بدولت اگلی امتیں فرقہ بندیوں میں غارت ہو چکی ہیں۔ جن کی مذمت کلام الٰہی اور اخبار نبوی ﷺ سے خوب ظاہر ہے اور اسی قدیم عادات انسانی کو دیکھتے ہوئے رسول اکرم ﷺ نے اپنی امت کے لئے پیشتر ہی فرما دیا کہ تہتر ۷۳ فرقوں میں تقسیم ہو جائے گی۔ اور یہ پیشن گوئی آپ کی حرف بحرف پوری ہوئی جیسا کہ تفصیل ان فرقوں کی مقدمہ رسالہ ہذا میں گزر چکی ہے پھر ساتھ ہی آپ نے یہ تنبیہ فرما دی کہ بہتر فرقے ان میں سے ناری ہیں گویا وہ سب دائرہ اسلام سے بالکل یا قریب قریب خارج اور منقطع ہیں اور باقی ایک فرقہ ناجی ہے یعنی اسلام کا خالص فرقہ صرف ایک ہی ہے۔

اب یہاں ایک دعویٰ ہے کہ وہ فرقہ ناجیہ خالص اسلام کا اہلسنت والجماعت کا گروہ ہے اور بیشک یہ گروہ اس قول میں حق بجانب ہے لیکن افسوس صد افسوس کہ اس تقلید ناسدید نے ان میں سے بھی اکثر کو ایک سیدھی شاہراہ محمدی ﷺ سے چار مختلف طریقوں میں متفرق کر کے باہمی مغائرت و منافرت پیدا کر دی۔ ایسی کہ خانہ کعبہ میں قدیم سے صرف ایک مصلی ابراہیمی تھا جو وحدت جماعت اسلام اور واحد پرستی کا نشان تھا۔ اور اسی کے لئے خداوند تعالیٰ کا حکم تھا ﴿ وَاتَّخِذُوا مِنْ مَّقَامِ إِبْرٰهِيمَ مُصَلًّى ﴾ [۲/البقرة:۱۲۵] ''یعنی اختیار کرو مصلے مقام ابراہیم کو۔'' چنانچہ یہی ایک مصلے قدیم رسول اللہ ﷺ و صحابہ رضی اللہ عنہم وغیرہ اولین سابقین امت کا تھا۔ اور یہی اہلحدیث کا ہے لیکن علاوہ اس کے چار مصلے علیحدہ علیحدہ اور قائم ہو کر ایک دوسرے سے بالکل سے جدا ہو گئے۔ جیسا کہ نقشہ ذیل سے ظاہر ہے:

اب ہر مصلے کے نمازی دوسرے مصلے کی جماعت میں شریک نہیں ہوتے اور خداوندتعالیٰ کے حکم صریح ﴿وَارْكَعُوْا مَعَ الرَّاكِعِيْنَ﴾ [۲/البقرة:۴۳] کے خلاف اپنے مصلے کی جماعت کے انتظار میں بیٹھے رہتے ہیں۔ گویا اپنے طریقہ عمل سے بتلا رہے ہیں کہ دین اور معبودان چاروں کے بالکل مختلف ہیں کہ ایک کا دوسرے سے کوئی تعلق اور رابطہ نہیں۔ علاوہ اس کے خانہ کعبہ میں جس کثرت کو رسول کریم ﷺ نے مٹا کر وحدت قائم کی تھی اس صورت میں اب پھر وہی کثرت نظر آنے لگی۔ اور آپ ﷺ نے تمام مومنوں کی مثال ایک جسم کی سی فرمائی کہ ایک عضو میں درد پیدا ہو تو سب اعضاء کو برابر تکلیف محسوس ہو۔ اور کوئی کام کسی عضو کے متعلق ہو تو سب اعضاء بالاتفاق اس میں شریک ہوں مگر اس تقلید نے ان کو باہم ایسا دشمن بنا دیا کہ اب ان میں باہمی ہمدردی اور اخوت اسلامی جیسی کہ چاہئے باقی نہ رہی۔ [1]

پس حقیقت الامر یہ ہے کہ اس تفرقہ اہلسنت والجماعت کے سامنے ان بہتر ۷۲ فرقہ ہائے اسلام کی فرقہ بندی نسیاً منسیاً ہوگئی۔ کیونکہ ان فرقہ ہائے ضالہ نے اسلام میں شروع ہی سے کوئی عزت نہیں پائی نہ اسلام کے گھر بیت اللہ میں ان کو جگہ ملی۔ اور اب تک حالت کسمپری میں ذلیل وخوار ہیں۔ مگر اہلسنت والجماعت ہمیشہ سے اسلام اور خانہ کعبہ کے دھنی رہے اور ان ہی کو دنیا میں پایہ اعتبار حاصل رہا تو چاہئے تھا کہ یہ ویسے ہی جیسے کہ شروع سے تھی ایک ہی جماعت یا فرقہ واحد بن کر رہتے۔ مگر نہ رہے اور آخر ان کی تفریق زوالِ اسلام کا باعث ہوئی۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّآ اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ ○

اب یہاں وہ روایات بھی درج کر دینا ضروری ہے کہ جن سے اس تفرقہ مذاہب اربعہ کی ناپسندیدگی پر کافی روشنی پڑتی ہے۔

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَ كُنَّا عِنْدَالنَّبِي ﷺ فَخط خطًّا وَ خَطَّ خَطَّيْنِ عَنْ يَّمِيْنِهِ وَ خَطَّ خَطَّيْنِ عَنْ يَّسَارِهِ ثُمَّ وَ ضَعَ

---

[1] یہ مؤلف مرحوم کے زمانے کی بات ہے۔ اللہ کے فضل وکرم سے آج ملت اسلامیہ پھر کعبہ شریف میں ایک مصلّی پر جمع ہوگئی ہے۔

يَدَهُ فِي الْخَطِّ الْاَوْسَطِ فَقَالَ هٰذَا سَبِيْلُ اللّٰهِ ثُمَّ تَلاَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ ﴿وَ اَنَّ هٰذَا صِرَاطِیْ مُسْتَقِيْمًا فَاتَّبِعُوْهُ وَ لَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِيْلِهِ.﴾ [٦/الانعام:١٥٣] [1]

''جابر بن عبداللہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس تھے آپ نے ایک لکیر سیدھی کھینچی اور دو لکیریں اس کے دائیں طرف دو لکیریں اس کے بائیں طرف کھینچیں (جس کا نقشہ یہ ہے صراط مستقیم ——→→→) پھر بیچ کی لکیر پر انگلی رکھ کر فرمایا کہ یہ اللہ کی راہ ہے پھر یہ آیت پڑھی ﴿هٰذَا صِرَاطِیْ مُسْتَقِيْمًا﴾ یعنی اللہ فرماتا ہے کہ یہ میری راہ سیدھی ہے تو چلو اس پر اور مت چلو، دوسرے راستوں پر کہ بہکائیں گے تم کو اس کی سیدھی راہ سے۔''

وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ خَطَّ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ خَطًّا ثُمَّ قَالَ هٰذَا سَبِيْلُ اللّٰهِ ثُمَّ خَطَّ خُطُوْطاً عَنْ يَّمِيْنِهِ وَ عَنْ شِمَالِهِ وَ قَالَ هٰذِهِ سُبُلٌ عَلٰى كُلِّ سَبِيْلٍ مِّنْهَا شَيْطَانٌ يَّدْعُوْا اِلَيْهِ وَقَرَءَ ﴿وَ اَنَّ هٰذَا صِرَاطِیْ مُسْتَقِيْمًا فَاتَّبِعُوْهُ﴾ الاية [2]

''روایت ہے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے کہا کہ خط کھینچا ہمارے لئے رسول اللہ ﷺ نے ایک خط پھر فرمایا کہ یہ راہ اللہ کی ہے پھر کھینچے کئی خط دائیں اس کے اور بائیں اس کے اور فرمایا کہ یہ راہیں ہیں اور ہر راہ پر ان میں سے شیطان ہے جو بلاتا ہے اس راہ کی طرف اور پڑھی آپ نے یہ آیت ﴿وَ اَنَّ هٰذَا صِرَاطِیْ﴾ [٦/الانعام:١٥٣] یعنی فرمایا اللہ رب العزت نے کہ یہ میری راہ سیدھی ہے تم چلو اس پر اور مت چلو اور راستوں پر کہ بہکائیں گے تم کو سیدھی راہ سے۔''

---

[1] ابن ماجہ: کتاب السنۃ، باب اتباع سنۃ رسول اللہ، رقم: ١١ [2] مسند احمد/ ١/ ٤٣٥ رقم ٤١٣٠ - دارمی: مقدمہ باب فی کراھیۃ اخذ الرای رقم ٢٠٢ - مشکوٰۃ: کتاب الایمان، باب الاعتصام، رقم: ١٦٦ -

ان روایات سے معلوم ہوا کہ اسلام کا طریقہ اور فرقہ ایک۔ اور صرف ایک ہے دو تین چار یا زائد نہیں ہیں اور صرف چار خط ٹیڑھے کھینچنا مخبر صادق علیہ السلام کا گویا ایک صاف پیشین گوئی ہے کہ تمام فرقہ ہائے اسلام میں جو ایک فرقہ برسر حق ہوگا وہ بھی مذاہب اربعہ کی صورت میں متفرق ہو جائے گا۔ اور تفریق جماعت اسلام کی واقع ہو گی جو خاص منشاء و مقصد اعظم شیطان کا ہے۔ اس لئے چار ٹیڑھے خط کھینچ کر ان کو کج راہیں شیطان کی قرار دیں اور فرمایا کہ صرف ایک درمیانی سیدھی راہ پر چلو۔ اور ادھر ادھر کی متفرق ٹیڑھی راہوں میں مت جاؤ کہ گمراہ ہو جاؤ گے۔

ترسم نہ رسی بکعبہ اے اعرابی کیں راہ کہ تو میروی بہ ترکستان است

پس اتباع کے لائق صرف ایک ہی راستہ سیدھا بتلایا اور وہی صراط مستقیم خداوندی یا طریقہ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلک صحابہ رضی اللہ عنہم ہے اس لئے اسی پر چلنے والا فرقہ خالص اسلام کا ہے اور بس۔

اب اس مقام پر اگر ہمارے معزز برادر مقلدین فرمائیں کہ صحابہ رضی اللہ عنہم میں بھی فروعی اختلاف تھا اور اسی اختلاف پر ان مذاہب کی بناء ہے پھر یہ مذاہب کیسے مذموم ہوئے۔ تو ان کی جناب میں یہ عرض ہے کہ بیشک صحابہ رضی اللہ عنہم میں بھی اختلاف تھا۔ مگر انہوں نے اپنے جدا جدا مذاہب قائم کر کے فرقہ بندی نہیں کی نہ خالص اتباع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو چھوڑ کر کسی امتی کی پیروی کی۔ نہ علیحدہ علیحدہ نام سے موسوم ہو کر مضائرت پیدا کی۔ نہ آپس میں اختلاف فروعی کی وجہ سے دشمنی برتی بلکہ جو کچھ اختلاف تھا وہ محض خلوص کے ساتھ تھا یعنی وہ حضرات بابرکات رضی اللہ عنہم ایک دوسرے کے جائز مختارات پر بیجا تعرض نہیں کیا کرتے تھے اور ذرا ذرا سی باتوں پر کفر کے فتوے نہیں لگایا کرتے تھے ہاں امور خلاف شرع میں خاموشی اور لحاظ بھی نہیں برتتے تھے اور دلیل حق سے اس کا برابر انکار یا رد فرماتے تھے اور حق معلوم کر کے اپنے ناحق پر ضد اور اصرار نہیں رکھتے تھے اور ہم چو قسم معاملات سے برا اثر لے کر اپنے دلوں میں عداوت باہمی

کو جگہ نہیں دیتے تھے بلکہ باوجود اختلاف بلا دریغ ایک دوسرے کے پیچھے نماز پڑھتے تھے اور خلوص و محبت کے ساتھ ایک جماعت کی صورت میں متفق رہ کر اسلام اور اہل اسلام کی فلاح و بہبود میں مصروف رہے تھے اور ان کی شان تھی ﴿وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ﴾[۴۸/الفتح:۲۹] ''یعنی صحابہ رضی اللہ عنہم سخت ہیں کافروں پر ہمدرد ہیں آپس میں'' اور ﴿اَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى وَ كَانُوْٓا اَحَقَّ بِهَا وَ اَهْلَهَا﴾[۴۸/الفتح:۲۶] ''یعنی لازم کر دی ان پر پرہیزگاری اور تھے بھی وہ اسی کے لائق اور اہل'' اب ان مذاہب کو دیکھئے کہ بالکل ایک دوسرے کے خلاف برسر پیکار ہیں اور لعن وطعن، سب وشتم بلکہ عام تکفیر اور نقصان رسانی سے دریغ نہیں کرتے۔اور ایک جماعت میں شامل نہیں ہوتے یا ہونے نہیں دیتے۔ بلکہ کفار سے دوستی اور مسلمانوں سے عداوت و نفرت ان کا خاص شیوہ ہے۔ع

ببیں تفاوتِ رہ از کجاست تا بکجا

پس جب حقیقت اس تقلید خانہ خراب کی اور اصلیت اختلاف سلف وخلف کی آپ کو معلوم ہو چکی تو اے برادران! رحم کرو اپنی جانوں پر اور مٹا دو اپنے سب باہمی اختلافات رسمی اور اسی کو۔اور عمل کرو ﴿وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّ لَا تَفَرَّقُوْا﴾[۳/آل عمران:۱۰۳] پر اور قائم کرو اپنا صرف ایک نام اور ایک جماعت فرقہ اسلام کا۔اور چھوڑ دو فرقہ بندیوں کو اور چلو سب متفق ہو کر اس ایک سیدھی شاہراہ محمدیؐ پر جس پر ﴿وَ اَنَّ هٰذَا صِرَاطِيْ مُسْتَقِيْمًا فَاتَّبِعُوْهُ﴾[۶/الانعام:۱۵۳] کا نشان لگا ہوا ہے اور ساتھ لو اپنے دو رہبروں کو جن کی تعریف میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے۔

تَرَكْتُ فِيْكُمْ اَمْرَيْنِ لَنْ تَضِلُّوْا مَا تَمَسَّكْتُمْ بِهِمَا كِتَابَ اللّٰهِ وَ سُنَّةَ رَسُوْلِهٖ [1]

یعنی چھوڑ دیں میں نے تم میں دو چیزیں جب تک تم ان کو پکڑے رہو گے گمراہ نہ ہو گے وہ اللہ کی کتاب اور اس کے رسول اللہ ﷺ کی سنت ہے اور مت چلو اُن متفرق کج

[1] مشکوۃ: کتاب الایمان، باب الاعتصام بالکتاب والسنۃ، رقم:۱۸۶۔

راہوں پر جو اس صراط مستقیم کے ادھر ادھر جاتی ہیں اور جن پر لکھا ہوا ہے۔
﴿ وَ لَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِيلِهِ ﴾ [۶/الانعام:۱۵۳] یا "عَلٰى كُلِّ سَبِيلٍ مِّنْهَا شَيْطَانٌ يَّدْعُوْآ اِلَيْهِ" (یعنی ان میں سے ہر راہ پر شیطان ہے جو بلاتا ہے اس کی طرف) اور نصرت کرو سب مل کر امور دین و دنیا میں اسلام اور اہل اسلام کی یہی ہماری غرض ہے اور بس ۔

مراد ما نصیحت بود و گفتیم حوالت باخدا کردیم و رفتیم

فقط والسلام خیر الختام

و ما علینا الا البلاغ المبین الموفق الهادی المتین ربنا افتح بیننا و بین قومنا بالحق و انت خیر الفاتحین و اجمعهم علی اتباع سنن سید المرسلین ﴿رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَ لِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَ لَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ آمَنُوْا رَبَّنَا اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴾ [۵۹/الحشر:۱۰] اللهم اکفر ذنوبنا واستر عیوبنا و نحن نسئل الله عزوجل السلامة من کیدالعدو و فتن الدنیا انک قریبٌ مجیبٌ والمرجو من الله ان تنفع " بحقیقة الفقه" سائر المسلمین الغافلین بفضلهٖ و منه آمین یا رب العٰلمین و آخر دعوانا ان الحمدُ لله رب العلمین برحمتک یا ارحم الراحمین.

حررہ العبد الضعیف
محمد یوسف عفی عنہ مدرس مدرسہ فیض محمدی
محلہ نلہ نیل گران، جے پور، راجپوتانہ

التماس

خاکسار مؤلف نے پیشتر بھی گزارش کی تھی۔ اب پھر عرض کرتا ہے کہ احقر نے حتی الامکان ترتیب رسالہ ھٰذا میں اس امر کی کوشش کی ہے کہ کوئی بات خلاف واقع اور کوئی واقعہ غیر صحیح درج نہ ہو جائے۔ لیکن خطاء ونسیان خاصۂ انسان ہے اور نقصان علم کا اعتراف عین انصاف۔ اس لئے ارباب علم اس رسالہ کو ملاحظہ فرما کر بے دریغ اپنی اپنی رائے سے مطلع فرمائیں اور خدانخواستہ اس سے کوئی تحسین وآفرین مطلوب نہیں صرف اپنے عیوب سے واقفیت حاصل کرنا مقصود ہے۔ پس علمائے کرام بے تکلف از راہ افادہ (نہ بطریق اعتراض) ہر نقص وسقم سے آگاہی بخشیں۔ تو مؤلف خلوص دل وصفائی قلب کے ساتھ اپنی غلطیوں کو قبول کر کے ممنون ومشکور ہو گا۔ اور طبع ثانی میں ان شاء اللہ ضرور اس کی اصلاح کرے گا۔ فقط

والسلام

سپردم بتومایۂ خویش را　　　تو دانی حساب کم و بیش را

الملتمس

احقر العباد

محمد یوسف عفی عنہ مدرس مدرسہ فیض محمدیہ

محلہ نلہ نیل گراں جے پور، راجپوتانہ

(نوٹ) مرحوم اللہ کو پیارے ہو گئے غفر اللہ لہٰذا اب ناشرین کی طرف سے اس التماس کو تصور کیا جائے۔ والسلام۔

مصادر ومراجع

نمبر شمار	نام کتاب	مصنف کا نام	مطبع
۱	قرآن کریم		
۲	تفسیر مظہری	قاضی ثناء اللہ پانی پتی	دارالاشاعت کراچی
۳	تفسیر ابن کثیر (اردو)	عماد الدین ابن کثیر	مکتبہ قدوسیہ، لاہور
۴	صفوۃ التفاسیر	محمد علی الصابونی	دارالقرآن الکریم، بیروت
۵	تفسیر بیضاوی	عبداللہ بن عمر بیضاوی	مصر
۶	معالم التنزیل	ابو محمد حسین بن مسعود البغوی	ادارہ تالیفات اشرفیہ، ملتان
۷	الدر المنثور	جلال الدین سیوطی	دارالفکر، بیروت
۸	تفسیر المنار	محمد رشید	المنار، مصر
۹	تفسیر المراغی	احمد مصطفیٰ المراغی	داراحیاء التراث العربی، بیروت
۱۰	تفسیر فتح البیان فی مقاصد القرآن	نواب صدیق حسن خاں	مصر
۱۱	تفسیر الخازن	علامہ علاؤ الدین علی بن محمد	دارالمعارفۃ، بیروت
۱۲	التفسیر الکبیر	امام رازی	

نمبر شمار	نام کتاب	مصنف کا نام	مطبع
۱۳	جامع البیان فی تفسیر القرآن		دارنشر الکتب الاسلامیہ، گوجرانوالہ
۱۴	الجامع لاحکام القرآن	ابوعبداللہ محمد القرطبی	
۱۵	تفسیر التحریر والتنویر المعروف بتفسیر ابن عاشور	ابن عاشور	مؤسۃ التاریخ بیروت
۱۷	تفسیر عزیزی	شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی	ایچ ایم سعید کمپنی کراچی
۱۸	فیوض الرحمٰن روح البیان (اردو ترجمہ)	شیخ اسماعیل حقی	مکتبہ اویسیہ، بہاولپور
۱۹	انوار البیان فی کشف اسرار القرآن	مفتی عاشق الٰہی	ادارہ تالیفات اشرفیہ، ملتان
۲۰	تفسیر احمدی	ملاں احمد جیون	مکتبہ رحمانیہ، وہاڑی
۲۱	تفہیم القرآن	ابوالاعلیٰ مودودی	ادارہ ترجمان القرآن، لاہور
۲۲	تدبر القرآن	امین احسن اصلاحی	فاران فاؤنڈیشن، لاہور
۲۳	معارف القرآن	مولانا محمد ادریس کاندھلوی	فرید بک ڈپو، دہلی
۲۴	تفسیر ماجدی	مولانا عبدالماجد دریابادی	تاج کمپنی، لاہور
۲۵	تفسیر عثمانی	مولانا شبیر احمد عثمانی	دارالاشاعت، کراچی
۲۶	تفسیر الحسنات	علامہ ابوالحسنات	ضیاء القرآن، لاہور
۲۷	احسن التفاسیر	سید احمد حسن محدث دہلوی	مکتبہ سلفیہ، لاہور
۲۸	تفسیر ضیاء القرآن	پیر کرم شاہ	ضیاء القرآن پبلیکیشنز

نمبر شمار	نام کتاب	مصنف کا نام	مطبع
۲۹	صحیح بخاری	ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل البخاری	دارالسلام
۳۰	صحیح مسلم	مسلم بن حجاج القشیری	دارالسلام
۳۱	سنن ابوداؤد	سلیمان بن اشعث السجستانی	دارالسلام
۳۲	سنن ترمذی	ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ الترمذی	دارالسلام
۳۳	سنن نسائی	احمد بن شعیب النسائی	دارالسلام
۳۴	سنن ابن ماجہ	ابو عبداللہ محمد بن یزید القزوینی	دارالسلام
۳۵	مسند احمد	احمد بن محمد بن حنبل	داراحیاء التراث العربی، بیروت
۳۶	سنن الدّارمی	حافظ عبداللہ بن عبدالرحمٰن الدّارمی السمرقندی	قدیمی کتب خانہ کراچی
۳۷	مجمع الزوائد	علامہ ہیثمی	مکتبہ القدسی، قاہرہ
۳۸	مصفی شرح مؤطا	شاہ ولی اللہ محدث دہلوی	کتب خانہ رحیمیہ دہلی
۳۹	ارشاد الساری	علامہ قسطلانی	
۴۰	قیام اللیل	محمد بن نصر المروزی	حدیث اکادمی، فیصل آباد
۴۱	طبقات الشافعیہ الکبریٰ	تاج الدین ابونصر عبدالوہاب ابن تقی الدین	مصر
۴۲	طبقات الحنابلۃ	ابن رجب	
۴۳	کتاب الضعفاء الصغیر	محمد بن اسماعیل البخاری	درالباز، مکہ مکرمہ

نمبرشمار	نام کتاب	مصنف کا نام	مطبع
۴۴	غنیۃ الطالبین	شیخ عبدالقادر جیلانی	نفیس اکیڈمی، کراچی
۴۵	کتاب الرد علی من اخلد الی الارض	جلال الدین سیوطی	دارالکتب العلمیہ، بیروت
۴۶	کتاب المبسوط	شمس الدین السرخسی	دارالمعرفۃ، بیروت
۴۷	کشف الظنون	حاجی خلیفہ	مکتبہ اسلامیہ، تہران
۴۸	کتاب الضعفاء والمتروکین	احمد بن شعیب النسائی	موئسسہ الکتب الثقافیہ، بیروت
۴۹	تاریخ صغیر	محمد بن اسماعیل البخاری	دارالتراث، قاہرہ
۵۰	فتح المغیث	شمس الدین محمد بن عبدالرحمٰن السخاوی	مکتبہ سلفیہ، مدینہ منورہ
۵۱	تدریب الراوی	حافظ جلال الدین سیوطی	قدیمی کتب خانہ، کراچی
۵۲	سلسلۃ الاحادیث الضعیفہ والموضوعہ	ناصر الدین البانی	المکتب اسلامی، بیروت
۵۳	مشکوۃ المصابیح	امام ولی الدین التبریزی	
۵۴	نیل الاوطار	محمد بن علی الشوکانی	درالاحیاء التراث العربی، بیروت
۵۵	بستان	فقیہہ ابواللیث سمرقندی	مطبع فاروقی، دہلی
۵۶	احیاء العلوم	ابوحامد محمد الغزالی	نولکشور

نمبر شمار	نام کتاب	مصنف کا نام	مطبع
۵۷	التعلیق الممجد علی مؤطا محمد	مولانا عبدالحئی لکھنوی	ایچ ایم سعید کمپنی، کراچی
۵۸	الموضوعات الکبریٰ	ملا علی قاری	قدیمی کتب خانہ، کراچی
۵۹	اعلام الموقعین	امام ابن قیم	دارالکتاب العربی، بیروت
۶۰	تذکرۃ الحفاظ	ابو عبداللہ محمد بن احمد الذھبی	دارالکتاب العلمیہ، بیروت
۶۱	کتاب الضعفاء الکبیر	ابوجعفر محمد بن عمر العقیلی	دارالکتب العلمیہ بیروت
۶۲	میزان الاعتدال	ابو عبداللہ محمد بن احمد الذھبی	دارالمعرفہ، بیروت
۶۳	تقریب التھذیب	حافظ ابن حجر	فاروقی کتب خانہ، لاہور
۶۴	وفیات الاعیان	ابن خلکان	داراحیاء التراث العربی بیروت
۶۵	التاریخ الکبیر	محمد بن اسماعیل البخاری	دارالفکر
۶۷	مقدمہ ابن خلدون	عبدالرحمٰن ابن خلدون	نفیس اکیڈمی، کراچی
۶۸	حیات الحیوان (اردو)	علامہ کمال الدین الدمیری	ادارہ اسلامیات، لاہور

نمبر شمار	نام کتاب	مصنف کا نام	مطبع
۶۹	الملل والنحل	محمد بن عبدالکریم الشہرستانی	دارالسرور، بیروت
۷۰	المیزان الکبریٰ	عبدالوہاب الشعرانی	درالکتاب العلمیہ، بیروت
۷۱	کشف الغمۃ	عبدالوھاب شعرانی	مصر
۷۲	حجۃ اللہ البالغۃ	شاہ ولی اللہ محدث دہلوی	مکتبہ سلفیہ، لاہور
۷۳	عقدالجید	شاہ ولی اللہ محدث دہلوی	محمد سعید اینڈ سنز، کراچی
۷۴	الانصاف فی بیان سبب الاختلاف	شاہ ولی اللہ محدث دہلوی	علماء اکیڈمی، لاہور
۷۵	الانصاف فی بیان سبب الاختلاف	شاہ ولی اللہ محدث دہلوی	مکتبہ مجتبائی، دہلی
۷۶	تاریخ الخلفاء (اردو)	حافظ جلال الدین سیوطی	نفیس اکیڈمی، کراچی
۷۷	تاریخ الخلفاء (عربی)	جلال الدین سیوطی	مکتبہ مجتبائی، دہلی
۷۸	الفوز الکبیر	شاہ ولی اللہ محدث دہلوی	قدیمی کتب خانہ، کراچی
۷۹	غیاث اللغات	محمد غیاث الدین لکھنوی	مطبوعہ نولکشور
۸۰	القاموس الوحید	مولانا وحیدالزماں کیرانوی	ادارہ اسلامیات لاہور
۸۱	تاریخ ابن خلکان (اردو)	ابن خلکان	نفیس اکیڈیمی، لاہور

نمبر شمار	کتاب کا نام	مصنف کا نام	مطبع
۸۲	تاریخ خمیس فی احوال انفس نفیس	امام حسین بن محمد بن حسن	مؤسۃ شعبان بیروت
۸۳	المعارف	ابن قتیبہ	احیاء التراث العربی، بیروت
۸۴	حدائق الحنفیہ	مولوی فقیر محمد جہلمی	مکتبہ حسن سہیل لاہور
۸۵	مقامات مظہری	مرزا مظہر جان جاناں	اردو سائنس بورڈ لاہور
۸۶	وصیت نامہ	شاہ ولی اللہ محدث دہلوی	مکتبہ سلفیہ، لاہور
۸۷	رسالہ عمل بالحدیث	مولانا ولائت علی صادق پوری	مکتبہ سلفیہ، لاہور
۸۸	صراط مستقیم	سید اسماعیل شہید	اسلامی اکیڈمی لاہور
۹۸	معیار الحق	سید نذیر حسین محدث دہلوی	مکتبہ نذیریہ، قصور
۹۰	الارشاد الی سبیل الرشاد	مولانا محمد شاہ جہانپوری	اہلحدیث اکادمی، کشمیری بازار لاہور
۹۱	تنویر العینین	شاہ اسمٰعیل شہید	مطبع صدیقی
۹۲	بوستان	شیخ سعدی	دار الاشاعت، کراچی
۹۳	الروضۃ الندیۃ	نواب صدیق حسن القنوجی	قدیمی کتب خانہ، کراچی
۹۴	الارشاد الی سبیل الرشاد	مولانا رشید احمد گنگوہی	ادارہ اسلامیات، لاہور

نمبر شمار	نام کتاب	مصنف کا نام	مطبع
۹۵	سیرت نعمان	علامہ شبلی نعمانی	اسلامی کتب خانہ، لاہور
۹۶	نورالانوار	ملاجیون	ایچ ایم سعید کمپنی، کراچی
۹۷	توضیح تلویح	عبیداللہ بن مسعود حنفی	کتب خانہ مجیدیہ، ملتان
۹۸	شرح فقہ اکبر	ملاعلی قاری	محمد سعید اینڈ سنز، کراچی
۹۹	عین الھدایۃ، اردو شرح الھدایہ	برہان الدین الفرغانی المرغینانی	مکتبہ رحمانیہ، لاہور
۱۰۰	ھدایۃ (عربی)	//	شرکت علمیہ، ملتان
۱۰۱	ردالمختار علی درالمختار	ابن عابدین	مکتبہ رشیدیہ، کوئٹہ
۱۰۲	درمختار (مترجم)	محمد علاءالدین حصکفی	ایچ ایم سعید کمپنی کراچی
۱۰۳	فتاویٰ عالمگیری (عربی)		حافظ کتب خانہ، کوئٹہ
۱۰۴	فتاویٰ عالمگیری (مترجم)		مکتبہ رحمانیہ، لاہور
۱۰۵	بہشتی زیور	مولانا اشرف علی تھانوی	مکتبہ رحمانیہ، لاہور
۱۰۶	شرح وقایہ (عربی)		ایچ ایم سعید کمپنی، کراچی
۱۰۷	نورالھدایۃ (ترجمہ اردو) شرح وقایہ	مولانا وحید الزماں لکھنوی حنفی	ایچ ایم سعید کمپنی، کراچی
۱۰۸	عمدۃ الرعایۃ حاشیہ شرح وقایہ	مولانا عبدالحئی لکھنوی	ایچ ایم سعید کمپنی، کراچی
۱۰۹	فتاویٰ	مولانا عبدالحئی لکھنوی	محمد سعید اینڈ سنز، کراچی

نمبر شمار	نام کتاب	مصنف کا نام	مطبع
۱۱۰	النافع الکبیر	مولانا عبدالحیٔ لکھنوی	ادارۃ القرآن، کراچی
۱۱۲	تذکرۃ الراشدہ	مولانا عبدالحیٔ لکھنوی	//
۱۱۳	الاجوبۃ الفاضلۃ	//	//
۱۱۴	الرفع والتکمیل	مولانا عبدالحیٔ لکھنوی	ادارۃ القرآن، کراچی
۱۱۵	دراسات اللبیب	علامہ معین حنفی	لجنۃ احیاء الادب السندی، بکراتشی
۱۱۶	کنز الدقائق	مولانا عبداللہ بن احمد بن محمود النسفی	دارالحدیث، ملتان
۱۱۷	معدن الحقائق شرح اردو کنز الدقائق	مولانا محمد حنیف گنگوہی	دارالاشاعت، کراچی
۱۱۸	مختصر قدوری	ابوالحسین احمد بن محمد القدوری	قدیمی کتب خانہ، کراچی
۱۱۹	الصبح النوری شرح اردو مختصر قدوری	مولانا محمد حنیف گنگوہی	کتب خانہ مجیدیہ، ملتان
۱۲۰	بہشتی گوہر	مولانا اشرف علی تھانوی	دارالحدیث، ملتان
۱۲۱	منیۃ المصلی	سعد الدین محمد بن محمد بن علی کاشغری	ملک دین محمد اینڈ سنز، لاہور
۱۲۲	فتوح الغیب	حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی	قدیمی کتب خانہ، کراچی
۱۲۳	سفر السعادت	مجدالدین فیروز آبادی	
۱۲۴	مکتوبات امام ربانی	مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی	اسلامی کتب خانہ، لاہور

۱۲۵	حالات مصنفین درس نظامی	مولانا محمد حنیف گنگوہی	دارالاشاعت، کراچی
۱۲۶	مجالس الابرار	شیخ احمد سرہندی	دارالاشاعت، کراچی
۱۲۷	مجموعہ فتاویٰ	امام ابن تیمیہ	